ہو المصوب جملہ امور موانست اور محبت مین کفار سے احتراز اولی ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا [۱۹] نیکو آگاہان علم دین و خوبتر دانندگان شرع متین چہ زبان میزنند و چہ سخن می سنجند اندرین معنی کہ سگ کہ پلید ترا عنی نجس العین ست پرورانیدنش چہ مایۂ علم ثواب و امنی برمی افرازد و فرو ریختن مو الیش بخانہ فرشتگان رحمت را بخانہ راہ میشود یا نہ بینوا توجروا

ہو المصوب پروردن سگ اگر برای شکار کنانیدن یا برای حفاظت زراعت یا جانوران یا پاسبانی بوقت ضرورت باشد درست ست و بدون این امور و بغیر ضرورت پروردنش ناجائز و باعث حرمان ثواب اعمال صالحہ است در موطا امام محمد ست اخبرنا مالک اخبرنا

یزید بن خصیفۃ عن السائب بن یزید اخبرہ انہ سمع سفیان بن ابی زہیر یحدث انا سامعہم وہو
عند باب المسجد قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من اقتنی کلبا لا یغنی بہ زرعا ولا ضرعا
نقص من عملہ کل یوم قیراط قال محمد یکرہ اقتناء الکلب بغیر منفعۃ فاما کلب لزرع او الضرع او الصید
او الحرس فلا باس اخبرنا مالک عن عبد الملک بن میسرۃ عن ابراہیم النخعی قال رخص رسول اللہ صلعم
لاہل البیت القاصی فی الکلب یتخذونہ قال محمد فہذا للحرس اخبرنا مالک اخبرنا عبد اللہ بن دینار
عن ابن عمر قال من اقتنی کلبا الا کلبا ماشیۃ او ضاریا نقص من عملہ کل یوم قیراطان انتہی ملخصاً
ودر احادیث صحیحہ وارد ست کہ پروردن سگ وبودن در مکان سد راہ نزول ملائکہ رحمت میگردد
وسیوطی در رسالہ خود الحبائک فی اخبار الملائک می آرد اخرج ابن ماجہ عن علی قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ان الملائکۃ لا تدخل بیتا فیہ کلب ولا صورۃ واخرج احمد ومسلم وابو داؤد والترمذی
عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تصحب الملائکۃ رفقۃ فیہا کلب ولا جرس
واخرج ابو داؤد والنسائی والحاکم عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تدخل الملائکۃ
بیتا فیہ صورۃ ولا کلب ولا جنب انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتاء چہ میفرمایند علمای دین درین مسئلہ اگر زن تابعداری شوہر نکند وسخن او نشنود باوجودیکہ باو فہمائش تاچنانکہ باید کردہ شد پس شوہر او را چہ لازم خواہد بود ودیگر تابعداری والدین از تابعداری شوہر مقدم دارد ودانند ۔

ہو المصوب تابعداری شوہر بر زن مقدم ست از تابعداری والدین، وزنے کہ در خلاف مرضی شوہر سرگرم ماند اولا شوہرش نصیحت نسائے سازد واگر موثر نگردد زجراً از ترک کلام ومجامعت سازد تا او را تنبیہ حاصل شود اگر برین ہم اثرے نشود ضرب آن بشرطیکہ زائد تکلیف دہ نگردد درست ست قال اللہ تعالیٰ فی کتابہ وَاللّٰتِیْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَہُنَّ فَعِظُوْہُنَّ وَاہْجُرُوْہُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْہُنَّ فَاِنْ اَطَعْنَکُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَیْہِنَّ سَبِیْلًا واخرج الحکیم الترمذی فی نوادر الاصول عن انس ان رجلا انطلق غازیا واوصی لامرأتہ ان لا تنزل من فوق البیت وکان والدہا فی اسفل البیت فاشتکی ابوہا فارسلت الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم تخبره وتستامره فارسل الیها اتقی اللہ واطیعی زوجک ثم ان والدہا توفی فارسلت الیہ تستامره
فارسل الیہا مثل ذلک اخرج البزار والطبرانی فی الاوسط عن عائشۃ سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم ای الناس اعظم حقا علی المرأۃ قال زوجها قلت ای الناس اعظم حقا علی الرجل قال امه واخرج
ابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم والبیہقی فی سننه عن ابن عباس فی قوله تعالی واللاتی تخافون
نشوزهن قال تلک المرأۃ تنشز وتستخف بحق زوجها ولا تطیع امره فامره اللہ ان یعظها ویذکرها
باللہ فان قبلت والا یهجرها فی المضاجع ولا یکلمها من غیر ان یذر نکاحها فان رجعت والا ضربها
ضربا غیر مبرح ولا یکسر لها عظما ولا یجرح بها جرحا کذا فی الدر المنثور لجلال الدین السیوطی واللہ اعلم
حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا ۲۱ نیل یعنی وسمہ سیاہ کا موی ریش سفید مین خضاب لگانا حرام محض ہے
اور مرتکب اس کا صرف خاطی ہے یا مرتکب گناہ بینوا توجروا

ہو المصوب خضاب برنگ سیاہ خالص ممنوع وگناہ کبیرہ ہے ابن حجر مکی نے
زواجر مین اسکو کبائر مین شمار کیا ہے اسوجہ سے کہ حدیث مین وارد ہے یکون فی آخر الزمان
قوم یخضبون بالسواد کحواصل الحمام لا یجدون رائحۃ الجنۃ رواہ ابو داؤد والنسائی یعنی آخر زمان
مین ایسے لوگ ہونگے کہ سیاہ خضاب کرینگے مانند رنگ دانہ دان کبوترون کے وہ لوگ نہ پاوینگے
بوی جنت کو اور طبرانی نے روایت کیا ہے من خضب بالسواد سود اللہ وجهه یوم القیمۃ یعنی
جو شخص سیاہ خضاب کریگا بروز قیامت حقتعالی اوسکو سیاہ رو کریگا اور ملا علی قاری
شرح شمائل ترمذی مین لکھتے ہین ذہب اکثر العلماء الی کراہۃ الخضاب بالسواد وجنح النووی الی انها
کراہۃ تحریم وان من العلماء من رخص فیه للجهاد ولم یرخص فیه لغیره انتہی پس برگ نیل سے اگر سیاہ
خضاب ہووے وہ ممنوع ہے مثل اسکے کہ پہلے بالون کو مہندی سے رنگین کرے اوسکے بعد
استعمال نیل کا کرے اس صورت مین رنگ سیاہ ہوتا ہے اور اگر رنگ خالص سیاہ نہووے
مثلاً نیل کے ساتھ مہندی وغیرہ شریک کی جاوے جس سے رنگ تا مل بسرخی ہو تو درست ہے جیسا کہ
امام محمد موطا مین لکھتے ہین لا نری بالخضاب بالوسمۃ والحناء والصفرۃ باسا انتہی واللہ اعلم
حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا سوال ۲ — سانڈہ کا کھانا درست ہے یا نہین جب وہ کسی شخص خاص کی ملک نہین ہے تو بنام خدا ذبح کرکے کھانا جائز ہوگا یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب نہین جائز ہوگا جب تک مالک اوسکا اجازت نہ دیوے اسوجہ سے کہ چھوڑ دینا کسی جانور کا بغیر اجازت اوس شخص کے جو پاوے باعث ملک مالک سے اوسکو نہین نکالتا ہے جیسا کہ رد المحتار مین ہے المختار فی الصید انہ لا یملکہ الا اذا لم یجد وکذا فی الدابۃ اذا سیبہا صاحبہا

کذا فی سیصطلہ الشرنبلالی انتہی اور در مختار مین ہے ان کان مرسلا فہو مال الغیر فلا یجوز تناولہ الا باذن صاحبہ زیلعی انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا سوال ۲۳ — مالش کرنا چربی شیر کا دوائً جائز ہے یا نہین اور بغیر دہونے اوسکے نماز درست ہوگی یا نہین

ہو المصوب چربی شیر کی حرام اور نجس ہے اور تداوی بالمحرم مین اختلاف فقہا کا ہے بعض مطلقاً ممنوع کہتے ہین اور بعض بشرط ضرورت اسطرح پر کہ باخبار طبیب حاذق مسلم یہ معلوم ہو کہ اوس مرض کی کوئی اور دوا نہین ہے اور اسمین شفا مظنون ہے جائز رکھتے ہین جیسا کہ در مختار مین ہے اختلف فی التداوی بالمحرم فظاہر المذہب المنع کما فی رضاع البحر لکن نقل المصنف ثمہ وہٰہنا عن الحاوی قیل یرخص اذا علم فیہ الشفاء ولم یعلم دواء آخر کما رخص الخمر للعطشان وعلیہ الفتوی انتہی وبر تقدیر استعمال بغیر دھوئے ہوئے کوئی نماز نہین جائز ہے واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا سوال ۲۴ — کیا فرماتے ہین علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ خضاب کرنا مسنون ہے تو کس چیز کا اور کس حدیث سے ثابت ہے جس چیز کا مسنون ہو اوسکے سوا دوسری چیز کا خضاب جیسے وسمہ نیل کا یا دوسرا نسخہ ہو تو کیا حکم ہے اگر ممانعت ہے تو کس حدیث سے اور جائز ہے تو کس حال مین یعنی روزگار پیشہ کو یا ہر شخص کو اور اگر ممانعت ہو تو کس طرح سے اور اوسکے خلاف روی مین کسطرح کا عذاب ہوگا یا کس نعیم جنت سے محروم رہیگا صاف صاف بیان فرمائیے اور اسکا جواز و حرمت متفق علیہ یا مختلف فیہ ہو تو ویسا ارقام فرمائیے بینوا توجروا

ہو المصوب خضاب کرنا سرخ یا زرد یا اور کسی کا سوائے سیاہی خالص کے مستحب ہے اور خضاب نکرنا اور سپیدی قائم رکھنا بھی جائز ہے اور سیاہ خضاب ممنوع اور گناہ کبیرہ ہے

فتاوی قاضیخان مین ہے الخضاب بالحنا حسن انتہی اور صحیح مسلم مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم
سے مروی ہے غیروا ہذا الشیب اجتنبوا السواد یعنی تغیر کرد سپیدی کو اور اجتناب کرد
سیاہی سے اور سنن ابی داؤد مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے یکون فی
آخر الزمان قوم یخضبون بالسواد کحواصل الحمام لایجدون رائحة الجنة یعنی آخر زمانہ مین ایسے لوگ
ہونگے کہ خضاب سیاہ کرینگے مثل رنگ کبوتر کے سینہ کے وہ لوگ نہ پاوینگے بوسے
جنت کو اور معجم طبرانی مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے من خضب بالسواد
سود اللہ وجہہ یوم القیمة انتہی یعنی جو شخص سیاہ خضاب کریگا قیامت کے روز وہ روسیاہ
محشور ہوگا اور شیخ دہلوی شرح مشکوۃ مین لکھتے ہین خضاب بحنا بالاتفاق جائزست ومختار
در سواد حرمت ست انتہی اور خضاب وسمہ یعنی نیل کا اگر بغیر اشتراک مہندی وغیرہ کے ہو
کہ جس سے سیاہی خالص حاصل نہین ہوتی بلکہ سیاہی مائل بسبزی ہو تو وہ درست ہے جیسا کہ
امام محمد مؤطا مین لکھتے ہین لا نری بالخضاب بالوسمة والحناء والصفرة باسا وان ترکہ
ابیض فلا باس بذلک کل ذلک حسن انتہی اور اگر بشرکت مہندی ہو یا اور کوئی نسخہ ہو جس سے
رنگ بالکل سیاہ ہو تو حرام ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی　［مہر: محمد عبد الحی / ابو الحسنات］

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم **سوال** کیا حکم ہے اس مسئلہ مین کہ ایک شخص ذی علم ہے
جسکو فی الجملہ تمیز کتاب وسنت کی اور کتب فقہ مین مثل علماء اس زمانہ کے نظر وقدرت رکھتا ہے وہ
شخص ایک عارضہ سخت مین بیمار ہے اور علاج بقدر امکان بہت کیا ہے مگر اطباء ہانکے دوا واسطے عارضہ کی
ایسی مجرب اور قوی العمل نہین دیسکتے ہین جس سے صحت ہو مگر اوسکے واسطے بعض جانور حشرات الارض
تجویز کرتے ہین کہ وہ بحسب تصریحات کتب طبیہ اور تجربۂ اطبا اس زمانے کے بہت مجرب ہین
پس بنظر اختلاف فقہا بمسئلۂ تداوی بالحرام وبنظر عبارت مرقاة الصعود شرح سنن ابی داؤد کے
اور بنظر اختیار صاحب ہدایہ کے جو تجنیس مین لکھا ہے وہ شخص داعی مذکور کو حالت موجودہ مصرحہ صدر
مین کھلا استعمال کرسکتا ہے یا نہین حکم اس مسئلہ کا بملاحظہ در المختار وحاشیۂ شامی وہدایہ وشرح ہدایہ وغیرہ
وملاحظہ صحاح در خصوص حدیث عرنیین بجادۂ استحسان یعنی شرع کے بسند کتاب ارقام فرمایا جاوے

عبارت مرقاۃ الصعود کی یہ ہے قولہ ولا تداووا بحرام قال البیہقی فی سننہ ہذا الحدیث وحدیث النہی عن الدواء الخبیث ان صحا محمولان علی النہی عن التداوی بالمسکر وعن التداوی بکل حرام فی غیر حال الضرورۃ لیکون جمعا بینہما وبین حدیث العرنیین فقط

ہو المصوب ہرچند کہ اس باب میں فقہا کا بڑا اختلاف واقع ہے اور فتوی بھی مختلف ہے ایک جماعت فقہا کی مطلقا عدم جواز تداوی کے فتوی دیتی ہے اور ایک جماعت بضرورت تداوی بالمحرم جائز رکھتی ہے لیکن بظاہر اگر کوئی شخص موافق فتوی جم غفیر علما عبارت بعض محدثین عند الضرورت استعمال اشیاء محرمہ کا کریگا مواخذہ نہوگا انشاء اللہ تعالے

عینی عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری میں لکھتے ہیں اجابوا عن حدیث العرنیین بانہ قد کان للضرورۃ فلیس فیہ دلیل علے انہ مباح فی غیر حال الضرورۃ لانہ ثمہ اشیاء ابیحت فی الضرورات ولم تبح فی غیرہا کما فی لبس الحریر فانہ حرام للرجال وقد ابیح لبسہ فی الحرب او للحکۃ او لشدۃ البرد اذا لم یجد غیرہ ولہ امثال کثیرۃ فی الشرع وقال ابن حزم صح یقینا ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم انما امرہم بذلک علی سبیل التداوی من السقم الذی کان اصابہم والتداوی منزلۃ ضرورۃ وقد قال اللہ الا ما اضطررتم الیہ فما اضطر الیہ فہو غیر محرم علیہ من الاکل والشرب انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا نحمدہ ونصلی کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ سوانح اور وقائع شہادت امام حسین وغیرہما میں سامان کرنا اور اوسپر رونا اور رولانا اور اوسکے واسطے انعقاد مجلس تعزیت کرنا موجب ثواب ہے یا باعث عقاب علی قول مفتی بہ اور نوحہ اور مرثیہ خوانی کہ جسپر وعید نازل ہوئی ہے اوسکی یہی حقیقت ہے کہ موتی کے مصائب وتکالیف بیان کیجاویں یا کچھ اور بینوا مستندین بالکتاب

ہو المصوب نفس ذکر محاسن موتے وتحسر بران ممنوع نیست بلکہ گریستن بآواز بلند ہمراہ آواز بلند کردن یا بیان مصائب ومناقب ممنوع ودداخل نوحہ است در کشف الغمہ اما لزم الموتی علی الاحیاء شیخ الاسلام محمدی مینویسد گریستن بنوحہ بلند کہ آنرا در احادیث آواز شیطان خواندہ خصوص کہ با ذکر مناقب مردہ جمع کنند چنانکہ عادت جاہلیت است

در قنیہ [illegible] حرام ست مطلقا اما اصل تنا و ذکر محاسن مردہ بر وجہ ندبہ
جائز است [illegible] اصل گریستن کہ ناشی از رقت قلب باشد بے جزع و اضطراب
لاباس بہ ست بلکہ آنرا در احادیث رحمت خواندہ و ازان حضرت در وقائع متعددہ وقوع یافتہ
انتہی و نفس بیان وقائع شہادت و گریستن بران بشرطیکہ از نوحہ و متعلقات آن معرا باشد و از
عقد مجلس کہ موجب تشبہ روافض است تبرء درست ست و خصوص عقد مجلس برای آن خالی
از تشبہ و کراہت نیست در جامع الرموز می نویسد و اذا اراد ذکر مقتل الحسین ینبغی ان یذکر اولا مقتل
سائر الصحابۃ لئلا یشابہ الروافض کما فی العون و در صراط المستقیم می آرد و ذکر قصہ شہادت بعقد
مجلس باین قصد کہ مردم بشنوند تا سعنہا نمایند و گریہ و زاری کنند ہر چند در نظر ظاہر خللے دران
ظاہر نمیشود اما فی الحقیقۃ آنہم مذموم و مکروہ ست در مجالس الابرار می نویسد قد روی احمد
وابن ماجۃ عن فاطمۃ بنت الحسین عن ابیہا ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال ما من مسلم یصاب بمصیبۃ
فیذکرہا وان قدم عہدہا فیحدث لہا الاسترجاع الاکتب لہ اجر مثلہا یوم اصیب وہذہ الحدیث
رواہ الحسین وعنہ ابنتہ التی شہدت مصرعہ وقد ثبت فی علم اللہ ان مصیبۃ الحسین یذکر مع تقادم
العہد وکان من سنۃ الاسلام ان تجری ہذہ السنۃ کلما ذکرت المصیبۃ بان یسترجع لہا
فیکون للانسان من الاجر الذی کان لمن استرجع یوم اصیب المسلمون لہا انتہی واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا شافعی گفت کہ شطرنج مباح ست امام — کج مبازید کہ جز راست نہ فرمود امام
حنبلی گفت کہ گر زانکہ بغم دریابے — بستۂ بنگ تناول کن و سرخوش بخرام
بوحنیفہ بہ ازان گوید در باب شراب — کہ ز جوشیدہ بجوز تا نہ بود بر تو حرام
گر کنی پیروی مفتی چارم مالک — او ہم از بہر تو تجویز کند وطی غلام
بنگ و می بخور و کون بکن و می باز قمار — کہ مسلمانی بر این چار امام ست تمام

ہو المصوب این اشعار مشتمل اند بر افترا بر ائمہ اربعہ و متضمن اند بر اقوال مردودہ
بیانش آنکہ نزد شافعیہ اگرچہ شطرنج فی نفسہ حرام نیست لیکن خالی از کراہت نیست
و مداومت بران گناہ صغیرہ است و اگر مشتمل بر اخذ مال و قمار باشد حرام ست پس مطلقا

نسبت حلت شطرنج خصوصاً بوقتی کہ مشتمل بر قمار باشد بطرف امام شافعی افترا است علامہ
کمال الدین موسی دمیری شافعی در حیوٰۃ الحیوان در بحث عقعق می نویسد و اما الشطرنج مکروہ
کراہۃ تنزیہ وقیل حرام وقیل مباح والاول الصحیح واما اذا انضم الیہ استعمال یخرج صلوٰۃ او غیرہ
فالتحریم اذ ذاک لیس للشطرنج لنفسہ وہو مکروہ اذا لم یواظب علیہ فان واظب علیہ فانہ یصیر
صغیرۃ کما ذکرہ الغزالی فی کتاب التوبۃ من الاحیاء انتہی ملخصاً و ابن حجر مکی ہیتمی شافعی در زواجر
عن اقتراف الکبائر میگوید فی فتاوی النووی الشطرنج حرام عند اکثر العلماء وکذا عندنا ان فوت
بہ صلوٰۃ او لعب بہ علی عوض فان انتفی ذلک کرہ عند الشافعی وحرم عند غیرہ انتہی و نسبت
حلت بنگ بطرف امام احمد نیز درست نیست بنگ کہ بعربی آن را حشیشہ و ورق القنب
میگویند در زمانۂ ائمۂ اربعہ نبود بعد مرور زمانۂ کثیر شائع شدہ و فقہای مذاہب اربعۃ بالاتفاق
فتوی بحرمتش دادند در زواجر می نویسد حکی القرافی و ابن تیمیۃ الاجماع علی تحریم الحشیشۃ قال
ومن استحلہا فقد کفر وانما لم یتکلم فیہا الائمۃ الاربعۃ لانہا لم تکن فی زمنہم وانما ظہرت فی آخر المائۃ
السادسۃ و اول المائۃ السابعۃ حین ظہرت دولۃ التتار انتہی و حلت شراب جوشیدہ
اگرچہ در بعض کتب حنفیہ واقع شدہ مگر آن قول مردود است و انتساب آن بسوی امام اعظم
افترا است در منح الغفار شرح تنویر الابصار می نویسد الطبخ اذا قصد بہ التحلیل منع من ثبوت الحرمۃ
لا رفعہا بعد ثبوتہا الا انہ لا یحد فیہ ما لم یسکر منہ علی ما قالوا لان الحد بالقلیل فی النیء خاصۃ لما ذکرنا فلا یتعداہا
الی المطبوخ ذکرہ فی تبیین الکنز من غیر ذکر خلاف وہذا ہو الظاہر الذی یجب ان یعول علیہ وبہ یظہر
لک ضعف ما فی القنیۃ من قولہ خمر طبخت و زالت مرارتہا حلت انتہی ملخصاً و در در المختار و نیز
و در رد المحتار است لعل ہذا الفرع متفرع علی ما قدمناہ عن بعض المعتزلۃ من ان الحرام
من الخمر ہو المسکر یدل علیہ ان فی القنیۃ نقلہ عن القاضی عبد الجبار احد شیوخ المعتزلۃ انتہی و نسبت
حلت لواطت بطرف امام مالک بہتان محض است در رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ می نویسد
اتفق الائمۃ الاربعۃ علی تحریم اللواطۃ وانہ من الفواحش العظام وہل یوجب الحد قال الثلاثۃ
یوجب الحد وقال ابو حنیفۃ یعزر فی اول مرۃ فان تکرر منہ قتل انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات [illegible] محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی [illegible]
ابو الحسنات

استفتا ما قول العلماء رحمہم اللہ (جزاکم اللہ عنا جزاء حسنا) در آن کس کہ عمداً و سہواً و بغضاً ہمہ علما وارث الانبیاء را دشنام بہ مثل بہن چود و لچا اعاذنا اللہ از روی تفاخر و کبر و بغض دہد و بآن صاحبان مسند نشین تفاخر ورزد در حق آنکس چہ حکم ست بینوا توجروا

ہو المصوب اگر مقصود آن دشنام دہندہ استخفاف علم و تحقیر علما من حیث العلم ست فقہا حکم بکفرش میدہند ورنہ در فاسق و فاجر بودن آنکس و مستحق غضب الٰہی و مستوجب عذاب دنیوی و اخروی شدن آن شبہ نیست سب و شتم و طعن بر مسلم کائنا من کان موجب فسق ست چہ جائیکہ سب و شتم علما صاحب فتاوی عالمگیری ازیں مینویسد الاستخفاف بالعلماء لکونہم علماء استخفاف بالعلم والعلم صفۃ اللہ منحہ و فضلا علی خیار عبادہ لیدلوا خلقہ علی شرعہ نیابۃ عن رسلہ فاستخفافہ بہذا العلم انہ الی من یعود انتہی و نیز مینویسد قال الفقیہ تسمیہ کل علوی علویک یکفر ان قصد بہ الاستخفاف بالدین انتہی و نور الدین علی سمہودی در رسالۂ خود جواہر العقدین فی فضل الشرفین می آرند قد ترجم الامام النووی فی مقدمۃ شرحہ للمہذب للنہی الاکید والوعید الشدید لمن یوذی او ینتقص الفقہاء والحث علی اکرامہم و تعظیم حرماتہم ثم اورد قولہ تعالیٰ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ و قولہ تعالیٰ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ و قولہ تعالیٰ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا قلت وجہ الدلالۃ فی الآیتین الاولیین ظاہر لان علماء الدین من اعظم شعائر اللہ اذ المراد من شعائر اللہ اعلام دینہ وہم من اعظم حرماتہ واما وجہ الدلالۃ من الآیۃ الثالثۃ فہو ان ہذا الوعید اذا ثبت لفاعل ذلک بالنسبۃ الی عامۃ المومنین فذلک بخاصتہم و عن ابی امامۃ مرفوعا ثلاثۃ لا یستخفہم الا المنافق ذو الشیبۃ فی الاسلام و ذو العلم و امام مقسط رواہ الطبرانی فی الکبیر و عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لیس منا من لم یوقر کبیرنا ولم یرحم صغیرنا ومن لم یعرف لعالمنا حقہ رواہ الترمذی و عن ابی بکرۃ رض سمعت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یقول اغد عالما او متعلما او مستمعا او محبا ولا تکن خامسۃ فتہلک قال عطاء قال لی مسعر روایۃ خامسۃ لم یکن عندنا والخامسۃ ان تبغض العلم واہلہ رواہ الطبرانی فی الثلاثۃ والبزار ورجالہ موثقون و قال النووی فی التبیان و شرح المہذب قال الحافظ ابو القاسم ابن عساکر اعلم یا اخی ان لحوم العلماء مسمومۃ و عادۃ اللہ فی ہتک استار منتقصیہم معلومۃ

وان من اطلق لسانہ فی العلماء ابتلاہ اللہ قبل موتہ موت القلب انتہی ملخصاً واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا ۲۷ شخصے بمریدان خود تعلیم میکند کہ یا شیخ عبد القادر شیئاً للہ بطور دعا وورد بخوانند برائے قضائے حاجات مفید ست وبعض کسان باین طریق تعلیم میکنند کہ یا شیخ برائے حصول یا بدرگاہ خدا دعا کنید پس برای تعلیم کنندہ چہ حکم ست وہر دو کلام کلام شرک ست یا نہ وآیا شیخ عبد القادر چنین قدرت دارند کہ فریاد ہر کس شنیدہ برای ندا کنندہ دعا کنند و بفریاد رسند یا نہ بینوا توجروا

ہو المصوب ازین چنین وظیفہ احتراز لازم وواجب اولاً ازین جہت کہ این وظیفہ متضمن شیئاً للہ است وبعض فقہا ازہمچو لفظ حکم کفر کردہ اند چنانکہ در درمختار مے نویسد کذا قول شئ للہ قیل یکفر انتہی ودر رد المحتار مے آرد لعل وجہہ انہ طلب شیئاً للہ واللہ غنی عن کل شئ والکل مفتقر ومحتاج الیہ وینبغی ان یرجح عدم التکفیر فانہ یمکن ان یقول اردت اطلب شئ اکراماً للہ شرح الوہبانیۃ قلت فینبغی او یجب التباعد عن ہذہ العبارۃ وقد مر ان مافیہ خلاف یومر بالتوبۃ والاستغفار وتجدید النکاح انتہی ثانیاً ازین جہت کہ این وظیفہ متضمن ست ندائے اموات را از امکنۂ بعیدہ وشرعاً ثابت نیست کہ اولیا را قدرتے حاصل ست کہ از امکنۂ بعیدہ ندا را بشنوند البتہ سماع اموات سلام زائر قبر را ثابت ست بلکہ اعتقاد این کہ کسے غیر حق سبحانہ حاضر وناظر وعالم خفی وجلی در ہر وقت وہر آن ست اعتقاد شرک ست در فتاوی بزازیہ می نویسد تزوج بلا شہود وقال خدای ورسول خدا وفرشتگان را گواہ کردہ ام یکفر لانہ اعتقد ان الرسول والملک یعلمان الغیب قال علماؤنا من قال ان ارواح المشائخ حاضرۃ تعلم یکفر انتہی وحضرت شیخ عبد القادر اگرچہ از اجلۂ اولیا امت محمدیہ ہستند ومناقب وفضائل شان لا تعد ولا تحصے اند لیکن چنین قدرت شان کہ فریاد را از امکنۂ بعیدہ بشنوند وبفریاد رسند ثابت نیست واعتقاد این کہ آنجناب ہر وقت حال مریدان خود میدانند وندائے شان میشنوند از عقائد شرک ست واللہ اعلم حررہ ابو الحسنات محمد عبد الحی عفی عنہ

استفتا ۲۸ کیا فرماتے ہیں علمائے دین رحمکم اللہ اس مسئلہ میں کہ زید نے ایک عبارت دوسرے

اخبار سے اپنے اخبار میں بغرض اعلان اور اشاعت کے نقل کر کے چھاپی وہی ہذہ عبارت
لفافہ خط کی مختصر ہونی چاہیے نہ طول طویل مثل شیطان کی آنت کے مثلاً انشاء اللہ تعالی بمنہ و کرمہ
لفافہ ہذا در خاص شہر فلان و محلہ فلان ٹکٹ لگایا گیا وغیرہ اُسکو عمرو نے دیکھکر کہا آپ
ایسے ثقہ اور دیندار کے اخبار میں نسبت الفاظ معظمہ انشاء اللہ تعالی بمنہ و کرمہ کو شیطان کی
آنت لکھنا سوء ادبی بلکہ منجر بکفر ہے کہ توہین استعانت باری تعالی شانہ نکلتی ہے ایسے
امور کا لحاظ رکھیے زید نے اسکے جواب میں کہا کہ ہرگز اسمیں سوء ادبی اور انجرار بکفر لازم نہیں آتا
اسواسطے کہ ہمنے حکم طول طویل شیطان کی آنت کا نسبت کل عبارت مذکور کے دیا ہے اور جو
حکم کل کا ہووے وہی اُسکے اجزا کا ہو ضرور نہیں اگر بالفرض تحریر اُس فقرہ کی منجر بکفر اور
بے ادبی کے ہو تو ناقل اسکا بری ہے کہ نقل کفر کفر نباشد انتہی پس تاویل اور توجیہ
کرنے والا اسکا از روے آداب شریعت محمدیہ کے کیسا ہے بینوا بالتفصیل توجروا بالاجر الجزیل

ہو المصوب اگر مقصود توہین اسم باری عز شانہ ہو تو اس قسم کی عبارت موجب
کفر ہو جاتی اور ہر گاہ مقصود توہین نہیں اور حکم ساتھ اُس عبارت قبیحہ کی مجموع من حیث
المجموع پر ہے صرف انشاء اللہ پر نہیں اسوجہ سے کفر نہوگا مگر چونکہ ظاہر عبارت
سے ایہام خلاف مقصود کا بھی ہوتا ہے اسوجہ سے ایسی عبارت کے ساتھ تکلم منع ہے
اور خالی سوء ادبی سے نہیں ہے اور توجیہ اور بیان مقصود رافع سوء ادبی کا نہیں ہو سکتا
رد المحتار علی الدر المختار میں تحت قول صاحب در مختار میں ذکرہ قولہ فی دعائہ بمقعد العز من عرشک
ہی المجرد الایہام کاف فی المنع عن التکلم بہذا الکلام وان احتمل معنی صحیحا ولنا علی المشائخ بقولہم
لانہ یوہم تعلق عزہ بالعرش لنظیرہ ما قالوا فی انا مومن انشاء اللہ فانہم کرہوا ذلک وان قصد التبرک
دون التعلیق لما فیہ من الایہام انتہی اور بھی رد المحتار میں تحت قول صاحب در مختار کے کذا قول
شئ للہ قیل بکفرہ مرقوم ہے لعل وجہہ انہ طلب شیئا للہ واللہ غنی عن کل شئ والکل مفتقر ومحتاج الیہ
وینبغی ان یرجح عدم التکفیر فانہ یمکن ان یقول اردت ان اطلب شیئا اکراما للہ شرح
الوہبانیۃ قلت فینبغی او یجب التباعد عن ہذہ العبارۃ انتہی یہان سے معلوم ہوا کہ اس قسم کی عبارتیں
کہ محتمل معنی غیر مشروع کو ہوں اگرچہ مراد اُن سے معنی صحیحہ ہوں تکلم ساتھ اُنکے ناجائز ہے

اور نقل کفر اگرچہ کفر نہین لیکن سو ادبی سے خالی نہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین اہین علماے دین یعنی زیدنے نہ کسی مفتی کا فتوی دیکھا آنکھ سے نہ عبارت اُسکی دیکھی نہ سُنی اور الزام لگا دیا کہ پانی کسی عورت مسلمان کا جھوٹا پینے کو ناجائز اور مکروہ لکھا ہے اور اسپر لعن وطعن اور وہابی اور بے ایمان کہنا کیسا ہے

ہو المصوب زید اس حالت مین گنہگار ہوا توبہ نصوح اُسکو لازم ہے بغیر اطلاع حقیقۃ الامر الزام لگا دینا اور افترا کرنا کبائر سے ہے اور لعن وطعن کرنا اور وہابی اور بے ایمان کہنا ہر مسلمان کے حق مین کبیرہ ہے چہ جائے کہ کسی عالم کے حق مین تمام نصوص قرآنیہ واحادیث ایسے امور کی ممانعت سے مالا مال ہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین کہ زید کے پاس ایک مسماۃ قوم ہنود سے آئی اور بیان کیا کہ مین مسلمان ہون یعنی مسلمان کے ساتھ گھر سے خاوند کو ترک کرکے رہتی ہون مجھے دین محمدی مین آنا منظور ہے اچھی طرح سے مجھے کلمہ پڑھا دو زید نے محض انکار کرکے جواب دیا کہ بخوف سرکار ہم ایسا نہین کرینگے مسماۃ نے زید سے کہا کہ مین ایک سال سے پاس مسلمان کے ہون جسکو زید جانتا تھا اگر دعوے ہے خاوند کو تو وہ زیور کا مدعی ہے عدالت مین نہ میرا کیونکہ مین اُسکے کام کی کب ہون دوسری ملت مین مین آگئی ہون مگر زید نے جواب ہی دیا ہرگز کلمہ نہ پڑھایا واقعی جب وہ پاس مسلمان کے ہے اور اُسکے خاوند کو دعوی عورت کا نہین بلکہ زیور کا ہو اور اُس کا علم ہے تو جواب دینا اُسکو باقاعدہ کلمہ نہ پڑھانا کیسا ہوا

ہو المصوب ایسی صورت مین کلمہ نہ پڑھانا اور مسلمان نکرنا حرام ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین کہ زید نے بکر سے پچاس روپیہ قرض لیکر سودی ایک روپیہ ماہواری پر صاف تمسک لکھدیا چند سال تک تبدیلی تمسک کرتا رہا

بعد عزم بیت اللہ شریف کیا زید نے بکر سے درخواست حج جانے اور تہیدستی ادائے قرضہ مذکورہ کی بیان کی بکر نے وہ قرضہ مع سود کے معاف کیا زید روانہ حج کو ہوا صرف بیت اللہ شریف جاکر حج کرکے مکان پر واپس آیا زید جہاز پر سوار ہوا ایک شخص مسافر اس طرف کا جانیوالا جس مقام پر مکان زید کا تھا جہاز پر ساتھی ہوا اور علیل ہوا اُسنے دو اشرفی دین کہ میرے مکان مین لڑکے کو دینا وہ مسافر مرگیا جب زید مکان پر پہونچا مسافر کے لڑکے کو خبر ہوئی وہ تقاضی ہوا بمشکل تمام نصف سے کم دلایا باقی کا عذر ہے آرے بلے ہوتا ہے اُسنے تقاضا ترک کیا محول بقیامت کردیا اور اب بھی زید سودی روپیہ لیکر اپنے صرف مین لاتا ہے بروی حکم شرع شریف کیا ہے

ہو المصوب زید اس صورت مین بوجہ ارتکاب ان امور کے فاسق ہے اسپر توبہ کرنا لازم ہے ایک تو بوجہ خیانت کے جو اللہ جل شانہ فرماتا ہے ان اللہ یامرکم ان تؤدوا الامانات الی اہلہا اور حدیث صحیح مین وارد ہے لا ایمان لمن لا امانۃ لہ دوسرے بوجہ سود دینے اور سودی قرضہ لینے کے حدیث صحیح مین وارد ہے لعن اللہ آکل الربا و موکلہ وکاتبہ وشاہدہ اور قرآن پاک مین ارشاد ہے واحل اللہ البیع وحرم الربوا الی آخر الآیات فی سورۃ البقرۃ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا ۳۲ چہ میفرمایند علمائے دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کہ اگر زید از عمرو رخصت شد وکسے ازینہا مسافر نیستند و باہم مصافحہ نمودند پس این مصافحہ جائز خواہد شد یانہ مع سند کتاب بیان فرمایند بینوا توجروا

ہو المصوب مصافحہ بوقت ملاقات مسنون ست ملا علی قاری در شرح مشکوۃ می نویسند محل المصافحۃ المشروعۃ اول الملاقات انتہی و بوقت رخصت مسنون نیست البتہ در شرعۃ الاسلام مذکورست کہ صحابہ بوقت رخصت مصافحہ میکردند عبارتش این است کان اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا تلاقوا تعانقوا واذا افترقوا تصافحوا وحمدوا اللہ واستغفروا بعد ذلک وان التقوا وافترقوا فی الیوم مرارا انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا ۳۳ ایک عورت نے زنا اور رقص کے ذریعہ سے روپیہ پیدا کیا اسمین سے

خیرات کرکے اگر امید وار ثواب کی ہو تو کافر ہو جاویگی یا مسلمان رہیگی ۲؂ ایسی عورت کے ہاتھ
کوئی چیز بیچکر اُسکے روپیہ مین سے قیمت لینا حلال ہے یا حرام ۳؂ کوئی ڈاکٹر یا طبیب عورت
مذکورہ کا علاج کرے تو حق العلاج اُسکے روپیہ مین سے لینا درست ہے یا نہین
۴؂ عورت مذکورہ کو اپنے گھر مین کرایہ پر رکھکر اُسکے روپیہ مین سے کرایہ لینا کیسا ہے ۵؂
وہ عورت اگر للہ کسی کو روپیہ نذر کرے تو اُسکی نذر لینا حلال ہے یا حرام ۶؂ جو روپیہ
اُسنے زنا کے ذریعہ سے پیدا کیا اور جو ناچ گا کے ان دونون مین کچھ فرق ہے یا حرمت مین
برابر ہے اُسکے واسطے اور نذر لینے دینے کے واسطے ۷؂ وہ عورت اگر دعوت کرے یا کچھ تحفہ
بھیجے تو اُسکو قبول کرنا درست ہے یا نہین ۸؂ وہ عورت جسکے پاس مال حلال
بالکل نہین فقط زنا اور رقص کی اجرت کا روپیہ ہے اگر وہ خیرات کرنا چاہی تو کیونکر کری
۹؂ اگر وہ عورت قرض لیکر خیرات کرے اور پھر اپنے روپیہ سے قرض ادا کردے تو ثواب
خیرات کا پائیگی یا نہین ۱۰؂ اگر قرض لیکر وہ عورت کسیکو نذر دے تو وہ نذر قبول کرنا جائز ہی
یا نہین ۱۱؂ زنا اور رقص کے صلہ مین اُسکی ایک رقم تنخواہ مقرر ہے اُسکے سوا بھی اور
روپیہ وہ اپنی خوشی سے دیتا ہے جسکی وہ نوکر ہے یہ دونون رقمین حرمت مین برابر ہین یا نہین
ہو المصوب زنا اور رقص و رغنا کے ذریعہ سے جو مال پیدا ہو وہ خبیث اور حرام ہے
اور اس باب مین زنا اور ناچ گانا سب برابر ہین اور ایسی ہی بذریعۂ اجرت کسی معصیت کی
جو حاصل ہووے وہ خبیث ہے ہان وہ مال جو مغنیہ یا زانیہ کو کسی نے بغیر اجرت و بغیر شرط کے
ابتداءً تبرع کیا وہ خبیث نہین ہے اور مال خبیث کا حکم یہ ہے کہ کل مال واپس کردینا
اصل مالک کو اگر معلوم ہو واجب ہے اگر نہ معلوم تو تصدق کل کا واجب ہے لیکن نہ بہ نیت
طلب ثواب کے بلکہ بہ نیت فراغ ذمہ کے اور اگر ایسے مال کے تصدق مین نیت طلب
ثواب کی کی جاوے گی پس اگر حرمت اُس مال کی قطعی ہے جیسا کہ مال غصب وغیرہ تو وہ شخص
کافر ہو جاویگا اور اگر قطعی نہین ہے یعنی دلائل قطعیہ سے نہین ثابت ہے تو وہ کافر نہوگا
جیسے مال زنا و رقص کو اسکی حرمت دلائل ظنیہ سے ثابت ہے مگر اس نیت سے وہ شخص
قابل مواخذہ ہوگا اور صدقہ اُسکا مقبول نہوگا فان اللہ طیب لا یقبل الا الطیب درالمختار

حاشیۂ درمختار نے کتاب الاجارہ کے باب الاجارۃ الفاسدۃ مین ہے فی المنتقی امرأۃ نائحۃ
اوصاحبۃ طبل اوزمر اکتسبت مالا ردتہ علی اربابہ ان علموا والا تتصدق بہ وان من غیر شرط فہو لہا
وقال الامام الاستاذ لایطیب والمعروف کالمشروط انتہی قلت وہذا مما یتعین الاخذ بہ فی زماننا
لعلمہم انہم لایذہبون الا باجر البتۃ طحطاوی انتہی اور درمختار کے کتاب الاجارہ کے باب الاجارۃ
الفاسدۃ مین ہے ولا تصح الاجارۃ لعسب التیس وہو نزوہ علی الاناث ولا لاجل المعاصی مثل الغناء
والنوح والملاہی ولو اخذ بلا شرط یباح انتہی اور بھی اسمین کتاب الزکوۃ مین ہے فی شرح الوہبانیۃ
عن البزازیۃ انما یکفر اذا تصدق بالحرام القطعی انتہی ردالمحتار مین ہے قولہ اذا تصدق بالحرام القطعی
ای مع رجاء الثواب الناشی عن استحلالہ اور شرنبلالی کے رسالہ حفظ الاصغرین عن اعتقاد ان
الحرام لا یتعدی الی ذمتین مین ہے لا لقصدہ ای بالتصدق من المال الخبیث تحصیل الثواب
بل تفریغ الذمۃ اور ایسی عورت جسکے پاس مال حرام ہو اگر اوسکا مال حلال بھی اُسکے پاس ہے
اور وہ بہ نسبت حرام کے زائد ہے تو اُسکی نذر قبول کرنا اور اُسکی دعوت کھانا اور اُسکا
صدقہ اور ہدیہ لینا اور اجرت کرایۂ مکان یا اجرت علاج وغیرہ لینا درست ہے بشرطیکہ یہ معلوم ہو
کہ یہ جو اسنے دیا ہے عین مال حرام سے ہے اور اگر یہ معلوم ہو یا یہ کہ مال حرام غالب ہو تو کچھ
نہین درست ہے اشباہ والنظائر مین ہے اذا کان غالب مال المہدی حلالا فلا باس بقبول ہدیتہ
واکل مالہ مالم یتبین انہ من حرام وان کان غالب مالہ الحرام لا یقبلہا ولا یاکل الا اذا قال انہ حلال
ورثہ او استقرضہ انتہی اور حفظ الاصغرین مین ہے فان قلت کیف ساغ للفقیر تناول ما فیہ حیث
قلت محلہ عدم علمہ بحقیقۃ الحال وان علم بہ فہو کغیرہ لا یحل لہ انتہی اور خزانۃ الروایات مین ہے فی
ملتقط الناصری آکل الربا وکاسب حرام اہدی الیہ او اضافہ وغالب مالہ حرام لا یقبل ولا یاکل
مالم یمیزہ ان ذلک المال حلال ورثہ او استقرضہ وان کان غالب مالہ حلالا لا باس بقبول ہدیتہ
والاکل منہ انتہی اس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ اگر وہ شخص کہ کل مال اُسکا حرام ہے وہ اگر خیرات کرنا
چاہے تو قرض لیکے کرے اور اپنے مال خبیث سے اُس قرض کو ادا کرے اور قرض لیکے
جو وہ دیگا اُسکا ثواب اُسکو ملیگا اور نذر وتحفہ وغیرہ اُس سے لینا بھی درست ہوگا
حفظ الاصغرین مین ہے فی الخلاصۃ قال فی شرح حیل الخصاف لشمس الائمۃ ان الشیخ ابا القاسم

كان ممن يأخذ جائزة السلطان وكان يستقرض جميع حوائجه ويقضي دينه بما يأخذه من الجائزة انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

استفتاء ۴۲ ما قولكم ايها العلماء المتورعون والمنصفون في حق رجال عام او خاص يذكرون الله بارادة الوصول الى الحقيقة قياما وقعودا ويتواجدون ويهتزون ويرقصون في حالة الذكر ويصفق رجل للاشارة او ليتهيج الذاكرون هل يجوز هذا الفعل ام لا افتونا بالصواب اسقونا بالجواب توجروا بالاجر مع تكرم من المولى الدارين

هو المصوب ذكر الله تعالى حسن على كل حال وقد كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يذكر الله في كل احيانه اخرجه ابو داؤد وغيره وقال الله جل وعلا في كتابه في وصف اولي الالباب والمتفكرين في خلق السموات والارض الذين يذكرون الله قياما وقعودا وعلى جنوبهم الآية لكن التواجد والاهتزاز والرقص والتصفيق وامثال ذلك ان صدرت من الذاكر في حالة الطرب والخروج عن حيز الاختيار وغلبة الشوق غلبة اخرجته عن حيز الخبرة فهو في ذلك معذور وغير ملام واما ارتكاب هذه الامور مع الاختيار فلا يجوزه الشرع ولا يرخص لهذه الامور قال في نصاب الاحتساب للسنامي الحنفي لا يجوز الرقص والسماع ومن اباحه من المشائخ فذلك للذين صارت حركاته حركات الارتعاش وانه ليس له اصل في الشرع حصته وذكر في العوارف انه لا يليق بمنصب المشائخ الذين يقتدى بهم لانه يشبه اللهو انتهى وفي الامتاع في احكام السماع لجعفر بن ثعلب الادفوي الشافعي ذهبت طائفة الى التفرقة بين ارباب الاحوال الذين يقومون بوجد فيجوز لهم الرقص ويكره لغيرهم وهذا ما اورده الاستاذ ابو منصور واشار اليه القاضي حسين في تعليقه والغزالي في الاحياء انتهى وفي تبعيد الشيطان مختصر كتاب ابن القيم الحنبلي المسمى باغاثة اللهفان عن مصائد الشيطان قال ابن عباس كانت قريش يطوفون بالبيت عراة ويصفرون ويصفقون وقال مجاهد كانوا يعارضون النبي صلى الله عليه وسلم في الطواف ويصفرون ويصفقون يخلطون عليه طوافه وصلاته فالمتقربون الى الله بالصفير والتصفيق اشباه النوع الاول والمخلطون به على اهل الصلوة والذكر والقراءة اشباه النوع الثاني انتهى وفيه ايضا لم يشرع الله التصفيق للرجال عند الحاجة في الصلوة بل امروا بالعدول الى التسبيح فكيف اذا فعلوه لا لحاجة انتهى وفي الدرة المنيفة

شرح الجواہر المنیفہ والبزازیۃ ورد المختار وغیرہا من کتب الحنفیۃ الرقص والغناء الذی یفعلہ متصوفۃ زماننا عند الذکر حرام انتہی والکلام فی ہذا البحث طویل مشروح فی کتب الفقہ والحدیث وفیما ذکرناہ کفایۃ لارباب البصیرۃ واللہ اعلم بالصواب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا ۲۵ کیا فرماتے ہین علماے محققین اس مسئلہ مین کہ اگر کوئی شخص جناب خیر البشر علیہ صلوۃ اللہ الاکبر کی نعت مین معلم ہر خیر وشر کے لکھے تو معنی اصطلاحی کیا ہونگا اور اگر معنی لغوی لیے جاوین تو لفظ معلم شر فعل شر پر مشیر ہوگی یا ترک شر پر اور ان دونون صورتون مین کاتب اس نعت کا مرتکب کسی گناہ کا یا داخل کسی سوء ادب مین ہو سکتا ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب اس لفظ کے یہ معنی ہو سکتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر خیر کی خیریت کو اور ہر شر کی شریت کو تعلیم کیا باین معنی اس لفظ کا اطلاق درست ہوگا مگر احتمال اسمین دوسرے معنی قبیح کا ہے کہ آپنے ارتکاب شر کے تعلیم کی پس اطلاق ایسے لفظ کا خالی سوء ادبی سے نہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۲۶ کیا فرماتے ہین علماے دین ان مسئلون مین (۱) شیعہ کو کافر کہنا چاہیئے یا نہین (۲) حضرت کو دافع البلا کہنا چاہیئے یا نہین (۳) جو شخص کہ خلاف لا تقربوا الزنا ولا تاکلوا الربا کرے اوسکو کافر کہنا چاہیئے یا نہین

ہو المصوب جو شیعہ کہ منکر ضروریات دین ہین وہ کافر ہین صرف تبرائی شیعہ کافر نہین ہین اور جو شخص لا تقربوا الزنا وغیرہ کے خلاف کرے وہ کافر نہین فاسق ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دافع البلا باین معنی کہنا کہ آپکے ذریعہ سے بلا دفع ہوتی ہے درست ہے اور باین معنی کہ آپ خود استقلالاً دفع کرتے ہین نہین درست ہے ایسے الفاظ سے کہ موہم معنی غیر شرعی کے ہووین اجتناب اولی ہے الفاظ تعریفات صحیحہ شرعیہ منقولہ کچہہ کم نہین ہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۲۷ بعالی خدمت علماے دین وسفتیان شرع متین اینکہ کسے نام خود کہ ہدایت علی میداشت بایہام اسمای شرکیہ تبدیل نمودہ ہدایت العلی نہاد شخصے برآن معترض شد کہ لفظ

مرسلہ [illegible] علی صاحب [illegible] ربیع الاول [illegible] ہجری

مرسلہ مولوی محمد سعید صاحب [illegible] ربیع الاول [illegible] ہجری

ہدایت مشترک ست بین معنیین ارادۃ الطریق والایصال الی المطلوب وہکذا لفظ علی بغیر الف و لام مشترک ست بین اسماء آلہیہ وحضرت علی کرم اللہ وجہہ مجیب گفت کہ درین صورت تائید اثبات مدعای من ست چہ ہرگاہ لفظ ہدایت وعلی مشترک شد بین معنیین پس برین تقدیر چہار احتمال متحقق میشوند یکے ازآن از ہدایت معنی اول واز علی اللہ جل شانہ دوم از ہدایت معنی ثانی واز علی جل جلالہ سوم از ہدایت معنی اول واز علی حضرت علی کرم وجہہ چہارم از ہدایت معنی ثانی واز علی حضرت علی پس سہ احتمال اول خالی از ممانعت شرعیہ ہستند البتہ احتمال رابع خالی از ممنوعیت نیست چہ در جملہ اسمای شرکیہ مفہوم می شود پس ہر اسم کہ دائر شود بین اسماے شرکیہ وعدمہ احتراز ازآن لابدیست بلکہ واجب کما ہو ثابت واگر کسے بر اسم متنازع فیہ قیاس نمودہ بر عبد اللہ شرک ثابت کند ویا یا علی گفتن ممانعت نماید آیا اعتراض معترض وقیاس او صحیح ست یا نہ وبر تقدیر صحت اعتراض تائید کلام مجیب قرار می یابد یا چنانکہ معترض صاحب تصور فرمودہ اند بینوا توجروا

ہو المصوب لفظ علی کہ از اسماے آلہیہ است الف لام برآن زائد می شود یا براے تعظیم چنانکہ در الفضل والنعمان وغیرہ رضی در شرح کافیہ می نویسد وقد یزاد اللام فی العلم وقال الکوفیون قد یکون اللام للتعظیم کما فی اللہ وفی الاعلام ولا یعرفہا البصریون انتہی ملخصا وابن مالک در الفیہ وشرح الفیہ در اعلام زیادت لام ذکر کردہ بہ الفضل ونحو ذلک مثل کردہ اند وعلی کل تقدیر لام بر اسمای آلہیہ سواے لفظ الرحمٰن علم نیست وبر لفظ علی کہ از اسمای مرتضیٰ است لام داخل نمی شود بحر العلوم در حواشی میر زاہد ملا جلال می نویسند دخول اللام علی الاعلام فصیح سوے لفظۃ محمد علی مسماہ الصلوۃ والسلام وسوے لفظ علی رضی اللہ عنہ عن مسماہ انتہی بناء علیہ ہدایت العلی اولی ست از ہدایت علی چہ در اولی اشتباہ اضافت ہدایت بسوے علی مرتضی رض نیست ودر صورت ثانیہ بسبب اشتراک لفظ ہدایت بحسب استعمال واشتراک لفظ علی اشتباہ امر ممنوع موجود ودر اسامی ازینچنین کہ ابہام مضموم غیر مشروع سازد احتراز لازم بہمین سبب علما از تسمیہ بعبد النبی وغیرہ منع ساختہ اند واما در عبد اللہ وغیرہ پس ابہام امر غیر مشروع نیست بل ہو احب الاسماء الی اللہ علی ما ورد بہ الحدیث وہمچنین در یا علی ہرگاہ مقصود نداء پروردگار باشد تزاحمی نیست واللہ اعلم حررہ الراجی

عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

مرسلہ مولوی محمد اسحاق صاحب از صاحب گنج ٢٦ ربیع الثانی روز چہارشنبہ ١٢٩٦ ہجری

استفتا اس دیار مین عرصہ دو ماہ سے لوگون نے عجیب ایک نئی صورت ذکر کی جاری کی ہے وہ یہ ہے کہ نماز فرض کے سلام کے بعد زور سے تین چار بار سب مقتدی لا آلہ الا اللہ کہتے ہین اور سر بھی دھنتے مین جب اللہ اکبر کہتے ہین کیا اس طرح سے سر دھن دھن کر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین لوگ اللہ اکبر کہا کرتے تھے فرض نماز کے بعد یا اصحابہ رضی اللہ عنہم کے زمانے مین کہا کرتے تھے یا ہمارے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے وقت مین یہ دستور ہوا یا امام کے شاگردون سے یہ صورت کذائی ذکر کی منقول ہے اگر اسطرح کے ذکر ان حضرات مین کسی سے کسی معتبر کتاب مین منقول ہون تو ہم لوگ بھی ذکر خیر و کار خیر جانکر ذکر مذکور کو بہیئت کذائی رواج دین اور اگر اس طرح کے ذکر امام اور شاگردان امام سے منقول نہین تو پھر اس ذکر محدث کو کیا کہینگے اور ایسے ذکر سے لوگون کو بصورت اختیار باز رکھین یا اجازت کرنے کی دیوین اور ہمارے حنفی مذہب مین علاوہ اس محل خاص کے جو ذکر کہ ثابت ہے وہان زور سے ذکر کرنا افضل ہے یا آہستہ بینوا توجروا

ہوالمصوب اس قسم کا ذکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ سے اور ائمہ وغیرہ سے منقول نہین اور بتصحیح علماے حنفیہ وغیر حنفیہ ذکر بعد نماز کے سرًا مستحب ہے نہ جہرًا البتہ بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین صحابہ بعد نماز کے جہرًا تکبیر کہتے تھے جیسا کہ صحیح بخاری اور مسلم مین ہے ابن عباس سے قال کنت اعرف انقضاء صلوۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالتکبیر انتہی فتح الباری مین ہے الظاہر انہ لم یکن یحضر الجماعۃ لانہ کان صغیرا لا یواظب علی ذلک فکان یعرف انقضاء الصلوۃ بما ذکر وقال غیرہ یحتمل ان یکون حاضرا فی آخر الصفوف فکان لا یعرف انقضاءہا بالتسلیم وانما کان یعرفہا بالتکبیر انتہی لیکن شراح حدیث نے اسکو حالت جہاد وغیرہ پر محمول کیا اور سر کو جہر سے افضل قرار دیا اور بعضون نے اسکو بعض اوقات پر محمول کیا اور التزام کو اُسکے منع کیا کتاب المدخل لابن الحاج المالکی مین ہے اما ما رواہ ابن الزبیر کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سلم من صلاتہ یقول بصوتہ الاعلی لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر لا حول ولا قوۃ الا باللہ ولا نعبد الا ایاہ لہ النعمۃ ولہ الفضل ولہ الثناء الحسن الجمیل لا الٰہ الا اللہ مخلصین لہ الدین ولو کرہ الکافرون فی مارواہ البخاری

عن ابن عباس ان رفع الصوت بالذكر حين ينصرف الناس من المكتوبة كان على عهد رسول الله صلى الله عليه
وسلم فالجواب من وجهين احدهما ما ذكره الامام الشافعي في الام حيث قال واختار للامام والماموم ان
يذكرا الله بعد الانصراف من الصلوة ويخفيان الذكر الا ان يكون اماما يجب ان يتعلم منه فيجهر حتى
يرى انه قد تعلم منه ثم يسر فان الله يقول ولا تجهر بصلاتك ولا تخافت بها يعني بالدعاء لا تجهر ترفع
ولا تخافت حتى لا تسمع نفسك واحسب ما روى ابن الزبير من تهليل النبي صلى الله عليه وسلم وما روى
ابن عباس من تكبيره كما رويناه انما جهر قليلا ليتعلم الناس منه وذلك لان عامة الروايات التي
كتبناها ليس يذكر فيها بعد التسليم ولا تكبير انتهى كلامه بلفظه فهذا الامام الشافعي حمل ذلك على سبيل التعليم
فان حصل التعليم امسك وهذا بخلاف ما يعهد اليوم من القراءة والذكر جهرا وجماعة فانهم لا يريدون
التعليم بل الثواب والجواب الثاني ما ذكره ابو الحسن ابن بطال في شرح صحيح البخاري لما ان تكلم على حديث
ابن عباس قال يحتمل ان يكون اراد به المجاهدين فان كان كذلك فهو الى الآن وعليه العمل وهو ان
المجاهدين اذا صلوا الخمس فيستحب لهم ان يكبروا جهرا يرفعون اصواتهم ليرهبوا العدو فان لم يحمل على
ذلك فيكون منسوخا بالاجماع لانه لا يعلم احد من العلماء يقول به انتهى اور یہی مدخل میں دوسرے
مقام میں ہے وليحذروا جميعا من الجهر بالذكر والدعاء عند الفراغ من الصلوة ان كان في جماعة
فان ذلك من البدع انتهى اور علامہ شیخ الاسلام بدر الدین العینی الحنفی بنایہ شرح ہدایہ میں لکھتے ہیں
قال ابو بكر الرازي قال مشايخنا التكبير جهرا في غير ايام التشريق لا يسن الا بازاء العدو واللصوص
وقيل وكذا في الحريق والمخاوف كلها انتهى وفي نصاب الاحتساب الذكر والثناء اثر الصلوة جهرا مكروه وانه
بدعة يعني سوى ايام النحر والتشريق انتهى اور عبارات حنفیہ اس قسم کے بہت ہیں جس سے
کراہت ذکر جہری بجز چند مواضع مستثناۃ کے ثابت ہوتی ہے تفصیل اسکی میرے رسالہ
سباحۃ الفکر فی الجہر بالذکر میں موجود ہے الحاصل ذکر جہری بعد نماز کے سوا ایام التشریق وغیرہ
کے اگر احیاناً ہو تو کچھ مضائقہ نہیں بشرطیکہ جہر مفرط نہو اور ایسی اگر مقصود جہر سے تعلیم ہو اور
بدون ان اغراض کے اوسکا التزام واہتمام کرنا جیسا کہ سوال میں مذکور ہے خلاف طریقہ
نبویہ و طریقہ سلف صالح ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا بطور شوق کے کوئی جانور چرندیا پرند پالا گیا ہو اُس مین گناہ ہے یا نہین اگر گناہ ہے تو کفارہ سے آگاہی بخشیے اور شکار کے بارے مین کیا فرماتے ہین۔

ہو المصوب جانور پالنا بطور شوق کے درست ہے بشرطیکہ اُس کو تکلیف نہ دے مجتبی شرح مختصر قدوری مین ہے لاباس بحبس الطیور والدجاج فی بیتہ ولکن یعلفہا انتہی اور ردالمحتار مین فتاوای قاری الہدایہ سے منقول ہے یجوز حبسہا للاستیناس انتہی اور جامع الرموز مین ہے لاباس بحبس الطیور والدجاج فی بیتہ ولکن یعلفہا وہو خیر من ارسالہا فی السکک انتہے اور شکار کرنا جائز ہے بشرطیکہ محض تلعب وایذاے حیوانات مقصود و منہو اور بعضون نے حرفہ بنالینا مکروہ لکہا مگر صحیح یہ ہے کہ نہین مکروہ ہے بزازیہ مین ہے الصید مباح الا للتلہی او حرفۃ انتہی اور حواشی اشباہ للحموی مین ہے فیہ نظر لانہ نوع اکتساب بما ہو مخلوق لذلک والاکتساب مباح فصار کالاحتطاب انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

مرسلہ قاضی سعادت علی صاحب [illegible]

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ بعد خطبہ عیدین کے جو مصافحہ ومعانقہ لوگون مین مروج ہے وہ مسنون ہے یا بدعت بینوا توجروا

ہو المصوب وقت مصافحہ ومعانقہ ابتداے ملاقات ہے پس بعد نماز عید کے مصافحہ ومعانقہ مسنون نہین اور علما اس باب مین مختلف ہین بعض بدعت مباحہ کہتے ہین اور بعض بدعت مکروہہ علی کل تقدیر ترک اسکا اولی ہے کتاب الاذکار للنووی مین ہے اعلم ان المصافحۃ مستحبۃ عند کل لقاء واما ما اعتادہ الناس من المصافحۃ بعد صلوۃ الصبح والعصر فلا اصل لہ فی الشرع ولکن لاباس بہ فان اصل المصافحۃ سنۃ وکونہم حافظوا علیہا فی بعض الاحوال وفرطوا فی کثیر من الاحوال او اکثرہا لایخرج ذلک البعض عن کونہ من المصافحۃ التی ورد الشرع باصلہا انتہی اور درمختار مین ہے واطلاق المصنف تبعا للدرر والکنز والوقایۃ والنقایۃ والمجمع والملتقی یفید جوازہا مطلقا ولو بعد العصر وقولہم بدعۃ ای مباحۃ انتہی اور ردالمحتار مین ہے قد یقال ان المواظبۃ علیہا بعد الصلوۃ خاصۃ یؤدی الجہلۃ الی اعتقاد سنیتہا فی خصوص ہذہ المواضع مع ان ظاہر کلامہم لم یفعلہا احد من السلف ونقل عن الشرنبلالی عن ابن حجر انہا بدعۃ

مرسلہ مولوی محمد حسن [illegible] ضلع مدراس معرفت قاضی قادر میان صاحب ۱۸ ذی الحجہ ۱۲۹۴ھ [illegible]

مکروہۃ لا اصل لہا فی الشرع انتہی اور مدخل ابن الحاج مین ہے جاز المعانقۃ ابن عیینۃ عند اللقاء من غیبۃ کانت واما فی العید لمن ہو حاضر معک فلا واما المصافحۃ فانہا وضعت فی الشرع عند لقاء المؤمن لاخیہ واما فی العید علی ما اعتادہ بعضہم عند الفراغ من الصلوۃ یتصافحون فلا اعرفہ لکن قال الشیخ ابو عبد اللہ ابن نعمان انہ ادرک بمدینۃ فاس والعلماء العاملون بعلمہم متوافرون انہم کانوا اذا فرغوا من صلوۃ العید صافح بعضہم بعضا فان کان یساعدہ النقل عن السلف فیا حبذا وان لم ینقل فترکہ اولی انتہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا نانا کی زوجہ جسے اُسکی مان و نانی سے کچھ قرابت نہین حرام ہے یا حلال بینوا و توجروا

ہو المصوب حنفیہ کے نزدیک نانا کی زوجہ حرام ہے خزانۃ الروایات مین نقلا عن خزانۃ الفقہ مرقوم ہے امرأۃ الجد ابی الام حرام انتہی اور بھی مرقوم ہے المنکوحۃ للجد وابی الجد وجد الجد وابی جد الجد من قبل الاب والام حرام انتہی اور حرمت اسکی نہ بسبب اسکے ہے کہ یہ امہات نساء وو امہات کی آیت مین داخل ہے بلکہ بسبب اسکے کہ ولا تنکحوا ما نکح آباءکم اُسکو شامل ہے ہدایہ مین ہے ولا بامرأۃ ابیہ واجدادہ لقولہ تعالی ولا تنکحوا ما نکح آباءکم انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا ایک مقام پر چند قبرین پرانی ہین کہ قریب پچیس تیس سال کی ہونگی اُنمین بعض بالکل نیست و نابود ہو گئی ہین اور بعض باقی ہین پس ایسی جگہ قبر کھود کر جگہ برابر کرکے کوئی مکان بود و باش کے لیئے بنانا درست ہے یا نہین

ہو المصوب درست ہے بحر رائق مین ہے وفی التبیین ولو بلی المیت وصار ترابا جاز دفن غیرہ فی قبرہ وزرعہ والبناء علیہ انتہی واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفی عنہ

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین مقام لکھنؤ رحمکم اللہ ان مسائل مین کہ یہان ہر شہر و قصبے مین سلطانی قصاب ہین وہ بھی مسلمان کہلاتے ہین اور احکام و ارکان دین و اسلام مین ہم مسلمانون کے ساتھ شریک رہتے ہین یعنی کلمۂ شہادتین پڑھتے اور ہمارے ساتھ جماعت سے جمعہ و عیدین و صلوۃ پنجگانہ مکتوبہ گذارتے ہین اور رمضان شریف کے روزے رکھتے اور ختنہ کرواتے اور نکاح پڑھواتے ہین مگر مسلمانون کے آب و طعام سے

پرہیز کرتے ہین بلکہ مسجد کے پانی سے وضو تک نہین کرتے مسلمانون نے کہا کہ ہم تمپر شرعی حکم کرتے ہین کہ تم مسجد کے پانی سے وضو کر لو اُنھون نے کہا کہ یہ ہماری قدیم سے عادت نہین بنابراس قول کے اُنپر کفر کا فتوی دینا اور احکام کفر کے اُنپر جاری کرنا جائز ہے یا نہین اور بغیر تناول آب وطعام ہمارے انکی توبہ شرعًا قبول ہوتی ہے یا نہین اور اکثر مسلمان کہتے ہین کہ یہ لوگ اپنے گھرون مین بُت رکھتے ہین ہمیشہ اُنکی پرستش کرتے ہین اور وے اس سے انکار کرتے ہین یہ انکار اُنکی توبہ ہے یا نہین اور انکو توبہ سے انکار نہین توبہ کرنا قبول کرتے ہین درین صورت انپر توبہ کا حکم کرنا یا کفر کے احکام انپر جاری کرنا کیسا ہے اور یہ قول بعد جاری کرنے احکام کفر کے بسبب تنگی معیشت کے بواسطہ حاصل کرنے ذبیحت بیع شرا گوشت کے حاکم وقت کے پاس اقرار کیئے کہ ہم منہ دوبارہ پھرو ے اس اقرار سے نادم ہو گئے اور توبہ کا ارادہ کیا تو توبہ ان کی بے تناول آب وطعام ہمارے قبول ہے یا نہین یہ لوگ اپنے جانور ایک مسلمان مسافر شخص سے ذبح کرواتے ہین تو یہ کفر کرنے والے ذابح مسلم کو ڈھیر کا فر خاکروب اور انکے گوشت کو جو پاک وحلال ہے حرام کہتے ہین یہ کلمۂ کفر ہے یا نہین اور کافر قصاب کی دوکان کا گوشت کہ ذابح بالیقین مسلمان معروف ہے اور مسلمان کے سوا کوئی کافر ذبح نہین کرسکتا اور گوشت کی حلت مین کسی ایک مسلمان کو شبہہ نہین درین صورت بغیر گواہی کسی ایک عدل کے خریدنا اور کھانا اُسکا حلال ہے یا نہین۔ جناب قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی کے رسالہ مالا بد منہ کے کتاب التقوی مین اس مسئلہ کی تشریح اُسکے حاشیہ پر مرقوم ہے

مسئلہ گوشت کہ از مسلمان یا کتابی خریدہ شود حلال ست وآن از بت پرست خریدہ شود حرام ست انتہی حاشیہ کی عبارت یہ ہے قولہ حرام است الخ اگر معلوم بناشد کہ ذبح کنندۂ آن مسلمان است اسکے محشی ومصحح چار شخص عالم متدین ہین کہ جنکے اسماء عظام رسالہ مذکور کے مقدمۃ الطبع مین مرقوم ہین مگر اُنھون نے یہ حاشیہ کس کتاب سے نقل کیا ہے سوا اشارہ نہ فرمایا اس جہت سے ناظرین کم علم کو شک واقع ہوتا ہے

ہو المصوب جواب سوال اول ہرگاہ وہ لوگ عبادات خاصہ اہل اسلام ادا کرتے ہین او کلمۂ شہادت ادا کرتے ہین وہ لوگ اہل اسلام مین شمار کئے جاوینگے اور صرف

اس امر سے کہ وہ مسلمان کے طعام وغیرہ مین شرکت نہین کرتے ہین گو یہ فعل اُنکا شنیع اور خلاف شرع ہے کافر نہ سمجھے جاینگے بحر الرائق مین ہے اعلم ان الاسلام یکون بالفعل ایضا کالصلوٰۃ بجماعۃ او الاقرار بہا او الاذان فی بعض المساجد او الحج وشہود المناسک انتہی **جواب سوال دوم** ہر گاہ وہ کفر سے انکار کرتے ہین اور کلمۂ شہادت ادا کرتے ہین اور اپنے کو مسلم کہتے ہین یہ قول اُنکا مثل رجوع و توبہ کے سمجھا جاویگا اور حکم اسلام کا اُنپر جاری ہوگا رد المحتار مین ہے رأیت فی البیری شرح الاشباہ قال کون مجرد الانکار توبۃ غیر مراد بل ذلک مقید بثلثۃ قیود قال فی الذخیرۃ عن شرح ابن ابو لیدا ذا جحد المرتد الردۃ واقر بالتوحید وبمعرفۃ رسول اللہ وبدین الاسلام فہذا منہ توبۃ **جواب سوال سوم** جب وہ اقرار سابق سے نادم ہوے اور اقرار اسلام کا اُنھون نے کیا احکام اسلام کے اُنپر جاری کیئے جاوین گے اور توبہ اُنکی باقرار دین اسلام مقبول ہوجاویگی گو شرکت طعام سے وہ انکار کرین رد المحتار مین مسطور ہے یصیر الوثنی مسلما بقولہ انا مسلم او علی دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم او الحنفیۃ او الاسلام انتہی **جواب سوال چہارم** ہر گاہ یہ امر یقینًا معلوم ہے کہ اُس مقام پر بجز مسلمان کے کوئی ذبح نہین کرتا ہے ایسی حالت مین کافر کی دوکان سے گوشت خریدنا اور اُسکا کھانا حلال ہے اشباہ وغیرہ مین ہے الیقین لا یزول بالشک انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا بخدمت جناب مولانا محمد عبد الحی صاحب لازال شموس علمکم طالعۃ

بعد ہدیۂ سلام مسنون گذارش اینکہ درین روزہا بعض تحریرات طعن آمیز بہ نسبت سلف صالحین از تابعین و تبع تابعین رحمہم اللہ سیما بہ نسبت حضرت امام ہمام نعمان بن ثابت ابی حنیفہ رحمہ اللہ تعالی خاطر جماعۃ حق پسند آنرا از مقلد و غیر مقلد آزار رسانیدہ و ہمون عبارت بعض برادران اردو دان و فارسی سوا دان را جسارت بر طعن و زبان درازی دادہ بیباکانہ بہ تمسک و دستاویز ہمان عبارات زبان تشنیعات بہ نسبت امام اعظم رح میکشانید کہ امام بہرہ از علم حدیث نمیداشتند و بانعین این چنین کلمات اکثر مردمان میگویند کہ اگر مولانا محمد عبد الحی صاحب این کلمات را کہ بذیل نوشتہ می آید موجب قباحت و سوء ادب بہ نسبت

مہر ربیع الثانی ۱۳۰۲ھ

امام اعظم رحمہ اللہ فرمانید تلقی بقبول کردہ البتہ کف لسان کنیم وآن جماعت بزعم خود آنجناب
را ہم مثل خود از طاعنان ابی حنیفہ رح می انکارند لہذا کلمات اسارت ادب ما نقلا از دفتر صحائف
طاعنین برچیدہ بخدمت میفرستیم کہ آیا از کلمات ذیل مطاعن برمی آید یا نہ واانچہ ارادت بہ نسبت
فضل وکمال علمی جناب را باشد قلم و دستخط خود برین قرطاس تحریر فرمانید کہ بیچارہ براداران
از ہامون بی تحقیقی و بدزبانی برہنہ و بمین تحریر آن تحریر زمان بکف لسانی متوجہ شوند فقط بینوا توجروا
آنحضرت کو یعنی حضرت امام کو سفر کا اتفاق کم ہوا اور انکے وقت مین جمع ہونے کتب حدیث کا
اتفاق نہوا پس جو کچھ کوفہ مین بیٹھے بیٹھے معلوم ہوا سو ہوا اور جو کچھ رہگیا سو رہگیا ع۲ فقہ اور
اجتہاد انکا شہرۂ آفاق ہے اور حدیث کے دفتر مین انکا نام نہین ع۳ صحاح ستہ کو
اول سے آخر تک دیکھو گے تو انکی روایت کا نام نپاؤ گے بجز ایک جگہ کے کتاب علل
ترمذی مین سو بھی ایک شخص جابر جعفی کے کاذب ہونے کی اُنسے نقل ہے باقی بالخیر ع۴
صاحب صحائف اپنے مجد والعلم کی عبارت اتحاف النبلاء سے اسی بارے مین ناقل ہے
لہذا جمعی از اہل حدیث گفتہ اند کہ بضاعت وے یعنی ابا حنیفہ در حدیث مزجاۃ است یعنی قلیل
باقی صفحہ ۲۴ صحیفہ ۱۳۰۸ مین ملاحظہ فرمائیے اور سوا اسکے ہزارہا کلمات سبکی اور اہانت کے اپنی
تصانیف مین درج کیئے ہین کہ جسکے ذکر سے قلم اشک سیاہ برساتا ہے فقط

ہوالمصوب مضمون اول کے دونون فقرے اگرچہ مطابق واقع کے ہین مگر عنوان بیان
خالی سوء ادبی سے نہین اور مضامین باقیہ کا عنوان بھی مشتمل بے ادبی پر ہے اور حدیث کے دفتر مین
نام امام اعظم رح کا نہونا غلط ہے بہت سے کتب حدیث مین سوائے صحاح ستہ کے انکی روایتین
موجود ہین اور بہت سے مورخین و محدثین انکو محدثین سے شمار کر گئے ہین ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ
مین انکو حفاظ حدیث مین شمار کیا ہے اور نووی نے تہذیب الاسماء واللغات مین اور ابن عبد البر
اور ابن حجر عسقلانی نے اور سیوطی وغیرہم نے انکے مدائح واوصاف جمیلہ مین کمال بسط
کیا ہے اور صحاح ستہ مین امام اعظم رح سے روایت نہونا کسی طرح سے باعث نقص نہین ہے
صدہا صحابہ ایسے ہین کہ اُنسے کتب ستہ مین روایت نہین ہے اور اتحاف النبلاء مین اور
ایسے اور تالیفات مؤلف اتحاف مین جو معائب ومطاعن امام اعظم کے منقول ہین وہ سب لغو

اور بے اصل ہین والحق انہ من اجلۃ المحدثین وثقات التابعین حشرنا اللہ فی زمرتہم یوم الدین واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی　[مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم **سوال** چار پانچ شخص جو سرکار انگریزی مین باعزت و وقار ہین اور اُنھون نے قانون مخالف شرع کے بنایا ہے ایسے قانون کو قبول کرنا اہل اسلام کو درست ہے یا نہین اور وہ لوگ بسبب اس قانون بنانے کے کافر ہوگئے یا نہین اور اُنکے ساتھ اہل اسلام مجالس شادی وغمی مین جو انکے گھر مین ہو شریک ہون یا نہین اور حق اُنکا اوقات اسلام سے جیسے مساجد ومقابر چلا گیا یا نہین اور اُنکے جنازہ پر نماز پڑھی جاوے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب حق جل شانہ کلام پاک مین ارشاد فرماتا ہے ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الکافرون اور بھی ارشاد ہوتا ہے ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الفاسقون اور بھی ارشاد ہوتا ہے ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الظالمون پس ایسا قانون جو مخالف شرع کے ہو قبول کرنا اُسکا اہل اسلام پر حرام ہے اور جو اُسکے موافق عمل کرے گا گناہ اُس کا اُن مقنن قانون کی گردن پر ہوگا حدیث صحیح مین وارد ہے من سن سنۃ سیئۃ فلہ وزرہا ووزر من عمل بہا اور ایجاد کرنے والون نے اگر قانون شرعی کو بُرا سمجھا اور اُس کے ساتھ راضی ہوے اور اُسکو خلاف مصلحت وغیر کافی تصور کیا تو وہ کافر ہوگئے اُن کے جنازہ پر نماز پڑھنا اور مسجد ومقبرہ مین اُنکو شریک رکھنا اور دعوت اُنکی کرنا یا انکی دعوت مین جانا اور اُنکے یہان شادی وغمی مین جانا اہل اسلام کو نہین درست ہے اور اگر اُنھون نے قانون شریعت کو برا نہ سمجھا تو اگرچہ کافر نہین ہوے مگر بہت بڑے فاسق ہوگئے اہل اسلام کو چاہیئے کہ اُنکی مجالست موقوف کردین اور مجالس شادی وغمی مین اُنکی شرکت نہ کرین تا وہ اپنے فعل سے توبہ کرین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی　[مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم سوال کیا فرماتے ہین علمائے دین ومفتیان شرع متین بیچ حق اُس شخص کے جو کہ لوگون کو یہ فہمائش کرتا ہے چنانچہ شرذمۃ قلیلا متبع بھی ہوے کہ کل کا بنا ہوا کپڑا جسکے خریدنے کی بابت تم کسی کی جانب سے مجبور نہین کیے گئے ہو اس زمانہ مین مت استعمال مین لاؤ کیونکہ یہ کل قوم جولاہون اور سوت کاتنے والون کے حق مین فتنۂ عظیم اور

بلکے خسیم ہے کیونکہ ان بیچارون کو سوائے اس حرفہ کے بالفعل کوئی ایسا پیشہ نہین کہ ہمارے ساتھ
بھی رہین اور اپنا پیٹ بھی بھرین پس ہمارے نزدیک جتنے لوگ کہ صرف بوجہ ارزانی یا بسبب
باریکی اُسکے پارچہ کے کل سے متمتع ہوتے ہین درحقیقت بانی کل سے بڑھکے مرتکب فتنہ کے
ہین اور فتنہ بلاشبہہ قتل سے بڑھکے مصیبت رہے قتل تو صرف ایک لمحہ کی مصیبت ہے بخلاف فتنہ کے
کہ لڑکے بالونکا بھوکون مرنا دیکھنا پڑتا ہے اور اپنی جان بھی روزانہ بھوک کے باعث گھل گھل کے
نکلتی ہے بھیک مانگنا پڑتا ہے ہزارون مصیبتین لاحق ہوتی ہین خیال کرو کہ غربا کی بھوک کے دفعیہ کی
بابت کسقدر تاکید اللہ تعالی فرماتا ہے قال اللہ تعالی وانفقوا مما رزقنکم من قبل ان یاتی احدکم
الموت فیقول رب لولا اخرتنی الی اجل قریب فاصدق واکن من الصالحین اور نہ کھوج رکھنا
غربا کے کھانے کی جرم کو اللہ تعالے ساتھ جرم کفر کے ذکر فرماتا ہے قال اللہ تعالے
ارایت الذی یکذب بالدین فذلک الذی یدع الیتیم ولا یحض علی طعام المسکین ایضا قال اللہ
تعالے ثم فی سلسلۃ ذرعہا سبعون ذراعا فاسلکوہ انہ کان لا یؤمن باللہ العظیم ولا یحض علی طعام
المسکین فے المشارق قال ابو ہریرۃ الساعی علی الارملۃ والمسکین کالمجاہد فے سبیل اللہ
قال ابو ہریرۃ واحسبہ قال کالقائم لا یفتر وکالصائم لا یفطر اور بلاشبہہ جتنا مال خرید اشیا مین
صرف ہوتا ہے اُتنا مال خیرات مین خرچ نہین ہوتا ہے چنانچہ اسی بنا پر حدیث شریف مین
وارد ہے کہ قرض حسنہ سے غیر حسنہ قرض کا دینا زیادہ ثواب رکھتا ہے سود کا حرام ٹھہرانا یہ سب
بخیال رعایت غربا ہے پس کپڑے کے پیچھے اے لوگو اپنے مسلمان بھائیون کو تلف کرنا تمکو
کیونکر ناگوار نہین معلوم ہوتا تفسیر فتح العزیز مین مذکور ہے اہل تحقیق گفتہ اند کہ ہر قوم را گوسالہ
الیست کہ در پرستش او مشغول اند گو بظاہر خود را مسلمان و دیندار گویند چنانچہ در حدیث شریف
نیز اشارہ باین معنی فرمودہ اند تعس عبد الدینار و عبد الدرہم و عبد الخمیصۃ ان اعطی رضی وان
لم یعط سخط یعنی بدحال ست کسے راکہ بندۂ اشرفی یا بندۂ روپیہ یا بندۂ شال و جامۂ بازیست
اگر او را از جانب خدا این چیز عطا شود خوش میگذراند والا ناخوش می ماند و باب شکایت وا میکند
انتہی البتہ ہمارا یہ مطلب نہین کہ سب لوگ موٹا کپڑا پہنین بلکہ مطلب یہ ہے کہ جو امیر ہین یہان کا
مہین کپڑا اگر چاہین پہنین اور زیادہ قیمت خرچ کرین اور غربا کو لازم ہے کہ اپنی وسعت کے

موافق کا کپڑا کہ جسکی قیمت ادا کرسکیں پہنیں اپنے تھوڑے نفع کے واسطے غربا کا نقصان نکریں مگر
اس کا لحاظ ضرور چاہیئے ابو حنیفۃ عن حماد عن ابراہیم عن حذیفۃ بن الیمان انہ تزوج یہودیۃ
بالمدائن فکتب الیہ عمر بن الخطاب ان خل سبیلہا فکتب الیہ احرام ہی یا امیر المومنین فکتب الیہ
اعزم علیک ان لا تضع کتابی حتی تخلی سبیلہا فانی اخاف ان یقتدی بک المسلمون فیختاروا نساء
اہل الذمۃ بجمالہن وکفی بذلک فتنۃ لنساء المسلمین وقیل لعمر رض ان ہہنا رجل من الانبار نصرانیا لہ
بصر بالدیوان لو اتخذتہ کاتبا فقال لقد اتخذت اذا بطانۃ من دون المومنین ہند کے مسلمان بھی اگر
کل بنا دین تاہم خالی از فتنہ نہین ہے کیونکہ کل سے نفع تجارت پیشیون کا ہے نہ اہل حرفہ کا
خیال کرنا چاہیئے کہ اللہ تعالے غربا کی پرورش کے لیئے امرا سے فرماتاہے کہ تم اپنی جانبازی
کے مال مین سے غربا کو دو اگر ہم ایسا حق نہ مقرر کرین تو مال صرف امرا مین رہجاوے کما قال
اللہ تعالے کیلا یکون دولۃ بین الاغنیاء منکم پس اے لوگو ہمارا کہا نہ مانو گے تو قطعًا بلاے
عظیم مین مبتلا ہوگے جیسا کہ اگلی ظالم قومین خراب ہوئین واتقوا فتنۃ لا تصیبن الذین ظلموا منکم
خاصۃ ہرگز یہ مت خیال کرو کہ اب ویسا حال نہو گا دیکھو کتب اہل سنت وجماعت کو تمام اہلسنت
متفق ہین کہ بیچ وقت ظہور ایمہ راشدین کے بھی حجت اللہ بندون پر قائم ہوتی ہو سو آپ لوگ ضرور
ہمارا کہنا مانو اگر نہین مانتے ہو تو ہم یہی کہتے ہین کہ یا قوم اعملوا علی مکانتکم انی عامل سوف
تعلمون من یاتیہ عذاب یخزیہ ومن ہو کاذب وارتقبوا انی معکم رقیب الحاصل خلاصہ اس استفتے کا
یہ ہے کہ آیا قول قائل پر بنظر غور وفکر ہر کہ ومہ کو توجہ کرنا ضروری ہے یا نہین اسکے جواب سے مطلع فرمایئے فقط

الجواب حسب قول سائل فہمایش قائل پر ہے ہر کہ ومہ کو توجہ کرنا اور اپنی طبیعت کو ایک جامہ
عمدہ کے خریدنے سے ناجائز جانکر روکنا شرعًا کسی طور پر جائز نہین کیونکہ اللہ تعالی نے دین محمدی
صلی اللہ علیہ وسلم مین ہر طرح کی آسانی رکھی ہے جب کپڑا کل کا بنا ہوا پہننا جائز ٹھہرا تو کیون بلاوجہ
آدمی اپنی طبیعت کو ایک چیز عمدہ کے لینے سے روکے اور کسی قوم کی روزی کسی حرفہ پر موقوف نہین
اللہ تعالی رزاق حقیقی ہے جسطرح اُسکو روزی پہونچانا منظور ہو گا عنایت فرماویگا البتہ احتیاطًا
جس شخص کو یہ منظور ہے کہ ہماری قوم ہملوگون سے منفعت حاصل کرے اور ہم سب اپنی قوم سے
خرید و فروخت کرین مثلًا کوئی رئیس یا بادشاہ اہل اسلام یہ چاہے کہ ہم اپنی ریاست یا سلطنت

مین اہل اسلام نوکر رکھین اور اہل اسلام سے اشیا بنوا کر استعمال مین لاوین تو احسانا جائز ہے
واللہ اعلم وعلمہ اتم حررہ عبدہ المسکین محمد تقی الدین عفاہ العافی عن اثم الآثمین محمد تقے الدین سے
شیخ الاسلام ابن تیمیہ ۱۲۹۲ھ الحق لایجاوز عن الجواب واللہ اعلم بالصواب محمد شمس الدین
سمی ہمام ابن القیم الجوزیہ۔ اصاب من اجاب محمد بشیر السہسوانی العفوی

جناب ہین مولانا محمد عبدالحی صاحب مجیب نے دلائل مندرجہ سوال سے یعنے آیات واحادیث
وآثار کی نسبت کچھ تعرض نہین کیا کہ جس سے جواب مجیب کا قائل پر حجت پیش کرنے کے لائق ہو
پھر کیف آپکے نزدیک جواب مجیب مقرون بصدق ودیانت ہے یا نہین اور دلائل مندرجہ
سوال مثبت مدعای قائل ہین یا نہین اگر نہین ہین تو ہر آیت وحدیث واثر کی نسبت یہ تحریر
کرنا چاہیئے کہ فلان آیت وفلان حدیث وفلان اثر مدعاے قائل مین قابلیت حجت کی نہین رکھتے
اور قائل کے استدلال مین بذریعہ علم میزان کے یہ یہ مغالطے واقع ہین اور اگر آپ کے
نزدیک قول قائل کا قابل التفات ہر گرو مہ کے ہے تو ویسا تحریر فرمائیے اور مجیب نے جو نسبت غیر ملی
سلطان کے احسانا خاص کیا ہے یہ جا ہے یا بیجا جمیع امور مستفسرہ بالا کا جواب مفصلاً وشرحاً تحریر فرمائیے

ہوالمصوب قول قائل پر ہر شخص کو لزوما توجہ کرنا اور عمدہ کپڑون کے خریدنے سے بالکلیہ
باز رہنا شرعاً لازم نہین ہے البتہ مقتضای تورع واحتیاط یہی ہے جو قائل مذکور کہتا ہے اور دلائل
جو قائل نے پیش کیے ہین وہ مثبت لزوم نہین ہین اور اُنسے یہ ثابت نہین ہوتا ہے کہ عمدہ چیزونکے
استعمال کرنے مین گناہ ہو گا یا عمدہ کپڑون کا جو کل مین بُنے جاتے ہین خریدنا باعث فساد وفتنہ
شرعیہ کا ہو گا اور یہ خیال کہ اُسمین سدباب رزق حائکین ہے خیال خام ہے واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم **سوال اول** کیا فرماتے ہین علمای دین کہ قبل شادی
یا وقت نکاح کے ولی لڑکی کا اگر نوشہ سے روپیہ لیکر برات کو کھانا کھلاوے وہ کھانا درست ہے
یا نہین اور ولی پر روپیہ لینے کا کچھ گناہ ہے یا نہین بینوا توجروا

ہوالمصوب برات کے لوگونکو کھانا کھلانا دولھن کی لوگون کی طرف سے درست ہے
بلکہ یہی طریقہ ماثورہ حضرات انبیاء علی نبینا وعلیہم السلام سے ہے مدارج النبوۃ وغیرہ مین لکھی

تصریح موجود ہے اور نوشہ سے روپیہ لینا اگر وہ بطیب خاطر دیتا ہو شرعاً کچھ اسمین حرج نہین واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبدالحی ابوالحسنات

استفتا سوال دوم جو کہ ختم انبیا اور ختم یونس اور ختم قرآن وغیرہ مجتمع ہو کر پڑھتے ہین اور اجرت ختم کی لیتے ہین اسطرح کا پڑھنا اور اجرت لینا درست ہے یا نہین

ہو المصوب متاخرین کے نزدیک تعلیم قرآن پر اجرت لینا درست ہے اور قدما کے نزدیک نہین باقی نفس تلاوت قرآن و ختم قرآن کہ جسمین صرف طلب ثواب مقصود ہوتا ہے اسکی اجرت دینا اور لینا عین درست ہے اتفاقاً تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین خیریہ سے منقول ہے

فی التاتارخانیۃ اذا اوصی بان یدفع الی انسان کذا من مالہ لیقرأ القرآن علی قبرہ فالوصیۃ باطلۃ لاجنۃ سواء کان للقاری معیناً او لا لانہ بمنزلۃ الاجرۃ ولا یجوز اخذ الاجرۃ علی طاعۃ اللہ وان کانوا استحسنوا جوازہ علی تعلیم القرآن فذلک للضرورۃ ولا ضرورۃ الی القول بجوازہا علی القراءۃ علی قبور الموتی انتہی اور بھی اسمین حاشیہ بحر الرائق سے منقول ہے المفتی بہ جواز اخذ الاجرۃ استحساناً علی تعلیم القرآن لا علی القراءۃ المجردۃ انتہی اور عینی شرح ہدایہ مین لکھتے ہین یمنع القاری للدنیا والاخذ والمعطی آثمان انتہی

واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبدالحی ابوالحسنات

استفتا سوال سوم کیا فرماتے ہین علماے دین کہ صرف نوشہ کے لئے عمدہ فرش بچھانا اور پیچھے اُسکے پردہ کپڑے کا کہ اس ملک مین اُسکو مسہری بولتے ہین کھڑا کرنا اور خاص نوشہ کو سواری پر جانا گو ہمیشہ پیدل جاتا ہوا ور سر پر چاندنی کھڑی کرنا اور جو متعلق نوشہ یعنی باپ بھائی بھتیجا وغیرہ ہون اُنکو عمدہ کھانا کھلانا یہ امور مذکورہ بدعت ہین یا نہین اور اگر بدعت ہین تو کونسی بدعت اور یہ امور مثل ناچ باجا اور فاتحہ جو کہ کھانیکے سامنے ہاتھ اُٹھا کر پڑھتے ہین برابر ہین یا کم بینوا توجروا

ہو المصوب یہ امور مثل ناچ باجہ کے کہ جنکی حرمت منصوص ہے نہین ہین بلکہ قبیل بدعات مباحہ سے ہین مگر چونکہ اس قسم کے امور مین اکثر ریا وسمعہ وتفاخر منظور ہوتا ہے اسوجہ سے بعض فقہاء حکم کراہت کا دیتے ہین نصاب الاحتساب مین بحث مفاسد مجالس نکاح مین مذکور ہے الاول احضار المغنیین واظہار الغناء فانہ حرام والثانی احضار المعازف والملاہی وانہ حرام والثالث اظہار لعب اللاعبین وانہ حرام والرابع ستر حیطان البیت بالثیاب

الجمیلۃ تزیینا وانہ مکروہ عندنا والخامس رکوب الخیول والطواف بالبلد من غیر حاجۃ فی جمیع الناس نتیجہ واللہ اعلم بالصواب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبدالحی ابوالحسنات

استفتا ماقولکم رحمکم اللہ اس مسئلہ مین کہ ہنود اشیاء ذوی الارواح کو مثل خصی وبکری کے گنگا پر چڑھاتے ہین اور پانی مین زندہ چھوڑ دیتے ہین اور اُس گھاٹ کے زمیندار ہنود و دیگر اشخاص جانورونکو دریا سے نکالتے ہین اور بیچتے ہین اور چڑھانے والے کچھ تعرض نہین کرتے پس ان جانورون کو خرید کر یا نکال کر ذبح کرکے کھانا حلال ہے یا حرام اور یہ جانور مااہل بہ لغیر اللہ مین داخل ہین یا بحیرہ و سائبہ مین اور بحیرہ و سائبہ حلال ہین یا حرام اور مااہل بہ لغیر اللہ کے کیا معنی ہین وماجعل اللہ من بحیرۃ ولا سائبۃ آلخ کے کیا مطلب ہین بینوا توجروا

ہوالمصوب مااہل بہ لغیر اللہ سے مراد وہ جانور ہے جو بقصد تقرب الی غیر اللہ ذبح کیا جاوے اور مقصود اراقۃ الدم سے تعظیم غیر خدا ہو اور جان دینا خاص غیر کے لحاظ سے ہووے ایسا جانور حرام ہے اگرچہ وقت ذبح کے بسم اللہ اُسپر کہی جاوے درمختار مین ہے ذبح لقدوم الامیر ونحوہ کواحد من العظماء یحرم لانہ اہل بہ لغیر اللہ ولو ذکر اسم اللہ علیہ ولو ذبح للضیف لایحرم انتہی اور تفسیر نیشاپوری مین ہے قال العلماء لوان مسلما ذبح ذبیحۃ وقصد بذبحہا التقرب الی غیر اللہ صار مرتدا وذبیحتہ ذبیحۃ مرتد انتہی اور تفسیر درمنثور مین ہے اخرج ابن المنذر عن ابن عباس وما اہل قال ذبح واخرج ابن ابی حاتم عن مجاہد وما اہل قال ماذبح لغیر اللہ انتہی پس بکرا شیخ سدو وغیرہ کا کہ خاص غیر خدا کے واسطے جان دینا اُسمین منظور ہوتا ہے اور خون بہانا تقربا الی غیر اللہ تعالی مقصود ہوتا ہے حرام ہے نہ ذبیحۂ فاتحۂ بزرگان کہ جسمین اراقۃ الدم اللہ تعالے کے واسطے ہوتا ہے اور مقصود ایصال ثواب ہوا کرتا ہے اور جو جانور کہ ہنود زندہ چھوڑ دیتے ہین وہ آیت مین داخل نہین اور حرمت اُنکی اس آیت سے ثابت نہین اسوجہ سے کہ وہان ذبح نہین ہوتا ہے بلکہ زندہ رہا کرنا ہوتا ہے باقی رہی آیت ماجعل اللہ اسکی تفصیل یہ ہو کہ کفار مکہ نے جانورون مین اپنی رائے سے تحلیل وتحریم کردی تھی کبھی مادہ شتر کو کان شق کرکے بتون کے نام پر چھوڑ دیتے تھے اور اُسکا دودہ کسیکو نہین دیتے تھے اور اُسکے ذبح کو حرام سمجھتے تھے اور اُسکے اکرام مین خوشنودی اصنام تصور کرتے تھے اسکو بحیرہ کہتے ہین اور سائبہ اُس جانور کو کہتے ہین

بادرجب ۱۲۹۸ ہجری از دارالپور قریب جامع مسجد بلدہ مولوی عبدالغفور صاحب

جو بتون کے نام پر چھوڑ دیا جاوے اور اُس سے کسی قسم کی بار برداری کی محنت نہ لیجاوے حق جل شانہ نے اس حکم کا اُن سے ابطال کر دیا اور ما جعل اللہ من بحیرۃ الخ ارشاد فرمایا پس آیت سے صرف اُسکے احکام کا ابطال ثابت ہوتا ہے نہ تحریم ذبح بحیرہ وسائبہ ہرگاہ یہ امر ممہد ہوا پس سمجھنا چاہیے کہ جو جانور کہ گنگا پر چڑھاے جاتے ہین یا بتون کے نام پر چھوڑے جاتے ہین اُنکو پکڑکے یا نکال کے ذبح کرنا نہ اسوجہ سے حرام ہے کہ وہ ما اہل لغیر اللہ مین داخل ہین اور نہ اسوجہ سے کہ بحیرہ وسائبہ کا ذبح حرام ہے بلکہ اسوجہ سے کہ وہ جانور اس رہا کرنے سے ملک مالک سے خارج نہین ہوتے ہین پس بدون اذن مالک کے اُنکا حکم مغصوب ومسروق کا ہوگا اور اگر مالک اجازت دیدے یا اباحت عامہ کردے تو اُس وقت اُنکو بسم اللہ کہکے ذبح کرنا اور اُسکو کھانا درست ہوگا اور حرکت قبیحہ اور نیت شنیعہ رہا کرنیوالے سے حکم حرمت کا نہوگا رد المحتار مین ہے المختار فی السیب انہ لا یملکہ اذا لم یجہ وکذا فی الدابۃ اذا سیبہا کما بسطہ الشرنبلالی فی شرحہ اور زیلعی کی شرح کنز مین ہے ان کان مرسلا فھو مال الغیر فلا یجوز تناولہ الا باذن صاحبہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علماے اہلسنت وجماعت اس مسئلہ مین کہ بنانا صورت وشبیہ روضۂ مقدسہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا بطرز عمارت کے اس زمانے مین واسطے حصول ثواب زیارت انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے درست وجائز ہے یا نہین

ہو المصوب بنانا صورت وشبیہ روضۂ مقدسہ کا واسطے حصول ثواب کے داخل بدعات ہے اور شرعًا ناجائز ہے اولًا اسوجہ سے کہ زمانۂ صحابہ وتابعین وتبع تابعین وائمۂ مجتہدین مین باوجود وقوع ضرورت کے یہ صورت نہین پائی گئی صدہا علما اُن زمانون مین مشتاق زیارت قبر نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے رہتے تھے اور بعض صحابہ مثل ابن عمر وغیرہ کے بارہا قبر شریف کے پاس حاضر ہوکے زیارت کا ثواب حاصل کرتے تھے باایںہمہ کسی شخص سے ان حضرات مین سے منقول نہین کہ اُنھون نے اپنے شہر یا مکان مین نقشہ یا صورت قبر شریف یا حجرۂ شریفہ بناکے حصول ثواب زیارت کا قصد کیا ہو یا ایسی صورت کے جواز کا فتوی دیا ہو

اور جس چیز کی ضرورت قرون ثلثہ متبرکہ مین ہوا اور باوجود اسکے پھر اوسکی طرف توجہ قولا یا فعلاً نہوئی ہو وہ بدعت سیئہ ہے اور بحکم حدیث کل بدعۃ ضلالۃ وکل ضلالۃ فی النار غیر مشروع ہے وثانیاً اسوجہ سے کہ کسی شئے متبرک کی شبیہ وصورت پر حکم اوس شئے کا دینا اور اوس سے طلب حصول ثواب کا کرنا امر باطل ہے اور یہ گمان کرنا کہ جس طرح اصل کی تعظیم وتکریم سے ہمکو ثواب حاصل ہوتا ہے تعظیم نقل وشبیہ سے بھی ثواب حاصل ہوتا ہے گمراہی ہے جیسا کہ رسالہ الملی مین

ہے من الاوہام تقریر حکم شئے لشبیہہ وہذا الوہم قد اضل عبدۃ الاصنام من طریق الصواب واقعہم فی ہاویۃ الجہالۃ انتہی بنا برعلیہ شبیہ وصورت روضۂ مقدسہ کا بطور عمارت کے بنانا اور اوس سے طلب حصول ثواب زیارت کرنا امر لغو وباطل ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا خلال چاندی کے اور بوتام صدف کے استعمال کرنا جائز ہے یا نہین

ہو المصوب بوتام صدف کا استعمال جائز ہے اور خلال چاندی کی نہین درست ہے رد المحتار مین ہے المحرم ہو الاستعمال فیما صنعت لہ فی متعارف الناس انتہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ما قولکم اندرین مسئلہ کہ شاعرے در شعر خود وجودیہ وشہودیہ را ذم کردہ عالمے از علما نسبت آن شاعر حکم تکفیر کردہ چراکہ وجودیہ وشہودیہ یا انبیاء بودہ اند یا اولیاء وہیچ یکے از عارفان خارج ازین دو گروہ نبودہ اند عالمی دیگر نسبت مفتی مذکور بخطا کردہ وبفتوی خود نوشتہ کہ ہیچ یکے از انبیا واولیا نہ وجودے بودند نہ شہودی بلکہ وجودیہ وشہودیہ از اہل بدعت

بجرہ اند بیو انچہ درین مسئلہ صواب باشد ارقام فرمایند

ہو المصوب اکابر اولیا را مت محمدیہ بدو فرقہ مختلف اند بعضے قائل توحید وجودی شدہ اند ازین طائفہ شیخ محب اللہ الہ آبادی ہستند کہ رسالہ تسویہ درین بحث نوشتہ اند ومولانا محمود جونپوری در رد شان رسالہ حرز الایمان نوشتہ از تحقیقات انیقہ آنرا مملو ساختہ اند واز ایشان مولانا عبد الرحمن لکھنوی اند کہ رسالہ کلمۃ الحق نوشتہ بزعم خود اثبات توحید وجودی بدلائل عقلیہ ونقلیہ کردند وشارح آن رسالہ جابجا اقوال شان را مخدوش ساختہ واز ایشان

سید الطائفہ محی الدین بن عربی مولف فتوحات وفصوص ہستند چنانکہ ظاہر عبارات شان برآن دلالت میسازند وبعضے قائل توحید شہودی شدہ اقوال اکابر را بر محامل صحیحہ محمول کردہ اند مجدد الف ثانی درمکتوبات خودمی نویسند آنچہ لابدست توحید شہودی ست کہ فنا بآن مربوط است وبعقل وشرع مخالفت ندارد بخلاف توحید وجودی واقوال مشایخ را بتوحید شہودی باید فرود آورد انتہے وتحقیق این مبحث درمکتوبات ورسالہ تشھید فے مبانی کلمۃ التوحید موجود ست پس کسیکہ میگوید کہ وجودیہ وشہودیہ از اہل بدعت اند قولش قابل اعتبار نیست ومنشای قولش جہل و ناواقفیت ست از احوال اولیاء واز معنی توحید وجودی وشہودی وشاعری کہ ذم ہر دو فرقہ ساختہ قابل ملامت ست واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا سوال اول تفضیلیہ کسے کہتے ہین اور اگر کوئی شخص حضرت علے کرم اللہ وجہہ کو باعتبار دامادی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور بنی ہاشم ہونے کے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر فضیلت دے تو وہ تفضیلی ہے یا نہین **سوال دوم** شیخین کی فضیلت نزدیک اہل سنت وجماعت کے من کل الوجوہ ہے یا بہ بعض الوجوہ **سوال سوم** اہل بیت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا مصداق کون ہے اور حضرت علی رض اُسکے مصداق ہین یا نہین **سوال چہارم** یہ جو عوام الناس مین مشہور ہے کہ پنجتن پاک حضرت رسول صلعم اور حضرت علی رض اور حضرت فاطمہ رض اور حضرات حسنین رض ہین اسکی شریعت مین اصل ہے یا نہین **سوال پنجم** بعد خلع خلافت حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے امیر معاویہ رض ہوئے یا نہین **سوال ششم** اگر کوئی شخص دعوی کرے کہ یزید علیہ ما یستحقہ خلیفہ برحق تھا اور خروج امام علیہ السلام کا اُسپر ناحق ہوا تو وہ شخص گنہگار ہے یا نہین

ہو المصوب جواب سوال اول شاہ عبدالعزیز رح تحفہ اثنا عشریہ مین لکھتے ہین

دوم فرقہ شیعہ تفضیلیہ کہ جناب مرتضوی را بر جمیع صحابہ تفضیل میدادند واین فرقہ از ادناے تلامذہ آن لعین شدند یعنی عبداللہ بن سبا وشمہ از وسوسہ وے قبول کردند وجناب مرتضوی درحق انہا تہدید فرمود کہ اگر کسے را خواہم شنید کہ مرا بہ شیخین تفضیل میدہد او را حد افترا کہ ہشتاد چابک ست خواہم زد انتہی اور جو شخص حضرت علی رض کو باعتبار دامادی رسول اللہ صلعم وغیرہ کے

تفضیل دے اگر غرض اُسکی اس سے تفضیل مرتضوی شیخین پر کثرت ثواب مین ہے یا اُن فضائل کسبیہ مین کہ جسکی وجہ سے ارباب عقول کے نزدیک تفضیل ہوتی ہے یا یہ غرض ہو کہ فضیلت مرتضویہ جملہ فضائل شیخین پر غالب ہے تو وہ تفضیلی ہوگا اور اگر صرف یہ مقصود ہو کہ یہ فضیلت خاصہ شیخین مین نہین ہے اگرچہ اُنکے اور فضائل اس فضیلت سے بڑھکے ہین تو کچھ حرج نہوگا **جواب سوال دوم** فضیلت شیخین رض کی باعتبار اکثریت ثواب واکرمیت عند اللہ تعالی ہے نہ باعتبار ہر جزئی کے کیونکہ فضائل جزئیہ حضرت مرتضوی مین بعض ایسے ہین کہ حضرات شیخین مین نہین ہین لیکن اور فضائل شیخین رض کے ان فضائل جزئیہ پر تفوق رکھتے ہین محقق دوانی حاشیۂ جدیدۂ شرح تجرید مین لکھتے ہین انہم انما اختلفوا فی الافضلیۃ من حیث کثرۃ الثواب کما ہو الشائع فی کتب العقائد اذ لا ینکر احد من اہل السنۃ رجحان علی فی کثیر من الفضائل انتہی اور شرح مقاصد مین ہے الکلام فی الافضلیۃ بمعنی الکرامۃ عند اللہ وکثرۃ الثواب انتہی اور شرح موقف مین ہے مرجعہا ای مرجع الافضلیۃ التی نحن بصددہا الی کثرۃ الثواب والکرامۃ عند اللہ وذلک یعود الی الاکتساب للطاعات والاخلاص فیہا انتہی **جواب سوال سوم** حضرت علے رض فاطمہ رض وحسنین رض بھی مصداق اہلبیت نبوی مین داخل ہین ہؤلاء اہل بیتی انکے حق مین وارد ہے **جواب سوال چہارم** خاص اس شہرت کی کوئی اصل معتد بہ نہین ہے البتہ اگر روایات ہؤلاء اہل بیتی واصحاب عباء سے استنا کیا جاوے تو ممکن ہے مگر تخصیص کی کوئی وجہ معتبر نہین ہے کیونکہ اگر طہارت بمعنی عصمت کے ہو تو وہ مختصات انبیاء سے ہے اور اگر مطلق ہو تو اختصاص کے ساتھ ان حضرات کی کوئی وجہ نہین ہے **جواب سوال پنجم** وہ خلافت کہ جسکے حق مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے الخلافۃ بعدی ثلثون سنۃ فرمایا زمانہ اسکا خلع امام حسن رض تک منقضی ہوگیا بعد اسکے حضرت معاویہ رض کی خلافت اُس سے خارج ہوئی لیکن مطلق خلافت مین کہ جسکے حق مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری امت مین بارہ خلیفہ ہونگے کہ قیام بالعدل کرینگے داخل ہے ابن حجر مکی منح مکیہ شرح قصیدۂ ہمزیہ مین امام حسن رضی اللہ عنہ کے حالات مین لکھتے ہین فکان الحسن آخر الخلفاء الراشدین بنص جدہ صلی اللہ علیہ وسلم بقولہ فی الحدیث الصحیح الخلافۃ بعدی ثلثون سنۃ فمدۃ خلافۃ ہی الستۃ اشہر الباقیۃ منہا وعند مضیہا سار الی معاویۃ فی اربعین الفا فیلی

الجمعان علم الحسن انه لن یغلب احدی الطائفتین حتی یذهب اکثر الاخری فرضی بالنزول لمعاویة عن الخلافة شفقة علی الامة بشروط قبلها معاویة فنزل له وح صار هو الامام الحق وقبل ذلک متغلبا لکن لاجتهاد لم یکن آثما بل ماجورا انتہی **جواب سوال ششم** ایسا کلمہ وہ جو شخص کہیگا وہ گنہگار ہے تو بہ اسپر واجب ہے منح مکیہ میں ہے نقل عنه ای ابن العربی المالکی بما یقشعر منه الجلد انه قال لم یقتل الحسین الا بسیف جده ای بحسب اعتقاده الباطل ان یزید هو الخلیفة والحسین باغ علیه انتہی اور یہی اسمیں ہے قول بعضهم لا یلام علی قتل الحسین لانهم انما قتلوه بسیف جده الامر بسله علی البغاة لا یعول علیه لان یزید لم تنعقد بیعته عند الحسن وغیره من لم یبایعوه والمبایعون له اکرهوا علی البیعة کما هو معروف وغایة امر یزید انه جابر فاسق متغلب انتہی واللہ اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم چہ میفرمایند علمای اہلسنت درین مسئلہ زید میگوید کہ نزد اہلسنت وطی فی الدبر جائز ست ومیگوید کہ در صحاح ستہ وتفاسیر معتبرۂ ایشان روایات جواز در شان نزول آیۂ کریمہ نساءکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم موجود ست فی تفسیر الدر المنثور للسیوطی اخرج اسحق بن راهویه فی مسنده وتفسیره والبخاری وابن جریر عن نافع قال قرأت ذات یوم نساءکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم قال ابن عمر اتدری فیم انزلت هذه الآیة قلت لا قال نزلت فی اتیان النساء فی ادبارهن و اخرج البخاری وابن جریر عن ابن عمر فاتوا حرثکم انی شئتم قال فی الدبر وامام مالک وبعضی دیگر از علمای شان باین فتوی داده اند پس قول زید درین مسئلہ باین استدلال صحیح است یا نہ بینوا بالتفصیل توجروا بالاجر الجزیل

ہو المصوب نسبت حلت وطی فی الدبر اگرچہ بعض علماء در تحریرات وتصانیف خود بطرف امام مالک رح کردہ اند لیکن صحیح آنست کہ امام مالک رح ازان رجوع کردہ اند قسطلانی در ارشاد الساری شرح صحیح بخاری می آرد روی الخطیب عن مالک من طریق اسرائیل بن روح قال سالت مالکا عن ذلک فقال ما انتم قوم عرب هل یکون الحرث الا فی موضع زرع لا تعدوا الفرج قلت یا ابا عبد اللہ انهم یقولون انک تقول ذلک قال یکذبون علی فالظاهر ان اصحابه المتاخرین اعتمدوا علی هذه القصة ولعل مالکا رجع عن قوله الاول انتہی واما روایت ابن عمر پس محمول ست بر اتیان

فرج از طرف دبر نہ برا تیان دبر و آنانکہ برکنہ قول ابن عمر کما حقہ نرسیدند اتیان دبر روایت کردند
در صحیح نسائی باسناد صحیح از ابی نضر روایت ست قلت لنافع قد اکثر علیک القول انک تقول
عن ابن عمر انہ افتی ان یؤتی النساء فی ادبارہن قال کذبوا علی ولکنی ساحدثک کیف کان الامر
ان ابن عمر عرض المصحف وانا عندہ یوما حتی بلغ نساؤکم حرث لکم فأتوا حرثکم انی شئتم فقال یا نافع ہل
تدری من امر ہذہ الآیۃ قلت لا قال انا کنا معشر قریش نجبی النساء فلما دخلنا المدینۃ ونکحنا نساءہم
اردنا منہن مثل ما کنا نرید فاذا ہن قد کرہن ذلک واعظمن وکانت نساء الانصار قد اخذن بحال
الیہود انما یؤتین علی جنوبہن فانزل اللہ نساؤکم حرث لکم واگر بالفرض والتقدیر ابن عمر قائل جواز
وطی فی الدبر باشند قول شان درین باب نزد اہل سنت معتبر نیست چہ بسیاری از احادیث مرقومہ
کہ در صحاح وغیرہ مروی اند دلالت میکنند بر حرمت وطی در دبر و در و وعید شدید مثل لعنت وغیرہ
بر فاعل آن و ہرگاہ قول صحابی مخالف قول رسول اللہ صلعم باشد احتجاج بآن جائز نیست بلکہ
آن صحابی معذور داشتہ خواہد شد باین طور کہ احادیث مرقومہ او شان را نرسیدند اگر میرسیدند اینچنین
فتوی نمیدادند واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا سوال اول کوت یعنی تخمین کرنا غلہ جات کا کھیت میں قبل کاٹنے زراعت کے
نزدیک حنفیوں کے درست ہے یا نہیں **سوال دوم** تقسیم کرنا غلہ کا اسطور پر کہ زمیندار نصف سے
زائد اور رعیت نصف سے کم لے مفید ملک رعیت و زمیندار ہے یا نہیں بینوا توجروا

ہو المصوب تخمین کرنا غلہ اور پھل وغیرہ کا قبل کاٹنے زراعت اور پھلون کے صرف
بغرض دریافت اجمالی اور اطمینان کے درست ہے باقی ثبوت ملک اور لزوم حکم شرعی اس
تخمین پر مبنی کرنا نزدیک حنفیہ کے نہیں درست ہے اور احادیث مین جو تخمین وارد ہے وہ
نزدیک حنفیہ کے صورت اول پر محمول ہے عینی کی شرح صحیح بخاری مسمی عمدۃ القاری مین ہے
قال الشعبی والثوری وابو حنیفۃ ومحمد وابو یوسف ومحمد الخرص مکروہ حتی قال الشعبی الخرص بدعۃ
وقال الثوری خرص الثمار لا یجوز وقال الطحاوی احتج ابو حنیفۃ بما رواہ جابر مرفوعا نہی عن الخرص
وبانہ تخمین وقد یخطی ولو جوزنا خرص الثمار وخرص الزرع بعد جذاذہا فانہ اقرب من خرص
ما علی الاشجار فلما لم یجز فی القریب لم یجز فی البعید وقال الخطابی انکر اصحاب الرای الخرص وقال

مرسلہ غلام محسن صاحب پھلواری عظیم آباد ماہ صفر ۱۲۹۷ ہجری

بتضمینهم انما کان یفعل تخویفا للمزارعین لئلا یجوزوا الیلزم بالحکم لانہ تخمین وغرور او کان یجوز قبل تحریم الربوا والقمار انتهی اور بھی اسی مین ہے انهم فعلوا ذلک ای الخرص لیعلم مقدار ما فی ایدی الناس من الثمار فیوخذ مثلہ بقدرہ فی ایام الصرام لانهم یاکلون شیئا انتهی اور بھی اسی مین ہے کان یفعل ذلک تخویفا لئلا یجوزوا وان یعرفوا مقدار ما فی النخل وامالزام بہ بحکم شرعی فلا انتهی اور تقسیم غلہ کی اس طور پر کہ زمیندار نصف سے زائد لے اور رعیت نصف سے کم بتراضی طرفین درست ہے واللہ اعلم بالصواب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا سوال انگریزون کی نوکریان مثل منصفی و ڈپٹی وغیرہ سب حرام ہین یا نہین اگر کل حرام نہین تو کس کس قسم کی حلال ہین اور کس قسم کی حرام اور خلاف شرع نوکری کرنیوالا کافر ہے یا فاسق اور برابین تقدیر ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الکافرون کی کیا تاویل ہے بینوا توجروا

ہو المصوب جس نوکری مین پابندی اجراء احکام غیر شرعیہ کی اور اجراء احکام ظلم وغیرہ کی نہو وہ درست ہے اور جن مین یہ امور ہون وہ حرام ہین اور جو انکی اطاعت کرین اور خلاف شرع احکام جاری کرین وہ فاسق ہین نہ کافر کما قال اللہ تعالی ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الظالمون وقال اللہ تعالی ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الفاسقون اور آیۂ فاولئک ہم الکافرون یہود وغیرہ کے حق مین ہے نہ اہل اسلام کے حق مین یا مراد اس سے کفر عملی ہے یا محمول ہے مستحل وحسن پر تفسیر جامع البیان مین ہے نزلت فی اہل الکتاب دون من اساء من ہذہ الامۃ ومن ترکہ عمدا واجازہ وہو یعلم فہو من الکافرین اولیس بکفر ینقل عن الملۃ ولکن کفر دون کفر انتهی رسالۂ احکام الاراضی مین ہے من اطعہم عن ضرورۃ فہو علی صحۃ الاسلام وان کانت اطاعتہم لا عن ضرورۃ فکذلک لکنہم فساق انتهی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مندرجۂ ذیل مین کہ زید کہتا ہے کہ ذبیحہ کسی مشرک وبدعتی وکافر کا حلال نہین ہے سوای موحد باللہ ومتبع سنت رسول اللہ کے اور عمرو کہتا ہے کہ مجھے تصدیق اس امر کی آیت کتاب اللہ وحدیث رسول اللہ سے

معلوم نہین ہوئی کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہے فکلوا مما ذکر اسم اللہ علیہ ولا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ
پس اس آیت کریمہ مین اللہ تعالی نے محض قید ذکر اسم اللہ کی کی نہ کافر کی نہ مشرک کی نہ شیخ کی
پس میرے نزدیک بحکم عموم اس آیہ کریمہ کے اور مطابق حدیث حضرت عایشہ رض کے جسکی تخریج کی
نسائی وابو داؤد وابن ماجہ نے ان قوما قالوا یا رسول اللہ ان قوما حدیث عہد بجاہلیۃ یاتوننا بلحمان لا ندری ذکروا اسم اللہ علیہا
ام لم یذکروا ناکل منہا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سموا اللہ وکلوا وحدیث رافع بن خدیج کے
کہ ما انہر الدم وذکر اسم اللہ علیہ فکلوا وارد ہے موافق تحقیق علمای محققین مثل مجتہد زمانہ
علامہ شوکانی وغیرہ کے حرمت اسکی معلوم نہین پس مشرک ہو یا بدعتی ہو یا کافر جب خدا کا
نام ذکر کریگا تو مین اسکو کھاونگا پس علما محققین کی خدمت بابرکت مین عرض ہے کہ موافق
کتاب وحدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول فیصل مابین زید وعمرو بیان فرماوین
تا نزاع مرتفع ہو اور عند اللہ ماجور ہون

ہو المصوب عمرو کا قول قابل اعتبار کے نہین ہے حق جل شانہ سورۂ مائدہ مین ارشاد فرماتا ہے
وطعام الذین اوتوا الکتاب حل لکم اور مراد یہان طعام سے بالاتفاق ذبیحہ ہے پس اگر ذبیحہ مشرکین کا
حلال ہوتا حتی کہ مشرکین کا بھی تو اہل کتاب کی تخصیص کی کوئی وجہ نہتھی اور اس آیت فکلوا مما ذکر اسم
اور آیت ولا تاکلوا مما لم یذکر اسم علیہ وغیرہ مین صرف شرط حلت ذبیحہ کی وقت ذبح کے بیان ہے
اور مقصود اُنسے فقط اسیقدر ہے کہ بدون بسم اللہ کے ذبیحہ حلال نہین ہے اور ذابح کا عموم وخصوص
اس آیت سے ثابت نہین ہوتا ہے اور اگر ایسا ہی ان آیات کے اطلاق سے استدلال لیا جاوے تو باب
اطلاق مذبوح مین اسپر عمل کرنا پڑے گا کیونکہ کسی مذبوح کو ان آیات مین خاص نہین کیا بلکہ جس پر اسم
اللہ کا ذکر ہوا وسپر حکم حلت کا ہو پس لازم آتا ہے کہ اگر کوئی شخص کتا یا سوئر یا اور جانور جسکا گوشت
حلال نہین ہے بسم اللہ کہکے ذبح کرے تو اسکا کھانا درست ہو جاوے اس تقریر سے کہ اللہ نے
ان آیات مین قید صرف اسم اللہ کی کی نہ کسی ذبیحہ خاص کی حالانکہ اسکا کوئی مسلمان قائل نہین ہے
الحاصل ان آیات مین صرف کیفیت ذبح کا بیان اور شرط حلت کا بوقت ذبح کے بیان ہے ذابح
ومذبوح کے اطلاق وتخصیص سے انمین کچھ غرض نہین ہے پس جسطرح سے تخصیص مذبوح اور آیات
واحادیث سے ثابت ہوئی اسیطرح تخصیص ذابح کی بھی اور جگہ سے ثابت ہوئی ایک تو آیت

سابقہ دوسری وہ حدیث جو مصنف عبدالرزاق مین مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجوس یعنی آتش پرست کے حق مین فرمایا ہے من اسلم منہم قبل ومن لم یسلم ضربت علیہ الجزیۃ غیر ناکحی نسائہم ولا آکلی ذبائحہم یعنی جو اُنمین سے اسلام لاویگا اُسکا اسلام قبول ہوویگا اور جو اسلام نہ لاویگا اُس سے جزیہ لیا جاویگا مگر اُنکی عورتون سے نکاح نکیا جاویگا اور نہ اُنکا ذبیحہ کھایا جاویگا اسیطرح سے اور بھی احادیث اور آثار صحابہ اس باب مین موجود ہین جنسے معلوم ہوتا ہے کہ ذبیحہ کسی کافر کا سواے اہل کتاب کے نہین درست ہے اور حدیث عایشہ رض اسپر نہین دلالت کرتی ہے کہ ذبیحہ ہر کافر و مسلم کا حلال ہے کیونکہ اُس حدیث مین سوال اُن لوگونکے ذبیحہ سے ہوا ہے جو نئے مسلمان ہوئے تھے اور رسوم جاہلیت مین مبتلا تھے نہ ذبیحۂ کافر سے اور علامہ شوکانی کہ جنکا انتقال ۱۲۵۰ھ یا ۱۲۵۵ھ مین ہے گو علم ادب مین تحقیق اونکی اچھی ہو مگر اجتہاد اور فتوی اونکا مقابلہ مین اجتہاد اور فتوی ائمہ اربعہ وغیرہ مجتہدین سابقین کے قابل اعتبار کے نہین ہے اس مسئلہ مین ائمہ اربعہ بلکہ اکثر مجتہدین بھی تحقیق کر گئے کہ سواے مسلمان اور کتابی کے کسیکا ذبیحہ حلال نہین پس اب شوکانی کہ اس صدی کے علما سے تھے اگر اُسکے مخالف لکھین تو انکا اعتبار نہین ہوسکتا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔

استفتا چہ میفرمایند علماے دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کہ اولا احادیث صحیح مین وارد ہے کہ حقوق اسلام سے ہے کہ جب باہم دو مسلمان ملاقات کرین تو مصافحہ کرین بعض مسلمان جو اس سنت کو ادا نکرین تو تارک سنت ہین یا نہین ثانیا بعد نماز جمعہ کے مصلیان مسجد جو باہم مصافحہ کرتے ہین یہ طریق سنت ہے یا نہین بعض کتب مثل شرح مشکوۃ شریف شیخ عبدالحق دہلوی قدس سرہ اور غایۃ الاوطار شرح درمختار مین امر ثانی کو بدعت ٹھہرایا ہے اور بعض لوگ جو شی اول کے مصداق ہین وہ اوسکو سنت بتلاتے ہین پس کیا ہے حق درمیان ہر دو اقوال کے ثالثا وقت نماز جمعہ کا بعد دوپہر کے کتنے منٹ بعد شروع ہوکر کسقدر عرصہ تک رہتا ہے کہ جسمین نماز جمعہ ادا ہوا ور تنگ وقت نہ گنا جاوے

ہو المصوب عند الملاقات مصافحہ کرنا امر متوارث وسنت قدیمہ ہے آنحضرت صلی اللہ

علیہ وسلم اور صحابہ کا یہ طریقہ مستمر تھا تارک اسکا تارک سنت ہے بیہقی نے شعب الایمان مین اور طبرانی وغیرہ نے حذیفہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان المؤمن اذا لقی المؤمن فسلم علیہ واخذ بیدہ فصافحہ تناثرت خطایاہما کما تتناثر ورق الشجر اور سنن ابو داؤد اور جامع ترمذی وغیرہ مین مرفوعاً مروی ہے ما من مسلمین یلتقیان فیتصافحان الا غفر لہما قبل ان یفترقا اور سنن ابو داؤد مین ابو ذر سے روایت ہے ما لقیتہ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا صافحنی اور ترمذی نے ابن مسعود سے روایت کی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من تمام التحیۃ الاخذ بالید اور صحیح بخاری مین بھی قتادہ سے مروی ہے قلت لانس رضی اللہ عنہ کان المصافحۃ فی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال نعم اور بعد نماز جمعہ کے یا بعد نماز صبح یا عصر کے مصافحہ کرنا بعض فقہا نے اسکو بدعت مباحہ لکھا ہے اور بعضون نے بدعت مکروہہ لکھا ہے لیکن اسمین شک نہین کہ یہ طریقہ خلاف طریقۂ سلف صالح ہے پس اسکو ترک کرنا اور طریقہ مسنونہ کو اختیار کرنا لازم ہے رد المحتار مین مذکور ہے قد یقال ان المواظبۃ علیہا بعد الصلوۃ خاصۃ قد یؤدی الی اعتقاد سنیتہا فی خصوص ہذہ المواضع وان لہا خصوصیۃ زائدۃ علی غیرہا مع ان ظاہر کلامہم انہ لم یفعلہا احد من السلف فی ہذہ المواضع ونقل فی تبیین المحارم عن الملتقط انہ تکرہ المصافحۃ بعد اداء الصلوۃ بکل حال لان الصحابۃ ما صافحوا بعد اداء الصلوۃ ولانہا من سنن الروافض ثم نقل عن ابن حجر من الشافعیۃ انہا بدعۃ مکروہۃ لا اصل لہا فی الشرع ثم نقل عن ابن الحاج من المالکیۃ ان موضع المصافحۃ فی الشرع انما ہو عند لقاء المسلم لاخیہ لا فی ادبار الصلوات انتہی اور وقت نماز جمعہ عین وقت ظہر ہے بمجرد زوال آفتاب شروع ہوتا ہے اور تا وقت عصر باقی رہتا ہے واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علماے عظام اس صورت مین کہ بعض لوگ ایک احاطہ پختہ تیار کرا کر اسمین ایک چبوترہ نصب کرکے اسکو منسوب بمحبوب سبحانی شیخ عبد القادر جیلانی کرتے ہین اور اس چبوترہ پر غلاف چڑھاتے ہین اور چراغان روشن کرتے ہین اور ریوڑی چڑھاتے ہین اور اسپر فاتحہ کرتے ہین یہ امور درست ہین یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب مرتکب ایسے امور کا مبتدع ہے اور ایجاد ایسے افعال کی بدعت ضلالت ہے

واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا جو شراب کہ مطلقاً نشہ آور ہے اُس کا کیا حکم ہے

ہو المصوب جو شراب کہ مطلقاً نشہ آور نہین نہ قلیل اُسکا نہ کثیر وہ حلال ہے اور جسکا کثیر مسکر ہے جیسے سیندھی اور تاڑی اسکا ایک قطرہ بھی بمذہب مفتی بہ حرام ہے بحدیث ما اسکر کثیرہ فقلیلہ حرام کذا فی الدر المختار وحواشیہ حررہ ہذا الجواب الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ چند ایسے مسلمان جن کے والدین بھی مسلمان ہین جمع ہوے اور کچھ روپیہ باہم چندہ سے جمع کرکے خوک اور شراب خرید کی اور بھوانی کا پوجا کیا اور وہ سور مارکے اور شراب بھوانی کو چڑھایا اس غرض سے کہ بھوانی مذکورہ جسکو کالی اور دیبی بھی کہتے ہین مرض ہیضہ سے نجات دے اور محفوظ رکھے جب یہ کیفیت دیندار مسلمانون کو معلوم ہوئی اور ایسے فعل کے وقوع کا کماحقہ یقین ہوا تو شرکا پوجا کا حقہ پانی پینا ترک کیا تا پھر کوئی مسلمان پوجا نکرے اور ایسی گمراہی مین نہ پڑے ایسے فعل سے سب باز رہین لیکن ایک شخص نے بخلاف دیندار مسلمانون کے عمداً دیدہ و دانستہ اپنا حقہ پانی پوجنے والون کو دیا اور دیندار مسلمانون کو حقہ ترک کرنے کی وجہ سے کلمات سخت کہے اور جوتیان مارنے کو کہا انتظام اہل اسلام خراب کیا اس صورت مین پوجا کا چندہ دینے والے اور پوجا کرنے والے مرتد اور کافر ہوے یا نہین اور جس شخص نے بخلاف دیندار مسلمانون کے حقہ دیا ہے اُسکا کیا حال ہے وہ کیسا ہے اور اگر یہ مرتد اور کافر ہین تو توبہ کرین تو عند الشرع مقبول ہو یا نہین اور کیونکر کسطرح سے توبہ کرین انکی عورتین نکاحون سے باہر ہوگئین یا نکاح قائم رہا بینوا توجروا

ہو المصوب اس صورت مین وہ پوجا کرنیوالے کافر ہوگئے اور عورتین اُنکی نکاح سے باہر ہوگئین اہل اسلام کو چاہیے کہ اُنکی شرکت نہ کرین تا وقتیکہ وہ توبہ نکرین اور جو انکا شریک ہوا اُسکو بھی برادری سے باہر کردین جبتک وہ اس شرکت سے توبہ نکرے اور پوجا کرنیوالون پر لازم ہے کہ پھر اسلام لاوین اور کلمہ شہادت ادا کرین اور توبہ واستغفار کرین بعد اسلام کے اپنی اپنی عورت سے نکاح کرین جب وہ اسلام لاوین اور توبہ کرینگے سوقت وہ شریک برادری کر لیے جاوین

واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین ان سوالات مین **سوال اول** در کتاب اوزجندی کہ از ملا علی قاری ست روایت ست فلما کان الیوم الثالث عن وفات ابراہیم بن محمد صلی اللہ علیہ وسلم جاء ابوذر عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم معہ تمرۃ یابسۃ ولبن الناقۃ وخبز الشعیر فوضعہا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقرء النبی علیہ الصلوۃ والسلام الفاتحۃ مرۃ وسورۃ الاخلاص ثلاث مرات وقرء اللہم صل علی محمد انت لہا اہل وہو لہا اہل فرفع یدیہ ومسح وجہہ فامر ابی ذر ان یقسمہا وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثواب ہذہ الاطعمۃ لابنی ابراہیم فقط صحت نام کتاب اور روایت کی اسمین ہے یا نہین یا اور کس کتاب مین ہے **سوال دوم** در فتاوی مجمع البرکات از مطالب المومنین آوردہ است ولیقوم عند وجہ المیت ویضع یدہ الیمنی علی تربتہ ویقول اللہم اغفر لہ فانہ قد افتقر الیک فان کان قبر عبد صالح ویمکنہ ان یطوف حولہ فعل ذلک ثلث مرات یہ عبارت مجمع البرکات یا مطالب المومنین مین ہے یا نہین یا اور کسی کتاب کی ہے **سوال سوم** ان رجلا جاء الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ انی خلفت ان اقبل عتبۃ الجنۃ والحور العین فامرہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان تقبل رجل الام ووجہ الاب فقال یا رسول اللہ ولم یکن لی ابوان فقال قبل قبرہما قال فان لم اعرف قبرہما قال خط خطین احدہما قبر الام والآخر قبر الاب فقبل ہما فلا تحنث فی یمینک فقط یہ حدیث شریف کس کتاب اور کس باب مین ہے **سوال چہارم** سنا ہے بیچ تسویہ رویۃ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ روشنی اور تاریکی اور پس وپیش اور قریب اور بعید سب برابر ہین یہ صحیح ہے یا غلط اور اگر صحیح ہے تو امیدوار ہون کہ عبارت حدیث شریف کی مع نام کتاب وباب وفصل ارقام فرمایا جاوے **سوال پنجم** سنا ہے کہ ایک صحابی نے طواف کیا گرد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ واقعی حدیث مین آیا ہے یا نہین اور سنا ہے کہ حضرت عبد اللہ ابن جعفر طیار رضی اللہ تعالی عنہ نے طواف کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سویہ روایت

مع نشان کتاب وباب وفصل ارقام فرمائیے

ہو المصوب جواب سوال اول کتاب اوزجندی از تصانیف ملا علی قاری ست نہ روایت مذکور صحیح ومعتبر ست بلکہ موضوع ست وباطل بر آن اعتماد نشاید در کتب حدیث

نشان نداد و چنین روایات یافته نمی شود **جواب سوال دوم** عبارت مذکوره در مجمع البرکات موجود ست لیکن مخالف کتب معتبره است ملا علی قاری مکی در شرح عین العلم می نویسد ولا یمس
ای القبر ولا التابوت ولا الجدار لورود النهی عن مثل ذلک بقبر النبی علیه السلام فکیف بقبور سائر الانام ولا التقبیل فانه زیادة علی المس فهو اولی بالنهی فالتقبیل مختص بالحجر الاسود وبایدی الانبیاء والعلماء والصلحاء انتهی وهم ایشان در شرح باب المناسک می نویسد ولا یطوف حول البقعة الشریفة فان الطواف من مختصات الکعبة فیحرم حول قبور الانبیاء والاولیاء انتهی ودر نور الایمان بزیارة آثار حبیب الرحمان مرقوم ست ومافی مجمع البرکات ویکفیه ان یطوف حوله فعل ذلک ثلث مرات فلا یعبأ به انتهی **جواب سوال سوم** نشان این روایت در کتب حدیث معتبره یافته نمی شود البته در مطالب المومنین از کفایۂ شعبی نقل کرده لیکن هر دو کتاب از کتب غیر معتبره اند ودر باب روایات حدیث اعتماد بر تصریحات محدثین می شود نه بر نقل هیچ فقهای غیر معتبرین شیخ عبد الحق دهلوی در مدارج النبوة می نویسد در بوسه دادن قبر روایت فقهی نقل میکنند وصحیح آنست که لا یجوز است انتهی **جواب سوال چهارم** فی الواقع این صفت در آن حضرت صلی الله علیه وسلم موجود بود لیکن نه دائما بلکه در بعض اوقات فاسی در شرح دلائل الخیرات می نویسد قد ثبت رویته صلی الله علیه وسلم من خلفه فی حدیث ابی هریرة وانس عند الشیخین وعند عبد الرزاق فی جامعه وعند الحاکم عن ابی هریرة انتهی وحافظ ابن حجر عسقلانی در تلخیص الحبیر می نویسد کان یری من وراء ظهره کما یری من قدامه هو فی الصحیحین وغیرهما من حدیث انس وغیره والاحادیث الواردة فی ذلک مقیدة بحال الصلوة وبذلک یجمع بین هذا وبین قوله صلی الله علیه وسلم لا اعلم ما وراء جداری هذا انتهی **جواب سوال پنجم** این قصه موضوع وباطل ست در کتب معتبره نشان آن یافته نمی شود والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا ما قولهم رحمهم الله تعالی اس مسئله مین که تاڑی تاڑ کی فی نفسه نشه دار ہے
٦٢
تهوڑی پینے سے نشه نهین ہوتا صرف منه مین بو آتی ہے پس بعد پینے تاڑی کے جب تک نشه نه ہو اسوقت تک کلی یا وضو کرکے نماز پڑھنا درست ہے یا نهین اور مسجد مین مسلمانون کی صف مین جنکو اسکی بو نا خوش معلوم ہوتی ہے جانا درست ہے یا نهین اور اگر بفحوای آیۂ کریمه

لا تقربوا الصلوۃ وانتم سکاری عدم جواز کیواسطے نشہ ہونا شرط ہے تو کس درجہ تک نشہ مشروط ہے
اور تاڑی اور خمر کے حکم حرمت ونجاست وحدود وغیر ذلک مین کچھ فرق ہے یا نہین اور اگر ہے تو کیا بینوا توجروا
ہو المصوب حد عدم جواز نماز کی حالت سکر مین خود قرآن مین مذکور ہے لا تقربوا الصلوۃ
وانتم سکاری حتی تعلموا ما تقولون انتہی پس جبتک ایسی کیفیت نشہ کی ہو کہ انسان اُسکے
سبب سے نہ سمجھتا ہو کہ کیا ہم پڑھتے ہین اور کیا ہماری زبان سے نکلتا ہے اُسوقت تک
نماز نہ ادا کرے اور بعد پینے تاڑی کے جبتک نشہ نہو اُسوقت تک کلی کر کے نماز درست ہے
لیکن مسجد مین جانا تاڑی پی کے گو نشہ نہو ممنوع ہے اور ایسے شخص کو مسجد سے نکلوا دینا
درست ہے وسیلۂ احمدیہ شرح طریقۂ محمدیہ مین ہے قال الفقہاء کل من وجد فیہ رائحۃ کریہۃ
یتاذی بہ الانسان یلزم اخراجہ ولو بجر من یدہ او رجلیہ دون لحیتہ وشعر راسہ انتہی اور عینی کی شرح
صحیح بخاری مین ہے اوقع فی الاحادیث من تخصیص النہی عن دخول المسجد بالثوم والبصل من جہۃ
کلہا فی ذلک الزمان والا فحکمہا کل شئ لہ رائحۃ کریہۃ من الماکولات وغیرہا لان الحدیث معلل
بایذاء المومنین والملائکۃ انتہی اور یہی ہے فتح الباری شرح صحیح بخاری مین اور ملا علی قاری کی شرح موطا
وغیرہ مین اور تاڑی خواہ تھوڑی ہو یا بہت نشہ کرے یا نکرے مطلقاً اُسکا پینا حرام ہے
کیونکہ جس چیز کا کثیر مسکر ہو اُسکا قلیل بھی حرام ہے اور تاڑی نجس بھی ہے عینی کی شرح کنز مین
ہے قال محمد وایمۃ ثلثۃ کل ما اسکر کثیرہ فقلیلہ حرام من ای نوع کان لقول النبی اللہ علیہ وسلم
کل مسکر خمر وکل مسکر حرام رواہ مسلم من روایۃ ابن عمر وعن ابن عمر قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
ما اسکر کثیرہ فقلیلہ حرام رواہ احمد وابن ماجۃ والدارقطنی والفتوی علی قول محمد انتہی اور ہدایہ مین ہے
نجاستہا ای سائر الاشربۃ خفیفۃ فی روایۃ وغلیظۃ فی روایۃ ونجاسۃ الخمر غلیظۃ فی روایۃ واحدۃ
انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین مسئلہ تقبیل ابہامین
جو مروج فی زماننا ہے آیا جائز ہے یا ناجائز بشق اول واجب ہے یا سنت مستحب ہے یا مباح اور ادلہ عقلیہ و نقلیہ
اُسکی کتب معتبرہ مین کیا ہین و بشق ثانی حرام ہے یا مکروہ اور اگر مکروہ ہے تو تنزیہی یا تحریمی اس حال مین کیا جواب اُن
حدیثون کا جو مثبتین پیش کرتے ہین آیا وہ موضوع ہین یا ضعیف اس مسئلہ کو بالتنقیح بیان فرمائیے بینوا توجروا

الجواب اس تقبیل کو بعض کتب فقہ مین مستحب لکھا ہے نہ واجب و نہ سنت مثل کنز العباد وخزانۃ الروایات وجامع الرموز وفتاوی صوفیہ وغیرہ کے مگر اکثر کتب معتبرہ متداولہ مین اُسکا نشان نہین ہے اور وہ کتب جنمین یہ مسئلہ مذکور ہے وہ غیر معتبر ہین جیسے جامع الرموز وفتاوی صوفیہ وکنز العباد وغیرہ بوجہ اسکے کہ ان کتب مین رطب و یابس بدون تنقیح کے مجتمع ہے تفصیل اُسکی میرے رسالہ النافع الکبیر لمن یطالع الجامع الصغیر وغیرہ مین موجود ہے اور احادیث جو اس باب مین فقہا نقل کرتے ہین وہ بتحقیق محدثین صحیح نہین ہین فوائد مجموعہ فی احادیث الموضوعہ مین شوکانی لکھتے ہین حدیث مسح العینین بباطن اعلی السبابتین عند قول المؤذن اشہد ان محمدا رسول اللہ الخ رواہ الدیلمی فی مسند الفردوس عن ابی بکر الصدیق مرفوعا قال ابن طاہر فی التذکرۃ لا یصح انتہی اور یہی اُسمین ہے حدیث من قال حین یسمع اشہد ان محمدا رسول اللہ مرحبا بحبیبی وقرۃ عینی محمد بن عبد اللہ ثم یقبل ابہامیہ ویجعلہما علی عینیہ لم یعم ولم یرمد ابدا قال فی التذکرۃ لا یصح انتہی اور شمس الدین محمد ابن عبد الرحمن السخاوی مقاصد حسنہ فی الاحادیث المشتہرۃ علی الالسنۃ مین بعد ذکر چند روایات کے لکھتے ہین لا یصح فی المرفوع من کل ہذا شیٔ انتہی اور ایسی ملا علی قاری نے تذکرۃ الموضوعات مین لکھا ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم ما قولکم ایہا العلماء السادات فی الحیوان البحری اے حیوان منہ یوکل وما علامۃ السمک وہل الجریث والمارماہی من السمک ام لا وصورۃ الجریث ماہی والکوسج الذی لہ خرطوم کالمنشار والقرش الذی تنفر منہ الحیوانات البحریۃ والحیوان المدور الذی لہ ذنب طویل کالسوط وعلی اصل الذنب شوکۃ ویقال لہ اللحم وغیرہ ہل ہی من السمک ام لا بینوا توجروا

جواب قال فی فتاوی قاضیخان ولا یوکل ما فی البحر سوی السمک وطیر الماء عندنا وقال الشافعی رحمہ اللہ لا بأس باکل ما فی البحر ولہ فی الضفدع قولان انتہی واما علامۃ السمک فلم ار ہا فی الکتب لکن بالنظر الیہ یظہر ثلاث علامات احدہا اسفاط وثانیہا انفتاح لحییہ وثالثہا جناح ذو شوک بینہن ستور وکذا الذنب ولبعض انواع السمک العلامات الثلاث کلہا ولبعضہا لبعضہا کما شاہدنا کم ثم رأیت ما نصہ المفتی فصیح الدین فی رسالۃ احکام الحیوان ونشان ماہی آنست کہ لسان یعنی زبان نداشتہ باشد ومشہور آنست کہ فلس دارد ودو نشان یعنی دریدگی بہر دو جانب

حلقوم بود واگر از آب بیرون شود طپیدن گیرد تا آنکہ بمیرد واما الجریث والمار ماہی فہما من السمک کما فی فتاوی قاضی خان ولا باس بسائر انواع السمک نحو الجریث والمار ماہی انتہی اما صورۃ الجریث فہو سمک اسود کما فی الدر المختار وقال فی حاشیۃ رد المحتار ہو نوع من السمک مدور کالترس انتہی وہو صغیر الوجہ وذنبہ ایضا صغیر غایۃ الصغر مشقوق شقین واسمہ فی الاردو کردی ترکی کما بین مولانا المولوی حضرت غلام قادر صاحب رحمہ اللہ تعالی فی فتواہ وفی السمکین المذکورین ایضا اسقاط صغار غایۃ الصغر خفیۃ کما شاہدنا ولہذا قال فی الدر المختار وافردہما بالذکر للخفاء انتہی الخفاء کونہما من جنس السمک رد المحتار فقد علم ان غیر الجریث من انواع المدور لیس من جنس السمک کما یوذن افرادہ بالذکر ولان الجریث لیس باسم لمطلق المدور بل ہو اسم لنوع واحد منہ وکذا الکوسج والقرش لیسا من جنس السمک لانہما مختلف فیہما عند الشافعی مع ان عندہ یجوز اکل ما فی البحر کما مر فکیف یحلان عندنا ولانہما لیس علیہما علامات السمک لا علانیۃ ولا خفیۃ ثم رایت ما نصہ المفتی فصیح الدین فی رسالۃ احکام الحیوان قرش حیوانیست وانیقدر بزرگ میشود کہ سفائن ومراکب را ضائع گرداند آنرا سید الدواب می نامند وقریش لقب ماخوذ ازہمین ست ودر سواحل بلاد مغرب باورا مورگی نامند حکمش حرام ست نزد امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ ونزدیک آئمہ ثلاثہ حلال ست ثم رأیت ما نصہ محمود شاہ فی فتاواہ السمک ما لہ شق وشوک قال فیہ ایضا والسمک ما لہ فلوس وما یبیض فی الماء وما لہ شقاق ویکون مولدہ ومعاشہ فی الماء ولیس لہ لسان اصلا انتہی فقد علم مما ذکر ان الفلوس اشہر علامات السمک ولذا قد حکم فی الجریث والمار ماہی بانہما سمکان مع انہما یتولدان ولا یبیضان ولا لہما شقاق بخلاف القرش والکوسج فانہما لیس علیہما فلوس ولا لہما شقاق ولا اشواک وانہما یقطعان الانسان کالسیف الماضی واللہ اعلم بالصواب کتبہ افقر العباد الی اللہ شیخ یوسف بن قادر احمد عفی عنہما وعن اسلافہما صح الجواب واللہ اعلم بالصواب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا [۷۹] ما قولکم رحمکم اللہ اندرینکہ شخصے صحابی را قبل اسلامش نصرانی بود بعد تواتر ثبوت صحبت واسلام او بنصرانیت طعن وتعییر میکند واو را النصرانی میخواند ودربارۂ قبول روایتش باین لفظ تعلل مینماید کہ روایت عدی نصرانی برائے او مخصوص بود وآن را بر مومنان قیاس نباید کرد

خبر آحاد عدی بن حاتم نصرانی الی قولہ اعتبارے نیست انتہی بلفظہ وجابجا عدی نصرانی وعدی نصرانی
می نگارد واشاعت میکند پس مشرعًا تعلق شخص مذکور قابل قبول ست یانہ وشخص مذکور

مؤمن کامل ست کہ فاسق قابل تعزیر بینوا توجروا

ہو المصوب آنکس فاسق وواجب التعزیرست بعد اسلام کسی را تعبیر بکفر سابق واطلاق
ہمچو الفاظ بروحرام ست لقولہ تعالیٰ ولا تنابزوا بالالقاب بئس الاسم الفسوق بعد الایمان ومن لم یتب
فاولئک ہم الظالمون چہ جائے کہ ہمچو صحابی جلیل القدر رکہ ایمہ بر قبول روایتش اتفاق دارند
ودر شمار صحابہ آنرا ذکر سازند واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ والصلوۃ والسلام علی سیدنا محمد وعلی آلہ وبارک
وسلم اما بعد سلام علیکم مستدعی جواب مسئلہ ہون کہ ایک شخص برہمن ہندو بت پرست
کہ رام کنہیا کو خالق مانتا ہے دین اسلام ومسلمانون کو برا کہتا ہے بلکہ اُنکے سایہ کو نجس
جانتا ہے صاحب دولت داس کرکے مشہور ہے زید بکر خالد وعمرو یہ چار شخص صاحب
ریش کلان شریف صورت ہین اگر دس پندرہ بیس پچیس تیس روپیہ کی نوکری نزد برہمن مذکور
قبول کرین وبعدہ امور ذیل کے مرتکب ہون اوّل جبکہ برہمن مذکور اپنی نشستگاہ پر بیٹھا ہو
اور زید وبکر وغیرہ بھی حسب دستور دربار عام نام بردہ مین حاضر خدمت بیٹھے ہون اور بت
موسومہ ٹھاکر کو جسے کہ وہ برہمن اپنا خالق جانتا ہے ایک برہمن پوجیری چاندی کی طشت مین
رکھے ہوئے بڑے تزک سے سامنے لاوے تو برہمن مذکور سروقد اُٹھکر تعظیم اُس بت کی کرے
وزید وبکر بھی بخوف ناخوشی وسوء ادبی وبرخواستگی خود وبخیال اسکے کہ گستاخی ہوگی اور بے ادب
کہلاؤنگا مشاہرہ بند ہوجائیگا ساتھ ہی کیا بلکہ فی الفور بنظر تعظیم بت مذکور اوٹھ کھڑا ہو دوم
برہمن مذکور بروز تولید بتان خود مجلس جشن برقص زنان بدکار بحضور بت قایم کرتا ہے تو یہ حکم
دیتا ہے کہ ہر ایک نوکران ہمارے اگر شریک مجلس نوروز ہون اور اگرچہ ہم نہیب انجمن ہون
مگر ہر ایک نوکران وحاضران مجلس پر ہمارا حکم ہے کہ حسب دستور بت پرستی جب بت سامنے
آوے یا بت کا پوجا ہو تو سب کے سب حاضران اوٹھکر کھڑے ہوکر ہمارے بت کی تعظیم کرین

از [illegible] مرسلہ [illegible] قاضی [illegible] الدین صاحب [illegible] جمادی الثانی سنہ [illegible] ہجری

چنانچہ یہ دستور بت پرستی برہمن مذکور و تعظیم و تکریم ہمیشہ سے جاری ہے پس زید بکر اکثر بہ تعمیل
حکم زینت بخش مجلس مذموم رہتے ہین باوجودیکہ برہمن مذکور نہین رہتا ہے زید بکر خود بخود
بہ تعمیل دستور العمل بت پرستی نام بردہ یکبارگی فی الفور سب کے سب حضار مجلس بت کو
اوٹھکر تعظیم کرتے ہین اور جب بت کی پوجا ہونے لگتی ہے تو باد ب پیش بت جشن مذکور مین
تعظیماً کھڑے رہتے ہین بخوف برخاستگی روگردان ہوکر علیحدہ ہو نہین سکتے بطمع زر کھڑے
رہتے ہین سوم جبکہ بت مذکور ایک تبکدہ سے دوسرے تبخانہ مین پونہچایا جاتا ہے تو بڑی
طیاری سے مثل بارات اقوام ہنود برہمن مذکور بت کے پیچھے پیچھے پاپیادہ جاتا ہے اور تمامی
زید بکر وغیرہ کو یہ حکم عام رہتا ہے کہ اُس وقت خوش پوش ہوکر جلوس مین پیچھے پیچھے بُت کے
تا در تبخانہ چلین چنانچہ زید بکر وغیرہ بطمع زر مشاہرہ خود بفراموشی وعدہ فی السماء رزقکم وما من
دابۃ الخ بخوشی اس فعل کو بجالاتے ہین چہارم برہمن مذکور کی تعمیل حکم کو مقدم جانکر روز مرہ
اذان سنکر جماعت مین نہین آتے ہین اور جمعہ کے روز جان بوجھکر کہ آج جمعہ ہے حکم
یاایہا الذین آمنوا اذا نودی للصلوۃ من یوم الخ سے روگردان ہوکر تارک جمعہ ہوکر یہ عذر کرتے ہین
کہ رزق کا معاملہ ہے حکم حاکم مرگ مفاجات بوجہ مجبوری انجام امور اسلام نہین کرسکتے
پس بظہور امور موجبات کفر متذکرۂ صدر جبکہ زید بکر استعمال کلمات رد کفر سے غافل و سالہا سال
موجبات کفر پر مصر ہین تو ان سبکو تجدید ایمان و نکاح لازم ہے یا نہین وبطمع زر زید بکر جان بوجھکر
باز نہ آوین تو کافر و بی بی اُنکی نکاح سے باہر ہوئین یا نہین اور بہ نسبت اولاد اُنکے کے
شرع کیا حکم کرتی ہے بہ تصریح و تشریح بحوالہ و سند دستخط علمای مشاہیر سے مزین فرماکر زینت بخش اسلام ہوجیے فقط
ہو المصوب فقہا کتب فقہ مین ایسی صورت کہ اسمین تحسین اعمال کفار اور شرکت افعال کفار اور موافقت
اُنکی عبادت کے ہو حکم کفر لکھتے ہین اور جو شخص مرتکب ایسے امر کا ہووے جسکا ذکر سوالات مین ہے اُسپر حکم لزوم
تجدید ایمان و تجدید نکاح کا دیتے ہین خزانۃ الروایات مین ہے فی الفصول قال الشیخ ابو بکر الطرخانی من خرج الی السدۃ
فقد کفر لان فیہ اعلان الکفر وعلی قیاس مسئلۃ السدۃ الخروج الی نیروز المجوس والموافقۃ معہم فیما یفعلونہ فی ذلک الیوم من
المسلمین کفر انتہی اور بھی اسمین ہے وکذا الخروج فی اللیلۃ التی یلعب فیہا کفرۃ الہند بالنیران والموافقۃ معہم فیما
یفعلون تلک اللیلۃ فیلزم ان یکون کفرا وکذا الخروج الی لعب کفرۃ الہند فی الیوم الذی یدعوہ الکفرۃ بسرہتی والموافقۃ معہم فیہ

یفعلون من تزیین القبور والافراس والذہاب الی دور الاغنیاء یلزم ان یکون کفرا انتہی اور بھی اُسمین ہے فی الفصول قال فی الجامع الاصغر رجل اشتری یوم النیروز شیئا لم یکن یشتریہ قبل ذلک ان اراد بہ تعظیم النیروز کما یعظمہ المشرکون کفر انتہی اور بھی اُسمین ہے فی نوادر الفتاوی ہر کہ رسوم ہنود در این تحسین کند کافر گردد انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ما قولکم رحمکم اللہ اندرینکہ اولیاء منکوحہ حین النکاح چیزے از ماکولات و مشروبات و نقدیات کہ ماسوائے زیور و مہر مصرح و مہر مسکوت عنہ است برای اطعام و اعطائے اہل محلہ و ہمسائگان بروجہ شرط کہ اگر اشیائے مذکورہ بدہند اولیائے منکوحہ در ازدواج و انکاح آن راضی شوند ورنہ نہ از ناکح و خاطب میگیرند پس این قسم گرفتن شرعا درست است یا نہ بینوا توجروا

الجواب مستعینا باللہ العظیم و مستنصرا بالرحمن الرحیم گرفتن این قسم چیزہا شرعا جائز نیست و درست نیست قال فی الوسیلۃ الاحمدیۃ شرح الطریقۃ المحمدیۃ ولعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الراشی والمرتشی ومن الرشوۃ ما اخذہ ولی المرأۃ قبل النکاح اذا کان بالسوال او کان اعطاء الزوج بناء علی عدم رضائہ علی تقدیر عدمہ اما اذا کان بلا سوال ولا عن عدم رضائہ فیکون ہدیۃ فیجوز کما فی حاشیۃ لخواجہ زادہ وغیرہ انتہی وقال فی رد المحتار ومن السحت ما یاخذہ الصہر من الختن بسبب بنتہ بطیب نفسہ حتی لو کان بطلبہ یرجع الختن بہ انتہی وقال فی المعدن لا یجوز لاب البنت ان یاخذ من الخاطب شیئا لانہ رشوۃ وقال فی العالمگیریۃ خطب امرأۃ فی بیت اخیہا فابی ان یدفعہا حتی یدفع الیہ دراہم فدفع وتزوجہا یرجع بما دفع لانہ رشوۃ کذا فی القنیۃ وقال فی قاضیخان رجل خطب امرأۃ وہی تسکن فی بیت اخیہا وزوج اختہا لا یرضی بنکاح ہذا الرجل الا ان یدفع الیہ دراہم فدفع الخاطب الیہ دراہم کان لہ ان یسترد ما دفع الیہ لانہ رشوۃ نعم اگر چیزے بلا سوال و طلب اولیائے منکوحہ بہ ناکح بدہند البتہ جائز و درست شدن میتواند زیرا کہ اشیائے مذکورہ برین تقدیر از تحفہ و ہدیہ شمار کردہ شود چنانچہ در عبارت وسیلۂ احمدیہ شرح طریقۂ محمدیہ مشروحا مرقوم گشت ہکذا حکم الکتاب واللہ اعلم بالصواب محمد اشرف علی عفی عنہ صح الجواب واللہ اعلم بالصواب ویوافقہ ما فی البحر الرائق لو اخذ اہل المرأۃ شیئا عند التسلیم فللزوج ان یستردہ لانہ رشوۃ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ما قولکم رحمکم اللہ تعالی کہ خروج زنان شایہ در ولائم بشرطیکہ دران مداخلت غیر و بے پردگی ومانع دیگر از ممنوعات شرعیہ متصور نگردد درست ست یا نہ بینوا ہذہ المسئلۃ بدلائل من الفقہ والاحادیث فقط

ہو المصوب از معائنہ کتب فقہ واضح ست کہ ممانعت از رفتن زنان بمجالس ولائم برائے احتراز از فتنہ است بسبب اجتماع درہمچو مجالس چنانچہ در رد المحتار زیر قول صاحب در مختار ومنعہا من زیارۃ الاجانب وعیادتہم والولیمۃ الخ می نویسد ظاہرہ ولو کانت عند المحارم لانہا تشتمل علے جمع فلا یخلو من الفساد عادۃ انتہی پس ہرگاہ در مجلس ولیمہ مداخلت غیر و بے پردگی ومانع شرعی دیگر نباشد دریں صورت ممانعت را وجہی نیست البتہ ضرورت اذن شوہر خواہد بود ودر صحیح بخاری از انس مرویست ابصر النبی صلی اللہ علیہ وسلم نساء وصبیانا مقبلین من عرس فقام ممتنا فقال اللہم انتم من احب الناس الی انتہی قسطلانی در شرح آن می نویسد فیہ شہود النساء والصبیان لولیمۃ العرس فلو دعت امرأۃ امرأۃ لولیمۃ او دعت رجلا وجب او استحب لا مع خلوۃ محرمۃ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

وہذا اذا لم یکن للصبی اب ولا جد ولا وصیہما آلخ اور یہان بھی یہی صورت واقع ہے کہ موہوب لہ

نابالغ ہے اور مان کی عیال مین ہے اور باپ اور دادا اور اونکے وصی مین سے کوئی موجود نہین

ہے پس مان درباب قبضۂ ہبہ کے ولی ہوگی اور ایسے ولی کا ہبہ نابالغ کو بمجرد عقد

ہبہ کے تام اور کامل ہوجاتا ہے پس ہبہ مذکور بھی تام اور کامل ہوگی اور حاجت شرط

مذکور کی نہوگی تو جواب اوسکا یہ ہے کہ ولی کا ہبہ نابالغ کو اوس صورت مین تام اور کامل

ہوتا ہے جبکہ شی موہوب ہبہ کے یا امین واہبہ کے قبضہ مین ہو اور صورت مسئولہ مین شرط

مفقود ہے اسلیے کہ زمین موہوب نہ واہبہ کے قبضہ مین ہے نہ اوس کے امین کے

قبضہ مین بلکہ اوسکے ہر دو بیٹون کے قبضہ مین ہے جو اوسکے امین نہین ہین پس اس صورت مین مان کی

ولایت کافی نہین ہوئی اور حاجت شرط مذکور کی باقی رہی اور ہبہ مذکورہ باطل اور ناجائز

وہی در مختار مین ہے وہبۃ من لہ الولایۃ علی الطفل فی الجملۃ الی قولہ تتم بالعقد لو کان الموہوب

معلوما وکان فی یدہ او ید مودعہ لان قبض الولی ینوب عنہ آلخ اور ہدایہ مین ہے واذا وہب

للاب لابنۃ الصغیر ہبۃ ملکہا الابن بالعقد لانہ فی قبض الاب فینوب عن قبض الہبۃ ولا فرق بین ما اذا

کان فی یدہ او فی ید مودعہ لان یدہ کیدہ بخلاف ما اذا کان مرہونا او مغصوبا او مبیعا بیعا

فاسدا لانہ فی ید غیرہ او فی ملک غیرہ الی قولہ وکذا اذا وہبت لہ امہ وہو فی عیالہا والاب میت ولا وصی لہ وکذلک کل من یعولہ الخ الحاصل جب صورت مسئولہ مین ہبہ مذکورہ ہبہ دین کا غیر مدیون کو ہے اور ایسے ہبہ کے صحیح اور جائز ہونے کے لیے واہب کا موہوب لہ کو دین موہوب کے قبضہ کرنیکا صراحۃً حکم دینا شرط ہے اور یہ شرط مانحن فیہ مین مفقود ہے اور ولایت ولی مذکور کی متصور نہین اور نہ تولیت واہبہ کے صحیح اور نہ خود واہبہ کی ولایت قبض ہبہ مین کافی ہے جیسا کہ یہ سب امور وجوہ مذکورہ بالا سے معلوم ہوئے تو بی شبہہ ہبہ مذکورہ باطل اور ناجائز ہے اور جب ہبہ مذکورہ خود ہی باطل اور ناجائز ہے تو حاجت اوسکے رجوع وعود کی نہین اور اگر بالفرض ہبہ مذکورہ صحیح اور جائز بھی ہو جب بھی اس ہبہ سے بدینوجہ کہ ہنوز قبضہ دین موہوب پر نہین ہوا ہے واہبہ کو اختیار رجوع اور عود کا حاصل ہے اور بدون حکم حاکم اور رضامندی یکدیگر کے رجوع اور عود کر سکتی ہے اسلیے کہ ایسی ہبہ مین بلکہ عام ہبہ مین جبتک کہ موہوب لہ شئی موہوب پر قبضہ نہ کر لیوے شئی موہوب نہ اوسکی ملک ہوتی ہے اور نہ ہبہ لازم اور مستحکم ہوتا ہے اور جبتک ہبہ لازم اور مستحکم نہو واہب کو اوس سے اختیار رجوع وعود کا بدون حکم حاکم اور رضامندی یکدیگر کے حاصل رہتا ہی گو ہبہ دین ذی رحم محرم کا بلکہ ہبہ دین غیر مدیون [illegible] واہبہ کو بھی اختیار حاصل رہتا ہے کہ موہوب لہ کو دین موہوب پر قبضہ کرنے سے منع کر دیوے قاضی خان مین ہے [illegible] للولد اذا قبض الخ اور اسی طرح ردالمختار مین بحوالہ [illegible] ہے [illegible] مین ہے وفی بعض الکتب الفقہ الموثوق علیہ ہبۃ الدین من غیر من علیہ الدین لا یجوز الا اذا سلطہ علی قبضہ ویصیر کانہ وہبہ حین قبضہ لا یحکم الا بالقبض الخ اور ردالمختار مین ہے قال بعض الفضلاء ولہذا لا یلزم الا اذا قبض لہ الرجوع قبلہ فلا منع حیث کان [illegible] بالقبض الخ اور نیز ردالمختار مین ہے قال فی الاشباہ صحت ویکون وکیلا قابضا [illegible] الخ اور محیط مین ہے الہبۃ انواع ہبۃ لاجنبی وہبۃ لذی رحم محرم وہبۃ لذی رحم لیس بمحرم وہبۃ لمحرم لیس بذی رحم وفی جمیع ذلک

للواہب حق الرجوع قبل التسلیم لانہ بالرجوع قبل التسلیم یمتنع عن تمام القبض الخ اور ردالمختار میں ہے
صح رجوع المتصدق فیما بعد القبض لا ما قبلہ فلم تتم الہبۃ الخ اور قاضیخان مین ہے وصدقۃ اذا تمت
بالقبض لا یرجع فیہا کانت القریب وللاجنبی وللواہب ان یرجع فی ہبتہ قبل ان یقبضہ الموہوب لہ
کان الموہوب لہ حاضرا او غائبا اذن لہ فی قبضہ او لم یاذن یتفرد الواہب فی الرجوع قبل القبض وبعد
القبض لا یرجع الا بالقضاء او رضاء الخ اور یہ قول سائل کا کہ واہبہ نے ہبہ کر کے قبضہ و استحقاق
مالکانہ اپنا اوس جائداد سے اوٹھا لیا قبضہ ہبہ کے لیے کچھ مفید نہین بلکہ یہ قول بے معنی ہے
اسواسطے کہ مراد سایل کی اوس جائداد سے کیا ہے اگر زر قرضہ مندرجۂ دستاویز ذمگی مدیونان
ہے تو وہ ہنوز واہبہ کے قبضہ مین نہین کہ ہبہ کر کے اوس سے اپنا قبضہ اوٹھا لیتی اور اگر مراد
اوس سے جائداد مستغرقہ ہے تو وہ موہوب نہین اور نہ واہبہ کی ملک ہے کہ اوسکو ہبہ کرسکتی
اور نہ استحقاق مالکانہ اپنا اوسپر رکھتی ہے کہ اوسکو اوٹھا لیتی پس یہ قول بے معنی اور لغو ہے اگر
یہ کہا جاوے کہ جس دستاویز مین زر قرضہ مندرج ہے یعنی جسکو مدیونین نے دائنہ کو لکھکر دیا ہے
وہ دستاویز یا تو خود دائنہ کے قبضہ مین ہوگی یا دائنہ نے موہوب لہ کے یا اوسکے ولی کے
قبضہ مین دیدیا ہوگا اور ان سب صورتون مین قبضہ ہبہ متحقق ہوتا ہے اسلیے کہ اگر خود دائنہ کے
قبضہ مین ہوگا تو اسواسطے کہ دائنہ والدہ ہے قبضہ ہبہ نابالغ کے ولایت رکھتی ہے جیسا کہ اوپر
گذر چکا اور قبضہ ولی کا بجاے قبضہ موہوب لہ کے ہے جیسا کہ [illegible] قبضہ مین ہبہ متحقق
ہوا اور اگر موہوب لہ کے قبضہ مین دیدیا ہے تو اس صورت مین تحقق قبضہ ہبہ ظاہر ہے اور اگر
[illegible] مین دیدیا ہے تو اسواسطے کہ [illegible] کا قبضہ بجاے واہبہ کے قبضہ کے ہے
[illegible] کے قبضہ کے ہے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا پس ان سب صورتون
مین قبضہ ہبہ متحقق [illegible] ہوا تو اب ہبہ مذکور تام اور کامل ہوگا اور
اوس سے رجوع اور عود [illegible] تو بدون حکم حاکم یا رضامندی [illegible] کے
ناجائز ہوگا تو جواب اوسکا یہ ہے کہ کسی [illegible] قبضہ ہبہ متحقق نہین ہوتا اسلیے
کہ دستاویز [illegible] موہوب نہین ہے کہ اوسکا قبضہ قبضہ ہبہ ہو [illegible] موہوب قرضہ مندرجہ دستاویز
ہے جو ذمگی مدیونان [illegible] موہوب لہ کے قبضہ مین

اور اوس شخص کے قبضہ مین جسکو واہبہ نے ولی اوسکا مقرر کیا ہے بلکہ اگر زید مذکور پر بھی شخص
مذکور کا قبضہ ہو گیا ہوتا جب بھی قبضہ ہبہ کے لیے کافی نہین ہوتا اسواسطے کہ شخص مذکور
موہوب لہ کا ولی نہین جیسا کہ سابقا معلوم ہوا اور اگر مجرد دستاویز مذکور کا قبضہ واہبہ مین ہونا
یا موہوب لہ کا اوسپر قبضہ کرا دینا قبضۂ زر مندرجۂ دستاویز کے لیے کفایت کرتا تو جس وقت
مدیون نے دستاویز مذکو لکھکر دائنہ کو دیدی تھی اور اوسپر اوسکا قبضہ کرا دیا تھا تو یہی دستاویز
مذکور کا دائنہ کو دیدینا اور اوسپر اوسکو قبضہ کرا دینا ادای زر قرضۂ دائنہ مندرجۂ دستاویز کے لیے
کفایت کر جاتا اور یہی ادای زر قرضہ دائنہ سمجھا جاتا اور پھر مطالبہ ادای زر قرضہ مذکور کا اوسسے
ساقط ہو جاتا وہو کما تری اور جب ثابت ہوا کہ کسی صورت مین صور مذکورہ سے قبضہ
ہبہ متحقق نہین ہے تو ہبہ مذکورہ ناتمام اور ناکمل رہا پس واہبہ کو اختیار رجوع اور عود کا
ہبۂ مذکورہ سے بلا حکم حاکم اور رضا مندی یکدیگر کے باقی رہا اگر یہ کہا جاوے کہ گو دستاویز
مذکور پر موہوب لہ یا اوسکے ولی کا قبضہ کرا دینا قبضہ ہبہ کے لیے مفید نہین ہے لیکن حصول
شرط صحت و جواز ہبۂ مذکورہ کے لیے تو ضرور مفید ہوگا پس ہبۂ مذکورہ صحیح اور جائز ہوگی
تو جواب اوسکا یہ ہے کہ شرط صحت و جواز ہبہ مذکورہ تسلیط صریحی ہے نہ حکمی اور دستاویز
مذکور پر قبضہ کرا دینے سے اگر تسلیط متحقق بھی ہو تو تسلیط حکمی متحقق ہوگی نہ تسلیط صریحی اور تسلیط
حکمی کافی نہین اور با اینہمہ تسلیط مانع رجوع نہین کما سلف مفصلاً بلکہ ایسی ہبہ سے کہ واہبہ نے
اسمین بے انصافی کی ہے کہ صرف بیٹے کو ہبہ کیا اور بیٹیان بھی موجود ہین اونکو محروم کیا
رجوع کر لینا اولے اور بہتر ہے چنانچہ صحیحین اور دیگر صحاح مین نعمان بن بشیر سے روایت ہے
کہ اونکے باپ نے اونکو ایک غلام ہبہ کیا تھا اور اپنی اور اولاد کو محروم کیا تھا تب اونکی مان نے
اونکے باپ سے کہا کہ مین راضی نہونگی یہانتک کہ گواہ کرو تم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو تب
اونکے باپ اونکو لیکر حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوے اور عرض کیا
کہ مین نے اپنے اس لڑکے کو ایک غلام ہبہ کیا تھا اور اوسکی مان نے مجھکو حکم کیا ہے کہ مین آپکو
گواہ کرون سو آپ گواہ رہین آپنے پوچھا کہ اسیطرح تو نے اپنی اور اولاد کو بھی کیا ہے کہا نہین
فرمایا کیا خوش آتا ہے تجھکو کہ تیری سب اولاد تیرے ساتھ بھلائی کرنے مین برابر ہون

کہا کیون نہین فرمایا سو ایسا مت کر اور پھیر لے اوس غلام کو اور مت گواہ کر مجکو کہ مین ظلم پر گواہی نہین کرتا اور فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اور اپنی اولاد مین انصاف کرو تب ونکے باپنے اوس ہبہ سے رجوع کیا یعنی اوس غلام کو پھیر لیا فی المشکوۃ عن نعمان بن بشیر ان اباہ اتی بہ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال انی نحلت ابنی ہذا غلاما فقال اکل ولدک نحلت مثلہ قال لا قال فارجعہ روایۃ انہ قال الیسرک ان یکونوا الیک فی البر سواء قال بلی قال فلا اذا وفی روایۃ انہ قال اعطانی ابی عطیۃ فقالت عمرۃ بنت رواحۃ لا ارضی حتی تشہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال انی اعطیت ابنی من عمرۃ بنت رواحۃ عطیۃ فامرتنی ان اشہدک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اعطیت سائر ولدک مثل ہذا قال لا قال فاتقوا اللہ واعدلوا بین اولادکم قال فرجع فرد عطیتہ وفی روایۃ انہ قال لا اشہد علی جور متفق علیہ الخ اور دستاویز مذکور وصیت نامہ بھی نہین ہے اسلیے کہ وصیت اوس تملیک کو کہتے ہین جو مضاف بمابعد موت ہو تنویر الابصار مین ہے ہی تملیک مضاف الی مابعد الموت اور تملیک مذکور دستاویز مین مضاف بمابعد موت نہین ہے پس دستاویز مذکور وصیت نامہ نہین ہے اور وصیت بمقابلۂ وارث کے یعنی وصیت واسطے وارث کے ناجائز ہے ہدایہ مین ہے لا تجوز لوارثہ لقولہ علیہ السلام ان اللہ اعطی کل ذی حق حقہ الا لا وصیۃ لوارث

خلاصہ جواب اصل سوال کا یہ ہے کہ ہبہ مذکورہ بوجہ فوت ہونے شرط صحت وجواز اسکی کے باطل ہے اور ناجائز ہے اور دستاویز مذکور ہبہ نامہ نہین ہے اور بفرض صحت وجواز بوجہ عدم لزوم واستحکام اسکے بجہت عدم قبضہ کے واہبہ کو اختیار رجوع اور عود کا بلا حکم حاکم ورضامندی یکدیگر کے حاصل ہے اور بجہت وقوع بے انصافی کے رجوع اولی اور بہتر ہے اور دستاویز مذکورہ وصیت نامہ بھی نہین ہے اور وصیت بمقابلۂ وارث کے ناجائز ہے واللہ اعلم بالصواب

حررہ محمد عبد اللہ عفا عنہ۔ فی الواقع صورت مذکورہ مین ہبہ غیر نافذ ہے اور واہبہ کو اختیار رجوع کا ہے بلکہ رجوع بہتر ہے اور ولایت کافر کی مسلمان پر غیر معتبر ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

[مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا جب مریض بمرض شدید ہبہ سادہ کرے اور پھر مرض مین افاقہ وتخفیف ہونے حتی کہ اسکو کوئی خطرہ ہلاک کا نرہے اور غالب گمان عافیت وسلامت کا ہو اور وہ سال کے

اندر ابتدای مرض اول سے بحدوث مرض جدید مر جاوے تو وہ واہب مریض بمرض الموت متصور ہوگا
یا نہیں اور تقدیر بقاے مرض سابق سے باوجود عدم خوف ہلاک خلل ہبہ میں ہوگا یا نہیں بینوا توجروا
ہوالمصوب موت قبل گذرنے ایک سال کے امراض ممتدہ میں مطلقا مانع نفاذ ہبہ
وغیرہ جمیع مال سے نہیں ہے بلکہ جب خوف ہلاکت ہو ورنہ نہ پس صورت مذکورہ میں
وہ شخص واہب مریض بمرض الموت متصور نہوگا اور بقای مرض سابق سے اور موت اسکی سے
اندر ایک سال کے بحدوث مرض آخر باوجود عدم ظن غالب موت کے مرض سابق سے
ہبہ میں خلل نہوگا وقایہ اور اوسکی شرح لفصیح الدین ہروی میں ہے وہبة مقعد ومفلوج واشل
ومسلول یجوز من کل ماله کهبة الصحیح ان طالت مدته ای مدة کل واحد من هذه الامراض فقدروه
بسنة کما فی الهدایة وغیرها فانه اذا طالت المدة صار بمنزلة طبع من طبائعه ولم یخف موته منه
غالبا بان لا یحس ازدیاده شیئا فشیئا کالعمی فکان صاحبه فی التصرف بمنزلة الصحیح والا ای وان
لم تطل مدته وکان بحیث یزداد حالا فحالا ویخاف فیه الهلاک غالبا فمن ثلثه انتہی ملخصا اور شرح
مختصر وقایہ للبرجندی میں ہے مرض الموت ما یکون سببا للموت وذلک اذا کان یزداد حالا
فحالا الی ان یکون آخره الموت فاذا استحکم [illegible] ولم یکن سببا للموت وصاحبه فی
التصرف بمنزلة الصحیح انتہی اور [illegible] لکھتے ہیں [illegible]
ان لم یتطاول علیه ذلک بحیث [illegible]
اور زیلعی تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق میں لکھتے ہیں ای ان لم یتطاول العهد [illegible]
اذا کان صاحب فراش ومات منه فی ایامه لانه فی ابتدائه یخاف منه الموت ولهذا یتداوی فیکون
مرض الموت انتہی اور منح الغفار شرح تنویر الابصار میں ہے وہبة مقعد ومفلوج واشل ومسلول
من کل ماله ان طالت مدته سنة ولم یخف موته منه والا ای وان لم تطل المدة وخیف موته منه فمن
ثلثه انتہی اور شمنی شرح مختصر وقایہ میں لکھتے ہیں والا ای وان لم تطل مدته وخیف موته منه ومات
فمن ثلثه لانه فی ابتدائه یخاف منه الموت ولهذا یتداوی منها فیکون مرض الموت انتہی
ان سب عبارات سے یہ بات ثابت ہے کہ صرف سال کے اندر مر جانے سے ہبہ ساقط
نہیں ہوگی مگر جبکہ خوف ہلاک غالب ہو اور موت مرض سابق سے واقع ہوئی ہو ورنہ نہ واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا [۱۴۷] چہ می فرمایند علمائے دین رحمہم اللہ اندرین صورت کہ شخصے را از سلطان معاش مشروطی مقرر است و بسبب لاولد بودنش صاحب معاش میخواہد کہ معاش مذکور بر داماد خود قرار یابد یا خود ہبہ کند یا رہن دہد یا بخشش کند و برادران صاحب معاش کہ از حقیقی یا عم زاد قریبہ و بعیدہ باشند دعوی کنند کہ معاش مذکور بر کسے از برادر مذکور مقرر باید پس از روے شرع صاحب معاش معاش مشروط را بداماد خود بیع یا ہبہ یا رہن یا بخشش کردن میتواند یا دران فقط مر سلطان را اختیار باشد و نیز دران معاش برادران مذکور الصدر احق تر خواہند بود یا داماد مستحق خواہد شد بینوا توجروا

ہو المصوب معاش مشروط کہ از حقوق مجردہ است رہن و بیع و ہبۂ آن ناجائز است بلکہ درین باب سلطان را اختیار است کہ بمستحق مقرر سازد در اشباہ والنظائر می نویسد فی صلح البزازیۃ رجل لہ عطاء فی الدیوان مات عن ابنین فاصطلحا علی ان یکتب فی الدیوان اسم احدہما و یاخذ العطاء والآخر لاشئی لہ من العطاء و یبذل لمن کان العطاء لہ مالا معلوما فالصلح باطل و یرد بدل الصلح والعطاء للذی جعل الامام عطاؤلہ لان الاستحقاق للعطاء باثبات الامام لا دخل فیہ لرضا الغیر و جعلہ غیر ان السلطان ان منع المستحق فقد ظلم مرتین فی قضیۃ حرمان المستحق واثبات غیر المستحق مقامہ انتہی و ہمدران در مقام اخر می آرد الحقوق المجردۃ لا یصح الاعتیاض عنہا کحق الشفعۃ فلو صالح عنہ بمال بطلت و رجع بہ و علی ہذا لا یجوز الاعتیاض عن الوظائف بالاوقاف انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا [۱۴۸] بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس صورت میں کہ حامد فوت ہوا اور دو پسر یکے احمد دوسرے محمود اور ایک مکان خاص پیدا کردہ اپنا ورثا اور متروکہ چھوڑا بعدہ مابین احمد اور محمود ہر دو برادران حقیقی کے متروکۂ پدری انصافا تقسیم ہو گیا مسمی محمود نے بوجہ لاولدی کے مسعود برادر عم زاد حقیقی اپنے کو اور احمد نے محمود امید وغیرہ نواسگان اپنے کو متروکہ اپنا اپنا دیگر ایک

اقرارنامہ حسب ضابطۂ شرعی بدین مضمون کہ یہ مکان نصف مشاع حق وملک فلان شخص و نصف
مشاع حق وملک فلان فلان اشخاص کا ہے ہم مقران عاریۃً اس مین قیام پذیر ہین
مالکان مکان جب چاہین ہمسے تخلیہ مکان کا کرالیوین ہمکو کچھ عذر نہو گا سنہ ۱۲۷۵ ہجری مین
لکھدیا اور وہ اقرار نامہ مکمل بگواہی و مہر کے ہوگیا اور اقرار نامہ مین مقران نے بہ نسبت
مکان مذکورہ ملکیت اپنی اپنی نہ بروی ارث و نہ بروی خرید اور نہ کچھ اور ذکر مذکور دینے
یا نہ دینے مکان کا بہ نسبت ورثہ مذکورین کے لکھا پس اُس سے صاف یہ ثابت ہوتا ہے
کہ ملکیت مقرلہم کی اس مکان پر کسی طریق دیگر سے ہے کہ وہ مقران عاریۃً واجارۃً اُسمین
قیام پذیر ہین۔ چنانچہ وہ دونون مقران اقرارنامہ اُسی مکان مین رہے اور مرے
اور اُنھین کا قبضہ رہا مگر چونکہ بیعنامہ مکان مذکور موسومہ حامد مورث اعلیٰ تقسیم نہین
ہوسکتا تھا پس بوجہ دوراندیشی و رفع مناقشہ آیندہ کے ہردو مقران اقرارنامہ نے
یہ اقرارنامہ بمہر و دستخط اپنے اپنے کے لکھدیا اور اصل بیعنامہ مکان موسومہ حامد پاس
ورثہ مذکورہ کے اور اقرارنامہ مذکور پاس ورثہ محمد واجد وغیرہ کے موجود ہے ہر ایک
فریق کے پاس دوسرے کا وثیقہ موجود نہین ہے وقتیکہ ابتداے اقرارنامہ مذکور سے
اتبک ورثاے محمد واجد وغیرہ کا بوجہ اتفاق و یکجہتی باہم وخصوصاً انتزاع عدم
بدنیتی و عدم بے ایمانی وغیرہ طرفین کے کسی طرح کا قبض وتصرف مکان مذکور پر
نہین ہوا بدستور علے ترتیب النسل ورثہ مسعود کا قبض وتصرف رہے اب ورثہ
محمد واجد وغیرہ نے بعد چندین مدت بہ ارادہ وغرض فاسدہ کے جو بجہت اقرارنامہ
موجودہ ورثہ مسعود سے کہ شرعاً کوئی میعاد دعوی کی مقرر نہین ہے
اور ہروقت مدعی کو اختیار دعوی اپنے کا ہے نصفی مکان کے مدعی ہوے تو ورثہ مسعود
بہ نیت حق تلفی و نادہندی و عدم پابندی شرعیہ و ایمان داری کے اقرارنامہ کو
ہبہ بالمشاع قرار دیتے ہین اور کہتے ہین کہ بحالت موجودگی نواسگان کیونکر حق ملسکتا ہے
اگر کچھ بھی حق تمھارا ہوتا تو وارثان تمھارے اب تک کیون خاموش بیٹھے رہتے
ورثۂ محمد وغیرہ یہ جواب دیتے ہین کہ ہبہ نامہ نہین بلکہ اقرارنامہ ہے

اور اُسکی کوئی عبارت سے ہبہ بالمشاع نہین پایا جاتا ہے اور اگرچہ ابتدا سے ابتک
بوجہ اتفاق باہمی اور عدم بدنیتی اور بے ایمانی طرفین کے کوئی کسی طرح کا قبض و تصرف
ہمارا نہین ہوا لیکن عند الشرع کوئی میعاد دعوے مقرر نہین ہے ورنہ بطلان حق حقدار
ہوسکتا ہے اور ہم بموجب اقرار نامہ موجودہ نہ بموجب حق نواسگی یا عصوبت وغیرہ کے
حصہ اپنا طلب کرتے ہین اور یہ اقرار نامہ ایسا تصور کرنا چاہیے جیسا کہ محمد امین جد
تمھارے نے باوجود موجودگی عصبہ یعنی برادرزادۂ حقیقی اپنے کے نصفی متروکہ صحرائی
وسکنائے اپنا برادرزادۂ حقیقی اپنے کو اور نصفی متروکہ صحرائی وسکنائی اپنا مسماۃ ہندہ
نواسی حقیقی محروم الارث اپنے کو بنظر دور اندیشی دین مہر زوجہ اپنی کے کہ جدہ صحیحہ مسماۃ
ہندہ کے ہوتی ہے اور مسماۃ ہندہ بہ اولاد برادرزادگان زوجہ کے کدخدا ہوئی سبب ہے
ایسا نہو کہ خسر یا خاوند نواسی مذکور کا مدعی مہر عمہ اپنے کا عصبہ میری سے ہووے لکھدیا
ویسا اس اقرار نامہ کو بھی تصور کرنا چاہیے کہ واسطے رفع مناقشہ آیندہ کے احمد نے
بدین مہر زوجہ اپنے کے بنام محمد و امجد وغیرہ کے یہ اقرار نامہ لکھدیا ورنہ احمد بموجودگی
دختر کے نواسگان کو کیون لکھدیتا علاوہ اسکے وہ لوگ عالم و فاضل و قاضی و پابند
شریعت منجانب سلاطین اہل اسلام مقرر تھے ایسی بیضا بطگی برخلاف شریعت اُن سے
نہین ہوسکتی تھی اور تقسیم ہونا متروکۂ پدری کا باہم ہر دو برادران مذکوران کے اور پہلے
مرنا محمود کا اور بعد اُسکے مرنا احمد کا اور دیدینا متروکہ اپنے اپنے کا مسعود و محمد وغیرہ کو
کتاب اغصان الانساب مصنفۂ جد تمھارے سے بخوبی ثابت اور مویدہ ہے تو ایسی صورتین
کل متروکہ حامد کا بوجہ تقدیم و تاخیر اموات کے احمد کی طرف شرعاً عود کرتا ہے پس
علماے دین کے نزدیک آیا اقرار نامہ یا ہبہ نامہ بالمشاع متصور ہوگا اور یہ اقرار نامہ
اور یہ کارروائی بعینہ کارروائی محمد امین جد ورثہ مسعود کے پائی جاتی ہے یا نہین اور
یہ اقرار نامہ جائداد اور نیز قابضان جائداد پر شرعاً بعد چندین مدت مدیدہ نافذ ہوسکتا ہے
یا نہین اور ورثہ محمد و امجد وغیرہ بروی اس اقرار نامہ کے دعوی ورثۂ مسعود سے
کرسکتے ہین یا نہین اور چونکہ زوجۂ محمد امین کے چار پانچ برادرزادگان حقیقی ہین اور محمد امین

بدین مہر زوجہ اپنے کے تحریر جائداد صحرای وسکنای موسومہ نواسی محروم الارث اپنے کو
باوجود موجودگی برادرزادۂ حقیقی اپنے کو دے چکا ہے تو دیگر برادرزادگان حق دین
مہر عمۂ حقیقی اپنے کا کہ بتعداد بائیس ہزار کے مقرر ہے کس متروکۂ محمد امین
سے آیا متروکۂ مقبوضہ مساۃ ہندہ یا متروکۂ مقبوضۂ برادرزادۂ حقیقی محمد امین یا دونون
کے مقبوضہ مین سے پاوین گے جو کچھ کہ از روی شرع شریف کتب فقہ سے ثابت ہو
بقید عبارت و نام کتاب جواب ہر ایک امورات مستفسرہ کا ارقام فرماوین بینوا توجروا

ہو الموفق تحریر دوست محمد و نور الحق اگرچہ بحسب ظاہر اقرار ملک للغیر ہے
نہ ہبہ ولیکن بیان مستفتی سے ثابت ہوتا ہے کہ نفس الامر مین مکان مقربہ ملک
مقرین تھا نہ ملک مقر لہم نور الحق ایک مقر نے اپنا حصہ نصف مشاع محمد احمد برادر
عم زاد حقیقی اپنے کو اور دوست محمد دوسرے مقر نے اپنا حصہ نصف مشاع اپنے
چار نواسون محمد حفیظ اللہ وغیرہ کو دیکر بنظر دور اندیشی و رفع منافشہ آیندہ کے
اقرار ملک انکے لیے لکھدیا اور باوجود اس اقرار کے تمام عمر خود وہ دونون مقر
اسپر قابض و متصرف رہے اور مقر لہم کو تسلیم نہین کیا اور ورثۂ محمد حفیظ اللہ وغیرہ
بھی خود اس امر کے معترف ہین اور معاملہ محمد امین الدین کو بطور نظیر اور کتاب
اغصان الانساب مولفۂ رضی الدین محمود جد ورثۂ محمد احمد کو بطور تائید اور شہادت کے
پیش کرتے ہین اور اس خاندان مین ایک کتاب کے موجود ہونیکے سبب سے
معلوم ہوتا ہے کہ اکثر لوگ اس قوم کے اس امر پر مطلع ہین اس وجہ سے یہ اقرار
تملیک عین بلاعوض یعنی ہبہ ٹھہرایا جاویگا اور شرائط ہبہ اس مین مرعی ہونگا اور ہبہ
مشاع اور ہبہ بغیر قبض نافذ نہین ہوتی ہے پس ورثۂ مقر لہم اس اقرار کی بنا پر دعوی
مکان مقربہ کا نہین کرسکتے اور جبرا انکو ورثۂ مقرین سے لینا حرام ہے ہان اگر وہ دونون
مقر بعد اقرار کے اس مکان مقربہ کو تقسیم کرکے ہر ایک مقر لہ کو موافق اقرار کے تسلیم
کر دیتے تو اس صورت مین یہ اقرار ابتدای ہبہ ٹھہرایا جاتا اور مقر لہم مالک ہو جاتے

فی الدر المختار اقر لآخر بمعین ولم یعنہ لکن من المعلوم لکثیر من الناس انہ ملکہ فہل یکون اقرارا

او تملیکا ینبغی الثانی فیراعی فیہ شرائط التملیک فراجعہ انتہی والیضا فیہ عن البزازیۃ
حتی لو اقر کاذبا لم یحل لہ لان الاقرار لیس سببا للملک نعم لو سلمہ برضاہ کان ابتداء
ہبۃ وہو الاوجہ انتہی وفی تنقیح الفتاوی الحامدیۃ عن الخانیۃ رجل اقر فی صحتہ وکمال عقلہ ان جمیع
ما ہو داخل منزلہ لامرأتہ ثم مات الرجل وترک ابنا فادعی الابن ان ذلک ترکۃ ابیہ
قال ابو القاسم الصفار ان علمت المرأۃ ان جمیع ما اقر بہ الزوج کان بدلہا ببیع او ہبۃ
کان لہا ان تمنع ذلک من الابن بحکم اقرار الزوج وان علمت انہ لم یکن بدلہا ببیع
ولا ہبۃ لا یصیر ملکا لہا بہذا الاقرار انتہی اور چونکہ ورثہ محمد حفیظ اللہ وغیرہ نواسگان دوست محمد
مالک اُس مکان مقر بہ کے بحکم اُس اقرار کے نہین ہوسکتی پس اگر محمد امین الدین وارث
محمد احمد تنہا اُس مکان کا مالک ووارثہ ہو تو سب تصرفات اُسکے اُس مکان مین شرعًا
جائز ہین اپنے بھتیجے اور نواسی کو اُسکا ہبہ کرنا بھی صحیح ہے واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع
والمآب حررہ محمد المدعو بعابد حسین عفا اللہ عنہ وعن شیخہ روز جمعہ دوازدہم شوال ۱۳۰۱ ہجری
ہو المصوب تحریر محمود او راحمد کی اقرار نامہ متصور ہوگی نہ ہبا نامہ جیساکہ
اس عبارت سے واضح ہے قال فی الخانیۃ رجل قال جمیع ما یعرف لی او ینسب الی
فہو لفلان قال ابو بکر الاسکاف ہذا اقرار ولو قال جمیع مالی او جمیع ما املکہ فہو لفلان فہو ہبۃ
ولو قال جمیع ما فی بیتی لفلان واقرار انتہی والاصل فی ذلک انہ ان اضاف المقر بہ الی
ملکہ کان ہبۃ لان قضیۃ الاضافۃ تنافی حملہ علی الاقرار الذی ہو اخبار لا انشاء تنقیح الفتاوی
الحامدیہ اور ایسا ہی منح الغفار اور درمختار وغیرہ مین موجود ہے پس صورت مذکورہ مین
ہرگاہ مقران نے مقر بہ کی نسبت اپنی ملکیت نہین ذکر کی بلکہ اُسکا دوسرون کے واسطے
اقرار کردیا بناء علیہ شیوع وغیرہ اسمین مضر نہوگا اور دعوی محمد وامجد وغیرہ کا اس
اقرار نامہ کی بنا بر ورثہ مسعود پر نافذ ہوسکتا ہے اور دعوی برادر زادگان زوجۂ
محمد امین متروکہ مقبوضہ ہندہ پر نہین ہوسکتا ہے واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی | ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علماء دین ومفتیان شرع متین ایسے مسئلہ مین

کہ مسماۃ فاطمہ زوجۂ شاہ مراد علی مرحوم نے ایک نوشتہ باین مضمون لکھا کہ پہلے مین سے نے
ایک ہبہ نامہ بنام مسماۃ بدورن بی بی زوجۂ شاہ قدرت اللہ کے لکھا تھا تو اُس مین
لفظ نسلاً بعد نسل کے لکھے گئے تھے اور یہ زرپنشن ہے کہ جسکی عذرداری ہمارے وارثان
شوہر نے کی لہذا اُس ہبہ نامہ کو فسخ کرکے اس ہبہ نامۂ ثانی مین مقررہ جو مبلغ ایک سو
نو روپیہ چودہ آنہ سکۂ چہرہ دار کہ جو سالانہ بابت باقی تصفیہ محلۂ مقران سے کے مقرر ہے
بقید حین حیات بنام مسماۃ بدورن بی بی زوجہ قدرت اللہ مذکور کے لکھے دیتی ہون
کہ بعد فوت میرے مسماۃ مذکور تاحیات اپنے قابض و دخیل زرپنشن مذکور کے ہو
سال بسال یا جیسا کہ قاعدہ سرکار مقرر کرے وصول کرکے اپنے تصرف مین لایا کرے
اور بعد فوت اُسکے وارثان کریم الدین پسر و مسماۃ علیم النسا بی بی دختر اور اپنی بی بی
بحصص مساوی ورثائے شوہری بھی پایا کرین لکھدیا اور یہ زرپنشن عطائے سلطانی
ایک شخص شاہ مراد علی کے نام سے ہے اور مسمی کریم الدین پسر اور مسماۃ علیم النسا بی بی
دختران شاہ مراد علی زوج اور زوجۂ فاطمہ بی بی متوفی سے ہین اور وارث
متوفی کے بھی ہین پس ایسی صورت مذکور مین تملیک مضاف بعد الموت یعنے وصیت
جائز ہوئی یا نہین اور یہ وصیت بالشرط ہے یا نہین یا یہ کہ وصیت قرار نپاوے گی
بسبب لکھنے عبارت بالا کے اور نوشتہ مذکور کے نقل ہمراہ استفتائے ہذا ہے
ملاحظہ فرماکر جواب جلد قلمبند فرمانے سے ثواب ہوگا فقط

ہو المصوب درمختار مین بحث مصارف بیت المال مین ہے العطاء صلۃ
فلا تملک الا بالقبض انتہی اور بھی اُسمین کتاب الوصایا مین ہے اثناء ذکر شروط
جواز وصیت مین وکون الموصی بہ قابلا للتملیک بعد موت الموصی بعقد من العقود
مالا او نفعا انتہی اور اشباہ مین قاعدۂ خامسہ مین ہے العطاء الذی جعل للامام
العطاء لہ لان الاستحقاق للعطاء باثبات الامام لادخل فیہ لرضاء الغیر وجعلہ انتہی
اور رد المحتار حاشیۂ درمختار مین کتاب البیوع مین ہے قال فی البدائع الحقوق
المفردۃ لاتحتمل التملیک ولا یجوز الصلح عنہا انتہی ان عبارات سے یہ امر ثابت ہوا

کہ وظیفۂ مقررہ قبل وصول ہونے کے مملوک نہین ہے صرف حق صاحب وظیفہ متعلق ہے اور حق کی تملیک باطل ہے بناءً علیہ صورت مذکورہ مین وصیت مذکورہ کہ اسمین تملیک ہوتی ہے باطل ہوگی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین اگر کوئی شخص بعد چھ مہینے کے کچھ روپیہ گورنمنٹ سے پایا کرتا ہے وہ قبل وصول کرنے کے اُس روپیہ کو ہبہ کرسکتا ہے یا نہین اگر کوئی شخص کسی چٹھی کو ہبہ کرے جسکے ذریعہ سے وہ روپیہ ایک میعاد معین پر وصول کیا کرتا ہے کیا اُس کا اثر یہ ہوسکتا ہے کہ وہ روپیہ جسے وہ اُس میعاد پر وصول کرے گا ہبہ ہو جاوے اگر کوئی صرف استحقاق کسی شی کا بلا بخشنے کے ہبہ کرے تو یہ جائز تصور کیا جائے گا یا نہین

ہو المصوب چٹھی کی ہبہ و بیع اور ایسیہی صرف حق و استحقاق کی ہبہ و بیع شرعاً لغو ہے استحقاق اور چٹھی کی ہبہ سے یہ اثر نہین ہوسکتا ہے کہ موہوب لہ وہ روپیہ وصول کرسکے اور ایسیہی ماہانہ یا سالانہ یا ششماہی کی ہبہ و بیع نادرست ہے کیونکہ ایسی تنخواہ قبل قبض و وصول کے ملک مین داخل نہین ہوتی ہے اور بیع و ہبہ غیر مملوک و معدوم کی باطل ہے خزانۃ الروایات مین ہے فی التجنیس من لہ وظیفۃ فی بیت المال اذا قسمہ فی حال حیاتہ فقسمتہ باطلۃ لانہ بعد الموت یرد الی بیت المال وفی جواہر الفتاوی علوی لہ مشاہرۃ من مال الخراج یصل الیہ کل سنۃ فوہبہا لغیرہ ووکلہ بقبضہا لایجوز لان العلوی لایملکہا قبل القبض ولا یصح جعلہا ہبۃ لغیرہ لانہ لم یملکہا وفی القنیۃ قال نجم الائمۃ شری البردات فی تیبۃ الدیوان علی العمال لایصح انتہی اور رسالہ احکام الاراضی مین ہے الاصل ان المعدوم لایصح تملیکہ ولا التصرفات فیہ انتہی اور بھی اُس مین ہے لا العلم لذلک اصے للقول بالتملک فی غیر المقبوض من الوظیفۃ اصلا من الکتب المشہورۃ المعتبرۃ واللہ اعلم۔ حررہ الراجی

عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی (محمد عبدالحی ابوالحسنات)

استفتا۱۵۰ کیا فرماتے ہین علمائے دین اس مسئلہ مین کہ زید کے دو وارث ہین بھتیجا مسمی بکر اور ایک زوجہ غیر ذات الولد زید نے اپنے کل مملوکات منقولہ و غیر منقولہ بعوض دین مہر کے اپنی زوجہ کو ہبہ کردیا و ہنوز نوبت بتحریر و تکمیل ہبہ نامہ نہین آئی کہ دفعۃ زید بیمار ہوکر مرگیا بعد مرنے زید کے فیما بین بکر اور اُسکی چچی یعنی زوجہ زید کے یہ قرار داد ہوا کہ اگر زوجۂ زید و بکر سے کسی قسم کی نزاع و پرخاش پیش نہ آوے تو اُسوقت کل مملوکات جدی و موروثی زید پر زوجۂ زید تاحین حیات خود قابض و مالک رہے و اذلیس ہذا فلیس ذلک اس صورت مین یہ قرار داد مبطل اُس ہبہ بالعوض کا جو زید نے اپنی زوجہ کو بعوض دین مہر کے کردیا تھا ہے یا نہین

ھو المصوب مبطل اُس ہبہ بالعوض کا نہوگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی (محمد عبدالحی ابوالحسنات)

کتاب الوصیۃ

استفتا۱۵۱ سوال زید نے بحالت صحت ذات و ثبات عقل کے یہ وصیت نامہ لکھا اور عمرو اپنے بیٹے کو وصی مقرر کرکے قابض و دخیل اپنے روبرو کل املاک اپنے پر کرادیا بعد اسکے زید مرگیا اُسوقت مسماۃ ہندہ بنت زید نے بہ تسلیم وصیت نامہ قبضہ و دخل عمرو کا بحال رکھا اور عمرو مذکور قریب بیس سال کے قابض و دخیل رہکر مطابق وصیت نامہ کے عمل درآمد کرتا رہا اب عمرو مرگیا اور اُسنے چھوڑا اصل موصی کی دختر ہندہ کو اور ہندہ کی بیٹون کو یعنے موصی کے نواسون کو اور تین بیٹے نابالغ اور تین لڑکیان نابالغہ اور مسماۃ صالحہ ایک بیٹی بالغہ اور مسمی بکر ایک بیٹے بالغ کو بعدہ مسمی بکر کہ سعید و صالح ہے اور بہ نسبت جملہ ورثا کے لائق اہتمام امور وقت وغیرہ ہے بذریعۂ وصیت نامہ مذکور کے قابض املاک ہوا اور ساتھ امانت اور دیانت کے تعمیل امور مندرجہ وصیت نامہ کرتا ہے سوال اوّل بموجب وصیت نامہ کے وصی بہ نسبت جائداد کے اشخاص مذکورہ مین سے کون شخص ہوگا سوال دوسرا اور جو شخص وصی ہوگا بہ نسبت جائداد کے وہی شخص وصی و منتظم بہ نسبت

مرسلہ محمد ابراہیم صاحب از جونپور

بارہ آنہ کے بھی ہوگا سوال تیسرا درحالیکہ وہی شخص وصی ہو تو ورثائی موصی کو اختیار انتزاع
قبضہ کا اُس شخص سے نسبت چار آنہ کے خواہ بارہ آنہ بقیہ سے کے حاصل ہے بینوا توجروا
ہوالمصوب چونکہ دفعہ ۳ مین موصی نے تصریح کر دی کہ امر انتظام وقف ہماری اولاد
مین رہیگا اسوجہ سے موصی کے نواسون کو کچھ مداخلت نہین ہو سکتی ہے کیونکہ لفظ اولاد سے
اولاد بنت بقول مفتی بہ خارج ہین تنقیح الفتاوی الحامدیہ کے صفحہ ۱۵۶ جلد اول چھاپہ مصر مین
مرقوم ہے قال الطرطوسی ما حاصلہ ان فی دخول اولاد البنات فی لفظ الاولاد اختلاف الروایۃ ففی
روایۃ الخصاف وہلال یدخلون وفی ظاہر الروایۃ لا یدخلون وعلیہ الفتوی وذکر العلامۃ البیری انہ
اختلف ہل یدخل ولد البنت فی قولہ علی ولدی وولد ولدی قال فی المحیط لا یدخلون فی ظاہر الروایۃ
وعلیہ الفتوی لانہم ینسبون الی الاب دون الام واعتمدہ فی التجنیس وکذا اعتمدہ المتاخرون منہم الشیخ
قاسم الحنفی وقال ہو الذی یفتی بہ انتہی ملخصاً اور جو ورثہ بالغ نہین وہ بھی تا دربلوغ ولیاقت
قابل وصایت و ولایت نہین جیسا کہ بحر رائق مین ہے فی الاسعاف لو اوصی الی صبی تبطل
فی القیاس مطلقا وفی الاستحسان ای باطلۃ ما دام صغیرا انتہی باقی رہے اور ورثہ انمین سے
جو سعید صالح ولائق انجام امور وقف کے ہو وہ بحسب نص موصی امور وقف مین بابت
چار آنہ کے وصی و منتظم ہوگا اور اگرچند ورثہ سعادت ورشد مین برابر ہون توجو عالم ہوگا اور
امور وقف کا اہتمام اچھی طرح سے ساتھ دیانت وامانت کے کرسکتا ہوگا وہ منتظم قرار دیا جاویگا
تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین صفحہ ۱۸۲ مین ہے لو احدہما اورع والاخر اعلم بامور الوقف فہو اولی
اذا امن من خیانتہ ولو استویا رشدا وکان احدہما عالما فانہ یقدم انتہی اور جو سعید صالح لائق انجام
حسب نص موصی مہتمم امور وقف کا ہوگا وہی شخص بابت بارہ آنہ کے وصی قرار دیا جاویگا فتاوی
قاضیخان کے صفحہ ۳۱۴ جلد چارم چھاپہ کلکتہ مین ہے لو قال الوقف انت وصی فی امر الوقف
خاصۃ قال ابوحنیفۃ ہو وصی فی الاشیاء کلہا انتہی اور بھی اُسیکے صفحہ ۳۲۶ مین ہے اذا
اوصی الی رجل فی نوع کان وصیا فی الانواع کلہا انتہی اور بحر رائق کی کتاب الوقف مین ہے
لو جعل وصیا فی امر الوقف فقط کان وصیا فی الاشیاء کلہا عند ابی حنیفۃ ومحمد انتہی اور جامع الرموز
کے صفحہ ۵۰۰ چھاپہ مصطفائی کتاب الوصایا مین ہے اطلاقہ مشعر بانہ لو جعل رجلا وصیا

نوع صار وصیا فی الانواع کلها کما فی الذخیرۃ وغیرہا انتہی اور مجتبی شرح مختصر قدوری اور منح الغفار
شرح تنویر الابصار مین ہے لوخص له الوصیۃ فی مال له فهو وصی عند ابی حنیفۃ فی کله انتہی اور فتاوی
سراجیہ اور مجمع البرکات مین ہے الوصی فی نوع یکون وصیا فی الانواع کلها انتہی اور عبارت دفعہ
وصیت نامہ کی اور نہ نیلام سے حق ودخل مسمی عمرو خواہ اسکے جو قائم مقام ہون فتور نہ آوے گا
آلخ نص صریح اس امر پر ہے کہ بابت بارہ آنہ کے وصایت بعد عمرو کے اسکے قائم مقام کیطرف
منتقل ہوگی اور ورثہ موصی کو یا حاکم کو اختیار نہین ہے کہ بدون ثبوت خیانت کے انتزاع
قبضۂ وصی سے مقدار چار آنہ یا بارہ آنہ کو کرین جامع الرموز کے صفحہ ۸۳۹ مین ہے ویبقی
وجوبا امین عن الخیانۃ یقدر علی القیام بها انتہی اور شرح مختصر وقایہ للشمنی مین ہے ویبقی وصی امین
یقدر علی التصرف ولیس للقاضی ان یخرجه عن الوصایۃ انتہی اور ہدایہ کے باب الوصی مین ہے
لو کان قادرا علی التصرف امینا فیه لیس للقاضی ان یخرجه وکذا اذا شکی الورثۃ او بعضهم الوصی
الی القاضی فانه لا ینبغی له ان یعزله حتی تبدو امنه خیانۃ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی　محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا[۱۵۳] کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ مثلا
زید نے اپنی املاک موقوفہ اور موصی بہا کا وصی اور منتظم اپنے پسر مسمی بکر کو کرکے املاک مذکورہ پر
قابض ودخیل کرادیا اور یہ شرط کی کہ بعد مسمی بکر کے ہمیشہ وہر زمانہ مین ایک شخص ہماری اولاد
مین سے کہ سعید ولائق ہو وصی ومنتظم املاک مذکورہ کا ہوا کریگا شرعًا یہ شرط جائز اور
واجب التعمیل ہر زمانہ مین ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب یہ شرط جائز اور واجب التعمیل ہر زمانہ مین ہے فتاوی عالمگیریہ مین ہے
فی فتاوی محمد بن الفضل سئل عمن شرط فی اصل الوقف الولایۃ لنفسه ولاولادہ قال یجوز بالاجماع
انتہی اور بھی اسی مین ہے ان شرط ان یلیه فلان بعد موتی ثم بعدہ یلیه فلان ثم بعدہ یلیه فلان فهذا
الشرط جائز کذا فی محیط السرخسی انتہی اور فتاوی قاضیخان مین ہے لو شرط الواقف فی الوقف ان یکون
الولایۃ له ولاولادہ فی تولیۃ القیم وعزله والاستبدال بالوقف وما هو من انواع الولایۃ واخرجه من
یدہ الی مستحق جاز وکذلک لو ذکرہ فی امرہ انتہی الاشباہ مین ہے شرط الواقف کنص الشارع یجب اتباعه

انتہی اور طحطاوی حاشیۂ درمختار مین لکھتے ہین شرائط الواقف معتبرۃ کالنصوص فیراعی کالنصوص
انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا کیا فرماتے ہین علمائے دین اس مسئلہ مین کہ ہندہ نے زر قرضہ مندرجہ دستاویز جسمین جائداد غیر منقولہ مستغرق ہے یا فتنی اپنا ذمۂ زید وغیرہ اپنے پسر نابالغ کے نام بتقرر ایک شخص سربراہ کار وولی کے اس عبارت سے ہبہ بلا عوض کیا کہ زر قرضہ مندرجہ دستاویز کو ہبہ کرتی ہون اور دیدیتی ہون قبضہ اور استحقاق اپنا اُس سے اوٹھا لیا اور اُس دستاویز مین ولی کو اختیار وصول زر مذکور کا اور اُسکے محاصل مین پرورش وتعلیم نابالغ کا دیا اور یہ بھی لکھا کہ اگر پسر مذکور فوت ہو جاوے تو فیما بین دختران ہماری کے جو اُسوقت زندہ وقایم ہون زر مذکور بحصۂ مساوی تقسیم ہو تو اس صورت مین دستاویز مذکور ہبہ متصور ہوگی یا وصیت اگر ہبہ نامہ متصور ہو تو ایسی ہبہ سے واہبہ کو اختیار فسخ کا ہوگا یا نہین اور ولایت قوم ایک مسلمان نابالغ کے لیئے جائز ہے یا نہین —

ہو المصوب چونکہ وصیت عبارت ہے اور تملیک سے جو مضاف ہا بعد الموت ہو جیسا کہ تنویر الابصار مین ہے ہی تملیک مضاف الی ما بعد الموت انتہی اور عبارت ہبہ نامہ مین صاف لفظ ہبہ واعطا بغیر اضافت بعد موت کے موجود ہے بناءً علیہ یہ تحریر ہبہ نامہ متصور ہوگی لیکن چونکہ یہ تملیک دین غیر مدیون کو ایسے ہبہ سے اختیار رجوع و فسخ ہبہ کا ہوگا جبتک کہ موہوب لہ اُس دین پر قابض ہووے درمختار مین ہے واما تملیک الدین من غیر من علیہ الدین فان امرہ بقبضہ صحت لرجوعہا الی ہبۃ العین انتہی رد المحتار مین ہے ولہذا لا یلزم الا اذا قبض ولہ الرجوع قبلہ فلہ منعہ حیث کان بحکم النیابۃ عن القبض انتہی اور ولایت غیر مسلمان کی نابالغ مسلمان کے لیئے جائز ہے واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا عنہ

استفتا کیا فرماتے ہین علمائے دین اس مسئلہ مین کہ زید نے اپنے بیٹے بکر کو اپنا وصی کیا بقید دوام یعنی وصیت نامہ مین لفظ دائما کو مندرج کیا مگر کوئی قید نسلاً بعد نسل یا جو اُسکے مترادف ہو وصیت نامہ مین مندرج نہین کی بعد اُسکے زید نے انتقال کیا بعد اُسکے بکر نے بھی بغیر اوسکے کہ کسی کو وصی کرے وفات پائی اب اولاد بکر مدعی ہے اور کہتی ہے کہ میرا باپ بکر

زید کا وصی تھا اور زید نے اُسکو وصی کیا واسطے دوام کے چونکہ مین اُس کا وارث ہون اور لفظ
دائما مفید اس امر کی ہے کہ یہ وصیت نسلاً بعد نسل بنام بکر رہی لہذا ارث وصیت مجھپر منتقل ہونا چاہیئے
اور دوسرے ورثاے شرعی زید کے دعویدار ہین اور کہتے ہین کہ اب بعد مرنے بکر کے کوئی وصی زید کا
باقی نہین رہا اور چونکہ وصیت نامہ مین لفظ نسلاً بعد نسل کی نہین ہے صرف لفظ دائما ہے جو بکر کی
عین حیات سے متعلق تھی اور صرف اُسکے ما دام الحیات تک تھی اور وصیت کوئی ارث شرعی نہین ہے
کہ جو موصی لہ کے ورثا کی طرف اُسکی وفات کے بعد منتقل ہووے لہذا وہ وصیت بعد وفات بکر کے
منقطع ہوگئی اب جائداد زید جملہ ورثاے شرعی زید کی طرف منتقل ہونا چاہیئے اب ایسی حالت مین
از روے شرع شریف کے کیا حکم ہے آیا وصیت مذکورہ اولاد بکر کیطرف بطور ارث کے منتقل ہوگی
یا نہین اور بیان مذکورہ جو اولاد بکر کا بالا بیان کیا گیا ہے صحیح ہے یا نہین اور قید دائما مفید
نسلاً بعد نسل کو ہوگی یا نہین اور بیان دوسرے ورثای زید کا جو کہتے ہین کہ وہ وصیت صرف
بکر کی ما دام الحیات تک متعلق تھی اُسکے مرنیکے بعد منقطع ہوگئی از روی شرع شریف کے صحیح یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب لفظ دائما جو وصی کے حق مین وارد ہو مراد اُس سے بحسب استعمال قواعد فقہیہ
اُسکی ذات کے ساتھ وصایت کا دائم ہونا ہے اور صرف اس لفظ سے یہ نہین ثابت ہوتا ہے
کہ وصایت نسلاً بعد نسل ہے جبتک کوئی لفظ اس مضمون پر دال نہو اور وصایت ایسا امر نہین کہ بطور
وراثت منتقل ہو کہ بعد انتقال وصی کے اُسکا پسر بدون تولیت کے بحق وراثت وصی ہووے
درمختار کی کتاب الوقف مین ہے لا ولایۃ لمستحق الا بتولیۃ انتہی اور ردالمحتار کی کتاب البیع مین ہے
قال فی البدائع الحقوق المفردۃ لا تحتمل التملیک ولا یجوز الصلح عنہا اور بھی ردالمحتار مین بحث خیار الشرط
مین ہے الحقوق المجردۃ لا تورث انتہی و در عنایہ شرح ہدایہ او بنایہ شرح ہدایہ کی بحث خیار الشرط مین ہے
الارث فیما یقبل الانتقال لانہ خلافۃ عن المورث بنقل الاعیان الی الوارث انتہی ان مات القیم بعد موت
الواقف ان اوصی القیم الی وصی فوصیہ اولی من القاضی وان لم یکن اوصی الی رجل فالرای فیہ
الی القاضی فتاوی حمادیہ کتاب الوقف ولایۃ النصب الی القاضی اذا مات المتولی ولم یوص الی احد
طحطاوی حاشیہ درمختار کتاب الوقف قال فی الذخیرۃ البرہانیۃ ان مات القیم بعد ما مات الواقف
فان کان القیم قد اوصی الی غیرہ فوصیہ بمنزلتہ وان کان لم یوص الی احد غیرہ فولایۃ نصب القیم

الی القاضی تنقیح الفتاوی الحامدیہ کتاب الوقف ان عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ ولایت وقف کی امر مورث نہین ہے ورنہ بعد مرنے متولی کے اُسکی اولاد پر حکم متولی ہونے کا دیا جاتا حالانکہ تمام فقہا لکھتے ہین کہ اگر متولی نے خود اپنی حیات مین کسیکو وصی نہین بنایا تو بعد اُسکے مرنیکے قاضی کو اختیار رہیگا کہ جسکو چاہے متولی کردے اور حکم وصی کا مثل حکم متولی وقف کے ہر کہ اسیکو عرف فقہا مین قیم و ناظر بھی کہتے ہین تنقیح الفتاوی الحامدیہ کے کتاب الوصایا مین سے ہے

الوصی کالناظر لان الوصیۃ والوقف اخوان یستقی کل منہما من الآخر کما صرحوا بہ ثم اذا مات المشروط بعد موت الواقف ولم یوص لاحد فولایۃ النصب للقاضی اذ لا ولایۃ لمستحق الا بتولیتہ قال فی الخیریۃ عن فتاواہ رشید الدین لو کان الوقف علی رجل معین فعل یجوز ان یکون المتولی بغیر اطلاق القاضی ولیفتی بانہ لا یصح دعواہ لان حقہ اخذ الغلۃ لا التصرف فی الوقف تعالیق الانوار حاشیۂ در المختار الارث یجری فی الاعیان واما الحقوق فمنہا ما لا یجری الارث فیہ کحق الشفعۃ وخیار الشرط وحد القذف لا تورث ولو کالارث والعواری والودائع لا تورث اشباہ والنظائر اعیان عبارت ہے اموال سے

اس سے معلوم ہوا کہ ارث مال ہوتی ہے اور حق وکالت مورث نہین ہے اور ظاہر ہر کہ وصایت وکالت ہے من وجہ پس یہ بھی مورث نہوگی طحطاوی حاشیۂ در مختار مین ہے بحث وصی مین

الوصی بمنزلۃ الوکیل الاوصاف لا تورث در مختار کتاب البیوع بحث خیار الشرط قولہ لان الاوصاف قال العلامۃ نوح لان وصف الشخص لا یمکن فیہ ذلک والارث فیما یمکن فیہ الانتقال وہو الاعیان لا فیما لا یمکن فیہ الانتقال وہو الاوصاف مراد اعیان سے ذوات اشیاء قائمہ بنفسہا و اموال ہے

رأیت فی فوائد شیخ الاسلام نظام الدین رجل وقف ارضا وجعل لہا متولیا وشرط المتولی من اولادہ واولاد اولادہ ہل للقاضی ان یجعل غیرہ متولیا وہل یصیر متولیا لو فعل ذلک قال لا فصول الاسترو شنی فصل ثالث عشر اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر واقف یون کہے کہ اس وقف کے متولی میری اولاد پھر اولاد کی اولاد ہو گی تو یہ قول اُسکا صحیح ہوگا الحقوق المجردۃ

لا تورث عنایہ بحث خیار شرط قال فی البدائع الحقوق المفردۃ لا تحتمل التملیک ولا یجوز الصلح عنہا رد المحتار کتاب البیوع مراد حق مفرد سے وہ حق ہے جو مجرد وصف حق مین قائم ہو اور قبیل اموال منتقلہ مثل اموال کے نہو جیسے حق خیار الشرط یا حق شفعہ یا حق وکالت ووصایت وغیرہ واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا ارشاد ہوتا ہے اس مسئلہ مین کہ ایک شخص مسمی زید نے اپنی کل جائداد مین سے کچھ حصہ وقف اور باقی کو اپنے ورثہ پر بحصص متفاوت تقسیم کیا اور یہ بھی بتصریح تحریر کر دیا کہ ہر شخص ورثۂ مذکورہ مین سے اپنے حصص مصرحہ کا بعد فوت ہمارے مالک ہو اور ایک شخص منجملہ ورثہ موصی لہم کے جو مسمی بخالد ہے اُسکو متولی وقف کیا اور یہ بھی تصریح کیا کہ وہی خالد مہتمم بقیۂ جائداد کا رہے اس طور سے کہ محاصل زمین موصی بہ ہر موصی لہم کو بمقدار اُسنکے حصے کے دیتا رہے اور وقف کی نسبت یہ تصریح کر دیا کہ بعد خالد کے جو شخص ہماری اولاد مین لائق ہو وہ متولی وقف رہے لیکن وصیت کی نسبت کچھ تصریح نہین کی اور ورثہ موصی لہم مین کچھ لوگ نابالغ ہین اور بعض بالغ ہین اور وصیت نامہ کو سب ورثہ نے اصالتًا اور ولایۃً قبول و منظور کیا اب استفسار ہے کہ یہ تحریر زید کی وصیت نامہ ہے یا نہین دوم یہ کہ جب ورثہ نابالغ بلوغ کو پھونچین تو اُسوقت بھی اُنکا حصہ جبرا خالد کے قبضۂ اہتمام مین رکھا جائیگا اور ورثہ اپنے تصرف اور دست اندازی سے باز رکھے جائینگے یا اپنے حصے پر قابض ہو سکتے ہین سوم یہ کہ وارث بالغ کے حق مین وصیت نامہ کا کیا اثر ہے اپنے ملک موصی بہ کے قبضہ سے محروم رکھا جائیگا یا نہین خصوصًا اُسوقت کہ خالد مر گیا اور اُسکا بیٹا زبردستی قابض ہو گیا

ہو المصوب یہ تحریر زید کی وصیت نامہ ہے اور بعد بلوغ نابالغان کے وصایت وصی کی باقی رہیگی جبتک کہ اُس سے خیانت ظاہر نہو جامع الرموز مین ہے ویبقی وجوبا امین عن الخیانۃ یقدر علی القیام بہا انتہی اور در مختار مین ہے اما عزل الخائن فواجب انتہی اور وارث بالغ کے حق مین وصایت کا اثر حفظ مال وانتظام نافع ہے جامع الرموز مین ہے لا یتجر الوصی فی مالہ ای مال الغائب الکبیر لانہ لا یفوض الیہ سوی الحفظ انتہی اور بیٹا وصی کا بدون اسکے کہ وصی بنایا گیا ہو مستحق وصایت نہین اس صورت مین اور ورثہ قبضہ کر سکتے ہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ زید نے بکر کو اپنی جائداد کا وصی کیا اور جملہ انتظام جائداد کا موافق تفصیل مندرج وصایت نامہ کے اُسکے مفوض کیا اور یہ نہین فی کر کیا

کہ بعد انتقال وصی کے یہ وصایت اُسکی اولاد کی طرف منتقل ہوگی مگر وصی کے باب مین
وصایت نامہ مین جابجا لفظ ابد و دوام و ہمیشگی کی تصریح کی کہ یہ انتظام متعلق بکر رہیگا دائما یا
علی الدوام و تا ابد پس آیا یہ الفاظ مفید اس امر کے ہونگے کہ بعد انتقال وصی کے یہ وصایت
اُسکی اولاد کیطرف منتقل ہوتی رہیگی یا دوام صرف ذات وصی کے ساتھ مادام الحیاۃ متعلق رہیگا
اور اُس سے صرف دوام وصایت تا بقای بکر مفہوم ہوگا بینوا توجروا

ہو المصوب اس قسم کے الفاظ صرف بقای وصایت مادام حیاۃ الوصی پر دلالت
کرتے ہین اور انتقال اُسکا ورثہ و اولاد وصی پر نہین سمجھا جاتا ہے عرفاً و نقلاً و شرعاً لیکن عرفاً
پس اسوجہ سے کہ اگر کسی سے زید کہے کہ تو میرا وکیل ہے دائما و ابدا اس صورت مین اہل عرف
یقیناً جانتے ہین کہ یہ وکالت وکیل کی حیات تک ہمیشہ رہیگی اور اُسکی اولاد کیطرف منتقل
نہوگی ایسی ہی اگر کسی سے کہے کہ تجکو مین نے اس شہر کا قاضی یا کوتوال ہمیشہ کیواسطے کیا
اس سے یہ نہین سمجھتے ہین کہ یہ مناصب بعد انتقال اُس شخص کے اُسکی اولاد کی طرف
منتقل ہونگے بلکہ صرف اُس کی حیات تک تعلق ان عہدونکا سمجھتے ہین و علی ہذا القیاس
عرفاً اُسکے بہت نظائر ہین و لیکن عقلاً پس اسوجہ سے کہ جب کسی ذات پر کوئی حکم کرین اور کوئی
صفت اُسکے واسطے ثابت کرین اور اُسکے ساتھ علی الدوام وغیرہ کی قید متعلق کرین
پس بالضرور یہ قید ثبوت حکم کی ہوگی اور مفید ثبوت حکم تا بقای ذات ہوگی اور جب ذات
فنا ہو جاویگی ثبوت حکم اور ثبوت صفت بھی فنا ہو جاوینگے پس بالضرور قید دوام بھی فنا
ہو جاویگی ورنہ لازم آتا ہے کہ دوام جسکے ساتھ متعلق ہے وہ تو باقی نہو اور دوام باقی ہے
مثلاً اگر یہ کہا گیا کہ زید ہمیشہ نماز پڑھتا ہے یا علی الدوام وہ عابد ہے یا ابدا روزہ دار ہے
ان الفاظ سے عقل مقتضی ہے اس امر کو کہ دوام ان صفات کا تا بقای زید ہوگا فقط ورنہ
لازم آویگا کہ زید تو موجود نہو اور نہ اُسکی صفت موجود ہو مگر مضمون دوام کا باقی ہے
و لیکن شرعاً پس اسوجہ سے کہ فقہا اس قسم کے الفاظ پر حکم مادام الحیاۃ کا دیتے ہین اور جو
احکام ان الفاظ کے ساتھ مقید ہون اُنکو موروث و باقی بعد فنای ذات نہین سمجھتے ہین

جامع الرموز کی کتاب الوصایا مین ہے وصحت الوصیۃ بثمرۃ بستانہ وحینئذ ان مات الموصی

وفیها ای ببستانه ثمرة کان له هذه فقط لا ما یحدث وان ضم ابدا بان قال له ثمرة بستانه ابدا فله هذه الثمرة الموجودة وما یحدث من الثمرة فی المستقبل کما فی غلة بستانه او ارضه فله هذه وما یحدث ما عاش للموصی له سواء ضم ابدا او لا انتهی اور فصیح الدین ہروی کی شرح وقایہ میں ہے ان قال اوصیت غلة بستانی هذا لفلان یکون للموصی له الغلة القائمة وقت موت الموصی وما یحدث بعده ایضا ما عاش الموصی له ضم لفظ الابد ام لم یضم انتهی اور عینی کی شرح ہدایہ میں ہے ان قال له ثمرة بستانی ابدا فله هذه الثمرة وثمرته فیما یستقبل ما عاش انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

کتاب الدعوی

استفتا چہ می فرمایند علماء دین اندرین صورت کہ مدعی برای اثبات دعوی خود دو گواہ آوردہ وآن ہر دو حسب دعوی مدعی گواہی دادند لیکن قاضی آن ہر دو گواہ را بسبب فسق یا غیر آن از اسباب عدم قبول شہادت کہ در کتب فقہ مبسوط اند مقبول نساخت پس درین صورت بر مدعی علیہ حلف واجب خواہد شد یا نہ بینوا توجروا

الجواب درصورت مسئولہ اگر دعوی مدعی صحیح ست از عدم مقبولیت گواہانش حق [illegible] ساقط نمی شود زیرا کہ مراد از بینہ در حدیث البینة علی المدعی والیمین علی من انکر بینہ مثبت دعوی است نہ کیف ما اتفق وچون مدعی بینہ مثبتہ نیارد مصداق الیمین علی من انکر علی [illegible] گشت واین مضمون از قبیل بدیہیات اولیہ است لہذا فقہا جزئیہ اش نیاوردہ اند ودر [illegible] از عرب وعجم معمول بہاست واللہ اعلم بالصواب کتبہ [عبدہ ...]

صح الجواب واللہ اعلم بالصواب حررہ ابو الاحیاء محمد نعیم غفر له العلی الرب الحکیم

[۲۴ شعبان ۱۲۸۴ھ]

ہو المصوب شک نیست کہ نصب قاضی در شرع مقرر نشدہ مگر برای ایصال حقوق [illegible] وآن یا بہ بینہ خواہد شد ویا بہ یمین وہرگاہ بینہ مجروح شدہ قبول نشدہ نہ اگر استحلاف [illegible] حق مدعی بلا وجہ شرعی باطل میشود پس لا بد بر مدعا علیہ حلف عائد خواہد شد اگر اختلاج [illegible] شود کہ قدوری در مختصر خود می نویسد اذا صحت الدعوی سأل القاضی المدعی علیه عنها فان اعترف قضی بها فان انکر سأل المدعی البینة وان احضرها قضی بها وان عجز عن ذلک وطلب [illegible]

در ماہ شعبان ۱۲۸۴ھ از حیدرآباد دکن مرسلہ مولوی وحید الزمان

استحلاف انتہی وہمچنین جمہور فقہا می نویسند پس ازین عبارات مفہوم میشود کہ وجوب حلف بر مدعی علیہ بر تقدیر یست کہ مدعی از احضار بینہ عاجز شود و در صورت متنازع فیہ احضار بینہ یافتہ شد پس بچہ طور استحلاف بر مدعی علیہ واجب خواہد شد دفعش باین طور باید ساخت کہ مراد از عجز از احضار بینہ عجز از احضار بینہ مثبتہ است نہ عجز از مطلق بینہ علاوہ اینکہ فقہا سلامت گواہان را از اسباب جرح وعدم قبولیت لفظ شرط می آرند ومعلوم ست اذا فات الشرط فات المشروط پس احضار بینہ مجروحہ غیر مقبولہ مثل عدم احضار ست پس لا بد حق استحلاف باقی خواہد ماند ونظر دقیق حاکم آنست کہ الف لام در حدیث البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر بر لفظ بینہ ویمین برای عہد ست کما ہو الاصل فی موضعہ علی ما تقرر فی علم الاصول پس تقدیر حدیث بدین طور ست البینۃ المثبتۃ لدعواہ علی المدعی فان لم یقم بینۃ کذلک فالیمین الشرعی علی من انکر واللہ اعلم بالصواب۔ حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا چہ می فرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین اندرین باب کہ زید بابت قرضہ یکصد روپیہ از ان خود بنام بکر دعوی بعدالت نمود وبزمان دوران مقدمہ بست وپنج روپیہ خرچہ اشامپ ومحنتانہ وکیل وغیرہ نیز زید را ادا نمی افتاد وبوقت ڈگری زر اصل وخرچہ جملہ یکصد وبست وپنج روپیہ مندرج ڈگری گردید پس زید را صرف یکصد روپیہ اصل گرفتن جائز است یا زر خرچہ ہم بینوا توجروا

ہو المصوب زر خرچہ گرفتن شرعا جائز نیست واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا چیست حکم شرع کہ شیخ بشارت اللہ چہار پسران مسمی منور وپیر محمد وامان علی ونور آور گذاشت وہیچ ترکۂ جدی وکسبی نگذاشت مسمیان مذکور بعد وفات پدر جدا جدا بود وباش ساختند شیخ منور از قوت بازوی خود زرے پیدا کردہ سامان کشتکاری وٹھیکہ داری ساخت وبرادران خود را یکجا ساختہ شریک خورد ونوش گردانید پیر محمد ونور آور بعد چندے علحدہ شدند امان علی از ۱۲۶۴ فصلی تا سنہ حال شریک حال ماندہ باتفاق پسران منور کشتکاری وزراعت میکرد واندرین مدت انچہ فائدہ ومنافع گردید از ان شیخ منور در شادی برادر خود مسمی امان علی وتقریبات پسران خود صرف کرد حالا بسبب ناموافقت باہمی امان علی علحدہ شدہ دعوی تقسیم جائداد موجودہ از قسم نقد وجنس واثاث البیت مع زیور واسباب جہیز

زوجہای پسران منور میکنند پس شرعا جائز است یا نہ واگر جائز است چہ قدر امان علی را میرسد بینوا توجروا

ہو المصوب درین صورت چونکہ اصل مال پیدا کردۂ شیخ منورست امانعلی را دران حصہ نیست مگر بقدر محنت واعانت در کاشتکاری وغیرہ امانعلی مستحق اجر مثل خواہد بود واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا ارشاد ہے اس باب مین کہ زید مدعی نے ایک دعوی بیجا عمرو مدعا علیہ پر کیا عمرو نے اس نالش کی جوابدہی کے واسطے مجبورانہ کچھ روپیہ مہاجن سے قرض لیا چونکہ قرضہ بلا سود میسر نہوا لہذا اُسکو اپنے قرضہ کا سود بھی ادا کرنا پڑا چنانچہ اصل روپیہ عمرو نے مدعی کی جوابدہی مین صرف کیا اور اُسکا سود مہاجن نے عمرو کے دوسرے مال خالص سے وصول کیا الغرض مدعی کی نالش نے عمرو کو ایک سو دس روپیہ کا زیربار کیا سو روپیہ صرف نالش کی جوابدہی مین ہوا اور دس روپیہ سود مہاجن کو دینا پڑا اب اس زیرباری کے بعد زید نے عمرو کے ساتھ جو مدعا علیہ تھا اس طور سے مصالحت کی کہ کل مصارف جسکا عمرو زیربار بوجہ نالش زید مدعی کے ہوا اُسکا معاوضہ زید نے اپنے ذمہ قبول کیا اور اُسکو درج مصالحت کیا کہ کل مصارف ضروری اُس نالش کے جسکا عمرو زیربار ہوا اُسکو زید ادا کرے گا اسوقت مین قاضی کو عند المخاصمہ دس دس روپیہ کا تاوان یا معاوضہ جو عمرو کو سود مین دینا پڑا زید سے دلانا جائز ہے یا نہین اور عمرو کو اُسکا لینا مباح ہے یا نہین اور نیز سود دینا قرض بلا سود کے نہ ملنے کے وقت عند الحوائج جائز ہے یا نہین

ہو المصوب خرچہ متعلقۂ عدالت جو بحسب قوانین حکام لازم ہوتا ہے مدعی علیہ کو مدعی سے لینا نہین درست ہے ہان اگر مدعی بطیب خاطر دیوے وہ مختار ہے مگر معاوضہ سود کا جو عمرو کو دینا پڑا مدعی سے دلانا حاکم کو نہین جائز ہے اور نہ عمرو کو لینا درست ہے اور سود دینا کسی حالت مین درست نہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علماء شرع شریف اس مسئلہ مین کہ زید نے جو مدعی ہے ایک دعوی بیجا بکر مدعا علیہ پر کیا بکر نے اس جوابدہی کے واسطے مجبورانہ کچھ روپیہ مہاجن سے لیا چونکہ قرضہ بلا سود میسر نہوا لہذا اُسکو اپنے قرضہ کا سود بھی ادا کرنا پڑا اور بکر نے جو روپیہ لیا تھا اُسکو زید کی نالش کی جوابدہی مین صرف کیا اور مہاجن نے اپنے زر سود کو بکر سے وصول کیا الغرض

زید کی نالش نے بکر کو اصل اور سود دونون کا زیربار کیا اور اب اس زیرباری کے بعد زید نے بکر کے ساتھ جزء مدعابہا پر اس طور پر مصالحت کی کہ کل مصارف جسکا بکر بوجہ نالش زید مدعی کے زیربار ہوا وہ زید نے اپنے ذمہ لیا اور اقرار کیا کہ ہم کل مصارف اس نالش کے جسکا بکر زیربار ہوا ہے بکر کو ادا کرینگے اور اس خرچہ کی تعیین کے لیئے ایک شخص غیر خالد برضاء فریقین صرف اسلیئے ثالث مقرر کیا گیا کہ وہ مقدار اُس کل خرچہ کی مشخص اور متعین کر کے جسکا بکر مدعا علیہ بوجہ نالش زید مدعی کے زیربار ہوا ہے عدالت مین داخل کردے اب ثالث مقدمہ کو مقدار خرچہ مین اُس زرسود کا بھی شامل کرنا جائز ہے یا نہین جسکا بکر بمجبوری زیربار ہوا ہے بینوا توجروا

ہوالمصوب نہین جائز ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۱۱۳ ما قولہم رحمہم اللہ تعالی اس مسئلہ مین کہ ہندہ اور زینب وغیرہ نے دعوی اشیاء متعددہ از قسم نقد وغیر نقد مکانات و دو زنجیر فیل بنام نہاد ترکۂ پدری زید برادر خود قابض اشیاء مذکورہا پر دائر کیا اور ثبوت مین اُسکے چند گواہ اقرار زید پر بہ نسبت دینے حصۂ فرائضی مدعیات کے اشیاء مذکورہ مین سے اور دو گواہ اوپر خرید نے مورث مذکور کے ہر دو زنجیر فیل بروپیہ خود اور فوت ہونے اُسکے کے گذاری مگر بیان ان دونون گواہون تعدیدکا متفق اوپر ایک قیمت کے نہین ہے ایک گواہ خرید ایک قیمت سے بیان کرتا ہے اور دوسرا دوسری سے اور کوئی گواہ سوا اُن دو گواہون کے جو نسبت ہر دو زنجیر فیل کے گذرے ہین نسبت باقی اسباب کے بہ ثبوت ملکیت مورث کے پاس مدعیات کے نہین اور زید نے جواب و دفع دعوی مین انکار ہونے اشیاء مذکورہا سے ملک مورث کی اور ہونا ملک اپنی اور اقرار مورث کا حالت صحت مین ساتھ ہونے ان اشیاء کے ملک زید کی نہ اپنی تحریر کیا اور اس اقرار مورث کو بخوبی گواہی گواہون سے ثابت کردیا پس بموجب اس روایت عالمگیری کے

و فی فتاوی رشید الدین ادعی میراثا من ابیہ واقام بینۃ واقام المدعی علیہ بینۃ ان اباک اقر حال حیاتہ انہا ملکی یسمع ہذا الدفع فلو اقام المدعی بینۃ انک اقررت ان ہذہ الدار ملک ابی دفعہ یقبل ہذہ الدفع ایضا و قد تعارضت الدفعان فتقبل بینۃ الارث بلا معارض انتہی حاکم اشیائے مذکورہ کو ترکۂ مورث قرار دیکر حصۂ فرائضی مدعیات کو انہین سے دلوا سکتا ہے یا نہین بینوا توجروا

الجواب واللہ سبحانہ الموفق للصواب صورت مسئولہ مین حاکم اشیای مذکورۂ بینا سے حصہ فرائضی مدعیات کو نہین دلوا سکتا اسلیئے کہ اس روایت سے تو بخوبی یہ امر واضح ہے کہ اقرار مورث کا جو ثابت کیا مدعی علیہ نے اپنے گواہون سے اپنے حق مین اور اقرار مدعا علیہ کا نسبت میراث ہونے شئے مدعی بہ سے جو ثابت کیا مدعی نے اپنے گواہون سے دونون بسبب تعارض کے ساقط ہونگے اور اصل گواہ میراث کے مقبول و معتبر ہونگے پس اب جاننا بلحاظ اسکے کہ جبکہ اقرار مورث اور اقرار زید ہر دو بموجب روایت ہذا کے ساقط ہوگئے پس ثبوت دیگر میراث کا اور گواہون سے ہے یا نہین پس وہ نہین ہے اسواسطے کہ ہونا دیگر گواہون میراث کا نسبت مکانات وغیرہ سوای ہر دو زنجیر فیل کے تو اظہر من الشمس ہے باقی نسبت ہر دو زنجیر فیل کے سو انکا میراث ہونا بھی ان دو گواہون سے ثابت نہین ہے بسبب نہونے نصاب شہادت کے اوپر ایک قیمت معین کے قال فی الہدایۃ ومن شہد لرجل انہ اشتری عبدا من فلان بالف وشہد آخر انہ اشتری بالف وخمسمأتہ فالشہادۃ باطلۃ لان المقصود اثبات السبب وہو العقد یختلف باختلاف الثمن فاختلف المشہود بہ ولم یتم العدد علی کل واحد ولان المدعی یکذب احد شاہدیہ وکذا اذا کان المدعی ہو البائع ولا فرق بین ان یدعی المدعی اقل المالین او اکثرہما لما بینا انتہی پس جبکہ کسی شئے ثمن اشیاء مذکورہ سے ثبوت ترکۂ مورث نہوا تو انمین سے حصۂ فرائضی مدعیات مجردہ کو دلوانا شرعا اصلا متصور نہین فقط واللہ سبحانہ تعالی اعلم۔ المجیب محمد عبد القادر عفی عنہ۔ بے شبہ یہ روایت عالمگیری واسطے دلوانے حصۂ فرائض کے صورت مسئولہ مین کافی نہین فقط العبد امداد حسین عفی عنہ

اصاب من اجاب واللہ اعلم بالصواب | محمد عنایت اللہ خان | قد صح الجواب واللہ اعلم بالصواب

فی الواقع بمقتضای روایت عالمگیری صورت مذکورہ مین بدون اقامت بینہ ثبوت میراث نہین ملسکتا ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا [۱۶۴] کیا فرماتے ہین علمائے دین اس صورت مین کہ ورثۂ زید نے عمرو پر دعوی متروکۂ مورث کا کیا عمرو نے جواب مین کہا کہ اسقدر تو مین نے مدعی کو اور اسقدر مدعی کے مورث کو دیدیے اور اسنے حصر حلف پر کیا ہے مدعی نے گواہان اقرار مدعا علیہ و برد جوب مدعا بہ کے بعد زمانۂ ایصال کے سنا دیے اور مدعا علیہ نے مدعی سے حلف بالعلم نسبت نلینے مورث کے بعض مدعا بہ کو بموجب روایت عالمگیری کے جو کتاب القضا مین ہے لینا چاہتا ہے

پس آیا اُسپر حلف واجب ہے یا نہین

ہو المصوب ہرگاہ مدعی نے گواہان اقرار مدعی علیہ وجوب عاپر بعد زمانہ ایصال لکھنا دیئے دعوی مدعا علیہ کا بابت ایصال کے مندفع ہوگیا پس اب اُسکو استحقاق حلف کا باقی نرہا تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین ہے کما یصح الدفع کذلک یصح دفع الدفع نہتی اور بھی اسیمین ہے ان ادعی الایفا فبرہن علی الاقرار لاتقبل انتہی واللہ اعلم حررہ ابوالحسنات محمد عبدالحی عفی عنہ

لازم خواہد شد کہ چار ماہ متوالی بمدینہ کامل حساب کردہ شدہ باشند و در فتح الباری وارشاد الساری
وغیرہ شروح صحیح بخاری مصرح ست کہ غرۂ ذیقعدہ سنہ ۱۰ در مدینہ بروز چہارشنبہ بودہ وآنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم مع صحابہ برای حج بروز شنبہ تاریخ بست وپنجم ذیقعدہ از مدینہ روانہ شدند و در اثنائے راہ ہلال ذی حجہ
بتاریخ ۲۹ ذیقعدہ بروز چہارشنبہ دیدہ شد پس اگر بحساب کمال ذیقعدہ ہلال ذی حجہ بروز پنجشنبہ
در مدینہ شدہ باشد غرہ بروز جمعہ قرار دادہ خواہد شد وبہ تکمیل ذی حجہ غرۂ محرم بروز یکشنبہ وبہ تکمیل
محرم غرۂ صفر بروز سہ شنبہ وبہ تکمیل صفر غرۂ ربیع بروز پنجشنبہ خواہد شد وہذا فان کان نادر الوقوع
لکنہ لیس بخارج عن حیز الامکان لیکن بریں تقدیر بروز چہارشنبہ سی ام صفر خواہد بود نہ بست وہشتم صفر

بالجملہ بودن بست وششم صفر روز چہارشنبہ و بودن دوازدہم ربیع روز دوشنبہ بوجہ من الوجوہ
صحیح نمی تواند شد و در تاریخ سعید محمد گازرونی می نویسد ابتداء مرضہ فی اواخر صفر للیلتین بقیتا
من صفر یوم الاربعاء وقیل للیلۃ وقیل فی مفتتح الربیع الاول انتہی و در تاریخ خمیس میگوید فی ہذہ
السنۃ کانت سریۃ اسامۃ الی اہل ابنی کانت یوم الاثنین لاربع لیال بقین من صفر فلما کان یوم
الاربعاء بدأ مرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وروی انہ ابتدأ بہ صداع فی اواخر صفر للیلتین
بقیتا من صفر یوم الاربعاء وقیل للیلۃ وقیل بل فی مفتتح الربیع الاول وفی الوفاء مرض بعشر بقین منہ
وذکر الخطابی ان ابتداءہ یوم الاثنین وقیل السبت وقیل الاربعاء قال الحاکم انتہی ازینجا اختلافات
برخذ ما صفا ودع ما کدر عمل کردن لازم است واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا بطور مکتوب ۲۲۹ بخدمت ذو الفضل والمکرمت مصدر الفضائل منبع الفواضل
جناب مولانا مولوی محمد عبد الحی صاحب لازالت شموس فیوضکم بازغۃ کمترین نیازمند ملا خلیل احمد
بعد تبلیغ تسلیمات وتحیات مسنونہ کے ملتمس ہے کہ کتاب عبقات الانوار مؤلفہ حامد حسین لکھنوی
سرسری نظر سے گذری اس میں ایک روایت جس کو درباب خلافت بلا فصل حضرت علی رض
وبطلان خلافت شیخین رضوان اللہ علیہم اجمعین نص صریح سمجھا ہے اور بزعم خود علماء اہل سنت سے
نقل کیا دیکھی اس میں حوالہ ایسے کتب مصنفین کے دیے ہیں جنکے حالات سے سنیان بھی
آشنا نہیں باعتماد وسعت علم ونظر و وفور فیض وکرم جناب سامی کو استفتا و چند امور سے
تکلیف دیتا ہوں براہ عنایت جواب عنایت ہو اور بہت جلد عنایت ہو اول روایت خیال فرمائے
بدر الدین محمد عبد اللہ شبلی حنفی در کتاب آکام المرجان فی احکام الجان میگوید وقد ورد ما یدل
علی ان ابن مسعود حضر لیلۃ الجن بمکۃ غیر لیلۃ الجول فقال ابو نعیم نا سلیمان بن احمد نا محمد بن
عبد اللہ الحضرمی نا علی بن الحسین بن ابی بردۃ البجلی نا یحیی بن یعلی الاسلمی عن حرب بن صبیح نا
معبد بن مسلم عن ابی مرۃ الصنعانی عن ابی عبد اللہ الجدلی عن عبد اللہ بن مسعود قال استتبعنی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ الجن فانطلقت معہ حتی بلغنا اعلی مکۃ فخط علی خطا وقال لا تبرح
ثم انصاع فی الجبال فرأیت الرجال ینحدرون علیہ من رؤس الجبال حتی حالوا بینی وبینہ فاخترطت

السیف وقلت لاضربن حتی استنقذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم ذکرت قولہ لا تبرح حتی آتیک
فلم ازل کذلک حتی اضاء الفجر فجاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وانا قائم فقال مازلت علی حالک قلت
لو مکثت شہرا مابرحت حتی تاتینی ثم اخبرتہ بما اردت ان اصنع فقال لو خرجت ماالتقیت انا وانت
الی یوم القیمۃ ثم شبک اصابعہ فی اصابعی وقال انی وعدت ان تؤمن بی الجن والانس فاما الانس
فقد امنت بی واما الجن فقد رأیت وما اظن اجلی الا قد اقترب قلت یا رسول اللہ الا تستخلف ابا بکرؓ
فاعرض عنی فرأیت انہ لم یوافقہ قلت یا رسول اللہ الا تستخلف عمرؓ فاعرض عنی فرأیت انہ لم یوافقہ
قلت یا رسول اللہ الا تستخلف علیا قال فلک والذی لا الہ غیرہ لو بایعتموہ واطعتموہ ادخلکم
الجنۃ این حدیث ابو نعیم تاج المحدثین سفیان روایت کردہ وتبغیر یسیر امام احمد حنبل نیز
روایت کردہ فقد روی الامام احمد عن عبد الرزاق عن ابیہ عن میناء عن عبد اللہ بن مسعود قال
کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ الجن فتنفس فقلت ما بالک یا رسول اللہ نعیت الی نفسی
یا ابن مسعود قلت استخلف قال ومن قلت ابو بکر قال فسکت ثم مضی ساعۃ ثم تنفس قلت ماشانک
بابی وامی یا رسول اللہ نعیت الی نفسی یا ابن مسعود قلت استخلف قال من قلت عمر فسکت
ثم مضی ساعۃ ثم تنفس قلت ماشانک نعیت الی نفسی یا ابن مسعود قلت فاستخلف قال من قلت
علی قال والذی نفسی بیدہ لئن اطاعوہ لیدخلون الجنۃ النعیم وصاحب آکام المرجان از فقہاء
وعلمای اعیان وفضلای نبہای محدثین عالی شان ست ذہبی در معجم مختص گفتہ محمد بن عبد اللہ الفقیہ
العالم المحدث بدر الدین ابو البقاء الشبلی السابقی الدمشقی الحنفی ومصطفی بن عبد اللہ القسطنطینی
الحلبی در کشف الظنون گفتہ آکام المرجان للقاضی بدر الدین الخ وسیوطی ہم در رسالۂ تحفۃ الجلساء
برؤیۃ اللہ النساء ازو نقل آوردہ موفق بن احمد المعروف باخطب خوارزم در کتاب مناقب علیؓ
این روایت آوردہ وملا عمر در وسیلۃ النجاۃ المتعبدی نقل کردہ وشہاب الدین احمد در کتاب
توضیح الدلائل علی ترجیح الفضائل گفتہ رواہ الحافظ ابو نعیم فی کتابہ دلائل النبوۃ وعبد القادر بن محمد
الطبری کہ او از اکابر علمای مکۂ معظمہ است در کتاب حسن السریرۃ فی حسن السیرۃ از دلائل النبوۃ بمسوط
ازین نقل کردہ انتہی عبارۃ العبقات مختصرا لیس امور مستفسرہ یہ ہیں کہ بدر الدین صاحب آکام
معتبر علما سے ہے یا نہیں اور کتاب آکام پایۂ اعتبار کو پہونچی ہے یا نہیں اور مصطفی بن عبد اللہ

وذہبی وغیرہ سے جو تعدیل نقل کی ہے یہ تعدیل اور معدل بھی قابل اعتماد ہین یا نہین سیوطی تو معتبر مشہور ہین جیسے اخطب خوارزم یمانی کذاب غیر معتبر بانیہمہ یہ روایت ابو نعیم اور امام احمد نے نقل کی ہے یا نہین درصورتیکہ نقل کی ہے تو اسکی کیا توجیہ ہوگی اور دوسری روایت کے ساتھ جسمین لیلۃ الجن عدم ہمراہیۃ مذکور ہے ولیکن فقدناہ مذکور ہے کیونکر توافق ہوگا آیا واقعہ متعدد پر محمول ہوگا یا دوسری توجیہ کیجائیگی فقط فوائد بہیہ مین جو بعنایت جناب مولانا خادم حسین صاحب میرے پاس پہونچی بدر الدین کو دیکھا گیا مگر نہین ملا اس سوال کی جواب کا امیدوار ہون مفصل باسناد وشواہد تحریر ہو فقط ملتمس خلیل احمد از مدرسۂ عربی اسلامی

ریاست بہاول پور یکم رجب یوم پنجشنبہ ۱۲۹۷ھ ہجری

از محمد عبد الحی عفا عنہ بخدمت مولوی صاحب مجمع علوم منبع فہوم جناب مولوی خلیل احمد صاحب دامت مکارمہ بعد اہدای ہدیۂ سلام مسنون مع ضمیمۂ شوق مشحون ابراز مضمون یہ ہی عنایتنامہ مورخہ یکم رجب پہونچا مضمون مندرج معلوم ہوا بسبب قلت فرصت کے تحریر جواب مین تاخیر ہوئی معاف فرمائیے گا حقیقت امور مستفسرہ کی یہ ہے کہ مؤلف آکام مرجان معتبر ہے جو توثیق حامد حسین نے اوسکی ذہبی وغیرہ سے نقل کی وہ ٹھیک ہے مین نے بھی اونکا حال فوائد بہیہ کی تعلیقات مین لکھدیا ہے صفحۂ ۲۱ مین ملاحظہ فرمائیگا اور دونون روایتین جو حامد حسین نے نقل کین ایک تخریج ابو نعیم دوسری تخریج امام احمد وہ دونون بجنسہ آکام المرجان مین باب نوزدہم مین مذکور ہین مگر روایت امام احمد مین میناء مولی عبد الرحمن بن عوف ابن مسعود سے راوی ہے اور میناء کے باب مین لسان المیزان للحافظ ابن حجر مین اور میزان الاعتدال للذہبی مین ساقط مرقوم ہے اور ابن عراق نے تنزیہ الشریعہ عن الاخبار الموضوعہ کے مقدمہ مین لکھا ہے

میناء بن ابی میناء مولی عبد الرحمن بن عوف روی عن مولاہ وعن عثمان وابن مسعود قال ابو حاتم کذاب لیکن چونکہ روایت ابو نعیم وغیرہ مین ابو عبد اللہ جدلی کی متابعت مروی ہے اسوجہ سے یہ حدیث ساقط نہین غایۃ الامر یہ کہ ضعیف ہوگی بضعف مغتفر اور بلحاظ تعدد طرق اس حدیث کو مرزا محمد معتمد خان بدخشی نے رسالۂ تحفۃ المحبین فی مناقب الخلفاء الراشدین مین منجملہ احادیث حسان کے مذکور کیا ہے اور اس حدیث مین جو شرکت ابن مسعود کی لیلۃ الجن مین

مذکور ہے وہ منافی روایت فقدناہ لیلۃ الجن کے نہین ہے بوجہ اسکے کہ یہ دو واقعہ ہین آکام المرجان مین مفصلا ذکر کیا ہے کہ لیلۃ الجن چند مرتبہ واقع ہوئی بعض لیالی مین ابن مسعود شریک تھے اور بعض مین نہین باقی رہا استدلال حامدحسین کا ساتھ اس روایت کے اوپر خلافت مرتضوی کے وہ صحیح نہین حقیقۃ الامر یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو استخلاف صریح کسی کے باب مین منظور نہ تھا بدین خیال کہ اگر صراحتہً کسی کا استخلاف کیا جاوے اور بعض لوگ اوسکی اتباع نکرین تو وہ مستحق عذاب ہو جاوین گے جیساکہ سیوطی تاریخ الخلفاء مین لکھتے ہین و سر ذلک ای عدم استخلافہ قال البزار فی مسندہ حدثنا عبداللہ بن وضاح اللکوفی حدثنا یحیی بن الیمان حدثنا اسرائیل عن ابی الیقظان عن ابی وائل عن حذیفۃ قال قالوا یا رسول اللہ الا تستخلف علینا قال ان استخلفت علیکم فتعصون خلیفتی ینزل علیکم العذاب واخرجہ الحاکم فی المستدرک انتہی اسیوجہ سے ابن مسعود نے جب ابوبکر رض و عمر رض کی استخلاف کیواسطے عرض کیا آپنے اعراض و سکوت فرمایا اس سے یہ نہین ثابت ہوتا ہے کہ یہ اعراض یا سکوت بسبب عدم استحقاق خلافت اور علی مرتضی رض کے باب مین آپنے نعم وغیرہ کلمات دالہ استخلاف مرتضوی پر ارشاد نہین کئے تا مطلب رفاض ثابت ہو بلکہ آپکو چونکہ معلوم تھا کہ مرتضی سے لوگ مخالفت کرینگے اور زمانۂ خلافت مین انکے فتن عدیدہ ہونگے اسوجہ سے آپنے اونکی اطاعت واتباع کی ترغیب فرمائی وبالجملہ فلیست الروایۃ صریحۃ فی استخلافہ ولا فی استحقاقہ بالنسبۃ الی غیرہ ومن ادعی فعلیہ البیان واللہ اعلم بما فی ضمیر نبیہ صلعم امید کہ ہمیشہ از امور متعلقہ فقیر اطلاع دادہ باشند والسلام

کتاب النوادر

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علمای دین ایسے موی مبارک کی زیارت کی نسبت اور نیز اوس محفل زیارت مین شرکت کی بابت جو بغیر اسناد صحیح کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیا جاتا ہے حالانکہ اوس مجلس زیارت مین بعض منہیات شرعیہ اور بدعات سیئہ کا ارتکاب بھی کیا جاتا ہے یعنی شب زیارت کو کثرت سے چراغان روشن کیے جاتے ہین نوبت وشہنائی ہنوبت بجائی جاتی ہے آتشبازی بھی چھوٹتی ہے راگ بھی مع مزامیر وغیرہ

ہوتا ہے غرضکہ جملہ رسومات شادی اوس محفل زیارت مین ادا ہوتے ہین اور اسباب عیش و طرب مہیا کیے جاتے ہین صبح روز زیارت کو مالیدہ پر آنحضرت کی روح پُرفتوح پر فاتحہ مرسومہ کرنا بھی واجبات سے خیال کیا جاتا ہے اور نیز ارشاد ہو کہ شیفتگان موی مبارک اکثر نقد و جنس بطور نذر و نیاز کے موی مبارک پر چڑہاتے ہین اوسکا لینا کیسا ہے اور کسکو لینا چاہیے اور کسیقدر اراضی وغیرہ بطور اعانت عرس موی مبارک کے سلاطین اہل اسلام کے عہد سے معاف چلے آتی ہے اوسپر خادمان موے مبارک کا متصرف ہونا اوسمین سے اپنا اور اپنے اہل و عیال کا نفقہ چلانا شرعًا کیسا ہے بینوا توجروا

الجواب جاننا چاہیے ہر مسلمان کو کہ جن چیزون کو ذات بابرکات حضرت رسول الثقلین سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ علیہ وسلم سے کسی قسم کا علاقہ ہے خواہ وہ موی مبارک ہو خواہ جُبّہ مبارک ہو خواہ نعلین پاک ہون خواہ اور کوئی چیز ہو کہ جسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مس فرمایا ہو یا اور کسی طرح آنحضرت سے اوسکو علاقہ پیدا ہوا ہو ایسی تمام چیزونکی تعظیم کرنا اور اون سے برکت حاصل کرنا نشان کمال ایمانی اور دلیل غایت محبت نبوی ہے اور جملہ آثار محمدی پر جان نثار کرنا ایک عمدہ علامت علامتہاے اسلام سے ہے اس باب مین کسی عاشق جناب نبوی کو کلام اور کسی اہل ایمان کو اس سے انکار کی مجال نہین ہے اور اسمین شبہہ نہین ہو سکتا کہ ایسے آثار و مشاہد کی تعظیم و تکریم اور اونسے برکت حاصل کرنا در اصل تعظیم و تکریم جناب احمدی کی ہے جو راس الایمان ہے اور ثبوت اسکا اکثر احادیث صحیحہ اور آثار صحابۂ کرام سے ہوتا ہے چنانچہ موی مبارک کی تعظیم اور برکت حاصل کرنے کی نسبت عثمان ابن عبداللہ بن موہب سے روایت ہے ارسلنی اہلی الی ام سلمۃ بقدح من ماء وکان اذا اصاب الانسان عین او شئی بعث الیہا مخضبۃ فاخرجت من شعر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکانت تمسکہ فی جلجل من فضۃ فخضخضتہ لہ فشرب منہ قال فاطلعت فی الجلجل فرأیت شعرات حمراء رواہ البخاری ترجمہ عثمان بن عبداللہ بن موہب فرماتے ہین کہ بھیجا مجکو میرے گھر والون نے حضرت ام سلمہ کے پاس ایک پیالہ پانی کا لیکر اور عادت سبکی یہ تھی کہ جب کسی آدمی کو نظر لگتی یا اور کچھ بیماری ہوتی تو وہ حضرت ام سلمہ کے پاس پانی کا پیالہ بھیجدیا کرتا پس ام سلمہ رسول اللہ صلی

موی مبارک نکالتین اور وہ اوسکو ایک چاندی کی ڈبیا مین رکھا کرتی تھین پس اوسی موے
مبارک کو اوسی پانی مین ڈال کر ہلا دیا کرتی تھین اور وہ اوسکو پی لیا کرتا تھا پس مین نے جھانک کر
ڈبیا مین دیکھا تو اوسمین چند بال تھے سرخ رنگ کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور جبۂ
مبارک کی تعظیم اور اوس سے برکت حاصل کرنے کی نسبت حضرت اسماء بنت ابی بکر ہمشیرۂ
خاص حضرت عائشہ صدیقہ رضہ سے روایت ہے انہا اخرجت جبۃ طیالسۃ کسروانیۃ لہا لبنۃ
دیباج وفرجیہا مکفوفین بالدیباج وقالت ہذہ جبۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کانت عند
عائشۃ فلما قبضت قبضتہا وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یلبسہا فنحن نغسلہا للمرضی یستشفی بہا
رواہ مسلم ترجمہ حضرت اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہے کہ اونھون نے نکالا ایک جُبۂ طیلسان کا
کسروانی کہ اوسمین گریبان پر ریشمی سنجاف تھی اور دونون چاکون پر اوسکے ریشمی سنجاف تھی۔
اور کہا کہ یہ جُبّہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت عائشہ رضہ کے پاس رکھا تھا پس جب
عائشہ رضہ نے انتقال کیا تو یہ جُبّہ مین نے لے لیا اسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پہنا کرتے تھے
اور اب ہم اوسکو دھو کر مریضون کو پلاتے ہین کہ اوسکی برکت سے شفا حاصل کرین روایت کی
مسلم نے اور اس سے بڑھکر یہ ثابت ہے کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک
سے اپنے آثار مبارک کو تبرکًا اورون کو عطا فرمایا ہے اور بطریق تبرک اوسکا استعمال کرایا ہے چنانچہ
باب حجۃ الوداع مین حضرت انس سے مروی ہے قال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتی منی فاتی الجمرۃ
فاتاہا ثم اتی منزلہ بمنی ونحر نسکہ ثم دعا بالحلاق وناول الحالق شقہ الایمن فحلقہ ثم دعا اباطلحۃ الانصاری
فاعطاہ ایاہ ثم ناول الشق الایسر فقال احلق فحلقہ فاعطاہ اباطلحۃ فقال اقسمہ بین الناس رواہ
الشیخان ترجمہ حضرت انس سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آئے منی مین پس جمرہ کی جگہ
آکر رمی کی پھر آپنے اپنے قیام گاہ پر مراجعت فرما کر قربانی کی پھر حجام کو بلا کر جانب یمین سر مبارک
اوسکی طرف کی اوسنے حلق کیا پھر ابو طلحہ انصاری کو بلا کر وہ موی مبارک دیدیے پھر حلاق کو دوسری
شق یسار کی دی اور فرمایا کہ حلق کر چنانچہ اوسنے حلق کیا تو فرمایا ابو طلحہ کو دیکر کہ یہ سبکو بانٹ دے
اور ایسے ہی مروی ہے حضرت ام عطیہ سے حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل اور تکفین کے
قصہ مین انہا قالت فالقی حقوہ فقال اشعرنہا ایاہ ترجمہ حضرت ام عطیہ فرماتی ہین کہ حضرت نے

اپنا تہبند ہماری طرف پھینکا اور فرمایا کہ اس کپڑے کو سب کپڑون سے پہلے پہنا کر کفن دو یعنی اوسکو بدن سے متصل رکھو اور یہ حدیث دلیل ہے برکت حاصل کرنے مین صلحاء کے آثار سے چنانچہ صاحب لمعات نے اسکے تحت مین افادہ فرمایا ہے وہذا الحدیث اصل فی التبرک باثار الصالحین ولباسهم الخ ترجمہ صاحب لمعات نے افادہ فرمایا ہے کہ یہ حدیث اصل ہے بیچ حاصل کرنے برکت کے ساتھ آثار صلحا اور لباس اونکے کے اور اسیطرح جن چیزونکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مس فرمایا اونکی برکت ثابت ہے چنانچہ حضرت کبشہ روایت فرماتی ہین قالت دخل علیّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فشرب من ماء فی قربة معلقة قائما فقمت الی فیها فقطعتها ترجمہ حضرت کبشہ روایت فرماتی ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے گھر آئے اور ایک مشکیزہ لٹکتا تھا اوسکے منہ سے منہ لگاکر آپنے پانی پیا پس مین نے اوس مشکیزے کے دہانے کو تراش رکھا اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے شفا مین افادہ فرمایا ہے ومن اعظامه واعظامه جمیع اسبابه واکرام مشاهده وامکنته من مکة والمدینة ومعاهده وما لمسه علیه الصلوة والسلام وایضا قال کانت فی قلنسوة خالد بن الولید شعرات من شعره صلی اللہ علیہ وسلم فسقطت قلنسوة فی بعض حروبه فشد علیها شدة انکر علیه اصحابه لکثرة من قتل فیها فقال لم افعلها بسبب القلنسوة بل لما تضمنت من شعره صلی اللہ علیہ وسلم لئلا اسلب برکتها وتقع فی ایدی المشرکین الخ ترجمہ اور قاضی عیاض نے کہا منجملہ تعظیم آنحضرت صلعم کے تعظیم ہے آپکے تمام اسباب کی اور بزرگی آپکے تشریف لانیکی مقامات اور مکانون کی مکہ مین ہون یا مدینہ مین اور آپکے عبادت کرنے کے مقامات اور جن چیزون کو آپنے ہاتھ لگایا رحمت ہو حبیب اللہ کی آپ پر اور سلام نیز کہا عیاض نے کہ حضرت خالد کی ٹوپی مین چند موی مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے پس گر گئی ٹوپی اونکی ایک لڑائی مین پس دوڑے اوس ٹوپی کے واسطے کہ اوس موقع پر اونکے ساتھیون نے ناپسند کیا اوس جگہ کے قتل و قتال کے اندیشے سے تو حضرت خالد نے فرمایا کہ مین نہین چھپا اوس ٹوپی کے لیے نہین گھبرایا تھا بلکہ اسلیے کہ اوسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے موی مبارک تھے مجکو اندیشہ ہوا کہ مبادا وہ مشرکین کے ہاتھ لگے اور مین اوسکی برکت سے محروم ہوجاؤن وایضا قال القاضی وحکی عن عبد الرحمن السلمی عن احمد بن فضلویة الزاهد وکان من الغزاة الرماة انه قال ما مسست القوس بیدی الا علی طهارة

مسند بلغنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اخذ القوس بیدہ الخ ترجمہ اور نیز کہا قاضی نے کہ مروی ہے عبد الرحمن سلمی سے وہ روایت کرتے ہین احمد بن فضلویہ زاہد سے اور وہ منجملہ غازیون تیراندازکے تھے اونھون نے کہا کہ جب سے مین نے یہ سُنا کہ میری کمان کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک سے چھوا اوس وقت سے مین نے اوسکو کبھی بے وضو نہین چھوا وایضا قال رای ابن عمر رض واضعا یدہ علی مقعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم من المنبر ثم وضعہا علی جبہتہ الخ ترجمہ اور کہا قاضی نے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر کو لوگون نے دیکھا کہ جہان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر بیٹھتے تھے اوس جگہ ہاتھ لگاکر پیشانی پر مس فرماتے تھے پس ان تمام احادیث وروایات سے اہل ایمان کی نظر مین بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ جملہ آثار ومشاہد نبوی سے برکت حاصل کرنا اور اونکی تعظیم کرنا عمدہ نعماے الٰہی سے ہے اور اس قسم کی برکت اور تعظیم کا ثبوت خود آنحضرتؐ وصحابۂ کرام کے افعال مبارک سے ظاہر ہوتا ہے لیکن مسلمان کو چاہیے کہ وہ اس بات پر نظر کرے کہ جسطرح ان احادیث سے آثار نبوی کی برکت وتعظیم کا ثبوت ہوتا ہے اسی طرح تعظیم وبرکت حاصل کرنے کا طریقہ بھی انہین احادیث سے ثابت ہوتا ہے پس جسطرح وہ شخص جو منکر برکت آثار نبویہ ہو بددین اور گنہگار ہے اسی طرح وہ شخص جو خلاف طرق مرویۂ حدیث کے کوئی خاص طریقہ تعظیم کا اپنی طرف سے اختراع کرے وہ مبتدع اور مخالف سنت سمجھا جاویگا اسلیے کہ مخالفت سنت مین دونون برابر ہین اور یہ اوس صورت مین ہے جبکہ اوس طریقۂ مخترعہ مین کوئی امر خاص صریح منہیات شرعیہ اور محرمات یقینیہ سے شامل نہو اور اگر اوس طریقۂ مخترعہ مین کوئی امر محرمات شرعیہ سے بھی شامل کیا جاے تو ایسی حالت مین دو نقصان ہونگے ایک تو طریق خاص کا احداث اور دوسرے محرمات شرعیہ کا ارتکاب اور ان دونون باتون کا حکم یہ ہے کہ انکا مرتکب غیر مستحل فاسق اور مستحل کافر ہے دوسرے اس بات پر نظر رکھنی چاہیے کہ جو تعظیم اور برکت آنحضرتؐ کے آثار کے واسطے ثابت ہے وہ آنحضرتؐ ہی کے آثار کے ساتھ مخصوص ہے اور دوسرے کے آثار کے ساتھ وہ معاملہ کرنا جو آنحضرتؐ کے آثار کے ساتھ مخصوص ہے حرام ہے پس ضرور ہوا کہ جب کسی خاص جُبہ اور خاص لباس اور خاص موکی نسبت یہ دعویٰ کیا جاوے کہ یہ آنحضرتؐ کے آثار ہین تو اول اس بات کا یقین حاصل کیا جاوے کہ یہ آثار فی الواقع آنحضرتؐ کے آثار ہین یا دوسرے شخص کے ہین جنکو

آنحضرت صلعم کی طرف کسی طمع سے منسوب کر دیا ہے تا کہ اس یقین سے غیر کے آثار کے ساتھ آنحضرتؐ کے آثار کا سا برتاؤ لازم نہ آوے اور اس قسم کے یقین کا حصول ایسے امور کی نسبت بغیر اوس طریقہ کے متعذر ہے جسکو ہمارے محدثین رحمہم اللہ نے روایت حدیث مین اختیار کیا ہے کیونکہ اثبات آثار نبوی بھی حدیث عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور حدیث عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین یہی طریقہ مسلوک ہے اور یہ بات ظاہر ہے کہ جب ان آثار کا ثبوت ایسے طرق روایت پر موقوف ہو تو اوسکی صحت و عدم صحت بھی صحت اسناد اور عدم صحت اسناد پر موقوف ہوگی اور جس صورت مین اوسکے واسطے سند ضعیف بھی میسر نہو تو صرف چند جاہلوں کے محضرنامے کب اوسکو ثابت کر سکتے ہین پس خلاصہ کلام یہ ہوا کہ بلاشبہہ تعظیم آثار نبوی علامات ایمانی مین سے ہے جسکا ثبوت احادیث صحیحہ سے ہوتا ہے لیکن وہ تعظیم اور تبرک منحصر ہے انھین طرق مین جو احادیث سے ثابت ہین اور یہ تعظیم فرع ہے اس بات کی کہ ان آثار و تبرکات کا انتساب آنحضرتؐ کی ذات پاک کی طرف صحیح ہوا ور صحت انتساب موقوف ہے صحت روایت پر پس جو آثار بصحت روایت ثابت ہین بلاشبہہ اونکی تعظیم صحابۂ کرام کے طریقہ کے بموجب کرنی چاہیے اور اونسے برکت حاصل کرنے مین کوئی شبہہ نہین اور جو بصحت روایت ثابت نہین ہین اونکے ساتھ بلاتحقیق وہ معاملہ کرنا جو آنحضرتؐ کے آثار ثابتہ کے ساتھ کرنا چاہیے ایسا ہے جیسا کہ بلاسند کے کلام کو حدیث کہنا اور اوسپر عمل کرنا جسکی نسبت سخت وعید وارد ہے قال ابن عباس قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتقوا الحدیث عنی الا ما علمتم فمن کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار رواہ الترمذی ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میری طرف کسی بات کے منسوب کرنیسے خوف خدا کرو اور بغیر تحقیق کے مجھسے کوئی روایت مت کرو کیونکہ جو مجھپر جھوٹ باندھے جان بوجھ کر وہ اپنا ٹھکانا جہنم مین کرلے پس واجب ہے ہر مسلمان پر یہ بات کہ جب تک اوسکو اس بات کا علم نہو کہ جس امر کی نسبت آنحضرت کی طرف کیجاتی ہے وہ نسبت صحیح ہے یا نہین اوس وقت تک اوسکی روایت نکرے اور جب روایت جائز نہین تو عمل بطریق اولی جائز نہوگا البتہ ایسی صورت مین احتیاط کا مقتضا یہ ہے کہ جب کوئی شئے آنحضرتؐ کیطرف دعوی کے ساتھ منسوب کیجاوے تو قبل تحقیق کے

جیسے انکا اقرار جائز نہین ہے انکار پربھی اصرار نکرے بلکہ سکوت کرے چنانچہ ایسی صورت مین حدیث نبوی سے بھی توقف ثابت ہوتا ہے صاحب مرقاۃ نے اس حدیث کے تحت مین قال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاتصدقوا اہل الکتاب ولاتکذبوہم وقولوا آمنا باللہ وما انزل الینا الخ رواہ البخاری ترجمہ مت تصدیق کرو تم اہل کتاب کی اور نہ تکذیب کرو انکی اور کہو تم کہ ایمان لائے ہم اللہ پر اور اوس چیز پر جو اوسنے ہمپر اوتاری روایت کیا اسکو بخاری نے لکھا ہی لاتصدقوا

اہل الکتاب ای فیما لم یتبین لکم صدقہ لاحتمال ان یکون کذبا وہو الظاہر من احوالہم قولہ لاتکذبوہم

ای فیما حدثوا من التوراۃ والانجیل ولم یتبین لکم کذبہ لاحتمال ان یکون صدقا وان کان نادرا لان

الکذوب قد یصدق وفیہ اشارۃ الی التوقف فیما اشتکل من الامور والعلوم الخ غرضکہ اسی طرح ایسے مواقع پر بھی توقف کا طریقہ اسلم ہے ترجمہ نہ تصدیق کرو اہل کتاب کی یعنی اون باتون مین جسکی تمکو بخوبی تصدیق نہین ہوئی واسطے احتمال اس بات کے کہ شاید وہ جھوٹ ہو اسلیے کہ انکا ظاہر حال جھوٹ ہی کو مقتضی ہے اور نہ تکذیب کرو انکی اون باتون مین جو توراۃ اور انجیل سے روایت کرتے ہین جبتک انکی تکذیب ظاہر نہو جاوے اسلیے کہ شاید سچے ہون گو سچا ہونے نادر ہے اسواسطے کہ کبھی جھوٹا بھی سچ بول دیتا ہے اور اسمین اشارہ ہے اس بات کا کہ جو امور مشتبہ ہون اعتقادی اور عملی معاملات مین سے تو انمین توقف چاہیے الخ پس جب تمام امور مرکوز خاطر ہو چکے تو اب سائل کو دیکھنا چاہیے کہ جو لوگ موی مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ سلم کی زیارت طریقۂ مذکورۂ سوال کے بموجب کراتے ہین بدعات اور مخترعات کے پابند ہین دیکھو روایت مذکورہ بالا کے بموجب جب موئے مبارک کا پانی مریض کیواسطے حضرت ام سلمہ سے طلب کیا تو اونھون نے ڈھول تاشے نہین بجوائے پنج آیت اور قرآن خوانی نہین کرائی ترتیب مجلس اور تعیین وقت اور تاریخ نہین کیا غرضکہ کسی قسم کے تعینات خاصہ سے اوسکو مقید نہین فرمایا بلکہ اوسکی برکت کو ہر حالت مین قابل استفادہ تصور فرمایا بخلاف اس صورت کے جسکو سائل نے بیان کیا ہو جسمین تعیین ماہ دیوم و تاریخ کو امر ضروری اور موثر فی ازدیاد الثواب خیال کیا ہے جسکی سنت نبویہ مین کچھ بھی اصل نہین ہے اور تداعی اور انعقاد محافل خاصہ کو لابد خیال کیا ہے اور اوسمین نوبت ونقارہ وجملہ مزامیر مہیا کیے جاتے ہین جو سراسر افعال شیاطین سے ہین مالیدہ موی مبارک بھی العیاذ باللہ نظر

کیا جاتا ہے اور بطور تبرک کے تقسیم حالانکہ اوس سے انتفاع حرام قطعی ہے غزلین گاتے ہین حالانکہ
ایسے راگ بالاتفاق حرام ہین پس برکت حاصل کرنا جو غایۃ الامر مستحب ثابت ہوگی باعث ہوتی ہے
ایسے محرمات شرعیہ کے ارتکاب کی جنسے اجتناب واجب ہے اور ظاہر ہے کہ جس امر مستحب کے
ارتکاب سے ترک واجب لازم آوے اوس مستحب کا ترک واجب ہے پس اس صورت مین ہرگز
شریعت غرای محمدیہ اس بات کی اجازت نہین دیتی کہ ایسے بدعات کے ساتھ اس امر مستحب کا
ارتکاب صحیح ہو اور نفس استحباب اسکا بھی اوس صورت مین مسلم ہے جبکہ یہ بخوبی ثابت ہو جاوے
کہ فی الواقع یہ موی مبارک آنحضرت صلعم ہی کا ہے اور اگر یہ امر پایۂ ثبوت کو نہ پہونچے تو ایسے جلسہ مین
بقصد تبرک حاضر ہونا بھی جائز نہین ہے اور جو لوگ نذر مانتے ہین موی مبارک کی اور اوسپر
چڑھاوا چڑھاتے ہین وہ حرام ہے کیونکہ نذر عبادت ہے اور عبادت لغیر اللہ حرام ہے اور
ظاہر ہے کہ یہ نذر لغیر اللہ ہے پس یہ حرام ہے چنانچہ لکھا ہے صاحب بحر رائق نے والنذر
للمخلوق لا یجوز لانہ عبادۃ والعبادۃ لا تکون لمخلوق یعنی نذر مخلوق کی ناجائز ہے اسلیے کہ وہ عبادت
ہے اور عبادت کسی مخلوق کیلیے نہین ہوتی الخ اور جسطرح یہ فعل حرام ہے اسی طرح اوس قسم کے
چڑھاوے کا لینا اور اوسکا کھانا اور اسے صرف مین لانا بھی حرام ہے اور ایسی نذر منعقد نہین ہوتی
اور ذمہ پر اوسکا ادا واجب نہین ہوتا چنانچہ اسی بحر الرائق مین ہے والاجماع علی حرمۃ النذر للمخلوق ولا ینعقد
ولا تشتغل الذمۃ بہ وانہ حرام بل سحت ولا یجوز لخادم الشیخ اخذہ ولا اکلہ ولا التصرف فیہ بوجہ من الوجوہ
الخ ترجمہ یعنی اس بات پر اتفاق ہے کہ نذر مخلوق کی حرام ہے اور وہ نذر منعقد بھی نہین ہوتی اور
ذمہ پر اوسکا وجوب نہین ہوتا اور مجاور درگاہ کو اوسکا لینا اور کھانا اور کسی قسم کا تصرف کرنا جائز
نہین ہے اور جو اوقاف موی مبارک کے خدمت کیلیے مقرر ہین اگر وہ اوقاف اس غرض سے
مقرر کیے گئے ہین کہ وہ بدعات مذکورہ جو سوال مین مذکور ہین اس وقف کے ذریعہ سے
رائج کیے جاوین اور ایسے بدعات کی اوس اوقاف سے صرف کیا جاوے تو فی نفسہ یہ وقف ہی
باطل ہے اور انکا واقف گنہگار ہے کیونکہ صحت وقف کے ایک یہ شرط ہے کہ وہ کام
جسکے لیے وقف کیا ہے فی نفسہ قربت اور عبادت مقصود فی الدین ہو اور ظاہر ہے کہ یہ امور
نعوذ باللہ منہا عبادت نہین ہین چنانچہ [illegible] ان مین قربۃ

فی ذاتہ وعند التصرف الخ ترجمہ اور منجملہ شرائط کے ایک یہ شرط ہے کہ وہ امر فی نفسہ قربت ہو اور وقت تصرف کے الخ اور اگر اسنے صرف یہ نیت کی ہے کہ جو فقرا و مساکین یہاں حاضر ہون اونپر صرف کیا جاوے اور جو شخص اوسکے متولی ہون وہ بھی بقدر حاجت اوسمین سے لیا کرین تو وقف صحیح ہو اور بقدر حاجت خود لینا اور باقی فقرا پر صرف کرنا حلال ہے واللہ اعلم۔ کتبہ

العبد الذلیل محمد اسمعیل [محمد اسمعیل] اجاد من اجاب [محمد لطف اللہ]

فی الواقع برکت لینا ایسی چیزونسے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بانتساب صحیح بطریق صحیح منسوب ہین جائز و مستحسن ہے لیکن ایسی مجلس مین جانا جسکو سائل نے ذکر کیا بوجہ اشتمال انکے بدعات مستقبحہ اور افعال محرمہ پر شریک ہونا نہین جائز ہے اور نہ ایسے آثار سے جن کا انتساب بطریق صحیح ثابت نہین ہے برکت لینا جائز ہے اور جو اشیای عوام کالانعام موی مبارک پر چڑھاتے ہین اونکا لینا بوجہ منذور لغیر اللہ ہونے کے نہین جائز ہے وللہ در المجیب حیث انی بتفصیل رائق وہو فیہ مصیب واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا انقلاب نحاس وغیرہ بطرف ذہب و فضہ کہ نتیجۂ علم کیمیاست ممکن ہست یا نہ بینوا توجروا

ہو المصوب علمای حکمت درین باب اختلاف دارند بعضی مثل شیخ رئیس وغیرہ قائل بامتناعش گشتہ اند لیکن دلیلے قوی کہ مفید استحالہ باشد نزد شان نیست وجمعی ازایشان قائل بامکان اند و دلائل امتناع را از بیخ برکندہ اند در کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون می نویسد حاصل ما ذکرہ الصفدی فی شرح لامیۃ العجم ان الناس فیہ علی فریقین فقال کثیر منہم ببطلانہ منہم الشیخ الرئیس ابن سینا ابطلہ بمقدمات من کتاب الشفاء والشیخ تقی الدین ابن تیمیۃ صنف رسالۃ فی الکیمیا فی انکارہ وصنف یعقوب الکندی ایضا رسالۃ فی ابطالہ لکنہم لم یوردوا شیئا یفید الظن بامتناعہ فضلا عن یقینہ وذہب آخرون الی امکانہ منہم الامام الرازی فانہ فی المباحث المشرقیۃ عقد فصلا [illegible] ابن تیمیۃ [illegible] الطالب فی رسالتہ [illegible] یعقوب الکندی و [illegible] الامام فی الملخص علی امکانہ فقال [illegible] واحد

[illegible]

مایصح فی الآخر وحکی ابن ماجۃ الاندلسی فی بعض تالیفہ عن الشیخ ابی نصر الفارابی انہ قال بین ارسطو فی کتابہ من المعادن ان صناعۃ الکیمیاء داخلۃ تحت الامکان الا انہا من الممکن الذی یعسر وجودہ بالفعل انتہی ملخصاً واکثر از ارباب شرع ہم قائل باں کالن ہستند ابن حجر مکی ہیتمی در تحفۃ المحتاج شرح منہاج درباب الانجاس می نویسند اختلف فی انقلاب الشیء عن حقیقتہ کالنحاس الی الذہب ہل ہو ثابت فقیل نعم لانقلاب العصا ثعبانا حقیقۃ والا لبطل الاعجاز وقیل لا لان قلب الحقائق محال والحق الاول انتہی ملخصاً و نیز می نویسد کثیرا ما یسأل عن تعلم علم الکیمیا وحلہ ولم نر احدا ذکر فی ذلک والذی یظہر انہ ینبنی علی ہذا الخلاف فعلی الاول من علم العلم الموصل لذلک القلب علما یقینیا جاز لہ علمہ و تعلیمہ اذ لا محذور فیہ بوجہ وان قلنا بالثانی اولم یعلم الانسان ذلک بالعلم الیقینی فکان ذلک وسیلۃ الی الغش فالوجہ الحرمۃ انتہی ملخصاً و در رد المحتار حاشیہ در مختار بعد نقل ایں عبارت می نویسد حاصلہ انا اذا قلنا باثبات قلب الحقائق وہو الحق جاز العمل بہ وتعلمہ لانہ لیس بغش لان النحاس ینقلب ذہبا و فضۃ حقیقۃ وان قلنا انہ غیر ثابت لا یجوز لانہ غش کما لا یجوز من الکیمیا حقیقۃ لما فیہ من اتلاف مال المسلمین او غش المسلمین والظاہر ان مذہبنا ثبوت انقلاب الحقائق بدلیل ما ذکروہ فی انقلاب العین فی النجاسۃ کانقلاب الخمر خلا والدم مسکا ونحو ذلک انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتاء ما قولکم ایہا العلماء الکرام فی ہذہ المسائل سادات صحیح النسب کا یوم القیامۃ منتفع بالنسب ہونا بادلہ شرعیہ ثابت ہے یا نہیں اور تقدیر اول انتفاع سے کیا مراد ہے آیا وہ لوگ باوصف بے علم و بے عمل ہونے اور ارتکاب فسق و فجور باوجود ہر حالت کے بھی بوجہ انتساب الی النبی کے دخول نار سے مطلقاً محفوظ رہیں گے اور مواخذات اخرویہ سے مامون ہونگے یا بعد دخول فی النار و سزا پانے مدت معین کے بشفاعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم مثل دیگر مومنین غیر سادات جنت کے داخل بہشت ہونگے ان صورت میں درمیان سادات اور دوسرے مومنین امت محمدیہ کے کیا فرق ہوگا کیونکہ بموجب [illegible] داخل ہیں کوئی شخص سادات سے [illegible] ہو سکتا ہے یا نہیں یہاں ہر شخص سادات کا بدلائل شرعیہ ونصوص احادیث مستنبط ہے اور اگر جائز ہے تو دیگر دلیل کیا ہے او سادات کے

اور اقوام جو شرفا کہے جاتے ہین اور منتسب طرف صالح کے نسبا و نسبة ہین جیسے شیخ صدیقی وفاروقی وعثمانی وعلوی غیر فاطمی وہ لوگ با وصف محروم رہنے کے دولت علم و عمل سے اور مبتلا بفسق و فجور رہنے اور بلا توبہ مرجانے کے صرف برکت صلاح منتسب الیہم کے دخول نار و جملہ مواخذات اخرویہ سے محفوظ رہین گے یا بوجہ فاسق و فاجر ہونے کے سزاے اعمال پائین گے اور نسبت الی الصالحین عاقبت مین ون لوگون کے کام نہ آئیگی - سوای اقوام مذکورہ کے دوسرے اقوام جو بظاہر منتسب طرف کسی صالح کے نہین ہین جیسے افاغنہ و مغل و دیگر اقوام جو عرفا ارذال کہے جاتے ہین اونکے سلسلۂ آبا مین اگر کوئی صالح و ولی گذرا ہو تو بقیاس الی الشیوخ صدیقی وغیرہم وہ لوگ بھی با وصف بے ایمان مرجانے یا بحالت فسق و فجور بلا توبہ دنیا سے رحلت کرنے کے برکت اب صالح کے مواخذات اخرویہ سے مامون رہین گے یا نہین چونکہ یہ مسائل متنازع فیہا ہین اور متنازعین اہل علم ہین جواب ہر شق سوالات کا مفصل و مبسوط بہ تقریر واضح حاوی ادلہ ہر امر مندرج جواب و نقل عبارات معتبرات ارقام فرمایا جاوے

ہو المصوب سادات کا بحالت فسق و فجور مرنے کے بلا توبہ دخول نار اور عذاب سے مطلقا محفوظ رہنا بوجہ انتساب الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نہین ہے بلکہ آثار اور اخبار سے اوسکے خلاف ثابت ہے نور الدین علی سمہودی جواہر العقدین فی فضل الشرفین ذکر ماینبغی لاہل البیت مین لکھتے ہین الثالث اجتناب کل قبیح شرعا فان القبیح من اہل ہذا البیت اقبح منہ من غیرہم ولہذا قال العباس لابنہ عبد اللہ کما فی تاریخ دمشق یا بنی ان الکذب لیس باحد من ہذہ الامۃ اقبح منہ بی وبک و باہل بیتک یا بنی لا یکون شئی مما خلق احب الیک من طاعۃ ولا اکرہ الیک من معصیۃ فان اللہ ینفعک بذلک فی الدنیا والاخرۃ قلت اجماع ذلک کلہ ماجاء انہ صلی اللہ علیہ وسلم اوصی باہل بیتہ بتقوی اللہ ولزوم طاعۃ کما سبق فی الذکر الرابع ویسبق فی اواخر التنبیہ الاول من الذکر السادس قول الحسن بن الحسن المثنی انی اخاف ان یضاعف للعاصی منا العذاب ضعفین واللہ انی لارجو ان یوتی المحسن منا اجرہ مرتین انتہی ور روایت قرانیہ یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ مَنۡ یَّاۡتِ مِنۡکُنَّ بِفَاحِشَۃٍ مُّبَیِّنَۃٍ یُّضٰعَفۡ لَہَا الۡعَذَابُ ضِعۡفَیۡنِ ؕ وَ کَانَ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیۡرًا وَ مَنۡ یَّقۡنُتۡ مِنۡکُنَّ لِلّٰہِ وَ رَسُوۡلِہٖ وَ تَعۡمَلۡ صَالِحًا نُّؤۡتِہَاۤ اَجۡرَہَا مَرَّتَیۡنِ ۙ وَ اَعۡتَدۡنَا لَہَا رِزۡقًا کَرِیۡمًا شاہد عدل اس امر پر ہے

کہ انتساب الی الصالح باعث تضاعف اجر اعمال صالحہ کا اور تضاعف عذاب اعمال خبیثہ کا
ہوتا ہے نہ یہ کہ مطلقا اعمال خبیثہ مضر نہون اور اصحاب اعمال سیئہ صرف بوجہ انتساب
الی الصالح کے ناجی ہو جاوین اسیوجہ سے حق جلشانہ نے ازواج نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر
تضاعف عذاب کی بر تقدیر ارتکاب انکے فواحش کی دی اگر مطلق انتساب الی النبی صلی اللہ علیہ
وسلم باعث نجات ہوتا یہ مضمون نازل نہوتا اور نسب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم یا نسب صدیقی
وعلوی یا نسب کسی اور صالح کا نفع دینا بروز قیامت باین معنی کہ اگر وہ شخص اعمال صالحہ کرے
تو بہ نسبت اپنے امثال کے درجہ زائد پاوے صحیح ہے یا یہ کہ وہ شخص جس کی طرف انتساب ہے
بہ نسبت اور شخصون کے اسکی طرف زائد التفات کرے اور شفاعت کرے اور باین معنی کہ شخص
منتسب باوجود اعمال قبیحہ کے صرف بوجہ شرافت نسبیہ حق جلشانہ کے نزدیک مغفور ہو جاوے گا
اور باوجود اعمال سیئہ صرف انتساب الی الصالح کے ذریعہ سے نزدیک حق تعالی کے مکرم ہوگا
اور مطلقا عذاب سے نجات پاکے مرحوم ہوگا محض غلط ہے نص قرآنی اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ
اَتْقٰکُمْ اسکے غلط ہونے پر شاہد عدل ہے امام فخر الدین رازی کی تفسیر کبیر مین تفسیر اس آیت مین مرقوم ہے
فان قیل ہذا المبنی علی عدم اعتبار النسب ولیس کذلک فان للنسب اعتبارا عرفا وشرعا حتی لا یجوز
تزویج الشریفۃ بالنبطی قلنا اذا جاء الامر العظیم لا یبقی الامر الحقیر معتبرا وذلک فی الحس والشرع والعرف
اما الحس فلان الکواکب لا تری عند طلوع الشمس وجناح الذباب یری ولا یسمع عندما یکون رعد قوی
واما فی العرف فلان من جاء مع الملک لا یبقی لہ اعتبار ولا التفات اذا عرفت ہذا ففی الشرع کذلک
اذا جاء الشرف الدینی الالہی لا یبقی لما ہناک اعتبار لا النسب ولا النشب الا تری ان الکافر وان کان
من اعلی الناس نسبا والمؤمن وان کان اذ ونہم نسبا لا یقاس احدہما بالآخر ولہذا یصلح للمناصب
الدینیۃ کالقضاء والشہادۃ کل شریف ووضیع اذا کان دینا صالحا عالما ولا یصلح لشیء منہا فاسق
وان کان قرشی النسب وفاروقی النسب ولکن اذا اجتمع فی اثنین الدین المتین واحدہما نسیب
ترجح بالنسب عند الناس لا عند اللہ ان اکرمکم یقول وان لیس للانسان الا ما سعی وشرف النسب
لیس مکتسبا ولا یحصل بسعی انتہی اور ابو محمد بن عبد الباقی زرقانی شرح مواہب اللدنیہ مین لکھتے ہین انما
ینظر للاصل والعنصر عند التحلی بالفضائل والتخلی عن الرذائل انتہی اور مسند احمد مین ابو بصرہ سے

مروی ہے حدثنی من شہد خطبۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمنی وہو علی بعیر یقول یا ایہا الناس ان ربکم واحد
وان اباکم واحد لا فضل لعربی علی عجمی ولا لاسود علی الاحمر الا بالتقوی خیرکم عند اللہ اتقاکم اور صحیح مسلم
وغیرہ میں ابوہریرہ رض سے مروی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من بطأ بہ عملہ لم یسرع بہ
نسبہ اور ابن جریر وغیرہ نے روایت کی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لا یسألکم
عن احسابکم ولا عن انسابکم یوم القیمۃ الا عن اعمالکم اکرمکم عند اللہ اتقاکم اور کتاب الادب المفرد
میں بخاری نے ابوہریرہ رض سے روایت کی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اولیائی یوم القیامۃ
المتقون وان کان نسب اقرب من نسب اور معجم طبرانی میں حدیث معاذ میں مروی ہے لما بعثہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی الیمن خرج معہ یوصیہ ثم التفت الی المدینۃ فقال ان ہؤلاء اہل بیتی
یرون انہم اولی الناس بی ولیس کذلک انما اولیائی المتقون من کانوا وحیث کانوا اور صحیح بخاری
میں عمرو بن العاص سے مروی ہے سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول جہارا غیر سر ان
آل ابی فلان لیسوا لی باولیاء انما ولیی اللہ وصالح المؤمنین ہذا لفظ مسلم اور بخاری نے بسند زائد روایت
کیا ہے لکن لہم رحم ابلہا ببلالہا یعنی اصلہا بالشفاعۃ اور اربعین طائی میں فضیل بن مرزوق سے
مروی ہے سمعت الحسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب یقول لرجل یغلو فیہم ویحکم احبونا للہ فان
اطعنا اللہ فاحبونا وان عصینا اللہ فابغضونا فقال الرجل انکم لذو قرابۃ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
واہل بیتہ فقال ویحکم لو کان اللہ نافعا بالقرابۃ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بغیر عمل بطاعتہ لنفع بذلک
من ہو اقرب الیہ منا اباہ وامہ انی اخاف ان یضاعف للعاصی منا العذاب ضعفین اور [illegible]
الاخبار والآثار السمہودی فی مواضع متفرقۃ من الجواہر ان سب سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مجرد انتساب
الی الرسول باعث مغفرت وکرامت کا نہیں ہو سکتا ہے جبتک کہ اوسکے ساتھ تقوی منضم نہو
ہر گاہ نسب نبوی کا یہ حال معلوم ہوا نسب صدیقی وغیرہ کا بدرجۂ اولی یہی حال ہوگا ہاں نسب
نبوی اسقدر مفید ہوگا کہ اولا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اولاد کی شفاعت فرماوینگے اور
پہر بقیہ عامۂ مؤمنین کے ابتداء توجہ انکی طرف فرماوینگے جیسا کہ حدیث ابن عمر رض سے قول
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اول من اشفع لہ من امتی اہل بیتی ثم الاقرب فالاقرب من قریش ثم الانصار
ثم من آمن بی واتبعنی من اہل الیمن ثم سائر العرب ثم الاعاجم ومن اشفع لہ اولا افضل طبرانی سے

روایت کی ہے علی ما اوردہ السیوطی فی البدور السافرۃ فی احوال الآخرۃ ثابت ہے وہذا ہو الفرق
بین السادات وعامۃ المؤمنین فی باب الشفاعۃ لا ان السادات ناجون مطلقا ولو کانوا فجارا
ملا علی قاری مکی رسالۂ تحقیق الاحتساب فی تدقیق الانتساب میں تفسیر آیۂ فلا انساب بینہم یومئذ
میں لکھتے ہیں لم یرد ان الانساب تنقطع بل المراد ان احدا بمجرد النسب لا ینفع لان مدار الدین
یوم الجزاء علی التقوی انتہی اور بھی لکھتے ہیں ثم اعلم ان مجرد النسب بدون کسب الحسب وتعلم العلم والادب
غیر معتبر فی المذہب انتہی اور بھی لکھتے ہیں فالمدار علی العلم والتقوی لا علی مجرد النسب المعتبر فی الدنیا
دون العقبی انتہی اور یہی معنی ہیں بقای نسب نبوی کے بروز قیامت جو مفاد حدیث کل نسب
وسبب منقطع یوم القیامۃ الا سببی ونسبی اخرجہ البزار والطبرانی والبیہقی وابو نعیم والحاکم وغیرہم اور
حدیث ان الانساب تنقطع یوم القیامۃ غیر نسبی وسببی وصہری اخرجہ احمد والطبرانی والحاکم وغیرہم
ہے چنانچہ تفسیر اسکی دوسری حدیث میں مروی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما بال اقوام
یزعمون ان قرابتی لا تنفع ان کل سبب ونسب منقطع یوم القیامۃ الا نسبی وسببی وان رحمی موصولۃ
فی الدنیا والآخرۃ اخرجہ البزار وغیرہ اور ایسی دوسری روایت مفسر ہے قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم ما بال رجال یزعمون ان رحم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینفع قومہ یوم القیمۃ بلی وان
رحمی موصولۃ فی الدنیا والآخرۃ وانی ایہا الناس فرط لکم علی الحوض اخرجہ احمد والحاکم والبیہقی وغیرہم
الحاصل قرابت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو مطلقا غیر نافع کہنا اور سادات وعامۂ مؤمنین کو
من کل الوجوہ مساوی سمجھنا تفریط ہے اور اسکو ایسا نافع سمجھنا کہ باوجود ارتکاب فواحش صرف
انتساب الی النبی کو باعث استحقاق نجات جاننا افراط ہے وخیر الامور اوسطہا اس تفصیل سے
جواب سوال سوم وچہارم کا بھی معلوم ہوگیا حاجت تفصیل کی نہیں ہے نسب نبوی صلی اللہ
علیہ وسلم جسکی قطع وبقا کی خبر احادیث میں وارد ہوئی جب بانفرادہ باعث نجات واکرمیت عند اللہ
بدون انضمام تقوی منہو البتہ باعث استحقاق زیادتی اجرت شیعہ ہونا ثابت ہے النسب صدیقی
یا علوی یا کسی اور ولی وصالح کا کیونکر بانفرادہ منشا نجات ہو سکتا ہے اور جواب سوال دوم کا
یہ ہے کہ کسی سید کا حرۃ بحالت میوۃ تھہ ونزد الیہ اسکا انتقاع نقلا وعقلا وشرعا نہیں ثابت ہے
اور ہر سید کا مطلقا بلا عذاب جہنم سے نجات پا جانا اور ابتداء جنت میں داخل ہو جانا منصوص

معتبرہ سے نہین ثابت ہے بلکہ عمومات قرآن اور احادیث اسکے خلاف پر دال ہین باقی وہ حدیثین
کہ اسعاف الراغبین وجواہر العقدین وغیرہ مین مذکور ہین کہ جنکا مفاد و ملخص یہ ہو کہ اہل بیت و سادات
کے حق مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعای نجات فرمائی اور پروردگار نے وعدہ اس امر کا
فرمایا کہ اولاد فاطمہ پر جہنم حرام ہے اور اہل بیت پر عذاب نہو گا وہ سب عام مخصوص البعض ہین
اور محمول ہین اوپر صلحاء و متقین کے یا صرف اولاد صلبی فاطمہؓ پر ابن عراق تنزیہ الشریعۃ عن الاخبار
الموضوعۃ مین بعد ذکر حدیث ان فاطمۃ احصنت فرجہا فحرمہا اللہ و ذریتہا علی النار کے لکھتے ہین
مما یدل علی ان الحدیث لیس موضوعا جزما عند ابن الجوزی انہ قال ان ثبت الحدیث فہو محمول
علی ذریتہا الذین ہم اولادہا خاصۃ فان الحسن والحسین سیدا شباب اہل الجنۃ وعلی ذلک حملہ
محمد بن علی بن موسی الرضا فقال ہو خاص الحسن والحسین واللہ اعلم وروی العقیلی عن ابی کریب
انہ قال ہذا للحسن والحسین ولمن اطاع اللہ منہم انتہی اور اس قسم کی حدیثین جو فضائل اہل بیت مین
وارد ہین نظیر انکی بہت سی احادیث صحاح ستہ وغیرہ مین مروی ہین کہ جن مین خاص خاص
عمل صالح کے کرنے والے پر حکم وجبت لہ الجنۃ یا حرمت علیہ النار یا فقد دخل الجنۃ یا فقد
من العذاب ونحو ذلک کا دیا گیا ہے چنانچہ ناظر کتب احادیث پر مخفی نہین ہے پس لازم
آتا ہے کہ اصحاب ان اعمال صالحہ کی بھی اگرچہ سیکڑون کبائر کرین کبھی جہنم مین داخل نہون
یا وہ لوگ سوء خاتمہ سے آمن ہو جاوین اور بہ برکت اوس عمل صالح کے جو اون سے صادر ہوا
یہ سمجھ لین کہ ہمکو خوف نہین خاتمہ خواہ ہمارا بخیر ہو گا اور یا بالفعل اوس حدیث سے ضرور
ہمکو مغفرت و نجات حاصل ہو گی حاشا وکلا ہذا لم یقل بہ احد من الفقہاء والمحدثین والعلماء المعتبرین
کما لا یخفی علی من طالع کتب الکلام والفقہ والحدیث ہذا الجواب واللہ اعلم بالصواب

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتاء اکثر علمای دین تحریر فرماتے ہین کہ روح میت یک چلہ کم و زیادہ اپنے گھر مین بعدہ
ایک سال تک قبر پر رہکر مقام علیین وغیرہ کو جاتی ہے چنانچہ صحیح تر نزدیک اہل سنت کے کیا ہے فقط

ہو المصوب ظاہر احادیث سے یہ متوہم ہوتا ہے کہ بعد قبض کے روح علیین کو جاتی ہے

روایت بزار یہ صین ہے فاذا اخرجت روحہ وصعدت بہا ذلک لمسلک الریحان و ذہب بہا الی علیین

اور یہ امر کہ ایک چلہ گھر مین اور ایک سال قبر پر رہکے علیین کو جاتی ہو نہین ثابت ہو واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا [۱۲۳] آپنے فرمایا کہ بہشت مین ملاقات ہوگی مگر یہ نظاہر ہوا کہ جو رو خصم و لڑکے وغیرہ مانند یہان کے یکجا رہین گے یا نہین فقط

ہوالمصوب جب سب جنت مین جاوین گے تو مانند یہان کے سب یکجا رہین گے اور اگر مراتب درجات مختلف ہونگے تو ایک کے درجے مین دوسرے جاکے یا پاس پہونچ کے ملاقات کرسکین گے تفصیل اسکی بدور سافرہ فی احوال الآخرہ وغیرہ مین موجود ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علمای کرام اس مسئلہ مین کہ ابلیس لعین قراءت قرآن پر قادر ہی یا نہین

ہوالمصوب کتاب لقط المرجان فی اخبار الجان مین جلال الدین سیوطی لکھتے ہین سئل

ابن الصلاح عن رجل یقول ان الشیطان یقدر ان یقرأ القرآن وقیل ہو وجنودہ فاجاب ظاہر

المنقول ینفی قرائتہم القرآن وقوعا ویلزم منہ انتفاء الصلوۃ منہم اذ منہا قراءۃ القرآن وقد ورد

ان الملائکۃ لم یعطوا فضیلۃ قراءۃ القرآن وہی حریصۃ لذلک علی استماعہ من الانس فان

قراءۃ القرآن کرامۃ اکرمہا اللہ بہا الانس غیر ان المومنین من الجن بلغنا انہم یقرؤنہ انتہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی (مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات)

استفتا [۱۲۶] کیا فرماتے ہین علمای محققین اس مسئلہ مین کہ طریقہ اعطای منصب نبوت کا کسی شخص کے ساتھ اس طور پر بھی ہوا ہو کہ ایک نبی کسی شخص کو خرقہ اپنا عطا کرے اور محض اعطاے خرقہ سے وہ شخص نبی ہوجاے یا کوئی نبی کسی شخص سے کہے کہ مین نے منصب نبوت تمکو عطا کیا اور محض اس کہنے سے وہ شخص نبی ہوجاوے یا کوئی نبی کسی شخص سے کہے کہ میرے بعد حامل میری نبوت کے تم ہو اور محض اس کہنے سے وہ شخص بعد اس نبی کے نبی ہوجاوے یا ایک شخص خواب مین دیکھے کہ کوئی کہتا ہے کہ آج سے تمکو منصب نبوت کا عطا کیا گیا اور محض اس خواب سے وہ شخص نبی ہوجاوے یا کسی شخص کو القا اعطای منصب نبوت کا ہوا اور محض اس القا سے وہ شخص نبی ہوجاوے۔ اگر یہ طرق اعطای منصب نبوت کے رہے ہون فبہا ورنہ شرائط

عطاے منصب نبوت بالاستیعاب مرقوم فرمائے جائیں

ہوالمصوب حصول مرتبہ نبوت کے یہ طریقے نہیں ہیں اور شاذون طریقون سے کسی نبی کو نبوت ملی ہے بدون اسکے کہ حضرت پروردگار کی طرف سے کوئی فرشتہ حامل وحی آوے اور وہ خبر رسالت و نبوت کی پہنچاوے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبدالحی ابوالحسنات]

صح الجواب واللہ علیم حررہ ابوالاحیاء محمد نعیم عفی عنہ ۱۳۰۲ ہجری

استفتا[۲۳۷] کیا فرماتے ہین علمای محققین اس مسئلہ مین کہ اگر کوئی شخص کسی رسول کی رسالت کا ایمان رکھتا ہو یعنی تصدیق قلبی و اقرار لسانی دونون ہون لیکن باینہمہ بوجہ کسی معاملہ دنیوی کے خاص اسی حیثیت سے اُس رسول کا عدو ہو جاوے اور کوئی موقع پاکر ایذا رسانی کرے یا بوجہ شدت عداوت اور کثرت غصہ کے اُس رسول کو قتل کرے تو اس صورت مین وہ شخص مومن رہیگا یا کافر ہو جاویگا جواب اسکا بحجت کتاب و سنت مرقوم ہو

ہوالمصوب عداوت رسول کی اور قتل اُسکا اور ایذا رسانی اور اہانت اسکی جس حیثیت سے ہو موجب کفر ہے قال اللہ تعالی ان الذین یؤذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والآخرۃ واعد لہم عذابا مہینا وقال تعالی فی تقبیح شان بنی اسرائیل و ذکر طغیانہم ویقتلون الانبیاء بغیر حق لبغیر حق شرعی واللہ علم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبدالحی ابوالحسنات]

کتاب التقلید

استفتا[۲۳۸] کسے کہ تتبع رخص شرعیہ را مذہب خود گیرد حکم آن چیست مبتدع است یا نہ

ہوالمصوب تتبع رخص شرعیہ اگر بقصد تلہی باشد حرام است بالاجماع مثل آنکہ حنفی برای تلہی اختیار مذہب امام شافعی در شطرنج سازد و اگر بقصد تلہی نباشد مضائقہ ندارد و متتبع بمبتدع نخواہد شد مگر از این چنین امور عوام منع کردہ شوند عالم متقی را مضائقہ نیست کذا قال بحر العلوم فی شرح مسلم الثبوت وشاہ ولی اللہ محدث دہلوی در ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء می آرد فی المصابیح قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم ان الدین یسر ولن یشاد الدین احد الا غلبہ فسددوا وقاربوا وابشروا

وذکر البغوی عن عمیر قال ادرکت من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر من سبعین فما رأیت
قوما اہون سیرۃ ولا اقل تشدید منہم وعن ابراہیم انہ قال اذا لغک فی الاسلام امران فخذ ایسرہما
وقال الشعبی اذا اختلف علیک فی الدین فخذ ایسرہما فان ایسرہما اقربہما الی الحق ان اللہ تعالی
یقول یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر وازین آثار صاف مفہوم می شود کہ تلفظ رخص مذاہب
اربعہ بعد ازانکہ مخالف نص قرآن وحدیث مشہور واجماع سلف وقیاس جلی نباشد حسن ست
خلافا للفقہاء المتاخرین بل نسبہ بعضہم الی الفسق انتہی کلامہ وفی المسلم وشرحہ لمولانا ولی اللہ
اللکنوی رح ویتخرج ای یستنبط منہ ای من جواز اتباع غیر المقلد الاول کما ہو مختار ابن الہمام
من ان تقلید مذہب معین لیس بواجب شرعا جواز اتباع رخص المذاہب ای اخذ ما ہو اہون
علیہ من المذاہب فلا یمنع منہ مانع شرعی اذ للانسان ان یسلک المسلک الاخف علیہ اذا کان لہ
ای للانسان الیہ ای الی الاخف سبیل لم یکن عمل فیہ ای فی ذلک المحل المختلف
فیہ باخر ای بقول آخر مخالف لہذا الاخف وکان علیہ الصلوۃ والسلام یحب ما خفف علیہم وما نقل
عن ابن عبد البر انہ لا یجوز للعامی تتبع الرخص اجماعا فاجیب عنہ فی التیسیر شرح التحریر بالمنع ای
بمنع صحۃ النقل عنہ ولو سلم فلا نسلم صحۃ دعوی الاجماع اذ فی تفسیق متتبع الرخص عن الامام احمد
روایتان فکیف یتحقق الاجماع وحمل بعضہم روایۃ التفسیق بما اذا قصد التلہی انتہی کلامہما وثمراہما
وہمچنین در شرح تحریر الاصول مرقوم ست واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا عنہ

استفتا ۲۳۹ کسے کہ انکار مذہب نماید ومذہب گرفتن را بد داند واتباع کتب حدیث را
دعوی کند حکمش چیست مبتدع است یا چہ

ہو المصوب اصحاب مذاہب چہ ابوحنیفہ وچہ شافعی وچہ مالک وچہ احمد وچہ غیر ایشان
تدوین مذاہب واستخراج مسائل خلاف شرع نہ ساختند ادلۂ اربعہ مستند ہر یک ہستند بسبب
اختلاف فیما بین شان وقوع اختلاف در فہم معنی آیات واحادیث نہ آنکہ احدے را تعصبے راہ دادہ باشد
یا آنکہ قیاس را بر شرع مقدم کردہ باشد حاشا وکلا جملہ ائمہ ہداۃ از تقدیم قیاس مبرا ہستند ونسبت کنندہ
این امر بطرف یکی از ایشان کاذب ومفتری ست وآنچہ کہ بعضے متعصبین حنفیہ را اصحاب الرای
می نویسند قول ایشان از پایۂ اعتبار ساقط ست ودرینجا لطیفہ بخیال می گذرد وآن اینکہ الف لام

کہ داخل برای ہست چندے ست ومراد از آن رائے دقیق ست پس فی الحقیقت حنفیہ اصحاب الرای ہستند
یعنی اصحاب الرأی الدقیق حافظ ابن حجر عسقلانی شافعی در مجمع مؤسس فی المعجم المفہرس اقرار این امر
می سازند کما ہمچنان کہ در مذہب حنفی قواعد منضبط ہستند در مذہب ما نیستند پس حق جل شانہ
از زبان متعصبین بوصف حسن حنفیہ خارج کنانید لیکن اوشان مطلبش نہ فہمیدند الحاصل مذاہب
بمونہ مخالف آیات واحادیث واجماع وقیاس نیستند اصل ہر مسئلہ یکی ازین چار ست شاہ
ولی اللہ دہلوی در انصاف فی بیان سبب الاختلاف می نویسند لما مہدوا الفقہ لم تکن مسألۃ من المسائل
التی تکلم فیہا من قبلہم والتی وقعت فی زمانہم الا وجدوا فیہا حدیثا مرفوعا متصلا او مرسلا او موقوفا
صحیحا او ضعیفا او حسنا او اثرا من آثار الشیخین او سائر الخلفاء فیسر اللہ لہم العمل بالسنۃ علی ہذا الوجہ
انتہی ہرگاہ این امر ممہد شد پس میگوییم کہ منکر مذاہب اربعہ و بدوانندۂ آنہا اگر بدین سبب
بد میداند کہ مذاہب اربعہ موافق شرع ہستند آن شخص کافر خواہد شد لانہ اہان الدین
واگر در اعتقاد خود می پندارد کہ مذاہب اربعہ خلاف شرع ونصوص ہستند پس آنکس مخطی ست
لما مہدنا لا آنفا بنظر تامل باید فہمید کہ اگر ائمہ مجتہدین تحقیق مسائل وتدوین آنہا چنانکہ ہست نمیکردند
تمام عالم مظلم وگمراہ بودے وکسے را اطلاع بر حکم شرع حاصل نشدے چہ بسیارے از احکام این چنین
ہستند کہ از ظاہر نصوص مستنبط نمی شوند پس بد دانستن این مذاہب احسان فراموشی است
واما دعوی اتباع کتب حدیث پس اگر مدعی امتیاز صحیح از حسن وحسن از ضعیف وناسخ از منسوخ
می سازد و بر طبق محدثین سابقین بر شرح معانی آثار واحادیث وآیات قدرت دارد وسوای
آن بر جملہ فنون ضروریہ متعلقۂ کتب حدیث وغیرہ مہارتے دارد آنکس قابل مدح ست فظاہر ست
کہ وجود اینچنین کس فی زماننا ہذا مثل وجود عنقا ست البتہ در مائۃ ثامنہ بسیار کسان موصوف
بصفات مذکورہ یافتہ شدند وبعد آن در مائۃ تاسعہ علامۂ جلال الدین سیوطی خاتمۃ الحفاظ شدند
وبعد از ان در مائۃ عاشرہ ہم بعضے علما مثل ملا علی قاری وشیخ عبد الحق محدث دہلوی وغیرہ قدم بقدم
محدثین شدند مگر بمرتبۂ اوشان نرسیدند وبعد از ان تا الی الآن کسی یافتہ نشد کہ تمییز حدیث صحیح
از ضعیف کما حقہ نماید فضلا عن المہارۃ فیہ الا ما شاء اللہ تعالی فی زماننا محدث آن کس را می شمارند
کہ صحاح ستہ را درس دہد وتوضیح مطالب حدیث عام فہم کردہ دہد فانا للہ وانا الیہ راجعون

صاحب کشف الظنون از علامہ تاج الدین سبکی نقل میسازد وعلم ان قصاری نظر ابناء زماننا فی
علم الحدیث النظر فی مشارق الانوار فان ترفعت الی مصابیح البغوی ظننت انها تصل الی درجۃ
المحدثین وما ذلک الا لجهلهم بالحدیث بل لو حفظهما احد عن ظهر قلب وضم الیهما من المتون مثلیهما لم یکن محدثا
حتی یلج الجمل فی سم الخیاط وانما الذی بعده اہل الزمان بالغا الی النهایۃ ویناد ونہ محدث المحدثین
وبخاری العصر من اشتغل بجامع الاصول لابن الاثیر مع حفظ علوم الحدیث لابن الصلاح او التقریب
للنووی مع انہ لیس فی شئی من رتبۃ المحدثین وانما المحدث من عرف المسانید والعلل واسماء الرجال
والعالی والنازل وحفظ مع ذلک جملۃ مستکثرۃ من المتون وسمع الکتب الستۃ ومسند احمد
وسنن البیهقی ومعجم الطبرانی وضم الی ہذا القدر الف جزء من اجزاء الحدیث فهذا اقل درجاتہ انتهی
مقام غور است کہ ہرگاہ این حال زمانہ وجود سبکی کہ قبل مأتہ عاشرہ است شدہ حال این زمانہ
چہ تحریر شود محدثین زمانہ ہذا کہ خود را مجدد والمذہب میدانند ومذاہب حقہ را باطل مے شمارند کرارہ
کنندہ ہستند زیرا کہ مثلا اگر سندے کدامی مسئلہ حنفیہ یا شافعیہ در صحاح ستہ نیافتند می گویند کہ
امام ابوحنیفہ یا شافعی درین باب خلاف حدیث کردند ونمی دانند کہ فن حدیث بر صحاح ستہ
منحصر نیست کتب احادیث لا تعد ولا تحصی تصنیف شدہ اند وعدم السند فی الصحاح الستۃ
لا یستلزم عدمہ فی جمیع الکتب واللہ اعلم بالصواب حررہ محمد عبد الحی عفا عنہ

استفتاء [۲۲۰] مردے جاہل تقلید ہیچ کسے از ائمہ بر خود لازم نمیگیرد بلکہ ہریکے را از ائمہ
در اعتقاد خود مقتدا و پیشوائے خود داند در زمان خود ہر عالم را کہ دیندار ومتقی یابد بگفتہ
او عمل سازد وبدون تقلید مذہب حکم او چیست

ہو المصوب علماء قدیما وحدیثا در باب لزوم تقلید مذہب معین اختلاف دارند
بعضے قائل بوجوب تقلید معین شدہ اند علامہ محلی شافعی در شرح جمع الجوامع می نویسد یجب
علی العامی وغیرہ ممن لم یبلغ مرتبۃ الاجتهاد التزام مذہب معین من مذاہب المجتهدین یعتقدہ
ارجح من غیرہ او مساویا لہ وان کان فی نفس الامر مرجوحا علی المختار انتهی وامام ہمام کمال الدین
ابن الهمام در تحریر الاصول می طرازند نقل الامام الاجماع علی منع تقلید العوام لاعیان الصحابۃ
ومن بعدہم الذین وضعوا ودونوا علی ہذا ما ذکرہ بعض المتاخرین من منع تقلید غیر الائمۃ الاربعۃ

لانضباط مذاہبہم وتنقیح مسائلہم ولم یتفق مثلہم غیرہم الی الآن انتہی ومختار بعض علما آنست کہ تقلید مذہب
معین چیزی ضروری نیست ہر کس را اختیار است کہ بہر مذہبے کہ خواہد عمل نماید بشرطیکہ خالی از تخفاف مذہبی و تعصب
باشد و اگر مسلک تعصب یا استخفاف یکے از مذاہب اربعہ اختیار کردہ باشد واجب التعزیر است
ذوالمناقب الشیخ ابن الحاجب در مختصر اصول می آرند ولا یرجع عن قول المجتہد بعد تقلیدہ اتفاقا
وفی حکم آخر المختار جوازہ لنا القطع بوقوعہ ولم ینکر فلو التزم مذہبا معینا کمذہب مالک والشافعی فثالثہا
کالاول انتہی و سند ایں دعوی قاضی عضد الملۃ والدین در شرح آن می نویسند اذا عمل العامی بقول مجتہد
فی حکم مسألۃ فلیس لہ الرجوع عنہ الی غیرہ اتفاقا اما فی حکم مسألۃ اخری فقیل یجوز ان یقلد غیرہ المختار
جوازہ للقطع بوقوعہ فی زمان الصحابۃ وغیرہ فان الناس فی کل عصر کانوا یستفتون المفتیین کیف
ما اتفق ولا یلتزمون سوال مفت معین وقد شاع ہذا وتکرر فلو التزم مذہبا معینا وان کان لا یلزمہ
ففیہ ثلثۃ اقوال اولہا یلزمہ وثانیہا لا یلزمہ وثالثہا انہ کالاول وہو من لم یلتزم فان وقعت
واقعۃ قلدہ فیہا فلیس لہ الرجوع عنہ واما فی غیرہا فیتبع فیہا ما شاء انتہی وفی مسلم الثبوت وشرحہ
لمولانا ولی اللہ اللکنوی یجوز تقلید المفضول مع وجود الافضل فی العلم عند الاکثر وقیل ہم اکثر الحنابلۃ
واختارہ ابن الحاجب وتبعہم المصنف وحکی عن احمد انہ یجب النظر فی الارجح وہو المختار عند الامامیۃ
وہل یقلد المقلد غیر من یقلد بہ اولا فی غیر ما عمل بہ اولا المختار نعم لما علم بالاستقراء من استفتائہم
ای المستفتین فی کل عصر من زمن الصحابۃ مرۃ واحدۃ من المجتہدین ومرۃ واحدۃ من غیرہم ولو التزم
مذہبا معینا فہل یلزم الاستمرار علیہ فقیل نعم حتی شدد بعض المتکلفین وقالوا الحنفی اذا ترک مذہب
امامہ یعزر والحق انہ تعصب لا دلیل علیہ اصلا وانما ہو تشریع من عند نفسہ وقیل لا قال فی التیسیر شرح
التحریر ہو الاصح اذ لا واجب الا ما اوجبہ اللہ وبالجملۃ لا یجب تقلید مذہب معین بل جاز الانتقال لکن
لا بد ان لا یکون ذلک علی قصد التلہی وتوہین کبار المجتہدین انتہی ملخصا و ہمچنین بحر العلوم مولانا عبد العلی
در شرح مسلم الثبوت و در شرح تحریر می طرازند و عدم وجوب تقلید مذہب معین شرعا را محقق میسازند
وتحقیق درین باب آنست کہ عوام از چنین مسائل باز داشتہ شوند خصوصا عوام زمانۂ ہذا
ایشان را بجز تقلید مذہبے چارۂ دیگر نیست و اگر ایشان مجاز در اختیار مذہب وغیرہ می شوند
ہر آئینہ فتنہا درین واقع میسازند و زبان طعن و تشنیع بر ائمہ کبار خصوصا اعظم الائمہ امام ابوحنیفہ وغیرہ

ہو المصوب قد وردت الروایات الحدیثیۃ علی ما فی المؤطا وسنن ابی داؤد وابن ماجۃ وغیرہا بجواز الجذع من الضان وانہ لا یجزی من غیرہ الا الثنی فما فوقہ والجذع ہو ما تمت لہ ستۃ اشہر والمراد بالضان ما لہ الیۃ قال فی منح الغفار شرح تنویر الابصار صح الجذع من الضان الجذع شاۃ لہا ستۃ اشہر والضان ما یکون لہ الیۃ قلت ہذا مذہب الفقہاء واما عند اہل اللغۃ فالجذع من الشاۃ ما تمت لہ سنۃ کذا فی النہایۃ والفقہاء انما جوزوہا فی ستۃ اشہر اذا کانت بحیث لو خلطت بالثنایا تشتبہ علی الناظرین

من بعيد وانما جاز الجذع من الضان لقوله عليه الصلوة والسلام لا تذبحوا الا مسنة الا ان يعسر عليكم فتذبحوا جذعة من الضان رواه البخاري ومسلم واحمد وجماعة انتهى وفي شرعة الاسلام وشرحه مفاتيح الجنان ومن سنن الاسلام التضحية بالانعام بالجذع من الضان وهو ما تم له ستة اشهر وقيل سبعة اشهر وبالثني فصاعدا من الشاة اعم من ان يكون ضانا او معزا ومن الابل والبقر مطلقا وهو اي الثني ابن خمس من الابل وحولين من البقر وحول من الشاة والمعز والجذع قيدناه بالضان وهو ما ليس له الجذع من المعز لا يجوز به التضحية انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات

محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا ماں باپ دادا دادی پھوپھی بہن خالہ نانی نانا وغیرہ کو گوشت عقیقہ کا کھانا درست ہے یا نہیں

ہو المصوب ان سب کو کھانا درست ہے بقول معتبر کما فی نہایۃ البیان واللہ اعلم حررہ الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا بدیہ بکری پر قربانی جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا

ہو المصوب جائز ہے بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کما فی کتب الصحاح واللہ اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں لڑکے کے عقیقہ میں دو بکری کا حکم ہے اگر ایک بکرا کوئی قربانی کرے باوجود استطاعت دو بکری کے تو جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا

ہو المصوب بحالت عدم قدرت وضرورت ایک پر بھی اکتفا درست ہے نہایۃ البیان فی ما یحل ویحرم من الحیوان میں ہے در کنز العباد است چون فرزند تولد شود عقیقہ دہند دختر را یک گوسفند وپسر را دو گوسفند واگر یکے دہند ہم رخصت است کذا فی کیمیاء السعادۃ واللہ اعلم حررہ الراجي

عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا ما قولهم رحمهم الله تعالی اس مسئلہ میں کہ گونگے کا ذبیحہ حلال ہے یا حرام یا مکروہ کدام مکروہ بینوا افتوا بالسند الکتاب توجروا عند الله الجبل المآب

ہو المصوب گونگے کا ذبیحہ حلال ہے بلا کراہت مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر میں ہے وحل ذبیحۃ مسلم ولکتابی ذمي او حربي ولو امراۃ او صبیا او مجنونا یعقلان وکان الذابح اخرس لان الاخرس عاجز عن الذکر فیکون

معذور او تقوم الملۃ مقام التسمیۃ کالناسی مل ولی انتہی اور اسی طرح در مختار وغیرہ مین ہو واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی　[مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

المجیب مصیب بمقہ خادم اولیاء اللہ الکریم محمد ابراہیم غفر لہ اللہ الرحیم ابن مولانا مولوی علی محمد مرحوم　[مہر: محمد ابراہیم]

الحق ما ہو المحرر کتبہ العبد المسکین محمد ادریس عفا اللہ عنہ　[مہر: محمد ادریس]

استفتا [۲۴۴] کیا ارشاد ہے علماے دین کا اس مسئلہ مین کہ موافق کتاب کبرے معلوم ہوتا ہے کہ ذبیحہ کفار اہل کتاب کا درست ہے چنانچہ یہود و نصاریٰ کا ذبیحہ اسی قاعدہ کے موافق علماے کبار نے درست فرمایا ہے پس اہل تشیع کا فرقہ بھی داخل اہل کتاب ہے یا نہین اور ذبیحۂ روافض درست ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب صورت مسئولہ مین جو روافض ایسے ہین کہ اُنکے عقائد منجر بارتداد و کفر ہین مثلاً غلاۃ و فرقۂ اسماعیلیہ وغیرہما اُنکے ہاتھ کا ذبیحہ حرام ہے اسلیئے کہ ذبیحہ مرتد کا حرام ہے کتب فتاوی اس امر سے مشحون ہین اور ارتداد ایسے روافض کا عامۂ فتاوی مین مذکور ہے چنانچہ شرح نقایہ للبرجندی مین ہے فہؤلاء خارجون عن ملۃ الاسلام و احکامہم احکام المرتدین انتہی بلکہ شاہ عبد العزیز کے تحفۂ اثنا عشری سے معلوم ہوتا ہے کہ جو روافض تکفیر ابی بکر یا عمر یا عثمان رضوان اللہ علیہم کرتے ہون یا انکار اُنکے دخول جنت قابلیت لیاقت خلافت باعتبار اوصاف دین مثل علم و عدالت و تقوی و ورع کے کرتے ہون کافر ہین چنانچہ فرماتے ہین بالجملہ اجماع اہل سنت است بر آن کہ تکفیر کنندۂ حضرت امیر یا منکر بہشتی بودن ایشان یا منکر لیاقت خلافت ایشان باعتبار اوصاف دین مثل علم و عدالت و تقوی و ورع کافر ست انتہی اقول و مثلہ الاصحاب الکبار خصوصاً الثلثۃ البتہ جو ایسے عقائد نہ رکھتے ہون مثل تفضیلیہ اُنکا ذبیحہ درست ہے واللہ اعلم

کتبہ العبد القسیس محمد ن المدعو بادریس النجرامی عفا اللہ عنہ [۱۲۹۹ ہجری] محرم　[مہر: محمد ادریس]

صح الجواب واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی　[مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

صح الجواب واللہ اعلم بالصواب حررہ محمد امان الحق عفی عنہ

استفتا [۲۴۵] چہ می فرمایند علماے دین اندرین مسئلہ کہ زید یک بز را بر بز دیگر غلطانید و ہر دو را یکبارگی بیک تسمیہ ذبح ساخت پس این ذبح و خوردن گوشت آنہا جائز ہست یا نہ

ہو المصوب جائز است واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا قول العلماء زید نے ایک بکرا واسطے قربانی کے منگوایا اور قصد یہ تھا کہ صبح کو کہ گیارھوین تاریخ ذیحجہ کی ہوگی قربانی کرونگا مگر ملازم زید نے بلا اطلاع زید اُس بکرے کو ذبح کرڈالا بلا نیت قربانی آیا زید سے قربانی ادا ہوئی یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب زید سے قربانی نہین ادا ہوئی او مبکر پہ قیمت اُسکی واجب الادا ہوئی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

کتاب الجہاد

استفتا چہ می فرمایند علماے دین اندرین مسئلہ کہ ہرگاہ اہل اسلام در سلطنت کفار مامون باشند و کفار در امور دین اہل اسلام خللے نہ اندازند و اہل اسلام را قدرت بر جہاد و مقاومت نماند چنانکہ در ہندوستان فی زماننا است آیا جہاد واجب می شود یا نہ

ہو المصوب جہاد مقرر شدہ ہست براے اعلاے کلمۃ اللہ و اعزاز اسلام و محو کردن رسوم و قواعد کفر نہ براے حقارت دین و ذلت اسلام و مومنین بناء علیہ فقہا در وجوب جہاد چند شروط نوشتہ اند اول این کہ مسلمان اینقدر باشند کہ از وشان و شوکت پیدا گردد دوم این کہ صرف ایشان نیز مہیا باشد سوم این کہ جارے براے امن و حفاظت باشد تا از شر کفار نجات حاصل شود و عند الحاجت بکار آید و اگر اہل اسلام را یقین ہست کہ غلبہ کفار را خواہد شد درین صورت جہاد فرض نیست در جامع الرموز می آرد الجہاد فرض عین بشرط القدرۃ علی القتال والسلاح والزاد والراحلۃ وغیرہا انتہی وفی العالمگیریۃ والثانی ان یرجو الشوکۃ والقوۃ لاہل الاسلام ان کان لا یرجو الشوکۃ للمسلمین فی القتال فانہ لا یحل لہ القتال لما فیہ من القاء نفسہ فی التہلکۃ انتہی وفی الدر المختار شرط لوجوبہ القدرۃ علی السلاح لا امن الطریق انتہی وفی رد المحتار قولہ شرط لوجوبہ الخ اے وعلی القتال وملک الزاد والراحلۃ کما فی قاضیخان وغیرہ شامی انتہی وفی فتح القدیر من توابع الجہاد الرباط وہو الاقامۃ فی مکان یتوقع ہجوم العدو فیہ بقصد دفعہ واختلف المشائخ فی الذی یتحقق بہ الرباط فانہ

لا یتحقق فی کل مکان نعی النوازل ان یکون فی مواضع لا یکون وراءہ اسلام الا ان ما دونہ لو کان رباطا
فکل المسلمون فی بلادہم مرابطون قال بعضہم اذا اغار العدو علی عدوہم مرۃ یکون ذلک الموضع
رباطا الی اربعین سنۃ واذا اغار مرتین یکون رباطا الی مأتہ وعشرین سنۃ واذا اغار ثلث مرات
یکون رباطا الی یوم القیامۃ قال فی فتاوی الکبری والمختار ہو الاول انتہی واللہ اعلم بالصواب

نمقہ خادم اولیاء اللہ الصمد علی محمد غفرلہ اللہ الاحد

بلا ریب و شکے کہ اہل اسلام را قدرت بر قتال و زاد و راحلہ وغیرہ نباشد جہاد بر ایشان
فرض نیست واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

کتاب حدات العمارات

استفتا چہ می فرمایند علمائے دین اندرین صورت کہ در کوچہ غیر نافذہ فقط عمرو و محمد و حامد است
زید کہ شخص ثالث ست دروازہ جدید در کوچہ جاری ساختہ در مرور شریک شدن میخواہد و محمد و حامد
مانع است پس شرعا باوجود ممانعت محمد و حامد بنائے دروازہ را درست ست یا نہ

ہو المصوب نہ واللہ اعلم کتبہ ابو الحیش محمد مہدی عفی عنہ الہادی صح الجواب محمد رحمت اللہ عفی عنہ
درحقیقت باوجود ممانعت محمد و حامد بنائے دروازہ زید را نمیرسد صاحب در مختار می نویسد
زائغۃ مستطیلۃ تنشعب عنہا سکۃ مثلہا لمنع اہل الاولی عن فتح باب للمرور فی القصوی الغیر النافذۃ
علی الصحیح اذ لا حق لہم فی المرور انتہی مختصرا واللہ اعلم حررہ ابو الاحیاء محمد نعیم عفی عنہ
اصاب من اجاب نمقہ خادم اولیاء اللہ الصمد علی محمد غفرلہ اللہ الاحد

ہو المصوب در سکہ غیر نافذہ بغیر اجازت ارباب سکہ تصرف جائز نیست حتے کہ اگر یکے
از شرکائے آن سکہ ہم احداث دروازہ جدید خواہد بغیر اجازت دیگران جائز نیست بزازیہ می آرد
سکۃ غیر نافذۃ بین عشرۃ لکل ... غیران لاحد ہم دار فی سکۃ اخری لا طریق لہا فی ہذہ السکۃ
... غیران جاز لہا فی ہذہ السکۃ قال ... و لک و بہ افتی ابو جعفر و بہ ناخذ انتہی مختصرا پس
... شخصے کہ شریک ... حالانکہ ... نیست جائز نخواہد بود باوجود ممانعت ارباب سکہ بنائے دروازہ جدید نخواہد ...
... منح الغفار می نویسد ... التصرف فی ... اہلہا او الارباء لہم ان الطرق ...

لیست بنافذة مملوكة لانها والتصرف فی الملک المشترک من الوجه الذی لم یوضع له لا یملک الا باذن الکل واللہ اعلم حررہ محمد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ مثلاً زید کے مکان میں دروازہ پر کھڑکیاں نصب ہیں اور مکان زید سے مکان خالد محض علحدہ ہے بلکہ درمیان میں شارع عام حائل ہے اور بھی ایک تیلی کا مکان درمیان میں واقع ہے چونکہ ایک دیوار مکان خالد کی بقدر ایک گز کے طول میں اور نصف گز کی بلندی عرض میں کم ہے اس وجہ سے کسیقدر اُسکا مکان کھڑکیوں سے معلوم ہوتا ہے زید اُسقدر پردہ بنوانے پر بھی راضی ہے لیکن خالد اُن کھڑکیوں سے مزاحمت کرتا ہے پس از روے شرع خالد کو تعرض پہنچتا ہے یا نہیں بینوا توجروا

ہو الموفق درین مسئلہ اختلاف ست بعضے متاخرین فتوے برین دادہ اند کہ اگر شخصے در ملکِ خود تصرف کند و ہمسایہ اش بآن بضرر بین متضرر شود منع کردہ شود آنچنان شخص از چنین تصرف قال فی الدر المختار وعلیہ الفتوی واختارہ فی العمادیۃ وافتی بہ قاری الہدایۃ حتی یمنع الجار من فتح الطاقۃ وہذا جواب المشائخ استحساناً انتہی ومثلہ نصاب الاحتساب لو فتح کوۃ حتی وقع نظرہ منہا الی نساء جارہ علی روایۃ کتاب القسمۃ لا یمنع والفتوی علی انہ یمنع انتہی وفی فتاوے قاضیخان ومثلہ فی خزانۃ المفتین لو اراد الجار ان یمنعہ من الصعود حتی یتخذ سترۃ قالوا ان کان فی صعودہ یقع بصرہ فی دار جارہ کان لہ ان یمنعہ من الصعود حتی یتخذ سترۃ وان کان لا یقع بصرہ علیہم اذا کانوا علی السطح لا یمنعہ من الصعود انتہی والکثرے موافق ظاہر روایت برآن فتوی دادہ کہ ہمسایہ را از ان ممانعت نمیرسد اگرچہ بآن متضرر شود فی فتاوی قاضیخان کل ما ذکرنا فی جنس ہذہ المسائل قول مشائخ بلخ وانہ یخالف قول ابی حنیفۃ من تصرف فی ملکہ لا یمنع منہ وان تضرر جارہ وفی الدر المختار جواب ظاہر الروایۃ عدم المنع مطلقاً وبہ افتی طائفۃ کالامام ظہیر الدین وابن الشحنۃ ووالدہ ورجحہ فی الفتح وفی قسمۃ المجتبی وبہ یفتی وعممہ المصنف ثمہ فقال قد اختلف الفقہاء وینبغی ان یعول علی ظاہر الروایۃ انتہی وفی حاشیتہ لو فتح صاحب البناء فی علو بنائہ کوۃ الی صاحب الساحۃ منعہ بل لہ ان یبنی ما یستر جنبتہ الی ان قال والامام ظہیر الدین کان یفتی بقول الامام والحاصل ان الذی علیہ غالب المشائخ من المتاخرین ہو الاستحسان فی جنس ہذہ المسائل وافتی طائفۃ بجواب القیاس المروی واختار فی العادیۃ المنع اذا کان الضرر بیناً و

وظاہر الروایۃ خلافہ وذکر العلامۃ ابن الشحنۃ ان فی حفظہ ان المنقول عن ائمتنا الثلثۃ ابی حنیفۃ وابی یوسف ومحمد وزفر والحسن انہ لا یمنع من التصرف فی ملکہ وان اضر بجارہ وہو الذی امیل الیہ واعتمدہ وافتی بہ تبعا لوالدی شیخ الاسلام انتہی ورجح فی فتح القدیر ایضا ظاہر الروایۃ واللہ اعلم کتبہ انور علی عفی عنہ

ہو المصوب فقہا اختلاف دارند درین کہ آیا صاحب خانہ را در مکان خود تصرف بہر نوعے کہ باشد جائز ہست یا نہ ظاہر الروایۃ این ست کہ مالک را بہر نوعے کہ خواہد تصرف کند اگرچہ بدیگرے ازان ضرر پیدا شود وہمین ست مختار یک جماعت متاخرین واکثر مشائخ برآنند کہ تصرفے کہ ازان ضرر بین متصور شود جائز نیست وہمسایہ یا غیر ہمسایہ را کہ بآن ضرر رسیدہ منع میرسد علامہ غزی در منح الغفار می آرد فی المجتبی لو وقع فی نصب احدہما وفی الآخر ساحۃ فاراد صاحب الساحۃ ان یبنی فیہا ولیسد الریح والشمس علی الآخر فلیس لہ المنع فی ظاہر الروایۃ وبہ یفتی وقال نصیر الصفار لہ المنع وعلی ہذا لو اراد حماما او تنورا وفی فتاوی قاری الہدایۃ الفتوی علی انہ ممنوع من التصرف علی وجہ یتضرر بہ الجار وان کان فی ملکہ واجاب قاری الہدایۃ بان الجار یمنع ان یفتح کوۃ یشرف منہا علی جارہ فقد اختلف التصحیح وینبغی ان یعول علی ظاہر الروایۃ انتہی ملخصا وصاحب خزانۃ المفتین می نویسد اذا اراد الرجل ان یبنی فی دارہ اودکانہ تنورا وحماما اومدقاق القصارین لم یجز قال الصدر الشہید کان والدی یفتی بانہ اذا کان الضرر بینا قال وبہ یفتی وہذا جواب المشائخ وجواب ظاہر الروایۃ لا یمنع انتہی وعلامہ خیر الدین الرملی در فتاوی خود می آرد مسئلۃ فتح الکوۃ فیہا قیاس واستحسان والاستحسان المنع وعلیہ الفتوی کما نقل فی التاتارخانیۃ وشرح القدوری المسمی بالمضمرات عن التہذیب وقال فی التاتارخانیۃ قبیل مسئلۃ الکوۃ ثم الحاصل فی جنس ہذہ المسائل ان القیاس ان کل من تصرف فی خالص ملکہ لا یمنع وان کان یودی الی الضرر بالغیر لکن ترک القیاس فی موضع یتعدی ضرر تصرفہ الی غیرہ تصرفا بینا وقیل بالمنع مطلقا وبہ اخذ کثیر من مشایخنا وعلیہ الفتوی ومثلہ فی الفصول العمادیۃ من الکتب انتہی ومفتی شام ملا حامد در فتاوی خود میگوید فتاوی علی ان الکوۃ حیث کانت للنظر والموضع موضع النساء تسد بلا فاصل بین الطریق القاصل وغیرہ کما فی المضمرات وغیرہ انتہی ودر موضع دیگر ازان فتاوی کہ معروف بہ تنقیح المغنی عن سوال المستفتی ست می آرد لا فرق بین القدیم والحادث حیث کان الضرر بینا انتہی وعلامہ ابن عابدین در تنقیح فتاوی حامدیہ می آرد فی حاشیۃ البحر لقضاۃ

للتیم خیرا من لا فرق بین القدیم والحادث حیث کانت العلۃ الضرر البین انتہے پس در صورت مسئولہ از کشادن زید طاقات مکانان خود بہ خالد ضرر بین میرسد نظر بر عبارت ردالمحتار و فتویٰ فقہاء خالد اختیار منع ... میرسد و زید را باید کہ دیوار پردہ بنا سازد واللہ اعلم کتبہ محمد عبد الحی عفی عنہ

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس سوال کے جواب مین کہ زید کی ایک آراضی مملوکہ مقبوضہ ہے اور اُسی آراضی مین مرور مکان مسکونہ زید کا ہے اب اُس آراضی کے دروازہ پر کہ قبل اس سے چند عرصہ سے بلا چوکھٹ و کواڑ کے تھا زید نے چوکھٹ و کواڑ واسطے بعض مصالح اپنے کے لگاے ہین ایک شخص غیر کہ قدیم سے اُسکا مکان مرور اُس آراضی مین نہ تھا اب چند عرصہ سے اُسی آراضی مین اُسکا مرور ہے اس نصب چوکھٹ و کواڑ سے مانع ہے حالانکہ زید مالک اراضی بعد نصب چوکھٹ و کواڑ کسی طرح اُس شخص غیر کو مانع مرور سے نہین ہے اور نہ کوئی حق اُس شخص غیر کا سواے مرور کے اُس آراضی مین ثابت ہے آیا زید مالک قابض کو اُس زمین مین چوکھٹ اور کواڑ قائم کرنا پہنچتا ہے یا کیا اور شخص غیر کا منع صحیح ہے یا نہین اور اگر وہ شخص غیر ملکیت زید سے بہ نسبت اُس آراضی کے جسمین دروازہ لگایا ہے انکار کرے تو حاکم کو تحقیقات اُسکی ملکیت کی بہ نسبت اُس آراضی کے چاہیے یا نہین بینوا توجروا

الجواب ولی اللہ سبحانہ المآب زید قابض مالک کو درصورت نہونے کسی قسم ضرر بین اُس شخص غیر کے چوکھٹ اور کواڑ لگانا پہنچتا ہے اور شرعاً ممتنع نہین اور جب زید اُس شخص غیر کو مانع مرور سے نہین تو اس دروازہ سے کچھ حرج اُس شخص غیر کا ثابت نہین اور منع شخص غیر کا صحیح اور درست نہین اور مراد ضرر بین سے یہ ہے کہ ہمسایہ کے حوائج اصلیہ بند ہو جاوین جیسے مثلاً کسی شخص کے مکان مین سے ہمسایہ کے مکان مین روشنی آتی تھی اب اُس شخص نے اپنا مکان ایسا بنایا کہ روشنی بالکل مکان ہمسایہ کی بند ہو گئی اور اگر ایسا نہو یعنی ہمسایہ اپنے حوائج اصلیہ سے بند نہو تو ضرر بین نہوگا اور جب مالک و قابض مانع مرور ہمسایہ نہین ہے اور دروازہ اور چوکھٹ لگانے سے مرور مسدود نہین ہوتا تو ہمسایہ کو ممانعت نصب چوکھٹ و کواڑ سے شرعاً اصلا نہین پہنچتا قال فی الدر المختار ولا یمنع الشخص من تصرفہ فی ملکہ الا اذا کان الضرر بینا فیمنع من ذلک ... علیہ الفتوی وقال فی رد المحتار والحاصل ان القیاس فی جنس ہذہ المسائل ان

(مرسلہ ... مولوی محمد ارشاد حسین صاحب ...)

یتصرف المالک ابداً لانہ تصرف فی خالص ملکہ لکن ترک القیاس فی موضع یتعدی ضررہ الی غیرہ ضرراً فاحشاً وہو المراد بالبین وہو ما یکون سبباً للہدم ویخرج عن الانتفاع بالکلیۃ وہو ما یمنع الحوائج الاصلیۃ کسد الضوء بالکلیۃ واختاروا الفتوی علیہ فاما التوسع الی منع کل ضرر فیسد باب انتفاع الانسان بملکہ کما ذکرنا قریباً انتہی اور حاکم کو تحقیق ملکیت زید کی بہ نسبت آراضی مذکورہ کے چاہیئے کہ بناء جواز نصب دروازہ اوپر ملکیت زید کے ہے اور عدم جواز بر تقدیر عدم ملکیت کے وہو ظاہر فقط

محمد حسین سلیم پوری عفی عنہ

الجواب صحیح

محمد عبد القادر خان ابن حیدر علیخان عفا اللہ عنہما

الجواب صحیح بدریائے عرفان چو گوہر سعی

ذلک کذلک

فدا احمد

الجواب ہو الصواب

العبد

محمد عنایت اللہ ولد

حبیب اللہ خان

اصاب من اجاب۔ حامد حسین ۔ الجواب ہو الجواب العبد محمد ریاست علی خان عفا اللہ عنہ

قد صح الجواب والیہ المآب ابو القاسم محمد مزمل فی الواقع درصورت نہ ہونے ضرر بین جار کے ممانعت تصرف فی ملکہ سے نہیں پہنچتی اور یہی مفتی بہ اور مختار ہے اور دوسری روایت بھی در مختار کی اسکے موید ہے قال وجواب ظاہر الروایۃ عدم المنع مطلقاً وبہ افتی طائفۃ کالامام ظہیر الدین وابن شحنۃ ووالدہ ورجحہ فی الفتح وفی قسمۃ المجتبی وبہ یفتی انتہی بقدر الحاجۃ فقط

العبد

محمد عبد اللہ عفی عنہ

ہذا الجواب صحیح

محمد اکبر علیخان خلف رحیم یار خان

الجواب ہو الجواب

محمد عبد اللہ

ذلک کذلک

العبد

محمد نظیر علی

الاجوبۃ المذکورۃ صحیحۃ بتقدیر صحۃ ما قالہ المستفتی کتبہ الحافظ محمد شعیب صانہ اللہ عن العیب

ہو المصوب بعد تحقیق اس امر کے کہ وہ زمین ملک زید ہے زید چوکھٹ وغیرہ لگانے سے منع نکیا جاویگا مگر یہ کہ ہمسایہ کو اُس سے ضرر ظاہر پہنچے تنقیح الفتاوی الحامدیہ میں ہے فی حواشی الاشباہ لبیری زادہ ما نصہ لہ التصرف فی ملکہ وان تضرر جارہ فی ظاہر الروایۃ والذی استقر علیہ رای المتاخرین ان الانسان یتصرف فی ملکہ وان اضر بغیرہ ما لم یکن ضرراً بیناً والفتوی علیہ انتہی اور منح الغفار میں ہے فی فتاوی قاری الہدایۃ الفتوی علی انہ ممنوع من التصرف علی وجہ یتضرر بہ الجار وان کان فی ملکہ انتہی اور تاتارخانیہ میں ہے الاصل فی جنس ہذہ المسائل ان القیاس

ان کل من صرف فی خالص ملکہ لا یمنع وان کان یودی الی الضرر بالغیر لکن ترک القیاس فی موضع یتادی ضرر تصرفہ الی غیرہ ضررا بینا انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

کتاب المتفرقات

استفتا [۲۸۱] ما قولکم حضرات علماے حنفیہ سے صورت مسئلہ کی پوچھی جاتی ہے کہ اگر کوئی شخص مرد ہندی ناخواندہ قوم افغان دعوی نبوت کا اس پردے مین کرے کہ مین وکیل پیغمبر آخر الزمان کا ہون اور واسطے تردید کتب نصاری کے پیغمبر خدا کا بھیجا ہوا آیا ہون کہ ایک مطبع محمدی قائم کرکے کتب تردید دین نصاری تصنیف کرکے چھپوا دون تا دین نصاری باطل و رد ہو جاوے پس اس قول کو زبان مرد ہندی ناخواندہ سے باور کرنا اور اُسپر اعتقاد لانا کہ بیشبہہ یہ وکیل مختار فرستادہ نبی آخر الزمان کا ہے یا اُسکی مدد خرچ کرنا بنام مطبع دینا روا ہی یا نہین

ہو المصوب اگر وہ شخص اپنی وکالت پر اس امر کو سند گردانتا ہے کہ مین نے آنحضرت کو خواب مین دیکھا ہے پس بعد تحقیق و تفتیش اُسکے خواب کی تصدیق اُسکی ہو سکتی ہے ورنہ قول اُسکا پایۂ اعتبار سے ساقط ہے واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا عنہ

در ذیقعدہ سنہ ۱۲۸۰ ہجری

استفتا [۲۸۲] کسی کا نام عبد الرسول یا عبد الحسین وغیرہ رکھنا درست ہی یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب ایسا نام جسمین اضافت عبد کی طرف غیر خدا کے ہو شرعا درست نہین ہے اور اگرچہ صرف اس قسم کے نام رکھنے سے حکم شرک کا نہو بسبب احتمال اسکے کہ عبد سے مراد خادم و مطیع ہے مگر بوے شرک سے ایسا نام رکھنا خالی نہین ہے قرآن و حدیث اس قسم کے نام رکھنے کی ممانعت پر دال ہے اور علماے امت محمدیہ نے بھی جابجا اسکی تصریح کی ہے تفسیر جلالین مین ہے ہو الذی خلقکم من نفس واحدۃ آدم وجعل خلق منہا زوجہا حوا لیسکن الیہا فلما تغشاہا حملت حملا خفیفا ہو النطفۃ فمرت بہ ذہبت وجاءت لخفتہ فلما اثقلت بکبر الولد فی بطنہا واشفقا ان یکون بہیمۃ دعوا اللہ ربہما لئن اتیتنا صالحا سویا لنکونن من الشاکرین فلما آتاہما صالحا جعلا لہ شرکاء فیما آتاہما بتسمیتہ بعبد الحارث ولا ینبغی ان یکون عبدا الا للہ ولیس باشراک

از شہر مدراس بتاریخ ۱۵ ربیع الاول سنہ ۱۲۹۸ ہجری

جواب میرے سامنے دلیل پیش کرنیکی اُسوقت حاجت ہوگی جب مین آپکے دعوی فضیلت کا منکر ہونگا اور چونکہ ابھی تک محل نزاع مقرر نہین ہوا اور سراپا تسلیم پایا نہین گیا تو ابھی دلیل پیش کرنے کی کچھ حاجت نہین شاید مین آپکے دعوی فضیلت کو مان جاؤن جس وقت مین آپکے دعوے کا منکر ہونگا دلیل طلب کرونگا اُسوقت آپ دریافت کرنا کہ تو دلیل کونسی مانگے گا اور جو آیت مین نے کل دلیل پکڑی تھی وہ مذہب مین اُن لوگون کی پکڑی تھی جب آنحضرت کے وقت مین منافق تھے چنانچہ مین نے تقسیم کی تھی کہ مکے و مدینے کے لوگ کئی قسم کے ہین ایک وہ جو پہلے حضرت کے کافر تھے اور دوسرے وہ جو حضرت کے وقت مین کافر تھے اور کہا تھا کہ آنحضرت کے وقت مین بھی مدینہ مین منافق موجود تھے جسپر وہ آیت پیش کی تھی سو مین ابتک اسی تمسک پر قائم ہون اور اُن منافقون کی مذمت مین وہ آیت پڑھتا ہون (محمد حسین) آپنے جو کل آیت کو مقابل ہمارے مناظرہ مین بیان کیا اگر مراد آپکی وہی تھی جو آپ فرمارہے ہو پس ظاہر ہے کہ آپ خطاے فاحش اور غلطی عظیم مین گرفتار ہوے کیونکہ جو حدیثین ہمنے مقابل مین بیان کی تھین اُنکا یہ مضمون نہ تھا کہ قبل تقرر اور نصرت اسلام کے ثبوت فضیلت کا ہو اگر مضمون اُس حدیث کا آپنے یہی خیال کیا ہے پس یہ امر اہل علم اور فراست سے دور اور بعید ہے اور اگر مراد آپکی بعد تقرر اسلام کے بھی ہے پس اس سے تکذیب احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لازم آتی ہے اعاذنا اللہ سبحانہ من ذلک کلہا اور آپ دو تین روز سے جو انکار فضیلت کر رہے تھے اسلیئے آپ سے دریافت متمسک کی ضرورت ہے آپنے دعوی کیا یعنی لکھا تھا کہ آپ کس زمانہ کے لوگون کی فضیلت کے مدعی ہو اسلیئے مین نے جواب مین تفصیل و تقسیم کیا تھا اور یہ مین نہین کہتا کہ جو مضمون احادیث سے فضیلت ثابت ہے وہ مسلم نہین۔ اور تقرر کی حد بیان کرنا آپ پر لازم ہے کہ کس وقت سے وہ تقرر پایا گیا جو وقت سے مدینہ مین منافق نہ رہے جب وقت حد بیان کرینگے اُسوقت میرا اقرار انکار آپکو ثابت ہوگا پہلے ہی سے آپ کیون فرماتے ہین کہ تم بعد تقرر اسلام منافقون کا وجود مدینہ مین تجویز کرتے ہو اور احادیث کا خلاف کرتے ہو۔ جواب دو اتنی بات کا مین دو تین دن سے منکر فضیلت کا منکر نہیں جسکا منکر ہون اب بھی ہوئے آپ تفضیلت معین کرین کہ آپ کس زمانہ کے مدعی ہین شاید مین اُسکا منکر نہ نکلون جب لکھا ہے

اُسوقت آپ مجھسے دلیل لائق تمسک کا سوال کرین جواب امر عجب العجائب ہے کہ آپکے سامنے جب حدیثین فضائل کی بیان ہوئین اور مضمون احادیث کا صریح دلالت کرتا ہے کہ مراد زمانہ نفاق اور کفر کا نہین پھر بھی ایسی آیت کو مقابل مین ان احادیث سے بیان کرنا صریح غلطی ہے اور یہ امر ظاہر ہے کہ دعوی فضیلت کل سکان حرمین کا بعد استیلاء و تقرر اسلام کے ہے نہ زمانہ کفر اور نفاق مین خیر اب جو کلہ آپ ادعاے مذکورہ سے کوئی وجہ نکال کر انکار کیا چاہتے ہین اس انکار کو آپکے ہمنے بجاے توجہ قرار دیا کیونکہ الانکار من الخطاء توبۃ اور فضائل سکان حرمین شریفین کی بالفعل بھی جو احادیث سے ثابت نہین کئی قسم کے ہین لیکن مابین اس مناظرے کے مدعا اور مقصود یہ ہے کہ جب علماء اطراف اور دیار مین کسی مسئلہ کا اختلاف ہو پس اُس صورت مین یہ امر افضل اور بہتر ہے کہ حرمین شریفین کے علما کو منصف قرار دیا جاوے چنانچہ مجموعۂ احادیث مشتملۂ استفتا جو پیش کیا جاتا ہے اس امر پر دال ہے جواب آپنے دعوی عام کیا تھا اور دلیل خاص فضیلت زمانۂ تقرر اسلام کے لائے تھے اسلیئے مین نے آپ کے عام دعوے کے مقابلہ مین تقسیم کے اور عام کے انھین افراد کو توڑا اور وہ آیت میری متمسک بمقابلہ آپکے عموم دعوے کے ہے نہ بمقابلۂ خصوص احادیث کے پس آپ کا سمجھنا کہ ہماری احادیث کے سامنے آیت پڑھی آپکی غلطی فہم ہے اور وہ پیدا ہوئی اس غلطی سے کہ آپنے دعوے مین ابہام اور تعمیم کی تھی خیر اب تو آپ اس تمام دعوے کو چھوڑتے ہین تو مین آپکے اس امر کو بجاے توبہ قرار دیتا ہون اس لیئے کہ انکار خطاسے توبہ ہے اور جو آپنے دعوی کیا ہے کہ ہم اس وصف خاص مین تفضیل کے مدعی ہین کہ منصفی مقدمات دین مین وہ افضل ہین اور اس دعوے پر آپنے احادیث متضمنہ فتوی پیش کی ہین سو مین کہتا ہون کہ آپکے اس دعوے مین اولاً یہ بات تعین طلب ہے کہ کس زمانہ کے لوگ اس فضیلت کے محل ہین آیا ہر زمانہ کے یا خاص قرون ثلثہ کے یا آج کل کے اسے تعین فرماوین تو آپکا فتوی دیکھا جاوے گا کہ وہ آپکے دعوے کا مثبت ہے یا نہین۔ جواب ہمارا دعوی اول یہ ہے کہ علماے حرمین شریفین کو اس زمانہ مین منصف قرار دینا بروقت اختلاف اور تکرار باقی رہنے ہمارے کے چاہیئے واسطے اس امر کے شرط تیسری ہماری شرائط مشمولۂ مثل جو قبل انعقاد مشورۂ سرکار کے داخل کی گئی تھی شاہد عدل ہے کیونکہ بسبب نماننے اُس شرط کے یہ بحث شروع ہوئی

اور اُس شرط کو بعینہ نقل کیا جاتا ہے کہ حضار مجلس اور ناظرین کو اغذات پر ظاہر ہو کہ تو ہم کسکی طرف عائد ہوتی ہے شرط سوم بعد گفتگو کے اگر تکرار باقی رہے تو واسطے انفصال کے علماے مکۂ معظمہ اور مدینۂ منورہ کو منصف مقرر کیا جاوے آپکو لازم ہے کہ آپ یا تو منصفی علماے حرمین کی منظور فرماوین یا ایک فتوی واسطے ثبوت مذمت سکان حرمین یعنی جو علماء اور اتقیاء اور مومنین وہان کے موجود ہین تحریر فرماوین کیونکہ آپکا اول روز سے یہی دعوی سبکے روبرو ظاہر اور عیان ہے تاکہ فتوے طرفین کے منصف کے پاس ارسال کیے جاوین - جواب بیشک جناب نے اپنی شرط مین علما کی منصفی کا ذکر کیا تھا ولیکن جب آپنے دعوے کیا تو عام ساکنان ملک کی فضیلت کے مدعی ہوے اور بہت ظاہر ہے کہ شرط اور شئے ہے اور دعوی مشروط یعنی جسکے لیے شرط مقرر کی گئی ہے اور ہے یہ لازم نہین کہ شرط مین تصریح فضیلت علماء کی ہونے سے مشروط مین بھی وہی تصریح سمجھی جاوے خصوصًا جبکہ الفاظ دعوی مین تعمیم ہو - اُس سے سب کو ثابت ہوا کہ آپ ایسے دعوی عام سے رجوع کرتے ہین خیر مین اس بات انصاف ناظرین و ثقات طرفین پر چھوڑتا ہون اور مطلب کی بات کا جواب دیتا ہون آپ نے میری بات کا جواب نہین دیا کہ آپ ان لوگون کو اُس فضیلت کا جو احادیث فتوی سے ثابت ہے محل قرار دیتے ہین - ہر زمانہ کے لوگون کو یا قرون ثلثہ کے یا آجکل کے آپنے اس بات کا جواب تو دیا نہین اور مجھسے درخواست کی کہ تم منصفی علماے حرمین منظور کرو ورنہ انکی مذمت مین فتوی لکھو کہ محض اجنبی بات ہے مین ابھی نہ منصفی مذکور کی تسلیم یا انکار کو زبان پر لاتا ہون نہ اُسکے خلاف مین کچھ لکھتا ہون جب آپ تعین اُن لوگون کی کرین گے جو آپ کی احادیث متضمنہ فتوی کے مصداق ہین تو اُسوقت مین نظر کرونگا اگر وہ لوگ واقعی آپ کی احادیث فتوی کی مصداق ہوے تو مین مان جاؤن گا ورنہ اس مین عذر کرون گا آپ ابھی مجھ سائل سے تسلیم اپنے مجمل دعوے کی یا انکار کیون چاہتے ہین آئندہ جواب بحرف واحد دین کہ وہ کون لوگ ہین جن کے باب منصفی مین آپ مدعی ہین اور احادیث سے اُنکی فضیلت باب منصفی مین ثابت فرمائیے - جانبین کی عبارات کو منصف تحقیقات کرے گا اور یہ جو کچھ آپ نے لکھا ہے کلام لاطائل ہے جس امر کے آپ مدعی تھے دلیل اُسکی پیش نکر سکے آپ کو اختیار ہے - جواب مین بھی التماس کرتا ہون لاطائل

ہونا کلام ہر شخص کا سپرد ناظرین ہونا چاہیئے اور جو مجھے آپ مدعی بنا کر مجھ سے دلیل طلب کرتے ہین محل تعجب ہے وہ کونسا لفظ میری اس تحریر مین ہے جس سے میرا مدعی ہونا کسی امر مین ثابت ہوتا ہے مہربانی فرما کر نشان دین ہین تو اب تک سائل ہون اور مدعی آپ ہین پس آپ پر دلیل پیش کرنا لازم ہے چنانچہ آپ نے ایک فتوی بھی دکھایا تھا اب اسکو کیون چھپاتے ہو آیندہ دعوے مین تعیین کرو اور اسپر کوئی ایک حدیث اسی فتوے کی شاہد ظاہر اکر پیش کرو پھر مجھسے دریافت کرو کہ تو اسکو مانتا ہے یا اُس مین منع پیش لاتا ہے یا معارضہ کرتا ہے جواب لاطائل ہونا کلام کا سپرد ناظرین کے کرنا نہایت انصاف ہے لہذا وجوہ لاطائل ہونے آپ کے کلام کے بیان کیئے جاتے ہین تا ناظرین کو اغلاط اور ماہرین علوم پر خوب واضح اور لائح ہو جاوے وجہ اول یہ قول آپ کا (ولیکن جب آپ نے دعوی کیا تھا تو عام ساکنان مکہ معظمہ کی فضیلت کے مدعی ہوے) محض بے سند ہے بلکہ وقت اول ملاقات کے جو سردار صاحب کے حضور مین ہوئی تھی اور شرائط جانبین علٰحدہ علٰحدہ سردار صاحب کو حوالہ کی گئی تھین آخر ہمارے تیسری شرط منجملہ شرائط ستہ کے یہ تھی (شرط سوم بعد گفتگو کے اگر تکرار باقی رہی تو واسطے انفصال کے علماے مکہ اور مدینہ کو منصف مقرر کیا جاوے) اس شرط کو آپنے نامنظور فرمایا بلکہ سکان حرمین شریفین کو فاسق وغیرہ الفاظ ہتک آمیز سے یاد فرمایا اور مین نے جواب مین کئی حدیثین ثبوت فضیلت مین پیش کین کہ ہم بموجب ان احادیث کے علماے حرمین کو منصف قرار دیتے ہین آپ سے اسکے جواب مین بجز واقعات کے کوئی حدیث پیش نہین ہو سکی تھی دوسرے روز روبروے تھانہ دار اور سردار صاحب کے مجمع عام مین پھر اُسی شرط کا شروع ہوا اُس روز بھی آپ سکان حرمین کی مذمت کے مدعی ہوے مین نے کھڑے ہو کر مجمع عام مین احادیث فضائل کے بیان کین آپنے اُسکے جواب مین آیۃ الاعراب اشد کفرا و نفاقا الآیہ و من اہل المدینۃ مردوا علی النفاق الآیۃ اور چند واقعات واسطے استدلال مذمت اہل حرمین کے پڑھین اور مین نے روبروے تھانہ دار اور سردار صاحب کے ہر چند آپ سے التجا کی کہ آپ ان آیات کو ثبوت مذمت جانکر تحریر کر دیجے آپ نے بالکل نہ مانا وجہ دوم اور قول آپ کا ذکر شرط اور شروط یعنی دعوی اور برحق ہے لیکن شرط مذکور واسطے بحث مسائل مختلفہ کے کی گئی تھی

جب جانبین نے اُس شرط کو مبحث قرار دیا بعینہ وہی شرط دعوی ہوگئی پس اس دعوی کا غیر شرط
ہونا محالات سے ہے لان سلب الشئ عن نفسہ محال وجہ سوم اور قول آپکا دکہ دعوے کے الفاظ مین
تعمیم ہوئی) محض افترا ہے ورنہ اُن الفاظ پر کو اغذات مثل مین نشان دو وجہ چہارم اور قول آپکا
دآنپے میری بات کا جواب نہین دیا کہ آپ کن لوگون کو آہ) بڑے تعجب کی بات ہے کہ عبارت
ہماری سراسر دال ہے اوپر تعیین مدعا کے اُسکے جواب مین آپ نے یہ فرمایا اب آپ ارشاد فرمائین
کہ تعیین مدعا اگر کسی جسم کا نام ہے تو اُس جسم کو حاضر کردین وجہ پنجم مذمت سکان حرمین کا جو آپ
کئی روز سے ورد کر رہے تھے اب جب آپ سے دلیل اُسکی طلب کی گئی تو اُسکو اجنبی بات فرمانا لگا
اسکی مثل یہ ہے ایک شخص اپنے لڑکے سے بر وقت آپڑنے کسی واردات کے منکر اُسکی ولدیت کا
ہو جاوے اور اب جو آپ لکھتے ہین کہ آپ پر دلیل پیش کرنا لازم ہے برحق سو ہم دو روز سے دلیل
اپنی پیش کر رہے ہین لیکن آپ کو مدعی مذمت زبانی ہونا اور دلیل پیش نکرنا بعید مناظرہ سے ہے
کیونکہ مناظرہ مین یہ شرط نہین کہ جس چیز کا دعوی زبانی ہوا اُسکے واسطے دلیل بیان نکرے اور
آپ کئی جگہ اپنے آپ کو سائل سے تعبیر کرتے ہین اور حالانکہ مراد سائل سے علم مناظرہ مین وہ شخص ہے
کہ جو مقابلہ مدعی کا بعد قائم ہونے دلیل کے کرے تسلیم کرنا دعوے کا بعد اقامت دلیل کے شان
سائل سے نہین قال فی الرشیدیۃ السائل من نصب نفسہ لنفی الحکم پس آپ کا سائل ہونا خبر نہین
کہ کس علم سے مستنبط ہے اُس سے آگاہ کرے اب آپکو لازم ہے کہ مذمت کی دلیل پیش کرو اور تفضیلت
اہل حرمین کی دلیل جو آپ کے روبرو کئی دفعہ بیان ہو چکی تحریری میری لے لینا تا دونون کو
منصف کے پاس روانہ کیا جاوے اور ہر مسلمان پر لازم ہے کہ صدق کو ہاتھ سے ندے خصوصًا
مناظرۂ شرعیہ مین قال اللہ تعالیٰ یَا اَیُّہَا الَّذِیْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم بل یکب الناس فی النار علی وجوہہم الاحصائد السنتہم واللہ اعلم وعلمہ اتم
جواب اگر آپ نے انصاف لاطائل کلام ہونے کا سپرد ناظرین کیا تھا تو بیان وجوہ ایک
لاطائل امر تھا اس لیئے اُنکا جواب ضروری تو نہ تھا لیکن بنظر اُسکے کہ عوام الناس دھوکا نہ کھاوین
لکھا جاتا ہے (جواب وجہ اول) باوجود اُسکے کہ آپنے احادیث فضائل مدینہ پڑھے ہین اور
شرط ثالث مین منصفی علما کی چاہتے تھے ولیکن دعوی آپ کا یہ تھا کہ مکہ ایسی جگہ ہے جہان کوئی حیثیت

رہنے نہین پاتا وہان کے سبھی لوگ اچھے ہوتے ہین جسکے مقابلہ مین مین نے تقسیم کی اور کہا کہ
مکہ اور مدینہ پرکئی زمانے آئے ایک زمانہ قبل نبوت یا ہجرت ہونے کی کہ اُس مین کفر ظاہر تھا پھر
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ کہ اُسوقت بھی بعض منافق موجود تھے جسپر وہ آیۃ پڑھی تھی
پھر وہ زمانہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہوا اُس مین بھی بعض اطراف کے لوگ مرتد ہوگئے تھے
جنکو حضرت صدیق اکبر نے مارا اور بعض نے اکابر صحابہ کو جیسے حضرت عثمان رض اور حضرت عمر رض کو
شہید کیا پھر خلفاء کے مابعد کا زمانہ ہوا جس مین یزید پلید کے لشکر سے حرکتین بیجا زنا و قتل مدینہ مین
سرزد ہوئین اور مکہ مین عبدالملک نے چڑہائی کی ان دلائل سے مین نے آپ کے اس عام دعوے کو
توڑا جو آپ فرماتے ہین کہ مکہ مین جو رہتے ہین اچھے ہوتے ہین میرا صریح کلام یہ ہے کہ ہمارے
دین و ایمان کا رکن ہے ولیکن وہان کے سبھی لوگ ہمیشہ یکسان نہین رہے اب فرمائیے آپ کی
درخواست منصفی سے یہ کہان لازم آتا یا سمجھا جاتا ہے کہ آپ نے بروقت بیان فضائل ساکنان
مکہ کے اُن ساکنان مین قید علماء و فضلاء کی لگادی ہو اور میرا نہ لکھنا اُن آیات کو جو مین نے
منافقون کی مذمت مین بیان کی تھین اس لیئے تھا کہ بدون تقرر شروط اور تقرر بحث مقصود
لکھنا لکھانا محال ہے اب جو آپ پہلے اپنے دعوے کا ثبوت لکھ چکین گے اور مجھے آپ کے خلاف
مین کچھ نہ دریافت ہوگا تو مجھے بہ تفریق آیتین لکھدونگا (جواب وجہ دوم) وہ شرط اگرچہ پیچھے کو ایک دعوی
ہوگئی ہے ولیکن بوقت اول دعوے کے نہ مغائر تھی (جواب وجہ سوم) آپ کا اشارالیہ مخفی
اشارہ ہے اور جو آپ کا نفرات مثل مین اسقاط نشان چاہتے ہین محل تعجب ہے وہ تو گفتگو زبانی
تھی تو مثل کہان ہے جس سے نشان دون مثل تو وہی ہوئی جس مین آپ مدعی فضیلت ساکنان
حرمین کے باب منصفی مین ہوے ہین (جواب وجہ چہارم) آپ کی کسی لفظ سے تمام تحریر مین بھی
اس بات کی نہین آتی ہے کہ آپ حرمین کے ساکنان ہر زمانہ کے بہتری کے باب منصفی مین مدعی
ہین یا خاص قرون ثلثہ کے یا آجکل کے لوگون کی جس سے کہ میرا سوال ہے جس جگہ وہ عبارت
ہے جس سے یہ بات سمجھی جاوے وہان سے ایک سطر تحریر فرماوین (جواب وجہ پنجم) مین مذمت
تمام ساکنان حرمین کا مدعی نہین ہون کیونکہ سبھی وہان کے برے ہین تمام لوگ مسلمان و ہنود حاضرین
مجلس جانتے ہین کہ مین کہتا ہون کہ وہان اچھے لوگ بھی ہین اور برے بھی ہین اور کہتا ہون کہ

اُس جگہ کے اچھے ہونے سے وہان کے سبھی لوگون کا اچھا ہونا لازم نہین آتا ہے اور یہ بھی میرا کہنا بطور
دعوے کے نہین تھا بلکہ بطور نقض کے آپکے دعوے مین تھا اور وہ بھی پہلے زبانی گفتگو مین ہوچکا اور
جب سے گفتگو تحریری شروع ہوئی ہے مین کسی امر کا مدعی نہین رہا آپ سے تعین دعویٰ اور اُسکی
دلیل کا سوال کرتا ہون اور اس بات پر مستعد ہون کہ جب آپ اپنے دعوی پر دلیل قائم کرین تو پھر مین
نظر کرون کہ آپ کے کلام مین تقریب تام ہے یا نہین اگر دلیل سے آپ کا دعوی ثابت پاؤن تو مان جاؤن
ورنہ سائل بنجاؤن اور اُسکے نفی کی درپے ہو جاؤن اور اُس کا رد لکھون اس اعتبار سے مین
سائل مصطلح ہو سکتا ہون۔ جناب من جب مین آپکے دعوے کی ابطال کرنے کے درپے ہو گیا
تو سائل ہون گا یا نہین علاوہ یہ کہ وہ تعریف سائل مصطلح فن مناظرہ کی ہے اور لغتاً ہر بات پوچھنے والے کو
سائل کہتے ہین جیسا کہ میرا سوال اول اسی اطلاق سے سوال ہو سکتا ہے اور ایسے ہی سائل بھی
مجیب کو دلیل طلب کرنا نہین آتا اور جو آپ نے کہا ہے کہ تسلیم کرنا دعوے کا بعد قائم ہونے دلیل کے
شان سائل سے نہین ہے معلوم نہین میرے کس بات کی جواب مین ہے میرا سائل رہنا بعد
قائم ہونے دلیل اور تسلیم دعوے کی میرے کس کلام سے مفہوم ہوتا ہے یہ تو جواب ہے
آپکا اعتراض کا اگر آپکے کلام کے ضمیمہ کو دیکھتا ہون تو اُس مین بھی مجھے کئی وجہ سے کلام ہو لیکن
مین اس جگہ اس بحث نوعی کو فضول جانتا ہون اسی واسطے جب آپ نے جملہ السائل من الصبيان کو
سین سے پڑھا تھا اور ترجمہ بھی اُس کا یہ کیا تھا کہ نسبت کرے تو درگذر کر کے زبانی آپ کو اس
غلطی پر متنبہ کر دیا اور آپ ہی کے قلم سے سین کو صاد بنوا دیا اگر مجھے لفظی بحث منظور ہوتی تو خاموش
رہتا اور آپکی تحریر کے جواب مین تفصیل و تطویل کرتا یہ جوابات آپ کے وجوہات کے مین
آپ مطلب کی بات کا جواب دیتا ہون آپ نے پھر وہی بات کی اور اپنے دعوے کی دلیل پیش نکی
اور مجھ سائل سے دلیل مانگی اور جو آپ فرماتے ہین کہ ہم دو تین دن سے دلیل پیش کر رہے ہین
یہ بڑی دلاوری کی بات ہے کہ آپ برملا خلاف واقع اظہار کرتے ہین اسکی کیا مثال دون شرم
آتی ہے مین دلیل مانگتا ہون آپ اپنے فتوے کو اپنے ہاتھ مین رکھکر دور سے دیتے ہین ہر چند
آپ سے سبھی لوگ یہانتک کہ سرکار و صاحب بھی کہہ رہے ہین کہ آپ فتوی دین اور اپنے دعوے کا ثبوت
پیش کرین آپ فتوی میرے ہاتھ دیتے نہین پھر کس طرح فرماتے ہین کہ مین دو تین روز سے دلیل

پیش کر رہا ہون اور مجھسے دلیل مذمت چاہتے ہین یہ محال ہے۔ مین اس گفتگو مین جس مین تحریر ہوتی ہے مذمت کا مدعی نہین۔ جو پیچھے زبانی کہا تھا سو دوسری بات ہے جسکی تشریح جواب دفعۂ اول مین گذری اس گفتگوِ تحریری کو اس سے کوئی علاقہ نہین اور باوجود اُسکے مین اسی جواب مین اس اپنی دلیل کو لکھ بھی چکا ہون اب تو ضد چھوڑ دیجیے اور اپنے دعوے کا ثبوت تحریری دیجیے جس کا آپ نے وعدہ آخر تحریر مین کیا ہے مین اُسکو دیکھکر تسلیم کر دون یا رد کر دون پھر اُسکو منصف کی طرف بھیجا دین اگر اس امر کے سوا کوئی اور بات پیش کرین گے یعنی پھر وہی باتین لاطائل کرین گے اور اپنا ثبوت پیش نہ کرینگے تو میری طرف سے اس بات مین خطاب سے اعراض ہے مین ایسی باتون کو لائق جواب نہین جانتا اس بات کا انصاف ناظرین پر ہے اور جو آپ نے اپنی تحریر مین آیت اور حدیث لکھی ہین اسی پر خود بھی عمل کرتے تو اتنی فضول باتین بعید از مطلب اور مخالف واقع زبان قلم سے نہ نکالتے اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم بھی قرآن ہی کی آیت ہے آیندہ اگر اس مسئلہ مین سوا ایسے قیل و قال کے آپ کو کوئی بات نہین آتی تو آپ دوسرے مسئلہ مین بحث کریں جیسے رفع یدین و آمین بالجہر اور مثل اُسکے اور اگر وہ بھی منظور نہین تو میری طرف سے سلام ہے **جواب** اگرچہ جواب دینے کی حاجت نہین لیکن بنظر فائدہ عامہ کے جواب بطور اختصار لکھا جاتا ہے لکھنا وجوہ کا واسطے اصل لاطائلیت کے نہین ہوا بلکہ واسطے وضاحت لاطائلیت کلام خصم کے لکھی گئین ہمنے کہین تحریراً یا تقریراً یہ دعوی نہین کیا کہ ساکنان حرمین شریفین قبل اسلام کبھی بہتر تھے ورنہ کوئی تحریر سند مین پیش کر دیا جاوے (مجلس کے گواہی دلوادو) جیسا کہ ہمنے گواہ تحریری شرط ثالث کی پیش کیے اور جو واقعات قتل ابن زبیر اور یزید کے پیش کیے اُن کا مقابل مین احادیث نبویہ کے مثل ان الدین لیارز الی الحجاز کما تارز الحیۃ الی جحرہا وغیرہ کے جو صحاح ستہ اور مشکوۃ مین موجود ہین پیش کرنا شان محدثیہ سے بعید ہے آپ تو فرماتے ہین کہ ہمارے نزدیک بجز قرآن و حدیث اور اجماع صحابہ کے کوئی دلیل نہین ہے اب واقعات کو کیون بیان کرتے ہو علاوہ برین آنکہ واقعات مذکورہ سے بجز مظلومیت اُنکی کے اور کچھ ثبوت نہین ہوتا یعنی عبد الملک وغیرہ نے مکہ اور مدینہ پر چڑھائی کرکے سکنات حرمین [illegible] شدائد [illegible] سکنائے حرمین کی [illegible] ہوئی لقولہ

علیہ السلام اشد البلاء الانبیاء ثم الامثل فالامثل اور یہ امر بھی ظاہر ہے کہ ہم اُنکی عصمت کے
مدعی نہین ہوے تاہم پر کوئی اعتراض لازم آوے اور جو آپ نے حدیث زنا کرنے ماعز کے
بطور اہانت سکنائے حرمین کے بیان کی تھی جو حقیقت مین طعن صحابہ پر ہے اُسکے جواب مین
مین نے بھی کہا تھا کہ ہم اُنکی معصومیت کا دعوی نہین کرتے اور اب آپ جو فرماتے ہین کہ
بعضے لوگ وہان کے اچھے ہین اگر مراد اس سے علما ہین تو اُنکی منصفی سے منحرف کیون
ہوتے ہو اگر ذی علم مراد نہین تو اُسکی سند قرآن وحدیث سے پیش کرو ہے اگر دعوی سے
آپ نے اپنی عبارت مین دعوی عام فضیلت کا مراد لیا ہے تو اُسکا مشروط ہونا ساتھ شرط الثالث
ہمارے کے محالات سے ہے للزومہ شرطیۃ الشئ لنفسہ ولغیرہ وان اختلج فی صدرک بعد ذلک شئی
فاقرأ قولہ تعالی ان اللہ علی کل شئی قدیر فلیتامل فانہ دقیق وبالتامل حقیق آپ جو فرماتے ہین کہ
دعوی سے مین نے دعوی تقریر عام آپ کا مراد رکھا ہے باوجودیکہ یہ افترا محض ہے لیکن واسطے
ہمارے سند کامل ملگئی یعنی اب آپ دعوی تقریر کے سند ہونے کے مقر ہوے پس اب آپ پر
دلیل دعوی مذمت تقریری اپنے کی تحریراً واسطے ملاحظہ منصف کے ضروریات سے ہوئی
المرء یؤخذ باقرارہ ہے اور آپ جو فرماتے ہین کہ ایک سطر واسطے تعین دعوی اپنے کے نشان دو
سو چھٹی تحریر ہمارے مین یہ درج ہے دیکھ لو ہمارا دعوی اول سے یہی ہے کہ علمای مکہ معظمہ اور
مدینہ منورہ کا اس زمانہ مین منصف ماننا وقت اختلاف اور تکرار باقی رہنے ہمارے کے [illegible]
[illegible] اطلاق کرنا لفظ سائل کا مقابل لفظ مدعی کے لغویت کو لغو کرتا ہے اور کہنا آپ کا کہ شاید مین تسلیم
کرلون آپ کے سائل ہونے کو باعتبار ما یؤل الیہ کے باطل کرتا ہے واللہ ہر محارب کو قتیل [illegible]
مقتول ہونا درست ہوتا تو ہو کما تری اور آپ جو لکھتے ہین کہ مین نے سین کو صاد بنوایا آپ حلفاً
بیان کیجئے کہ جب آپ نے ہماری تحریر سے نقل کی تھی تو اُس مین صاد تھا یا سین اُس مین تو صاد
صاد ہی تھا ہے اور آپ جو فرماتے ہین کہ فتوی ہمارے ہاتھ نہین دیتے کس علم مناظرے کی
کتاب مین درج ہے کہ جو شخص دلائل اپنے زبانی بیان کر چکا ہو اُس کو تحریر کرکے بھی [illegible] ضروریات
سے ہے جب آپ نے بمقابلہ احادیث فضیلت کے جو مین نے [illegible] مین پڑھی تھین معارض [illegible]
دلائل مذمت کے موافق زعم اپنے کے بیان کیے پس تحریر دلائل کے واسطے ملاحظہ منصف کے

ضرور درکار ہے سو ہم کئی دن سے کہہ رہے ہین کہ مذمت کا فتوی مدلل کرکے تم بھی پیش کرو تا دونون شامل مسل ہو کر منصف کے پاس روانہ کیے جاوین آپ جو بار بار زبان پر لاتے ہین کہ گفتگو فضیلت حرمین کی فضول ہے یہ بات آپ کی بالکل بے سند ہے کیونکہ اکثر فساد عوام کالانعام مین اس واسطے زیادہ برپا ہوتے ہین کیونکہ متبعین مذاہب سند عمل در آمد علماے اور اتقیاے سکناے حرمین شریفین کی پکڑتے ہین اور آپکے فرقے کے لوگ سکناے مکہ کی مذمت کرکے لوگون کی طبیعت کو اشتعال دلاتے ہین اگر آپکو دینا فتوی مذمت کا واسطے ملاحظۂ منصف کے منظور نہین تو ہم فتوی اپنا شامل مسل کرکے منصف کی پاس روانہ کردیتے ہین اور ختم گفتگو کرکے حضار مجلس کو پیام سلام کا دیتے ہین - مدعی فضیلت ساکنان حرمین شریفین - مولوی عبد العزیز صاحب - سائل مقابل - مولوی محمد حسین صاحب لاہوری

خلاصہ تنازع یہ ہے کہ مدعی نے فضیلت ساکنان حرمین کا دعوی کیا سائل نے اسکے جواب مین کہا کہ حرمین کے لوگ منافق وکافر بھی تھے چنانچہ آیۂ ومن اہل المدینۃ مردوا علی النفاق وآیۂ الاعراب اشد کفرا ونفاقا اُسپر دال ہے بروز مباحثہ سائل نے استفسار کیا کہ آپ فضیلت کلی کے مدعی ہین یا کسی وصف خاص مین اُسکے جواب مین مدعی نے کہا کہ مراد فضیلت کلی ہے اور وصف سے کیا ہے اور آپ تمسک اس مسئلہ مین کس دلیل سے پکڑوگے سائل نے شرح کی کہ فضیلت کلی عبارت ہے فضیلت سے ہر وصف مین جیسے علم وفہم وتقوی وفضل وسکونت وغیرہ اور وصف خاص ایک صفت ان صفتون سے اور یہ کہا کہ میرا تمسک کرنا آپکو ابھی کہان معلوم ہوا ہے تو سائل ہون آپ مدعی ہین آپ جس دلیل سے تمسک کرین گے مین جواب دون گا مدعی نے کہا کہ جبتک آپ کوئی دلیل ادلۂ شرعیہ مین سے منظور نہ کرین گے جواب متعذر ہے اس لئے آپ کو لازم ہے کہ آپ اپنا تمسک بیان کرین تا جواب دیا جاوے اور آپ نے جو کل آیت مذمت اہل مدینہ مین اور مذمت عرب مین پڑھی تھی اُس کو بھی مذمت مین سند جانتے ہین یا اُس سے رجوع ہے سائل نے کہا کہ میری سامنے دلیل پیش کرنے کی اُس وقت حاجت ہوگی جب مین آپ کے دعوی فضیلت کا منکر ہون گا اور چونکہ ابھی تک محل نزاع مقرر نہین ہوا اور میرا انکار یا تسلیم مانا نہ گیا تو ابھی دلیل پیش کرنے کی حاجت نہین شاید مین آپکے دعوے کو مان لون جس وقت مین آپکے دعوے کا منکر ہون گا اُس وقت آپ دریافت کیجئے تاکہ تم کونسی دلیل مانگتے ہو اور آیت سے جو مین نے کل دلیل پکڑی تھی وہ مذمت مین اُن لوگون کی تھی جو آنحضرت صلعم

وقت مین منافق تھے چنانچہ مین نے تقسیم کی تھی کہ مکہ و مدینہ کے لوگ کئی قسم پر ہین ایک وہ جو
پہلے آنحضرتؐ کے کافر تھے دوسرے وہ جو حضرتؐ کے زمانہ مین کافر تھے اور یہ کہا تھا کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین بھی مدینہ مین منافق موجود تھے جس پر وہ آیت پیش کی تھی مدعی نے
کہا کہ آپنے جو آیت مقابل ہمارے مناظرہ مین بیان کی تھی اگر مراد آپ کی وہی تھی جو آپ فرما رہے ہین
پس آپ سے خطا ہوئی کیونکہ جو حدیثین ہمنے فضائل مین بیان کی تھین اُنکا یہ مضمون نہ تھا کہ
قبل زور اور نصرت اسلام کے ثبوت فضیلت کا ہو پس یہ اہل علم سے بعید ہے اور اگر مراد آپ کی
بعد تقرر اسلام کے بھی ہو پس اس سے تکذیب احادیث کی لازم آتی ہے اور آپ دو تین روز
سے جو انکار فضیلت کا کر رہے ہین اس لئے آپ سے دریافت تمسک ضرور ہے سائل نے کہا کہ چونکہ
آپنے دعوی معین نہ کیا تھا کہ کس زمانہ کے لوگون کی فضیلت کے مدعی ہین اس لئے مین نے
تفصیل و تقسیم کی تھی اور یہ مین نہین کہتا کہ جو مضمون احادیث سے ثابت ہے مسلم نہین اور
تقرر اسلام کی حد بیان کرنا آپ پر لازم ہے کہ کس وقت سے وہ زمانہ پایا گیا جب آپ حد
بیان کرین گے اُس وقت میرا اقرار یا انکار آپ کو ثابت ہوگا پہلے سے آپ کیون فرماتے ہین کہ تم بعد
تقرر اسلام کے منافقون کا وجود مدینہ مین تجویز کرتے ہو مین دو تین روز سے مطلق فضیلت کا
منکر نہین آپ وصف معین بیان کرین کہ کس فضیلت کے مدعی ہین شاید اُس کا مین منکر نہ ہون
جب آپ منکر پا دین اُس وقت مجھ سے دلیل لائق تمسک کا سوال کرین مدعی نے کہا کیا یہ
عجب العجاب ہے کہ آپکے سامنے جب حدیثین فضائل کی بیان ہوئین اور مضمون احادیث کا
صریحا دلالت کرتا ہے کہ مراد زمانہ نفاق و کفر کا نہین پھر ایسی آیت مقابل احادیث کے
بیان کرنا صریح غلطی ہے اور یہ امر ظاہر ہے کہ دعوی فضیلت کل سکان حرمین کا بعد استیلاء
و تقرر اسلام کے ہے نہ زمانہ کفر و نفاق مین خیر اب چونکہ ادعاء مذکور سے انکار کیا چاہتے ہین
انکار کو بجائے توبہ کے قرار دیا اور فضائل حرمین شریفین کے بالفعل بھی جو احادیث سے
ثابت ہین کئی قسم کے ہین لیکن مقصود یہ ہے کہ جب علماء اطراف و دیار مین کسی مسئلہ کا اختلاف ہو
پس اُس صورت مین یہ امر افضل و بہتر ہے کہ حرمین کے علماء کو منصف قرار دیا جاوے چنانچہ
مجموعۂ احادیث مشتملہ استفتا جو پیش کیا جاتا ہے اس امر پر دال ہین سائل نے کہا چونکہ آپنے

دعوی عام کیا تھا اور دلیل خاص فضیلت زمانۂ تقرر اسلام کے لائے تھے اس لیئے آپکے دعوی کے
مقابلہ مین مین نے تقسیم کی تھی اور وہ آیت بمقابلہ آپ کے عموم دعوے کے تھی نہ خصوص
دعوے کی خیر آپ اس دعوی عام کو چھوڑتے ہین تو مین آپ سے اس امر کو بجائے تو یہ قرار
دیتا ہون اور جو آپنے اب دعوی کیا ہے کہ ہم اس وصف مین مدعی ہین کہ منصفی مقدمات مین مین
وہ افضل ہین اور اس دعوے پر آپنے احادیث منضمہ فتوی پیش کی ہین سو مین کہتا ہون کہ
اس دعوے مین یہ بات تعین طلب ہے کہ کس زمانہ کے لوگ افضلیت کے محل ہین ہر زمانہ
کے یا خاص قرون ثلثہ کے یا آجکل کے آپ تعین فرماوین تو آپ کا فتوی دیکھا جاوے گا مدعی نے کہا
ہمارا دعوی اول سے یہی ہے کہ علماء حرمین کا اس زمانہ مین منصف قرار دینا بر وقت اختلاف
اور تکرار باقی رہنے ہمارے کے چاہیے واسطے اس امر کے شرط تیسری ہمارے منجملہ شرائط مشمولہ اصل
جو قبل انعقاد شرائط سرکار کے داخل کی گئین بحقین شاہد عدل ہے کیونکہ بسبب ماننے اس شرط کے
یہ بحث شروع ہوئی تھی اور وہ یہ تھی (شرط سوم بعد گفتگو کے اگر تکرار باقی رہی تو واسطے فیصل
کے علمائے مکہ اور مدینہ کو منصف قرار دیا جاوے) اب آپ کو لازم ہے کہ یا تو منصفی علماے
حرمین کی منظور کرین یا ایک فتوی ثبوت مذمت سکان حرمین مین یعنی جو علما اور اتقیا اور مومنین
وہان کے موجود ہین تحریر فرماوین سائل نے کہا بیشک آپنے شرط مین منصفی کا ذکر کیا تھا لیکن
جب آپنے عام دعوی کیا تو عام ساکنان مکہ کی فضیلت کے مدعی ہوے اور بہت ظاہر ہے
کہ شرط اور امر ہے اور مشروط یعنی دعوی جسکے لیے شرط مقرر کی گئی تھی اور امر یہ لازم نہین کہ شرط مین
تصریح فضیلت علماء کی ہونے سے مشروط مین بھی وہی تصریح سمجھی جاوے اس سے سب کو ثابت ہوگا
کہ آپ اس دعوی عام سے رجوع کرتے ہین خیر مین اس بات کو انصاف ناظرین پر چھوڑ کے
مطلب کی بات کا جواب دیتا ہون کہ آپنے میری بات کا جواب نہین دیا کہ آپ کن لوگون کو اس
فضیلت کا جو احادیث فتوی سے ثابت ہے محل قرار دیتے ہین ہر زمانہ کے لوگون کو یا قرون ثلثہ
کے یا آج کل کے جب آپ تعین کیجئے گا مین نظر کرون گا اگر وہ لوگ واقعی آپکی احادیث فتوی کے
مصداق ہین تو مین مان جاؤن گا ورنہ اُس مین عذر کرون گا آپ ابھی مجھ سائل سے تسلیم اپنے مجوزہ
بار دیگر کیون چاہتے ہین مدعی نے کہا کہ جانبین کی عبارت کو منصف خود تحقیقات کر لے گا

آپنے لکھا ہے کلام لاطائل ہے جس امر کے آپ مدعی تھے اُسکی دلیل پیش کیجیے ورنہ آپ کو اختیار ہے
سائل نے کہا مین ابھی التماس کر چکا ہون کہ لاطائل ہونا کلام ہر شخص کا سپرد ناظرین ہونا چاہیے
اور جو مجھے آپ مدعی بناتے ہین اور مجھسے دلیل طلب کرتے ہین محل تعجب ہے وہ کون لفظ میری
اس تحریر مین ہے جس سے میرا مدعی ہونا کسی امر مین ثابت ہوتا ہے ہین تو اب تک سائل اور آپ مدعی
ہین پس آپ پر دلیل پیش کرنا لازم ہے چنانچہ آپنے ایک فتوی بھی دکھایا تھا اب اُس کو کیون
چھپاتے ہو آیندہ دعوی مین تعیین کرو اور اُس پر ایک حدیث فتوی کی شاہد ٹھراؤ پھر مجھ سے
دریافت کرو کہ تو اُس کو مانتا ہے یا نہین تب ازان مدعی نے وجوہ لاطائلیت کلام سائل کا بیان کرنا
شروع کیا چند وجوہ سے ایک یہ کہ قول سائل کا دو لیکن جب آپنے دعوی کیا تھا تو عام کیا تھا
محض بے سند ہے کیونکہ جب اول ملاقات سردار صاحب کے حضور مین ہوئی تھی اور شرائط بیان علحدہ
علیحدہ سردار صاحب کو حوالہ کی گئین تھین اور ہماری تیسری شرط منجملہ شرائط ستہ کے یہ تھی کہ شرط
سوم بعد گفتگو کے اگر تکرار باقی رہی تو واسطے انفصال کے علماء مکہ اور مدینہ منصف مقرر کیے جاوین
اس شرط کو آپنے نامنظور فرمایا بلکہ سکان حرمین کو فاسق وغیرہ الفاظ سے یاد فرمایا مین نے جناب
کئی حدیثین فضیلت کی پیش کین کہ ہم بموجب ان احادیث کے علماے حرمین کو منصف قرار دیتے ہین
آپنے اُسکے جواب مین بجز واقعات کے کوئی حدیث پیش نہین کی دوسرے روز روبرو سردار صاحب
کے مجمع عام مین پھر اُسی شرط کا تکرار شروع کیا اُس روز بھی آپ سکان حرمین کی مذمت مین
مدعی ہوے مین نے کھڑے ہو کر مجمع عام مین احادیث فضائل کے بیان کیے آپ نے اُسکے
جواب مین آیۃ الاعراب اشد کفرا ونفاقا و آیہ ومن اہل المدینۃ مردوا علی النفاق اور چند واقعات
بیان کیے دوسرے یہ کہ قول آپ کا (شرط اور شئے ہے اور مشروط اور ہے) حق ہے لیکن شرط مذکور
واسطے بحث مسائل مختلفہ کے کی گئی تھی جب جانبین نے اُس شرط کو مبحث قرار دیا بعینہ وہی
شرط دعوی ہو گئی تیسری وجہ یہ کہ قول آپ کا کہ دعوے کے الفاظ مین تعمیم تھے محض افترا ہے ورنہ
اُن الفاظ کو مسل مین نشان دیجیے چوتھی وجہ یہ کہ قول آپ کا کہ آپنے میری بات کا جواب نہین دیا
بڑے تعجب کی بات ہے کہ جو عبارت ہماری سراسر دال ہے اوپر تعیین مدعی کے اُسکے
جواب مین آپنے یہ فرمایا پانچوین وجہ یہ کہ مذمت سکان حرمین کا جو آپ کئی روز سے ذکر کر رہے تھے

اب جب دلیل آپ سے طلب کی گئی تو اُسکو اجنبی بات فرمانے لگے اور اب کئی جگہ آپ اپنے کو
سائل سے تعبیر کرتے ہین حالانکہ مراد سائل سے علم مناظرہ مین وہ شخص ہے جو تابلہ مدعی کا بعد
قائم ہونے دلیل کے کہے تسلیم کرنا دعوی کا بعد اقامت دلیل کے شان سائل نہین قال فی
الرشیدیۃ السائل من نصب نفسہ لنفی الحکم اب آپ کو لازم ہے کہ مذمت کی دلیل پیش کیجیے نہ فضیلت
کی دلیل جو بیان ہو چکی تحریری میری لے لینا تا دونون منصف کے پاس روانہ کی جاوین بعد اسکے
سائل نے جواب مین کہا کہ آپکی وجہ اول کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ شرط ثالث مین منصفین علما کی
چاہتے تھے لیکن دعوی آپ کا یہی تھا کہ مکہ ایسی جگہ ہے جہان کوئی خبیث رہنے نہین پاتا وہانکے
سبھی لوگ اچھے ہوتے ہین جس کے مقابلہ مین مین نے تقسیم کی تھی اور کہا تھا کہ مکہ اور مدینہ پر کئی زمانے
آئے ایک زمانہ قبل نبوت کہ اُس مین کفر ظاہر تھا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ کہ اُسوقت
مین بعض منافق موجود تھے جس پر آیت پڑھی تھی پھر وہ زمانہ جو حضرت کے بعد ہوا اُس مین بھی بعض
اطراف کے لوگ مرتد ہو گئے تھے پھر خلفاء کے مابعد کا زمانہ ہوا جس مین یزید پلید کے لشکر سے
حرمین بیجا سرزد ہوئین اور مکہ پر عبد الملک نے چڑھائی کی ان دلائل سے مین نے آپکے
دعوی عام کو توڑا اور جواب وجہ دوم کا یہ کہ اگرچہ شرط پیچھے کو ایک دعوی ہو گئی تھی ولیکن اول
دعوے کے وہ مغائر تھی اور جواب وجہ سوم یہ ہے کہ آپ کا افترا کہنا محض افترا ہے وہ گفتگو
زبانی تھی کہ جس مین دعوی عام تھا مسل کہان تھی جس مین نشان دیا جاوے مسل تو پیچھے ہوئی
جس مین آپ مدعی فضیلت سکان حرمین کے باب منصفی مین ہوئی اور وجہ چہارم کا جواب یہ ہے
کہ آپ کو کسی لفظ سے تمام تحریرین بھی اس بات کی نہین آتی کہ آپ حرمین کے ساکنان ہر زمانہ
کے بہتری کے باب منصفی مین مدعی ہین یا خاص قرون ثلثہ کے یا آج کل کے لوگون کی اور
جواب وجہ پنجم کا یہ ہے کہ مین مذمت عام ساکنان حرمین کا مدعی نہین ہوا تمام لوگ حاضرین
مجلس جانتے ہین کہ مین کہتا ہون کہ وہان بھلے لوگ بھی ہین اور برے بھی ہین اور کہتا ہون
کہ اُس جگہ کے اچھے ہونے سے وہان کے سبھی لوگون کا اچھا ہونا لازم نہین آتا اور یہ بھی میرا کہنا
کچھ بطور دعوے کے نہ تھا بلکہ بطور نقض کے آپکے دعوی میں تھا اور جب سے گفتگو تحریری شروع
ہوئی مین کسی امر کا مدعی نہین ہوا آپ سے تعیین دعوی اور دلیل کا سوال کرتا ہوت اور سائل تھے

ہر بات پوچھنے والے کو کہتے ہین اس نظر سے اطلاق سائل کا مجھپر ہو سکتا ہے اور جو آپ فرماتے ہین کہ مین دو تین روز سے دلیل پیش کر رہا ہون بڑی دلاوری کی بات ہے کہ آپ برخلاف واقع اظہار کرتے ہین مین جب دلیل مانگتا ہون آپ اپنے فتوے کو اپنے ہاتھ مین رکھکر دور سے دکھا دیتے ہین مین کہتا ہون کہ فتوے مجھے دیجیے مین اُسکو قبول کرون یا رد کرون آپ نہین دیتے ہین بعد اُسکے مدعی نے کہا کہ ہمنے کہین تقریرًا یا تحریرًا یہ دعوی نہین کیا کہ ساکنان حرمین قبل تقرر اسلام بھی بہتر تھے اور واقعات قتل ابن زبیر اور یزید کے مقابل احادیث نبویہ پیش کرنا شان محمدیہ سے بعید ہے آپ تو فرماتے ہین کہ ہمارے نزدیک بجز قرآن وحدیث واجماع صحابہ کے کوئی دلیل نہین پھر واقعات کو کیون بیان کرتے ہین علاوہ اسکے ان واقعات سے بجز مظلومیت اہل حرمین کے اور کچھ ثابت نہین ہوتا اور یہ امر ظاہر ہے کہ ہم اُنکی عصمت کے مدعی نہین ہوے تا ہمپر کوئی اعتراض لازم آوے اور اب جو آپ فرماتے ہین کہ بعض لوگ وہان کے اچھے ہین اگر مراد اس سے علما ہین تو اُنکی منصفی سے منحرف کیون ہوئے اور ہمارا دعوی اول سے یہی ہے کہ علماء مکہ اور مدینہ کا اس زمانہ مین منصف ماننا وقت اختلاف اور تکرار باقی رہنے ہمارے کے چاہیے اور آپ جو فرماتے ہین کہ فتوی ہمارے ہاتھ نہین دیتے یہ کس کتاب مین مناظرہ کے درج ہے کہ جو شخص اپنے دلائل زبانی بیان کرے اُسکو تحریر کر کے بھی خصم کو دینا ضرور ہے فقط تقریر میصلہ چونکہ متخاصمین اس فقیر سراپا تقصیر کے انصاف ومحاکمہ پر راضی ہوے یقین ہے کہ جو امر مین انصافًا بلا لحاظ احد الجانبین تحریر کرون گا اُسکو دونون پسند فرماوین گے اور بعد نظر غائر و فکر وافر کے میری تحریر کو محض انصاف واظہار حق تصور فرماوین گے بنا بر علیہ امتثالًا للامر مین متوجہ انصاف ہوتا ہون اور امر مکنون کو ظاہر کرتا ہون مخفی نرہے کہ متخاصمین کے تقریرات امور زائدہ پر کہ بمراحل واب مناظرہ سے دور ہین مشتمل ہین ان سب سے قطع نظر کر کے بعد بمعاینۂ تقریرات طرفین کے جو امور واضح ہوے اُسکو درج صحیفۂ ہذا کرتا ہون اول مدعی کو لازم تھا کہ اولًا دعوی کی تنقیح کما حقہ فرماتے اور دعوی فضیلت سکان حرمین کا علی سبیل التعین عمومًا یا خصوصًا فرماتے اور سکان کے تقیید ساتھ علماء کے اور فضیلت کا تعین کہ غرض باب انصاف مین ہے اور تعین زمانۂ فضیلت کرتے تا سائل کو موقع تطویل بحث کا نہ ملتا اور بوجہ

صرف ہو جانے زمانۂ تقریر کے امور غیر مقصود مین امر مقصود فوت نہو تا دوسوم اگرچہ مدعی نے بوقت تقریر دعویٰ عامہ بلا تعین کیا ہو مگر قرائن حالیہ و مقالیہ تقریرات سابقہ و شرائط سالفہ کے لحاظ سے یہ امر بدیہی ہے کہ غرض اُنکی اثبات فضیلت علماء اسلام حرمین تھی اسلام مسلم و دلیل ساطع اس امر پر ہے کہ وہ کفار اور منافقین اہل حرمین کو افضل نہیں کہہ سکتا اور عقل عاقل مقتضی اس امر کی ہے کہ یہ دعویٰ سوائے مجنون یا زندیق و ملحد کے کسی سے نہین ہو سکتا پس گو دعویٰ مدعی عام ہو کہ شامل جملہ ساکنان حرمین ہو مگر قرائن واضحہ عقلیہ دال اس امر پر ہین کہ وہ خاص ساتھ ساکنان حرمین بعد تقرر اسلام کے بلکہ ساکنین مسلمین کے بلکہ علمائے مسلمین حرمین کے ہے علی الخصوص مابین متخاصمین کے قبل اس تقریر کے مذاکرہ مشروط ہو چکا تھا اور شرط ثالث مین یہ مضمون مندرج تھا کہ بعد گفتگو کے اگر تکرار رجا نہین باقی رہے تو واسطے انفصال کے علماء مکہ و مدینہ کو منصف قرار دیا جائے اور اگرچہ وہ شرط محل بحث واقع ہو گئی اور وقت مباحثہ کے مدعی نے دعویٰ مطلقا کیا لیکن قرینۂ سابقہ سے ظاہر ہے کہ غرض اُس کی اس دعوے سے اجراء اُسی شرط کا تھا پس بالضرورۃ دعویٰ اُس کا خاص ہوا اگرچہ اُسنے بوقت دعویٰ برخلاف داب مناظرہ اجمال کیا پس ایسی حالت مین سائل کو ہرگز نہین لازم تھا کہ بعرض نقض دعویٰ عامہ کے آیۃ الاعراب اشد و من اہل المدینۃ وغیرہ کی تلاوت کرین یا قصص فتنہ بیان کرین اس واسطے کہ سائل کو مدعی سے تعین دعویٰ و تعریفات مفردات دعویٰ وغیرہ اُس وقت کرانا چاہیئے جب علم اُس کا نہو اور اگر باوجود علم کے طلب کرے گا تو یہ مکابرہ یا بیجا ہوگا جیسا کہ ابحاث باقیہ وغیرہ مین مصرح ہے اور ما نحن فیہ مین علم اس امر کا کہ دعویٰ خاص ساتھ علمائے حرمین کے ہے بدلالت حال و مقال ہر کس و ناکس کو حاصل ہے پس مقابلہ سائل کا ایسی صورت مین خارج از مناظرہ ہے سوم ہرگز سائل کو بمقتضائے مناظرہ نہین لائق تھا کہ آیات مذمت کفار و منافقین حرمین کے تلاوت کرتے مگر بعد اسکے کہ اُنسے یہ امر خلاف داب مناظرہ ہوا مدعی کو دلیل مذمت سکان حرمین سائل سے طلب کرنا اور سائل کو مدعی مذمت ٹھیرنا خلاف داب مناظرہ ہے اس وجہ سے کہ ہر ذی عقل اس امر کو جانتا ہے کہ غرض سائل کی اس تلاوت وغیرہ سے صرف نقض عموم و اطلاق دعویٰ مدعی تھا نہ دعائے مذمت سکان حرمین

یا منقصت علماے حرمین چہارم یہ کہ سائل نے جو بمقابلہ اطلاق دعوی کے وقائع یزید وعبد الملک
بن مروان بیان کیے وہ خارج از بحث ہین اس وجہ سے کہ ان وقائع مین کوئی امر شرارت و
خباثت کا اہل حرمین سے نہین ہوا تھا بلکہ انپر غلبہ مفسدین کا ہوا تھا پنجم تعین دعوی جو مدعی نے
بعد چند تقریرات کے کیا یعنی یہ کہ دعوی فضیلت علماے حرمین کا باب انصاف مین ہے اگرچہ یہ امر
انکی شرط سابق سے معلوم ہوتا تھا مگر وقت بحث کے ابتدا سے اسکی توضیح ضرور تھی کہ سائل کو
موقع سوال کا نہوتا اور وقت دعوے کے اسکا اجمال اس غرض سے کہ جب خصم انکار اس
دعوے کا کرے گا حضار مجلس سے کہدیا جاوے گا کہ دیکھیے یہ مکہ اور مدینہ کے لوگون کی فضیلت سے
جو نصوص صریحہ سے ثابت ہے انکار کرتے ہین اور خلاف احادیث اعتقاد رکھتے ہین شان
ارباب مناظرہ سے نہین ہے ششم باوجود استفسار سائل کے مرۃً بعد اخری مدعی نے صاف
بیان نہ کیا کہ دعوی فضیلت علماے حرمین کا من حیث الانصاف آج کل کے علما کے باب مین ہے
یا قرون ثلثہ کے علما کے باب مین یا بہ نسبت ہر زمانہ کے ہے یہ امر خلاف داب مناظرہ ہے
جب سائل استفسار امر ضروری کا کرے مدعی پر اس کا جواب صاف دینا لازم ہے اور اس مین
لیت و لعل کرنا خالی مجادلہ و مکابرہ سے نہین ہے مدعی نے اسکا حوالہ اپنی تقریرات سابقہ پر کیا
حالانکہ کسی تقریر مدعی سے اسکا حال نہین معلوم ہوتا ہے البتہ شرط ثالث کے عنوان سے
اس قدر معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس زمانہ کے علماے حرمین کے افضلیت انصافیہ کے قائل ہین مگر یہ
نہین معلوم ہوتا ہے کہ آیا یہ امر خاص اسی زمانہ کے ساتھ ہے یا ہر زمانہ مین از ابتداے تقرر اسلام
پایا گیا یا قرون ثلثہ مین یہ وصف ہو کے معدوم ہو گیا پھر اس زمانہ مین اعادہ معدوم ہوا جبتک
کہ مدعی تعین دعوی صاف صاف نہ کرے دعوی کیونکر متقرر ہو گا اور سائل کس طرح دلیل مین
نظر کر سکے گا ہفتم بحث کرنا اس امر مین کہ سائل سائل نہین خارج از مناظرہ ہے اگر اصطلاحاً سائل
ولغۃً سائل ہوتے ہین شبہہ نہین ہشتم سائل کا یہ قول کہ مکہ و مدینہ مین اچھے لوگ بھی ہوتے ہین اور برے بھی
ہوتے ہین صحیح ہے لیکن منصفی مین افضل ہونا اس کا اثبات ذمہ مدعی کے ہے سائل کے اس کہنے سے نہین
لازم ہے کہ افضلیت من حیث الانصاف کا بھی قائل ہووے نہم فضیلت عرب بحیثیت عرب
ہونے کے اور فضلیت اہل حرمین شریفین کی عموماً اور علماے حرمین کی خصوصاً بسبب تضاعف

ثواب عبادات وکثرت قبولیت حسنات ومغفرت سیئات وبحسب فضیلت موطن ومسکن متفق علیہ ہے اور اسکا ثبوت بہت سے احادیث صحیحہ واخبار صریحہ سے ہوتا ہے کسی مسلم کی شان سے نہین ہے کہ ان فضائل کا انکار کرے اور کثرت ثواب طاعات ومغفرت خطیئات وقبولیت عبادات وفیضان رحم الٰہی قرب جناب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم وافضلیت مسکن وموطن مین کسی کو اہل حرمین پر فضیلت دے باقی امر انصاف وتحقیق مسائل خلافیہ مین اور تنقید وتدقیق دلائل متخالفین مین پس یہ موقوف ہے اوپر جودت طبیعت وفرط ذکاوت ووسعت نظر وحسن فکر ووسعت علم وکمال فہم وترک تعصب مذہبی وقطع تعلق ہوائے قلبی کے پس جب تک یہ ثابت نہو کہ علمائے حرمین ہر زمانہ کے یا کسی زمانۂ خاص کے ان سب صفات کے ساتھ متصف رہے ہے ثبوت افضلیت بحسب الانصاف مشکل ہے اور ماہران کتب تواریخ حرمین شریفین مثل العقد الثمین فی تاریخ البلد الامین وتاریخ المدینہ وغیرہ وناظران تراجم علمائے متقدمین ومتاخرین پر مخفی نہ رہے گا کہ اجتماع ان سب صفات کا ہمیشہ علمائے حرمین مین نہین پایا گیا بلکہ بعد قرون صحابہ رضی اللہ عنہم کے جس قدر شیوع علم وقوت فہم بلاد شام ومصر وغیرہ مین پایا گیا حرمین مین اُس قدر نہین پایا گیا دہتم مدعی نے جو احادیث اثبات دعوی کے واسطے ذکر کین ہین ثبوت دعوی اُن سے محل تامل ہے حدیث اول صلوة فی مسجدی ہذا خیر من الف صلوة فی ما سواہ الا المسجد الحرام ثبت فضیلت مسجد نبوی ومسجد حرام ہے اور اُس سے فضیلت ساکنان حرمین بحسب تضاعف ثواب عبادات وبحسب شرافت سکونت ثابت ہے اور اس مین کسی مسلم کو نزاع نہین اور اس فضیلت سے فضیلت من حیث الانصاف لازم نہین ہے بلکہ من حیث العلم بھی ضروری نہین ہے اور حدیث دوم سے یعنی ان اللہ حبس عن مکۃ الفیل الحدیث شرافت ذاتیہ بلدۂ مکۂ معظمہ کی ثابت ہے نہ فضیلت علمیہ سکان اور حدیث سوم یعنی واللہ انک لخیر ارض اللہ الی اللہ الحدیث سے بھی فضیلت ذاتیہ زمین حرم مکہ کی اور فضیلت اہل حرمین بجہت شرافت مسکن ثابت ہے نہ فضیلت علمیہ اور حدیث چہارم یعنی ان الدین لیارز الی الحجاز بحسب تصریح شراح حدیث اُس زمانے سے خبر ہے کہ جس مین استیلاء کفرہ تمام اقالیم مین ہوجائے گا اور قوت دین تمام بلاد مین سے منتفی ہوجائے گی اُسوقت دین حجاز کی طرف مائل ہوگا اور وہان سے زائل نہ ہوگا اور بعض محدثین کہتے ہین کہ یہ اشارہ اس طرف ہے کہ دین حرمین قوی رہے گا اور جسطرح سے مداہنت امور دنیہ دیگر

بدعت شرعیہ اور بلاد مین ہو گا اُس قدر حرمین مین نہ ہو گا علی کل تقدیر اس حدیث سے فضیلت علما من حیث الاتصاف نہین ثابت ہو گی کیونکہ بقاے دین اور قلت مداہنت دین شئے دیگر ہے

اور فضیلت اتصاف امر دیگر ہے اور حدیث پنجم مین یعنی لا یرید اہل المدینۃ بسوء الا اذابہ اللہ فی النار وعید ہے اُس پر جو اہل مدینہ کو ایذا پہونچاوے جیسے عسکر یزید و عبد الملک بن مروان سے سرزد ہوا فضیلت علما سے کچھ بحث نہین اور مجرد افضل نہ سمجھنا اہل حرمین کو من حیث العلم والاتصاف کسی طرح سے داخل ایذا نہین ہان جو شخص اہل مدینہ سے عداوت کرے اور اُنکو ایذا دے اور تحقیر اہل حرمین کی کیا کرے اور اُنکے مذمت کے بیان مین سرگرم رہے وہ البتہ اس وعید مین داخل ہے اور حدیث ششم یعنی لا یدعہا احد رغبۃ عنہا الخ مین مدینہ سے نکل جانے کا اور مدینہ مین رہنے پر شفاعت ہونے کا ذکر ہے مبحث سے کچھ علاقہ نہین اور حدیث ہفتم مین یعنی ان ابراہیم الخ ذکر برکت مکہ و مدینے کا تول و ناپ وغیرہ مین ہے فضیلت علمیہ سے اُسکو کیا علاقہ ہے اور حدیث ہشتم سے یعنی من استطاع ان یموت بالمدینۃ فلیفعل فضیلت موت کی مدینے مین ثابت ہے اور یہ فضیلت علمیہ پر موقوف نہین اور حدیث نہم سے یعنی انما المدینۃ کالکیر شرافت مدینے کی اسطور کی ثابت ہوئی کہ وہ ایسی جگہ ہے کہ وہان منافق اور خبیث الباطن بعد تقرر اسلام کے نہین رہ سکتا اور یہ نہین ثابت ہے کہ وہان کا ہر عالم علماے بلاد سے من حیث العلم افضل ہوتا ہے اور بعض شراح حدیث نے اس حدیث کو بھی زمانۂ ظہور علامات قیامت کبری پر محمول کیا ہے کہ اُس وقت مین مدینے مین سواے مسلم کامل کے کوئی نہ رہ سکے گا پس عموماً فضیلت نہ ثابت ہوئی اور حدیث دہم یعنی ان اللہ سمی المدینۃ طابۃ کو کچھ دخل مقصود مین نہین نام مدینے کا طابہ ہونا اور چیز ہے اور وہان کے سکان کا افضل ہونا اور چیز ہے اور حدیث یازدہم یعنی آخر قریۃ من قری الاسلام خرابا المدینۃ بھی مقصود سے بیگانہ ہے کیونکہ خبر اس امر کی ہے کہ بوقت خراب عالم و قرب قیامت مدینہ سب بلاد کے بعد خراب ہو گا اُسکو فضیلت سے کیا علاقہ ہے اور حدیث تبغض العرب فتبغضنی اور حدیث من غش العرب لم یدخل شفاعتی اور حدیث لا یجتمع دینان فی جزیرۃ العرب اور اخرجوا العرب ثلاث ایسی ایجاب حب عرب و حرمت ایذاء و طہارت [illegible] شرک سے ثابت ہے اصل مقصود سے اسکو کچھ ربط نہین اور احادیث جو فتوی [illegible] اور شام کے مذکور ہین وہ بھی بالکل مطلب سے بیگانہ ہین کہان فضیلت علماے

حرمین من حیث الانصاف کہاں فضیلت یمن و شام

الحاصل جو احادیث کہ مدعی نے پیش کین کوئی اُن مین سے مثبت دعویٰ نہین ہے البتہ فضیلت ذاتیہ بلاد حجاز و قوت دین و بقاے اسلام در مدینہ تا زمانہ آخر و فضیلت اہل حرمین بجہت تضاعف ثواب والزام بجہت اہل حرمین و وعید موذی ایشاں یان ثابت ہوتی ہے اور اس مین کسی مسلم کو انکار نہین ہو سکتا ہے یا ذہتم ناظرین کتب فقہ و حدیث پر ظاہر ہو کہ زمانہ صحابہ سے تا این زمان مجتہدین و فقہا و محدثین مسائل فرعیہ و دلائل حدیثیہ مین مختلف رہا کیے اور فیما بین اصحاب مذاہب کے مناظرات ہوا کیے مگر کہین یہ نہین ثابت ہے کہ مختلفین نے رفع خلاف کے واسطے اہل حرمین کو منصف مقرر کیا ہوا اور اُنکی تحقیق کو لازم التسلیم سمجھا ہو و دوسرے کتب اصول مین مصرح ہے کہ امام مالک کے نزدیک اجماع اہل مدینہ حجت ہے اور عمل صحابہ و تابعین مدینہ اُنکے نزدیک سند مستند ہے اور سواے انکے اور ایمہ مثل امام ابو حنیفہ وغیرہ کے اس مین مخالفت کرتے ہین اور مجتہدین اہل مدینہ کو مساوی باقی مجتہدین کے سمجھتے ہین پس اگر فضیلت اہل حرمین من حیث الانصاف والتحقیق احادیث سے ثابت ہوتی تو اس مسئلہ مین مخالفت نہوتی

الغرض دعویٰ اس امر کا کہ علماے حرمین تمام علماے بلاد سے من حیث العلم والانصاف افضل ہین قرون ثلثہ مین یا ہر زمانہ مین اب تک حیز ثبوت تک نہین پہونچا ہان وہان کے علما کی بلکہ کل سکان کی فضیلت من حیث الثواب والشرافۃ وغیر ذلک کا کوئی انکار نہین کر سکتا اگر ہے اس قدر ثابت ہے کہ دو طائفہ علما کے فرض کیے جاوین کہ مساوی وسعت علم و تحقیق و انصاف و تدقیق مین ہون اور ایک طائفہ اُنمین سے حرمین کا ہو تو وہ افضل دوسرے طائفہ سے ہو مگر یہ امر خارج از مقصود ہے۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم ما قولکم رحمکم اللہ اندرین صورت کہ کچھ لوگ مذہب سے انکار کرتے ہین اور تقلید سے منکر ہین اور اپنے مکانون مین اور جابجا اظہار لا مذہبی کا کرتے ہین مگر ہملوگون کی مسجدون مین بخوف اہل مذہب کے رفع الیدین نہین کرتے اور آمین بجہر نہین کہتے مگر سینے پر ہاتھ باندھتے ہین ایسے لوگون کو ہم لوگ اپنی مسجدون مین آنے دین یا نہین اور اُنکے پیچھے اقتدا درست ہے یا نہین کیونکہ وہ لوگ اکثر امام بھی ہو جاتے ہین

عبارت عربی اور اردو دونون ارقام فرمائی جاوے بینوا توجروا

الجواب واللہ سبحانہ الموفق للصواب وہ لوگ جو مقلد کسی امام مجتہد صاحب مذہب کے نہین اور خود رتبۂ اجتہاد نہین رکھتے ہین اور متبع اپنے اہواء غیر شرعیہ کے بنام مہنا دعمل بالحدیث ہین لیکن بنخوت مقلدین یا بوجہ آخر مساجد اہل سنت مین رفع یدین وغیرہ نہین کرتے ہین انکو جماعت و دخول مساجد اور حضور صلوۃ سے منع کرنا چاہیے اس واسطے کہ اس فعل اور اعتقاد سے وہ لوگ کافر نہین ہین البتہ تارک واجب ہین اور جب وہ اپنے اس فعل کو مخفی کرتے ہین تو مسجد مین آنے سے اشاعت بھی اس امر قبیح کی نہین ہے پس ممانعت کی کوئی وجہ وجیہ ظاہر نہین ہے اور ہاتھ باندھنا سینہ پر ایسا امر قبیح نہین ہے کہ جسکی وجہ سے ممانعت تجویز کی جاوے مگر نماز ایسے صاحبون کے پیچھے موافق مذہب امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالی عنہ کے مکروہ ہے لہذا انکو امام نہ کرنا چاہیے قال فی الدر المختار وکذا تکرہ خلف امرد وسفیہ ومخالف کشافعی لکن فی وتر البحران تیقن المراعات لم یکرہ او عدمہا لم یصح وان شک کرہ انتہی مختصرا واللہ سبحانہ اعلم

العبد محمد ارشاد حسین عفی عنہ | احمدے محمد ارشاد حسین

الجواب صواب | عنایت اللہ ولد حبیب اللہ خان | جواب صحیح ہے بیشک جب تک یہ لوگ کوئی مفسدہ لامذہبی کا اور اضلال مضلین وتفریق جماعت وغیرہ مساجد مین نہ کرین تو ممانعت مساجد سے نہ کی جاویگی

هو المصوب فی الواقع ایسے لوگون کو مسجد سے ممانعت کرنا نہین درست ہے اور اُنکے پیچھے اقتداء درست ہے بعض حنفیہ کے نزدیک مطلقا اور بعض کے نزدیک باین شرط کہ امام مراعات مذہب مقتدی کی کرے اور کسی مفسد ومبطل صلوۃ کا استعمال نہ کرے واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

۲۸۵ **استفتا** بخدمت شریف جناب مولانا بحر العلوم مولوی محمد عبد الحی صاحب دام فیضہ السلام علیکم **سوال اول** زید قدرے زمین کا زمیندار ہے اور خراج اُس کا حاکم وقت کو دیتا ہے اور زید کو اس قدر اختیار ہے کہ اُس زمین کو خود کاشت کرے یا کسی دوسرے کو دیوے یا اُس مین درخت نصب کرے یا اور کسی مصرف مین لاوے یا بیع اور رہن کرے مگر جب کسی کو کاشت کرنے کو دیا اور قبضہ اُسکا مدت دراز یعنی بارہ برس تک اُس زمین پر رہا تو اُس کو زمیندار کسی طرح بیدخل نہین کر سکتا ہے اور اگر قبضہ اُس کا بارہ سال سے کم ہے تو اُسکو بھی از خود

بے دخل نہین کرسکتا بلکہ جب اُس پر اطلاع نامہ بے دخلی کا جاری کرے گا اور بعد تحقیقات عدالت جب قبضہ اُس کا بارہ سال سے کم پایا جاوے گا تب زمیندار کو از جانب حاکم دخل دلایا جاوے گا اور حاکم وقت انتظام اُس کا ردو بدل نہین کرسکتا تو اُس صورت مین زمیندار اُس زمین کا مالک ہی یا نہین **سوال دوم** اگر زمیندار ایسی زمین کو کہ جس پر اختیارات مذکورہ حاصل ہون خود کاشت کرے تو اُس کو پیداوار غلہ پر زکوۃ واجب ہے یا نہین اور اگر ہے تو کس قدر یعنی دسوان حصہ یا بیسوان حصہ یا چالیسوان حصہ **سوال سوم** وقت وجوب زکوۃ غلہ کون ہے وقت درود فصل یا جب تمام سال کے خرچ سے فاضل بچے **سوال چہارم** جو اسامی کہ زمین کو زمیندار کے جانب سے کاشت کرتے ہین اور محصول اُسکا زمیندار کو دیتے ہین اُس مین دو صورت ہے اولاً یہ کہ قبضہ اُس کا زیادہ بارہ سال سے ہے اور زمیندار اُس کو بے دخل کر نہین سکتا ہے ثانیاً وہ کہ قبضہ اُس کا کم از بارہ سال ہے اور زمیندار اُس کو بذریعہ اجراے اطلاع نامہ بے دخلی بے دخل کرسکتا ہے تو اُس زمین کی پیداوار غلہ پر ذمہ اسامی زکوۃ ہے یا نہین اور اگر ہے تو کس قدر **سوال پنجم** مالک ایسی زمین کا اسامی ہے یا زمیندار یا حاکم وقت اور تعریف ملک کی کیا ہے اور بموجب آیۂ کریمہ ان الارض للہ یورثہا من یشاء من عبادہ مالک زمین بجز خداوند کریم کوئی نہین ہے البتہ وارث اُسکے حاکم وقت ہین زمیندار وارث نہین ہوسکتا اس واسطے کہ زمیندار باجازت حاکم وقت اُس زمین پر قابض ہے

ہوالمصوب مالک زمین مذکور کا زمیندار ہے نہ اسامی و کاشتکار بدلیل اسکے کہ اُس زمین مین تصرف مالکانہ جیسے بیع ہبہ رہن وغیرہ زمیندار کرسکتا ہے نہ کاشتکار اور نہ کوئی اور رد المحتار مین ہے قد قالوا ان وضع الید والتصرف من اقوی مایستدل بہ علی الملک لذا تصح الشہادۃ بانہ ملکہ انتہی اور حاکم وقت اگر باعتبار سلطنت وغلبہ کے مالک اُس کا کہا جاوے تو ممکن ہے لیکن ہرگاہ حاکم نے وہ زمین زمیندار کے قبضہ مین دیدی اور تصرفات مالکانہ کا مجاز کر دیا وہ زمین مملوک حاکم نہ ٹھہرے گی بلکہ مملوک زمیندار رد المحتار مین فتاوی ابن حجر مکی سے منقول ہے من فی یدہ شیئ فہو ملکہ لایحل لاحد الاعتراض علیہ ولا یکلف اثباتہ بینۃ انتہی اور جو شخص اپنی زمین مین زراعت کرے اُسپر ادا کرنا اور مصارف زکوۃ مین صرف کرنا دسوان حصہ غلہ کا واجب ہے

اگر زراعت بذریعہ پانی برسات یا نہرون وغیرہ کے ہو اور اگر کنوئین سے پانی نکلوا کے اور خرچ کر کے
زراعت کی ہو تو بیسوان حصہ واجب ہے لیکن جس صورت مین کہ خراج اس زمین کا حاکم وقت کو
دینا پڑتا ہو اس وقت ادائے عشر وغیرہ ساقط ہے جیسا کہ رد المحتار وغیرہ مین ہے لا یجمع العشر
مع الخراج انتہی اور کاشتکار اس زمین کا مستاجر ہوتا ہے اس مین خلاف ہے کہ در صورت
اجارہ عشر مستاجر پر واجب ہے یا مالک زمین پر بعضون نے فتوی مستاجر پر واجب ہونے کا
دیا ہے اور بعضون نے مالک زمین پر اور یہی مختار ہے اکثر متاخرین کا در مختار مین ہے والعشر
علی الموجر وقالا علی المستاجر وفی الحاوی القدسی بقولہما ناخذ انتہی اور رد المحتار مین ہے قلت
لکن افتی بقول الامام جماعۃ من المتاخرین کالخیر الرملی فی فتاواہ وکذا تلمیذ الشارح الشیخ اسمعیل وکذا
حامد افندی العمادی وقال فی فتاواہ قلت عبارۃ الحاوی القدسی لا تعارض عبارۃ غیرہ فان
قاضیخان من اہل الترجیح ومن عادتہ تقدیم الاظہر والاشہر وقد قدم قول الامام وکان ہو المعتمد
وافتی بہ غیر واحد واقتصر علیہ فی الاسعاف والخصاف انتہی الحاصل بقول مختار کاشتکار پر
عشر واجب نہین اور نہ زمیندار پر بسبب ادائے خراج کے حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا زنے کہ چند نکاح ساختہ بشرط جنتی بودن آن بجملہ شوہران ایام شوہر وادہ خواہد شد بینوا توجروا
ہو المصوب از بعض روایات چنان ثابت ست کہ آن زن را اختیار دادہ خواہد شد کہ منجملہ
شوہران آن شوہرے کہ در دنیا از وے موافقت زائد بود اختیار سازد و در معجم طبرانی از ام سلمۃ مروی ست
قلت یا رسول اللہ صلعم المرأۃ تزوج الزوجین والثلثۃ والاربعۃ فی الدنیا ثم تموت فتدخل الجنۃ ویدخلون
معہا من یکون زوجہا منہم قال انہا تخیر فتختار احسنہم خلقا فتقول یا رب ان ہذا کان احسنہم خلقا
فی دار الدنیا فزوجنیہ یا ام سلمۃ ذہب حسن الخلق بخیر الدنیا والآخرۃ انتہی ونیز در معجم طبرانی و مسند بزار
ومکارم اخلاق خرائطی از انس مرویست ان ام حبیبۃ قالت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
المرأۃ تکون لہا ازواج فی الدنیا تموت ویموتان منہا یجتمعون فی الجنۃ لایہما تکون فقال لاحسنہم
خلقا کان عندہا فی الدنیا انتہی واز بعض روایات معلوم می شود کہ آن زن باخر شوہران
خود بسپردہ خواہد شد طبقات ابن سعد از ابو الدرداء مرویست سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یقول ان المراۃ لآخر ازواجہا فی الآخرۃ انتہی و بظاہر این صورت در آن وقت خواہد بود کہ جملہ
شوہران در حسن صحبت مساوی الدرجہ باشند واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا [۲۸۷] بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علمائے دین و مفتیان شرع متین
اس مسئلہ مین کہ مولانا مولوی محمد عبد العزیز صاحب خلف الصدق شاہ محمد عیسیٰ صاحب مرحوم
برادرزادہ حقیقی شاہ محمد یعقوب و شاہ محمد فصاحت نے صرف یکجائی سے علوم دینی سے
فراغ حاصل کیا اور بعد فراغ علوم کے چندے جابجا نوکر رہے اور نوکری سے جو کچھ حاصل ہوا
مکان پر بھیجا اور بشمول مال یکجائی کے سب کے صرف مین در آیا یعنی خرید زمینداری کے نام سے
انکی بی بی اور زوجہ شاہ محمد یعقوب و شاہ محمد فصاحت کی ہوئی کسی قسم کی علٰحدگی باخودھا
نرہی اور حالت یکجائی مین مولانا موصوف نے وفات پائی اب عرصہ پانچ چھ مہینے سے باخودھا
محمد یعقوب و محمد فصاحت عمیان و منظاہر الحق برادر بے مات مولانا ممدوح کے علٰحدگی ہوگئی
تو اب مال متروکہ مین مولوی صاحب کی چیزین جو مثل کتاب وغیرہ کے ہین اس مین استحقاق
شاہ محمد یعقوب و شاہ محمد فصاحت چچاؤن کا بھی ہے یا نہین اور اگر ہے تو کس قدر ہے
اور کتنا کتنا ہر ایک شخص کو پانا چاہیئے بینوا توجروا

ہو المصوب ایسی حالت مین وہ مال درمیان مولوی عبد العزیز و محمد یعقوب و محمد فصاحت
کے مشترک سمجھا جاوے گا اور اثلاثا تقسیم ہوگی ایک حصہ محمد یعقوب کو اور ایک محمد فصاحت کو
اور ایک محمد عبد العزیز کا تنقیح فتاوی حامدیہ مین ہے ما حصلہ الاخوۃ الخمسۃ بسعیہم و سعیہم یکون
بینہم اخماسا انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا [۲۸۸] عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تشد الرحال الا الی ثلثۃ
مساجد مسجدی ہذا والمسجد الحرام والمسجد الاقصی ہذا اخرجہ البخاری و مسلم بصیغۃ الخبر و معنی الخبر فی
ہذا معنی النہی بین ذلک ما رواہ مسلم فی صحیحہ من حدیث ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ
علیہ وسلم انہ قال لا تشدوا الرحال الا الی ثلثۃ مساجد مسجدی ہذا والمسجد الحرام والمسجد الاقصی ہذا رواہ مسلم
بصیغۃ النہی ورواہ الامام اسحق بن راہویہ فی مسندہ بصیغۃ الحصر انما تشد الرحال الی ثلثۃ مساجد

مسجد ابراہیم و مسجد محمد و مسجد بیت المقدس ومن رواۃ ہذا الحدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ لصیغۃ النفی ایضا انتہی لکن این فرق بر بسیارے از اہل علم مخفی ماندہ وسبب اختلاف یک دیگر گشتہ و موجب رد و قدح باہم آمدہ ویدل لہ ما قالہ فی الصارم ومن قال من العلماء انہ یستحب زیارۃ قبرہ فمرادہ بذلک السفر الی مسجدہ وفی مسجدہ یسلم علیہ ویصلی علیہ انتہی و درینجا دلیل بیّن ست برآن کہ مراد اہل علم در مناسک بزیارت قبر نبوی استحباب سفر بسوے مسجد نبوی ست زیرا کہ قبر مبارک در مسجد ست و ہرگز نمی تواند شد کہ مراد سفر بسوے نفس زیارت قبر بلا قصد مسجد نبوی باشد بنا برآن کہ درین باب حدیثے صحیح نزد اہل معرفت مروی نگشتہ و نہ ارباب صحیح و سنن چیزے ازآن اخراج نمودہ و نہ اہل مسانید بروایتے پرداختہ و نہ احدے از ائمہ اربعہ بحدیثے درین باب احتجاج نمودہ پس چہ قسم میتوان گفت کہ مراد ایشان سفر از برائے نفس زیارت ست نہ از برائے مسجد و این مغلطہ عظیم ست کہ راہ بسیارے از قاصرین زدہ وجہالے را گمراہ ساختہ * دلیل الطالب علی ارجح المطالب از صفحہ ۲۳۴ و ۳۵ مطبوعہ مطبع شاہجہانی واقع بھوپال از تالیفات سید ابو الطیب صدیق بن حسن بن علی الحسینی القنوجی ما قولکم دام فضلکم فی ہذہ المسئلۃ ہل یختار السفر لزیارۃ قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم او لزیارۃ مسجدہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم توجروا

ہو المصوب لا کلام فی استحباب السفر بقصد المسجد النبوی واما بقصد زیارۃ القبر النبوی فہو الذی وقع فیہ الاختلاف الفاحش والصحیح انہ جائز غیر منہی عنہ لاطلاق حدیث من زار قبری وجبت لہ شفاعتی وحدیث من جاء فی زائرا لا تحملہ الا زیارتی کان حقا علی ان اکون لہ شفیعا وشہیدا یوم القیامۃ وسندہ حسن والقول بان الاحادیث الواردۃ فی الزیارۃ کلہا ضعیفۃ او موضوعۃ باطل وکذا القول بان المراد بزیارۃ القبر النبوی السفر الی المسجد النبوی وقد اشبعت الکلام فی ہذہ المسئلۃ فی رسالتی السعی المشکور فی رد المذہب الماثور واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۲۸۹ بسم اللہ الرحمن الرحیم چہ می فرمایند علمائے دین کہ در امرے از امور استخارہ نمودہ شود بچہ طور نمودہ آید بینوا توجروا

ہو المصوب در صحیح بخاری مروی ست عن جابر کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعلمنا الاستخارۃ فی الامور کلہا کما یعلمنا السورۃ من القرآن یقول اذا ہم احدکم بامر فلیرکع رکعتین من غیر الفریضۃ ثم لیقل اللہم انی استخیرک بعلمک واستقدرک بقدرتک واسئلک من فضلک العظیم فانک

تقدر ولا اقدر و تعلم ولا اعلم وانت علام الغیوب اللہم ان کنت تعلم ان ہذا الامر الذی انا عازم
علیہ خیر لی فی دینی و دنیائی و معاشی و عاقبۃ امری و عاجلہ و آجلہ فقدرہ لی و یسرہ ثم بارک لی فیہ
وان کنت تعلم ان ہذا الامر شر لی فی دینی و دنیائی و عاقبۃ امری و معاشی و عاجلہ و آجلہ فاصرفہ عنی
واقدر لی الخیر حیث کان ثم رضنی بہ یا رب العالمین انتہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا[۲۶] حامدا و مصلیا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ کلام اللہ جبرئیل علیہ السلام اللہ تعالی سے سنکر حضور صلی اللہ علیہ وسلم پہونچاتے تھے یا لوح محفوظ سے دیکھکر اگر اللہ تعالی سے سنکر پہونچاتے تھے تو سمع حادث نے احاطۂ کلام قدیم کیونکر کیا اور اگر لوح محفوظ سے دیکھکر پہونچاتے تھے تو امر پہونچانے کا کیونکر سنا اور اس صورت مین مکتوب لوح محفوظ پہونچا یا نہ کلام باری تعالی اور پہونچانا کلام اللہ بعینہ ممکن نہین اس واسطے کہ حلول کلام ایک کا دوسرے مین ایسا کہ وہ دوسرا پہونچاوے محال ہے پس حقیقت اس قرآن مجید کی کیا ہے اور قول اللہ تعالی

انہ لقول رسول کریم کے کیا معنے ہین

ہو المصوب وحی نازل ہونے کا طریقہ یہ ہے کہ حق جل جلالہ کے کلام کو جبرئیل امین سنتے ہین اور وہان سے احکام پہونچاتے ہین اور کلام الہی کو سننا کچھ محال نہین حضرت موسی علی نبینا و علیہ السلام نے اور ہمارے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج مین کلام الہی سنا اور ملائک مقربین پروردگار کی آواز سنتے ہین سنن ابی داؤد اور بیہقی کی کتاب الاسماء والصفات مین عبد اللہ بن مسعود سے مروی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا تکلم اللہ بالوحی سمع اہل السماء الدنیا صلصلۃ کجر السلسلۃ علی الصفا فیصعقون ولا یزالون کذلک حتی یاتیہم جبرئیل فاذا اتاہم جبرئیل فزع عن قلوبہم قالوا یا جبرئیل ماذا قال ربنا فیقول الحق فینادون الحق الحق اور ابن مردویہ نے روایت کی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لما نزل جبرئیل بالوحی علی رسول اللہ فزع اہل السموات لانحطاطہ وسمعوا صوت الوحی کاشد ما یکون من صوت الحدید علی الصفا فکلما مر باہل سماء فزع عن قلوبہم یقولون یا جبرئیل بما امرت فیقول کلام اللہ بلسان عربی الحاصل یہ کلام اللہ جس قدر نازل کرنا منظور ہوتا تھا پروردگار عالم جبرئیل امین کو

سنایا تھا اور وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کرتے تھے اور اسی لحاظ سے انہ لقول رسول کریم وارد ہوا حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۲۹۱ بسم اللہ الرحمن الرحیم والصلوۃ علی رسولہ وآلہ والتسلیم **سوال** کیا فرماتے ہین علماے دین متین و مفتیان شرع مبین اس مقدمہ مین کہ کوئی مرد مسلم معمولی ہوش وحواس والا ہو کہتا ہو کہ قرآن میرے لوٹے مین ہے اور حدیث شریف میرے لوٹے مین ہے اور مسجد کو خالی ٹکرین مارنے کے لیئے جاتے ہین مسجد مین کیا میرا لوٹا ہے اور جناب رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج مین اللہ تعالی کو ایک وقت دیکھا مین اس چشم سر سے پل پل اللہ تعالی کو ظاہر دیکھتا ہون جو شخص اس سر کی آنکھ سے اللہ تعالی کو عیاناً نہ دیکھے وہ مؤمن نہین اور اسکی نماز بھی درست نہین علاوہ اسکے خدائی کا دعوی بھی کرتا ہو ایسا کہ مین اللہ ہون مین اللہ ہون مین اللہ ہون پس شخص مذکور داخل اسلام ہے یا خارج اسلام و دوسرے مسلمان برادران کو اسکے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہیئے بیان فرماکر ماجور ہو وین دیر نفرماوین

ہو المصوب یہ الفاظ صریح کفر ہین ایسے کلمات سے مسلم مرتد ہو جاتا ہے ایسے شخص کے ساتھ جو ایسے ہفوات بکتا ہو مثل اہل اسلام کے برتاؤ کرنا نہین درست ہے فتاوی بزازیہ مین ہے

اذا وصف اللہ بما لا یلیق بہ او سخر باسم من اسمائہ او بامر من اوامرہ او انکر وعدا او وعیدا کفر ولو قال من من خدایم یکفر انتہی اور بھی اسی مین ہے انکر آیۃ من القرآن او سخر بآیۃ منہ کفر انتہی اور بھی اسی مین ہے من عاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی شئی یکفر انتہی اور ابن حجر مکی اعلام بقواطع الاسلام مین لکھتے ہین من زعم ان الالہ سبحانہ یحل فی شئی من آحاد الناس فہو کافر انتہی اور بھی اعلام مین ہے لو قال المصحف آلۃ الفساد او اللہو او قال القرآن حکایات جبرئیل کفر انتہی اور بھی اسی مین ہے ویکفر من کذب بشئی مما صرح بہ القرآن من حکم او خبر او جملۃ التوراۃ والانجیل وکتب اللہ المنزلۃ او کفر بہا او لعنہا او سبہا او استخف بہا انتہی اور فتاواے انوار مین ہے من استخف بالمصحف او التوراۃ او الانجیل او الزبور کفر او قال انہ یری اللہ عیاناً فی الدنیا او یکلمہ شفاہا او ان اللہ یحل فی الصور الحسان او قال انا اللہ او ہو انا انتہی اور فصول عمادیہ مین ہے اذا انکر آیۃ من القرآن او سخر بآیۃ منہ کفر رجل یقرء القرآن فقال آخر این چہ بانگ وطوفان ست کفر رجل قیل بیا یک درم بدہ تا

ملک دکن از مقام پامڑی ضلع انند پور تعلق گنی بوساطت عبدالعزیز عرف بابا میان صاحب مرسلہ سید ولی الدین بادشاہ قادری عرف ولی پیران

بعمارت مسجد صرف کنم یا بمسجد حاضر شو فقال مرا با مسجد چہ کار یعنی زرا انتہی اور بھی بہت سے کتب فقہ و کلام وغیرہ مین ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین رحم کرے اللہ جل شانہ اُنپر کہ عیسائی مذہب کے پادریون نے سہارنپور مین آکر نوجوان لڑکیون اور لڑکون کو اپنے مدرسون مین داخل کر کے بہکانا اور بے دین کرنا اور مرتد بنانا شروع کیا ہی تھا اب ایک اور فریب اور جال کی راہ نکالی وہ یہ کہ مسلمانون کی چھ چھ آٹھ آٹھ دس دس بیس بیس وغیرہ عمر کی لڑکیون اور عورتون کو اپنے مذہب کی کتابین پڑھانا شروع کیا ہے اور لڑکیان اور عورتین مطلق اپنے مذہب سے واقف نہین انکو ہر اتوار کو پیسے اور تصویرین اور شیرینی کی لالچ دئیے جاتے ہین اور مسیح کو غزلون اور بھجنون مین خدا اور خدا کا بیٹا گوایا جاتا ہے اور لڑکیان اور عورتین خصوصًا مسلمانون کی تنخواہ کے لالچ مین کفر والحاد کے جملہ اور الفاظ بولتے ہوئے بھی نہین جھجکتین اسی مکر و فریب سے پادری لوگ ملک پنجاب مین گزشتہ سالون مین سات سو لڑکیان عیسائی کر چکے ہین سہارنپور مین یہ بلاے جانگزا و ایمان ربا اسی سال آئی ہے تو مدرسے خاص سہارنپور مین مسلمانون مین جاری ہین اور مسلمانون کی عورتین اسوجہ سے کہ روپیہ کے لالچ مین اگر خود انتظام کر لین گی اور لڑکیون کو جمع کر کے بے دین بے ایمان کرنے کا ڈھنگ ہمکو بتا دین گی معلمہ مقرر کی گئین ان مدرسون مین پڑھنا اور پڑھانا اور پڑھائی کے واسطے مکان دینا اور پڑھنے والیان اور پڑھانے والیان اور جو اس فعل سے راضی ہون اور جو عورتین شوہرون کی اس حکم خاص کو نہین مانتین اور جو شخص اپنے مکان اور اپنے اہل و عیال کو اس کام سے باز نہین رکھتا اور اپنے لڑکیون کا ایسے مدرسے مین جانے سے مانع نہین ہوتا عند الشرع کیا حکم رکھتے ہین مفصل بحوالہ آیات و احادیث تحریر فرمائیے اجر عظیم اللہ سے پائیے فقط

از سہارنپور جامع مسجد کلان مرسلہ مولوی ابو المظفر میر محمد حسن مدراسی ماہ شوال [illegible] ہجری

الجواب کلمۂ کفر بولنا عمدًا اگرچہ اعتقادًا اُس پر نہو کفر ہے چنانچہ رد المحتار مین لکھتا ہے قال فی البحر والحاصل ان من تکلم بکلمۃ الکفر ہازلا او لاعبا کفر عند الکل ولا اعتبار باعتقادہ کما صرح بہ فی الخانیۃ ومن تکلم مخطیا او مکرہا لا یکفر عند الکل ومن تکلم عامدا کفر عند الکل ومن تکلم بہا اختیارا جاہلا بانہا کفر ففیہ اختلاف الخ وفی الفتح ومن ہزل بلفظ کفر ارتد وان لم یعتقدہ للاستخفاف فہو ککفر العناد قال فی الدر ای تکلم باختیارہ غیر قاصد معناہ وہذا لا ینافی ما مر من ان الایمان ہو التصدیق فقط او مع الاقرار لان التصدیق وان کان موجودا حقیقۃ لکنہ زائل حکما لان الشارع جعل بعض المعاصی امارۃ عدم وجودہ

کالہزل المذکور ولما او سجد لصنم او وضع مصحفا فی قاذورۃ فانہ یکفر وان کان مصدقا لان ذلک فی حکم التکذیب کما افادہ فی شرح العقائد انتہی رجل کفر بلسانہ طائعا وقلبہ مطمئن علی الایمان یکون کافرا ولایکون عند اللہ مؤمنا کذا فی قاضیخان پس ان روایات سے صاف واضح ہے کہ جو کوئی حضرت عیسیٰ کو ابن اللہ راگ مین گاوے یا کوئی کلمہ کفریہ پادڑیون کے کہلانے سے جو صاحب مدارس کے لڑکے لڑکیان کہتی ہین کہے مرتد کافر ہوگا اور اس امر پر رضا دینا بھی کفر ہے قال فی شرح العقائد وشرح القاری علی الفقہ الاکبر الرضا بالکفر کفر انتہی اور ان سخت کلمات پر کچھ پروا نہ کرنا اور سہل جاننا بھی کفر ہے الاستہانۃ بالمعصیۃ بان یعدہا ہینۃ ویرتکبہا من غیر مبالاۃ بہا ویجریہا مجری المباحات فی ارتکابہا کفر کذا فی شرح حلی علی الفقہ الاکبر الحاصل اس مدرسہ کے لڑکے لڑکیان جو ایسے کلمات بولتے ہین سب مرتد ہین اور جو اُن کو بخوشی ایسے کام کے واسطے وہان سنتے ہین دیدہ ودانستہ وہ بھی مرتد کافر ہین اور اس مدارس کے پڑھانے والیان اور اُسکے معین مکان وچندہ کے اگر اس فعل بد سے راضی ہین سب کافر اور مرتد ہین اور جو اس امر کو برا جانکر دنیا کی طمع سے یہ کام کرتے ہین سب فاسق فاجر ہین سب اہل اسلام کو لازم ہے کہ ایسے لوگون کو اور اپنے بچون کو روکین اور منع کرین لقولہ علیہ السلام من رأی منکرا فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ ولیس وراء ذلک حبۃ خردل من ایمان الحدیث الحاصل جو شخص استطاعت کسی قسم کی منع کی رکھتا ہے اور پھر منع نہ کرے تو اگر اس فعل کو مستحسن جانتا ہے یا سہل جانتا ہے تو کافر مرتد ہوا اور جو برا جانکر منع نہ کرے گا وہ مداہن فاسق ہوا فقط واللہ تعالیٰ اعلم کتبہ الراجی رحمۃ ربہ رشید احمد گنگوہی عفی عنہ جواب صحیح ہے محمد مظہر مدرس مدرسۂ سہارنپور [محمد مظہر لطف الٰہی]

الجواب حق والحق یتبع عنایت الٰہی عفی عنہ سہارنپوری الجواب صحیح [ابو الحسن]

جواب صحیح ہے عزیز حسن عفا اللہ عنہ جواب صحیح ہے مشتاق احمد عفی عنہ الجواب صحیح حبیب الرحمٰن عفی عنہ الجواب صحیح محمد حسن مدرس مدرسۂ دیوبند الجواب حق عبد الرحمٰن عفی عنہ جواب صحیح ہے [محمد امیر یار خان] اصاب المجیب ذو الفقار علی عفی عنہ الجواب صحیح ومنکرہ فضیح احمد عفی عنہ الجواب صحیح حق محمد محمود عفی عنہ مدرس مدرسۂ عربی دیوبند [محمد محمود] الجواب صحیح عزیز الرحمٰن دیوبندی مدرس مدرسۂ عربیہ میرٹھ عفی عنہ ہذا الجواب صحیح

واللہ اعلم وعلمہ اتم محمد ابراہیم عفی عنہ سنبھلی الجواب صحیح عبدالمؤمن دیوبندی عفی عنہ الجواب صحیح
محمد منفعت علی عفی عنہ دیوبندی [محمد منفعت علی] جواب صحیح ہے محمد محمود حسن عفی عنہ
مدرس مدرسۂ عربی اسلامی دیوبند الحق اجرای کلمۃ الکفر کفر ہے اور آیت کریمہ سے بھی یہ مضمون
صراحۃ ثابت ہوتا ہے وہی ہذہ من کفر باللہ من بعد ایمانہ الا من اکرہ وقلبہ مطمئن بالایمان
ولکن من شرح بالکفر صدرا فعلیہم غضب من اللہ ولہم عذاب عظیم اس واسطے کہ آیت کریمہ میں صرف حالت
اکراہ کا استثنا کیا ہے اور ماسوا اس کے اجرای کلمۃ الکفر علی سبیل الاختیار کفر میں داخل ہوتا ہے اور
ظاہر ہے کہ اشخاص مذکورہ کا راگ وغیرہ میں کلمات کفر کے زبان سے نکالنا قبیل اکراہ سے نہیں ہے
بلکہ باختیار خود ہے تو ضرور کفر میں داخل ہوگا اور اعانت کفر اور تعلیم اس کی اسی قبیل سے ہے واللہ اعلم
بالصواب الراقم مدرس مدرسۂ عربی سہارنپور

صح الجواب قال اللہ تعالی فی کتابہ تعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان
واتقوا اللہ ان اللہ شدید العقاب واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات
محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۹۳
استفتا ہو العلیم الکبیر علمای دیندار و حکمای حق شعار اندرین معنی چہ می فرمایند
کہ شخصی بکنیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نام خود ابوالقاسم دارد پس حالا ورا بموجب حدیثی
کہ در کتاب الاستیذان دارمی شریف باین اسناد واقع است اخبرنا سعید بن عامر عن ہشام
عن محمد بن سیرین عن ابی ہریرہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسموا باسمی ولا تکنوا
بکنیتی تبدیل اسم خود باید یا نہ بینوا بالتفصیل توجروا بالاجر الجزیل

ہو المصوب درین مسئلہ درمیان علمای امت اختلاف است کثیر و ہر یک را سندی ست از حدیث بشیر
ونذیر چنانچہ طحاوی در شرح معانی الآثار مذاہب مختلفہ را بیان ساختہ و دلیل ہر یک را سند کردہ مذہب بعضی آنکہ تکنی
بابی القاسم جائز نیست خواہ نام مکنی محمد باشد یا دیگر و سند آن حدیثی ست کہ ابوہریرہ و جابر وغیرہ روایت
کردہ اند قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسموا باسمی ولا تکنوا بکنیتی ودر روایت دیگر ست تسموا باسمی ولا تکنوا بکنیتی فانی انا
ابوالقاسم ونیز ابوہریرہ رض روایت کردہ تسموا باسمی ولا تکنوا بکنیتی ابوالقاسم اللہ یعطی وانا اقسم ونیز جابر
روایت کردہ اند ولد لرجل من الانصار غلام فسماہ محمدا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم احسنت الانصار تسموا باسمی ولا تکنوا بکنیتی فانما

اقسم بینکم ونیز بروایت جابر وارد ست تسموا باسمی ولا تکنوا بکنیتی فانما جعلت قاسما اقسم بینکم
وہمین ست مذہب محمد بن سیرین ونخعی وغیرہما مذہب دوم این کہ نہ مجرد تکنی ممنوع ست ونہ مجرد
تسمی بلکہ جمع منع ست بسند این کہ براء بن عازب رضی میگوید نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یجمع
بین اسمہ وکنیتہ وجابر روایت می کند من تسمی باسمی فلا یکتنی بکنیتی ومن اکتنی بکنیتی فلا یتسم باسمی
مذہب سوم این کہ تسمیہ بقاسم نیز ممنوع ست چہ این صفت از مختصات حضرت نبوت ست چنانکہ
حدیث سابق بدان اشارہ می کند ونیز تسمیہ بقاسم اشارہ بطرف تکنی پدر بابی قاسم است وسند آن
حدیث جابر ست ولد لرجل منا غلام فسماہ القاسم فقلت لم لا نکنیک ابا القاسم ولا ننعمک عینا
فاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکر ذلک لہ فقال سم ابنک عبد الرحمن مذہب چہارم این کہ تکنی بابی القاسم
یا جمع ہر دو ممنوع ست برای ہر کس و ناکس بدلیل حدیث علی رضی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ان ولد لک بعدی ابن فسمہ باسمی وکنہ بکنیتی وہی لک خاصۃ دون الناس مذہب پنجم این کہ تکنی
بابی القاسم وجمع بین التکنی والتسمی ہر دو جائز است بدلیل حدیث علی کہ بروایت دیگر آمدہ ودر آن
لفظ خصوصیت نبودہ وہمین مذہب را طحاوی مختار ساختہ وطیبی در حواشی مشکوۃ می نویسد
اختلفوا فیہ علی وجوہ احدہا لا یحل التکنی بابی القاسم سواء کان اسمہ محمدا او غیرہ وذلک انہ لما کان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یکنی ابا القاسم لانہ یقسم بین الناس من قبل اللہ ما یوحی الیہ ولم یکن احد یشارکہ
فی ہذا المعنی منع ان یکنی بہ غیرہ وہو مذہب الشافعی واہل الظاہر وثانیہا ان ہذا الحکم کان فی بدء الاسلام
ثم نسخ فیباح التکنی الیوم بابی القاسم لکل احد سواء کان اسمہ محمدا او غیرہ ویدل علیہ نہیہ فی حدیث انس
عقیب ما سمع رجلا یقول یا ابا القاسم فالتفت الیہ رسول اللہ فقال انی لم اعنک وما روی عن علی
انہ قال یا رسول اللہ ان ولد لی بعدک ولد الحدیث وہذا مذہب مالک قال عیاض وبہ قال جمہور
السلف وفقہاء الامصار وثالثہا انہ لیس بمنسوخ وان کان النہی للتنزیہ والندب لا للتحریم وہو مذہب
جمہور ورابعہا ان النہی للجمع ولا باس بالکنیۃ وحدہا وہو مذہب جماعۃ من السلف وخامسہا انہ نہی
عن التکنی بابی القاسم مطلقا واراد المقید وہو النہی عن التسمیۃ بالقاسم وقد غیر مروان لما بلغہ ہذا
الحدیث اسم ابنہ فسماہ عبد الملک وکان اسمہ القاسم وسادسہا ان التسمیۃ بمحمد ممنوعۃ مطلقا وجاء
فیہ حدیث مرفوعا تسمون اولادکم محمدا ثم تلعنونہم انتہی ملخصا ودر در مختار ست من کان اسمہ محمدا

لا باس بان یکنی ابا القاسم لان حدیث سموا باسمی ولا تکنوا بکنیتی قد نسخ لان علیا کنی ابنہ محمد بن الحنفیہ ابا القاسم انتہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

۲۹۴

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین کہ محفل مولد شریف مین جو مستنبط بعض صوفیۂ صافیہ و بعض محدثین ہے اور اُس مین علما مختلف ہین کما ہو مصرح فی موضعہ اکثر عوام و خواص اُسکو کرتے ہین یعنی وقت ذکر ولادت باسعادت حضرت خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو جاتے ہین اور اُس کھڑے ہونے کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم سمجھتے ہین اور آپ کے افراد تعظیمہ مین داخل کرتے ہین آیا اس قیام کا کوئی ثبوت و استنباط اصول شرعیہ معتمدہ سے ہے یا نہ بر تقدیر اول کے جو اکثر علما فرماتے ہین ہذا القیام بدعۃ لا اصل لہا چنانچہ سیرت شامیہ و سیرت حلبی وغیرہما مین مندرج ہے اور کسی نے اسکی تردید نہین کی ہے یہ کیسا ہے اور بر تقدیر آخر مباح ہے یا بدعت حسنہ یا بدعت سیئہ اور جو بعض لوگ یہ زعم کرتے ہین کہ وقت ذکر ولادت شریف روح پاک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف لاتی ہے یہ زعم زاعمین صحیح ہے یا نہ اور جو بعض لوگ کہ متبع سنت نبویہ صلی اللہ علی صاحبہا وسلم ہین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کو فرض عین مثل دیگر فرائض جانتے ہین وہ بنظر اس امر کے کہ جناب سید الانام نے خود حیات صوریہ مین صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم کو ایسے قیام سے منع فرمایا ہے اور صحابہ نے کبھی نہین کیا کما ہو مصرح فی الاحادیث اور موافق قول مسطور یعنی ہذا القیام بدعۃ لا اصل لہا کے اس قیام کو نہین کرتے ہین اُنکو اکثر لوگ بخصوص ترک ایسے قیام کے تارک تعظیم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کہتے ہین اور اُنپر طعن و تشنیع کرتے ہین پس اس طعن مین وہ لوگ مصیب ہین یا مخطی بینوا توجروا

بسم الکتاب توجروا من اللہ الوہاب

ہو المصوب قیام جو بوقت بیان ولادت نبویہ علی صاحبہا افضل الصلوۃ والتحیہ کیا جاتا ہے اسکی کوئی اصل معتدبہ شرعا نہین ہے اور یہ گمان کہ قیام تعظیم نبوی ہے فاسد ہے اس وجہ سے کہ تین حال سے خالی نہین یا یہ کہ یہ قیام واسطے تعظیم نام پاک محمدی کے ہے یا واسطے تعظیم ہیئت ولادت و تصور وقائع ولادت کے ہے یا واسطے تعظیم ذات محمدی کے جسدا و روحا یا روحا فقط شق اول باطل ہے اولا اس وجہ سے کہ نام پاک کی تعظیم قیام یا انحنا وغیرہ کو سمجھ

کہین نہین وارد ہے بلکہ بدعت ہے تعظیم کا نام یہی ہے کہ وقت نام لینے یا سننے کی درود بھیجا جاوے
وثانیا اس وجہ سے کہ اگر نام لینے کی تعظیم قیام کے ساتھ ہو تو لازم ہے کہ تمام بیان مولد کھڑے ہوکے
کیا جاوے اور جب نام پاک آپ کا لیا جاوے غیر بیان مولد مین اُس وقت قیام کیا جاوے والتالی
اور شق دوم بھی باطل ہے اس وجہ سے کہ مجرد تصور ہیئت کی تعظیم اس طرح سے نہین وارد ہے
باقی رہی شق ثالث وہ موقوف اس امر پر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وقت بیان ولادت
مین جسد اً وروحاً یا روحاً تشریف لاتے ہین اور یہ امر شرع مین نہین ثابت ہے ومن ادعی فعلیہ البیان
بادلة الشرعیة لا بما قیل او یقال اور اگر بالفرض والتقدیر آپ کا تشریف لانا ثابت بھی ہو تو یہ ثابت ہونا
محال ہے کہ بوقت بیان ولادت فقط تشریف لاتے ہین نہ ابتداے بیان مولد سے بلکہ بر تقدیر
ثابت ہونے تشریف لانے کے ظاہر یہ ہے کہ ابتداے مجلس سے تشریف لاتے ہونگے پس
لازم ہے کہ از ابتدا تا انتہا قیام کیا جاوے ولا یقول بہ احد علاوہ ازین کتب احادیث مین لکھا
ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عالم حیات مین اپنے واسطے صحابہ کے کھڑے ہونے کو
منع کرتے تھے اور صحابہ آپ کے واسطے قیام نہین کرتے تھے پس جو امر کہ آپ اپنے حق مین بحالت
حیات پسند نہین فرماتے تھے بلکہ صحابہ کو اُس سے منع کرتے تھے وہ بعد وفات کے آپ کے
تشریف لانے کے وقت کیونکر جائز ہوگا اور اگر بالفرض والتقدیر قیام بوقت مولد مشروع بھی ہو
تو غایة الامر یہ ہے کہ مستحب ہوگا نہ واجب و نہ فرض اور علمانے تصریح اس امر کی کی ہے کہ جس
مندوب پر اصرار مثل فرائض و واجبات کے کیا جاوے اور اُسکے تارک پر ملامت کی جاوے
وہ مکروہ ہو جاتا ہے جیسا کہ ملا علی قاری نے شرح مشکوٰة وغیرہ مین لکھا ہے پس اصرار کرنا اس
فعل پر اور اُسکے تارک پر ملامت کرنا اور اُسکو بدنام کرنا اور اُسکی تذلیل کی فکر مین رہنا
درجہ کراہت تک پہونچاتا ہے الحاصل یہ قیام افراد تعظیم نبوی سے جو ہر مسلمان پر فرض ہے
نہین ہے اور نہ اُسکی کوئی اصل معتد بہ شرعاً پائی جاتی ہے بلکہ بدعت ہے اور تارکین قیام پر
ملامت کرنے والے مرتکب گناہ کے ہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۲۹۵
استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین اس صورت مین کہ زید از مدت مدید

وسالہای دراز اس صورت سے بسر اوقات اپنی اور جملہ متعلقین و وابستگین اپنے کی کیا کرتا ہے
کہ مال اس نیشکر دیہات کا مالگذاران و دیہات سے بزر مکسوبہ خاص خرید کرکے شکر وغیرہ
تیار کرا کر فروخت کیا کرتا ہے اور زید مذکور کے دو پسر یعنی عمرو فرزند اکبر و بکر خلف اصغر چنانچہ زید کو بمقتضاے
الفت پدری کاغذ بیعنامہ گاہے بنام فرزند اکبر و احیانا باسم خلف اصغر تحریر کرا دیتا ہے مگر خرید مال
و جملہ مصارف ضروریہ مین زر مکسوبہ ذاتی اپنا صرف کرتا ہے در حقیقت بوجہ صرف زر مکسوبہ خاص
اپنے کے زید مسطور اصل مالک کل مال کھنڈ ساری ہے و یا باجازت زید فرزند اسکے کہ جسکے نام سے
وہ مال خرید کرکے بیعنامہ جات موسومہ شان تحریر کرا دیتا ہے اہتمام و انتظام جملہ کاروبار کھنڈ سار
بیٹون اپنے سے لیا کرتا ہے اور شروع سے برخاست کھنڈ سار تک جملہ حساب و کتاب جمع و خرچ
سمجھکر کل خرآمدنی معرفت فرزندون اپنے کے حاصل کرتا ہے اس صورت مین کل کھنڈ سار مملوکہ
خاص زید مذکور ہے اور اگر وہ کل مال مملوکہ محصلہ زید مذکور ہے تو فرزند اسکے جہت کرنے کاروبار
اور اہتمام کھنڈ سار کے مستحق پانے اجر مثل کے ہین اور جو کچھ فرزندان زید نے بلا اجازت زید
از روے نقدی خورد و برد یا ہلاک اور صرف بیجا کیا ہو اُس کا ضمان فرزندان زید پر شرعا
عائد ہو سکتا ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب اس صورت مین کل مال مذکور مملوک زید ہے اور فرزندان زید کو استحقاق
اجر مثل کا ہے اور ضمان تعدی کا اُنپر عائد ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ فرسخ اور میل کی تحدید معتبر کیا ہے
ہو المصوب اس باب مین حنفیہ کے چند اقوال ہین کہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مقدار
میل مین اختلاف ہے اور فرسخ بقدر تین میل کے اتفاقا ہوتا ہے ایک یہ کہ میل تین ہزار گز کا
ہے پس فرسخ نو ہزار گز کا ہوگا لیکن اس قول کے معنی یہ ہین کہ گز موافق قدماے اہل حساب
چوبیس انگشت کا ہے دوسرا قول وہ جو عینی اور مسکین اور ابن نجیم نے شروح کنز مین نقل کیا ہے
کہ میل چار ہزار خطوہ ہے اور ہر خطوہ بقدر ایک و نیم گز اور گز چوبیس انگشت کا پس فرسخ
بارہ ہزار خطوہ اور اٹھارہ ہزار گز ہوگا اور میل چھ ہزار گز اور اس قول کو خیر الدین رملی وغیرہ نے

لکھا کہ غیر معتبر ہے تیسرا قول وہ جو ذخیرہ مین ابو شجاع سے منقول ہے کہ میل تین ہزار اور پانسو گز بحساب چوبیس انگشت ہے چوتھا قول وہ جو زیلعی نے شرح کنز اور حدادی نے جوہرہ شرح مختصر قدوری وغیرہ مین ذکر کیا کہ میل چار ہزار گز اور فرسخ بارہ ہزار گز بحساب چوبیس انگشت ہے اور یہی قول مشہور ہے بین الحنفیہ اور خیر رملی نے اسی کو معتبر لکھا ہے

واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۲۹۷ سوال جو راوی کتب رجال مین منجملہ الفاظ ثقۃ ثبت صدوق کے ایک یا دو یا تین لفظ کے ساتھ وصف کیا جاوے اس وصف سے اُس راوی مین وہ شرائط اربعہ راوی کے جو اصول فقہ مین بیان کیے گئے ہین یعنی عقل و اسلام و ضبط و عدالت تا وقتیکہ کچھ جرح مثل صدوق سیی الحفظ صدوق یہم اور مانند اسکے اُس مین ذکی گئی ہو ثابت ہو جاوینگے یا نہین ہو جاوینگے اور یہ تردد ہے گا کہ یہ راوی مسلم تھا یا نہین عاقل تھا یا نہین ضابط تھا یا نہین عادل تھا یا نہین

ہو المصوب یہ الفاظ عمدہ ترین مراتب تعدیل سے ہین اور بعد ورود ان الفاظ کے کسی راوی کے حق مین شبہ اسلام یا عقل یا ضبط یا عدالت مین کرنا کسی عاقل کا کام نہین ہے سخاوی فتح المغیث بشرح الفیۃ الحدیث مین لکھتے ہین قال الذہبی ان قولہم ثبت وحجۃ وامام وثقۃ ومتقن من عبارات التعدیل التی لا نزاع فیہا انتہی اور مقدمہ ابن صلاح اور مختصر ابن جماعہ وغیرہ مین ہے اما الفاظ التعدیل فعلی مراتب الاولی قال ابن ابی حاتم اذا قال للواحد انہ ثقۃ او متقن فہو ممن یحتج بحدیثہ قلت وکذا اذا قیل ثبت او حجۃ وکذا اذا قیل فی العدل انہ حافظ او ضابط انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا ۲۹۸ سوال صحیح مسلم کے باب صفۃ الجلوس فی الصلوۃ وکیفیۃ وضع الیدین علی الفخذین مین اس اسناد مین حدثنا عبد بن حمید قال نا یونس بن محمد قال نا حماد بن سلمۃ عن ایوب عن نافع عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا قعد فی التشہد الحدیث ابن عمر سے راوی نافع مولی ابن عمر ہین جس کی نسبت تقریب مین مسطور ہے ثقۃ ثبت فقیہ مشہور من الثالثۃ یا اور کوئی نافع اور اسی اسناد مین حماد بن سلمہ جو ایوب سے راوی ہین اُنکی نسبت

تقریب مین مسطور ہے تغیر حفظہ باخرہ پس قبل تغیر لفظ حماد کے یہ روایت صحیح مسلم مین اخذ کی گئی ہو جیساکہ نووی سنے مقدمہ شرح صحیح مسلم مین لکھا ہے واعلم ان ما کان من ہذا القبیل محتجا بہ فی الصحیحین فہو محمول علی انہ اخذ قبل الاختلاط یا بخلاف اسکے بعد تغیر حفظ حماد کے

ہوالمصوب فی الواقع یہ روایت قبل اختلاط کے ہے نہ بعد اختلاط کے جیساکہ نووی کی عبارت سے واضح ہوا اور فتح المغیث مین ہے ما یقع فی الصحیحین او احدہما من التخریج لمن وصف بالاختلاط فانا نعرف علی الجملۃ ان ذلک مما ثبت عند المخرج انہ من قدیم حدیثہ انتہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۱۹۱ ۲۹۹ **استفتا سوال** اگر کوئی کہے کہ تقریب مین جو جرح و تعدیل رجال مذکور ہے صرف اسی پر مجکو اعتبار نہین آتا کوئی اور بھی صاحب تقریب کے سوا اسکے قول کی تصدیق کرے جب قابل اخذ ہوگا یہ کہنا اُس کا بجا ہے یا جہالت اور گمراہی کی بات ہے

ہوالمصوب یہ کہنا اُس کا ضلالت و حماقت ہے اولاً تو اس وجہ سے کہ جلالت قدر مصنف تقریب حافظ ابن حجر عسقلانی کی کہ کتب تواریخ اور طبقات کے معاینہ سے معلوم ہوتی ہے اس امر کو مقتضی ہے کہ اُن کا قول باب جرح و تعدیل مین خواہ مخواہ معتبر ہو گا ثانیاً اس وجہ سے کہ جو تعدیل و جرح تقریب مین مذکور ہے وہ صرف قول مصنف تقریب کا نہین ہے بلکہ قول ایک جماعت ائمہ حدیث کا ہے اس وجہ سے اولاً ابو الحجاج مزی دمشقی نے جو باب رجال مین دستگاہ تمام رکھتے تھے صحاح ستہ کے رجال کے واسطے تہذیب الکمال تالیف کی اور اس مین اقوال محدثین متقدمین سے جرح و تعدیل نقل کی بعد اسکے حافظ ابن حجر نے اسکی تلخیص کر کے مع زیادات کثیرہ کے تہذیب التہذیب تصنیف کی پھر اسکی تلخیص تقریب مین کی پس جو جرح و تعدیل تقریب مین مذکور ہے وہ وہی ہے کہ تہذیب التہذیب اور تہذیب مین نظراً اقوال محدثین مذکور ہے پس کوئی جرح و تعدیل تقریب مین ایسی نہین ہے کہ جس کی تصدیق اقوال محدثین سابقین سے نہوئی ہو جیساکہ ماہرین پر ظاہر ہے ومن لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۳۰۰ **استفتا** کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ ایک شخص نے

اپنی زوجہ اور لڑکے کو سوائے ظلم کے کبھی شفقت شوہرانہ اور پدرانہ سے نہین دیکھا اور نہ پرورش کیا اس لئے وہ زوجہ اور لڑکا اُس سے دور ہو گیا اور اب کسی طرح پرورش پاکر ہوشیار ہوا چونکہ شوہر و پدر واجب الاطاعت ہین اور یہ دونون بسبب بے مہری اُسکی اطاعت سے محروم رہے ہیں پس اس مین گناہگار کون ہے اور کون کس کے واسطے پوچھا جائے گا باوجودیکہ زوجہ اور لڑکا اپنی خواہش سے اطاعت سے محروم نہین ہے

ہوالمصوب ایسی صورت مین کہ نافرمانی کی ابتدا وزیادتی پسر وزوجہ کی جانب سے نہو وہ ماخوذ نہونگے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوزاللہ عن ذنبہ الجلی والخفی (محمد عبدالحی ابوالحسنات)

استفتا (۲۱) چہ می فرمایند علمائے دین اندرین صورت مثلاً زید نے فعل شنیع ہمراہ ہندہ کے سہواً یا قصداً کیا بعد حرکت فعل مذکورہ کے جب کہ خیال آیا کہ یہ حرکت نہایت بیجا تھی بہت نادم ہوکر عذاب الٰہی سے خوف زدہ ہوا ہندہ مذکورہ شوہر دار تھی مگر شوہر اُسکا چار سال سے مفقود الخبر ہے اب زید مذکور توبہ و استغفار چاہتا ہے تاکہ مغفرت ہو کیا کرے کیونکر کرے کہ گناہ سے نجات پاوے

ہوالمصوب وہ شخص اچھی طرح سے وضو کرکے دو رکعت نماز نفل خشوع وخضوع سے ادا کرے اور بعد نماز کے نہایت آہ وزاری سے آنسو بہاکے عاجزی ظاہر کرکے جیسے کوئی غلام مجرم اپنے آقا سے قصور معاف کراتا ہے دعائے مغفرت کرے اور دل مین اُس گناہ سے ندامت رکھے اور یہ قصد کرے کہ آیندہ مجھسے ہرگز ایسی حرکت نہ ہوگی پروردگار عالم اُسکے گناہ کو معاف فرمائے گا اور اُس عورت کے حق مین بھی دعائے مغفرت کرے اور اگر وہ عورت ابتدا مین راضی نہ تھی تو اُس سے بھی عفو قصور کرالے تاکہ حشر مین وہ دامن گیر نہو واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوزاللہ عن ذنبہ الجلی والخفی (محمد عبدالحی ابوالحسنات)

الحمدللہ والمنہ کہ اندنون **مجموعۂ فتاوی** جلد ثانی جسکو مولوی **محمد ایوب صاحب** نبیسۂ حضرت خاتم العلماء والمحدثین مولانا مولوی حاجی حافظ ابوالحسنات **محمد عبدالحی** لکھنوی فرنگی محلی نوراللہ مرقدہ نے حسب ترتیب ابواب فقہی ترتیب دیا ہے **باردوم** ماہ ذیحجہ ۱۳۲۱ہجری **مطبع یوسفی** فرنگی محل لکھنؤ مین حسب الحکم جناب مولوی مفتی **محمد یوسف صاحب** مالک مطبع کے طبع ہوکر شایع ہوا چونکہ اس کتاب کا حق کاپی رائٹ محفوظ ہے لہذا کوئی صاحب بلا اجازت مالک مطبع کے نہ چھاپین

المشتہر منیجر مطبع یوسفی واقع فرنگی محل لکھنؤ

فہرست استفتاہائے مجموعۂ فتاوے جلد ثانی

نام کتاب

مجموعۂ میر زاہد رسالہ مع حواشی
زاہدیہ متعلقہ قطبیہ و تنویر الہدی فی اللیل
والدجی و ہدایۃ الوری الی لواء الہدی و
حاشیۂ مولانا مولوی محمد فضل اللہ رحمہ اللہ
فرنگی محلی و التحقیقات المرضیہ بر میر زاہد رسالہ
از مولانا محمد عبد الحلیم رحمہ اللہ تعالی۔
میبذی تحشیۂ جناب مولانا مولوی
محمد عین القضاۃ صاحب مدظلہ۔
مجموعۂ حل المعاقد حاشیۂ شرح عقائد جلالی
از مولانا محمد عبد الحلیم رح و حاشیۂ مولانا کرم اللہ
العلوی و حاشیۂ مولانا کمال الدین سہالوی
و حاشیۂ مولانا نظام الدین و حاشیۂ ملا باقر جانی رح
میر زاہد شرح مواقف حسین مع رسالہ
و حاشیۂ میر زاہد امور عامہ مع سہیات
و حاشیۂ وحیدیہ جدیدہ و تحشی شرح مواقف
از مولانا محمد عبد الحی رح و حاشیۂ زاہدیہ باہم
منسلک ہیں۔
مجموعۂ سبع رسائل الفلک الدوار
فی رویۃ الہلال بالنہار و القول المنشور فی
ہلال خیر الشہور و تحفۃ الثقات فی جماعۃ
النساء و الاجوبۃ الفاضلہ للاسئلۃ العشرۃ

نام کتاب

الکاملہ و الکلام الجلیل فیما یتعلق بالمندیل
و قوۃ المغتذین بفتح المقتدین و آکام النفائس
عن شہادۃ المرأۃ فی الارضاع از مولانا
محمد عبد الحی رح
مطول الی مقام الدرس تحشیۂ مولانا
محمد عبد الحلیم نور اللہ مرقدہ
مختصر معانی کلاں مع حاشیۂ تجرید للبنانی
مختصر معانی خرد تحشیۂ مولوی برکت اللہ صاحب
مجموعۂ خمس رسائل آکام النفائس فی
اداء الاذکار بلسان الفارسی و ترویح الجنان
فی حکم شرب الدخان و ردع الاخوان عن
محدثات آخر جمعۃ رمضان و فیہ بحث القضاء
العمری و زجر الناس علی انکار اثر ابن عباس
و الانصاف فی حکم الاعتکاف از مولانا محمد
عبد الحی رح مع حاشیۃ الاسعاف لمولوی عبد الغفور رح
مجموعۂ تحفۃ الطلبۃ و اقامۃ الحجۃ و نزہۃ
الفکر از مولانا محمد عبد الحی رح
مجموعۂ ست رسائل النافع الکبیر
لمن یطالع الجامع الصغیر و طرب الاماثل
بتراجم الافاضل و السعی المشکور فی نقض الوضوء بالقہقہۃ
و خیر الخبر فی اذان خیر البشر و سباحۃ الفکر

نام کتاب

فی الجہر بالذکر و ازالۃ الستر عن کیفیۃ ادخال
المیت فی القبر لمولانا محمد عبد الحی رح
ملا حسن شرح سلم تحشیۂ مولانا محمد عبد الحلیم رحمہ اللہ
مع حاشیۂ مولانا مفتی محمد یوسف رح
میر مطول حاشیۂ سید شریف بر مطول
مجموعۂ میر زاہد ملا جلال تحشیۂ مولانا
محمد عبد الحی مع التعلیق العجیب و القول
المحیط حواشی از مولانا محمد عبد الحی رح
مجموعۂ میزان الصرف مع رسالہ
چارگل تصنیف لطیف عالم المعی فاضل
لوذعی مولانا محمد عبد الحی رح۔
مجموعۂ صرف میر مع امتحان الطلبہ
تصنیف لطیف مولانا محمد عبد الحی رح
نصب الرایہ جلد ثانی۔
نور الانوار مع حاشیۂ قمر الاقمار از مولانا
محمد عبد الحلیم رحمہ اللہ۔
نوادر الوصول شرح فصول اکبری
ہدایہ کامل تحشیۂ مولانا عبد الحلیم و
مولانا عبد الحی رحمہما اللہ
ہدایۃ النحو یوسفی۔
ہدیۂ مختاریہ از مولانا عبد الحی رح